الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

1

جہانگیری

صحیح ابن حبان

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

اللہ رسول محمد

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

جہانگیری

صحیح ابن حبان

1

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ و بارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

عنوانات

صفحہ	عنوان

عنوان	صفحہ

(کتاب : نیکی اور بھلائی کے بارے میں روایات)

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب 7: (دلوں کو نرم کرنے والی روایات)

عنوان	صفحہ

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا نام ''محمد'' ہے۔ آپ کی کنیت ''ابوحاتم'' ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا اسمِ منسوب ''تمیمی'' ہے' جو آپ کے جدِ امجد ''تمیم بن مر'' کی نسبت کی وجہ سے ہے' جن کا سلسلۂ نسب الیاس بن مضر پہ جا کر' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا دوسرا اسمِ منسوب ''بُستی'' ان کے آبائی شہر ''بست'' کی نسبت سے ہے۔ یہ مشہور تاریخی صوبے خراسان کے علاقے سجستان کا ایک شہر ہے۔ اور ہمارے زمانے میں یہ افغانستان کا حصہ ہے۔

یہ شہر 43 ہجری میں اسلامی سلطنت کا حصہ بنا تھا' جب عبدالرحمٰن بن سمرہ نے اسے فتح کیا تھا اور وہ اس سے آگے بڑھ کر کابل تک پہنچ گئے تھے۔

کسی تاریخی حوالے سے یہ بات واضح نہیں ہو پاتی کہ امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا سنِ پیدائش کیا ہے۔ تاہم اکثر مؤرخین کے نزدیک امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ 280 ہجری کے آس پاس پیدا ہوئے تھے۔ امام ذہبی نے یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے تیسری صدی ہجری کے اختتام پر علمِ حدیث کی طلب کا آغاز کیا تھا۔ مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے: اس وقت ان کی عمر 20 برس کے لگ بھگ تھی۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث کی طلب میں طویل اسفار کیے۔ انہوں نے اپنے وقت کے تمام بڑے شہروں میں جا کر وہاں موجود محدثین سے احادیث و روایات کا علم حاصل کیا۔ ان شہروں میں سجستان' ہرات' مرو' سنج' شاش' بخارا' نسا' نیشاپور' تہران' اہواز' بصرہ' کوفہ' موصل' رقہ' انطاکیہ' طرطوس' حمص' دمشق' بیروت' رملہ' بیت المقدس' مصر اور حجازِ مقدس شامل ہیں۔

امام ابنِ حبان رحمۃ اللہ علیہ کے مشائخ کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق دو ہزار سے زیادہ ہے۔ تاہم شعیب الارناؤط نے یہ بات تحریر کی ہے: امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں 21 مشائخ سے زیادہ احادیث روایت کی تھیں۔

امام ابن خزیمہ (301 روایات)' امام ابویعلیٰ موصلی (1174 روایات)' امام حسن بن سفیان خراسانی (815 روایات)' امام فضل بن حباب جمحی (732 روایات)' امام ابومحمد ازدی جو ابن شیرویہ کے نام سے معروف ہیں (463 روایات)' امام محمد لخمی عسقلانی (464 روایات)' امام ابوحفص بجیری سمرقندی (357 روایات)' امام ابومحمد عبداللہ مقدسی (313 روایات)' امام ابوبکر طائی منبجی (281 روایات)' امام ابواسحاق جرجانی (232 روایات)' امام ابوعباس سراج ثقفی (173 روایات)' امام ابوعروبہ حرانی

جزری (167 روایات)' امام حسین بن ادریس ہروی (136 روایات)' امام ابوعبداللہ سامی ہروی (112)' امام ابوجعفر نسوی (99 روایات)' امام ابوعلی رقی (90 روایات)' امام ابوالحسین رازی (91 روایات)' امام عبدان جوالیقی (73 روایات)' امام ابوجعفر تستری (75 روایات)' امام ابوعبداللہ بغدادی (70 روایات)' محدث اسحاق بُستی (69 روایات)۔

یہ وہ مشائخ ہیں جن سے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے زیادہ روایات نقل کی ہیں۔ ابن حبان کے باقی شیوخ میں سے زیادہ تر وہ حضرات ہیں جن سے انہوں نے 1 سے لے کر 60 تک روایات نقل کی ہیں۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے کے اکابر محدثین میں سے ایک تھے۔ یہی وجہ ہے کہ خلقِ کثیر نے ان سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور تلامذہ کے اسماء درج ذیل ہیں:

(i) امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری (یہ مستدرک حاکم کے مصنف ہیں)

(ii) امام ابوالحسن علی دارقطنی (یہ سنن دارقطنی کے مصنف ہیں)

(iii) امام حافظ ابوعبداللہ محمد بن اسحاق عبدی (یہ کتاب معرفۃ الصحابہ کے مصنف ہیں)

(iv) امام محدث ابوالحسن محمد بن احمد زوزنی (انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی ''صحیح'' روایت کی ہے)

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے کئی تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ جن میں سے مطبوعہ کتب کا اجمالی تذکرہ درج ذیل ہے:

(i) المسند الصحیح (یہ صحیح ابن ابن حبان کے نام سے معروف ہے)

(ii) الثقات (یہ ثقہ راویوں کے بارے میں ہے)

(iii) معرفۃ المجروحین (یہ صرف ضعیف اور متروک راویوں کے بارے میں ہے)۔

(iv) مشاہیر علماء الامصار (یہ 1600 اہلِ علم کے حالات پر مشتمل ہے)

(v) روضۃ العقلاء (یہ اخلاقیات کے بارے میں ہے)

علم حدیث کی تحصیل اور تعلیم کے حوالے سے بھرپور زندگی گزارنے کے بعد امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے شبِ جمعہ میں' 22 شوال المکرّم 354 ہجری میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ انہیں جمعے کی نماز کے بعد ان کے آبائی وطن ''بست'' میں سپردِ خاک کیا گیا۔

صحیح ابن حبان

علم حدیث کے اس عظیم مآخذ کے مصنف امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

فاضل مصنف نے اس کتاب کا نام ''المسند الصحیح علی التقاسیم والانواع'' تجویز کیا تھا۔

فاضل مصنف اس بات کے خواہش مند تھے کہ وہ احادیث کا ایسا مجموعہ ترتیب دیں جس میں موضوعاتی تقسیم کو کسی نئے پہلو سے پیش کیا گیا ہوتا کہ علمِ حدیث کے طلباء اس کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے احادیث کو ان کے اصل مضمون کے حوالے سے یاد رکھیں۔

فاضل مصنف نے اپنی کتاب کا نام تجویز کرتے ہوئے لفظ ''المسند'' استعمال کیا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کتاب میں جو روایات منقول ہیں ان کی سند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک جاتی ہے۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ ''الصحیح'' سے مراد یہ ہے: اس میں مذکور تمام روایات مستند طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ ''التقاسیم والانواع'' سے مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث کو پہلے ایک بنیادی قسم کے تحت تقسیم کیا گیا ہے اور پھر ان میں سے ہر ایک قسم کو متعدد ذیلی اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

تقاسیم سے مراد بنیادی تقسیم اور انواع سے مراد ذیلی تقسیم ہے۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب کو پانچ بنیادی حصوں میں تقسیم کیا ہے:

(i) وہ روایات جن میں کسی کام کو کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

(ii) وہ روایات جن میں کسی کام کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہو۔

(iii) وہ روایات جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

(iv) وہ روایات جن میں مباح امور کا تذکرہ ہے۔

(v) وہ روایات جن میں ان افعال کا تذکرہ ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہیں۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح کے آغاز میں ایک مقدمہ تحریر کیا جس میں سے ان پانچ اقسام کی ذیلی اقسام کی وضاحت کی' یہ مقدمہ اس کتاب میں شامل ہے۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں احادیث نقل کرتے ہوئے جس اچھوتی طرز کو اختیار کیا ہے وہ سب سے الگ اور نمایاں ہے' لیکن اس کا دوسرا پہلو یہ ہے: عام قاری اس تقسیم کے تحت حدیث کو تلاش نہیں کرسکتا' کیونکہ وہ یہ اندازہ نہیں کرپاتا کہ اس کی مطلوبہ حدیث اُسے کہاں مل سکتی ہے؟ کیونکہ حدیث کو تلاش کرنا اسی وقت ممکن ہوسکتا ہے جب دیگر کتب ''صحاح'' و''سنن'' کی طرح کتاب کو فقہی حوالے سے مرکزی اور ذیلی ابواب میں تقسیم کیا جائے۔ اس طرح قاری ابواب کی فہرست دیکھ کے حدیث کو تلاش کرسکتا ہے۔

علمِ حدیث کے طلباء اور قارئین کی اسی مشکل کو محسوس کرتے ہوئے آٹھویں صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے ایک فاضل امیر علاؤ الدین علی بن بلبان فارسی نے اس کتاب کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ' روایتی فقہی ابواب بندی کے ہمراہ مرتب کیا۔ انہوں نے احادیث ذکر کرنے سے پہلے مناسب تراجم ابواب تحریر کیے۔

ابن بلبان نے اپنی اس خدمت کو ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' کا نام دیا۔

آج دنیا میں زیادہ تر اسی کتاب کے نسخے ''صحیح ابن حبان'' کے طور پر شائع ہوتے ہیں' تاہم سرِ ورق پر یہ صراحت موجود ہوتی ہے کہ یہ کتاب اصل مصنف ابن حبان کی ترتیب کی بجائے ابن بلبان کی ترتیب کے مطابق ہے۔

ہمارے سامنے اس وقت اس کتاب کا جو نسخہ موجود ہے وہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت' لبنان سے 1418 ہجری بمطابق 1997 عیسوی میں شائع ہوا۔ یہ نسخہ 16 جلدوں پر مشتمل ہوا۔

اس نسخے کے متن کی تحقیق' احادیث کی تخریج اور تعلیق نگاری کی خدمت شیخ شعیب الارناؤط نے سرانجام دی ہے۔

فاضل محقق نے کتاب کے آغاز میں تفصیلی مقدمہ تحریر کیا ہے۔ انہوں نے کتاب کے مختلف قلمی نسخوں کا تعارف اور ان کے چند صفحات کے عکس بھی مقدمے میں شامل کیے ہیں۔

فاضل محقق نے ابن بلبان کی ترتیب والے نسخے اور اصل کتاب یعنی ''المسند الصحیح'' کے درمیان تقابل کیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے جو تعلیقات تحریر کی ہیں' ان میں بہت سے فوائد ذکر کردیئے ہیں اور کچھ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ہم نے اپنی اس طباعت میں شیخ شعیب الارناؤط کی تخریج کو کسی مراجعت کے بغیر شامل کرلیا ہے۔ تاہم ان کی تعلیقات میں سے بعض اضافی چیزیں حذف کردی ہیں۔

اس کتاب کا مطبوعہ نسخہ ہمیں محترم ڈاکٹر راغب حسین نعیمی دامت برکاتہم العالیہ نے جامعہ نعیمیہ لاہور کی مرکزی لائبریری سے فراہم کیا۔ اس کے لئے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

پس نوشت: ''صحیح ابن حبان'' کے حوالے سے ایک اہم خدمت شیخ حافظ نورالدین علی بن ابوبکر ہیثمی نے سرانجام دی ہے' انہوں نے ''صحیح ابن حبان'' کی ان تمام روایات کو ایک جگہ اکٹھا کردیا ہے جو ''صحیحین'' پر زائد ہیں۔ انہوں نے کتاب کا نام ''موارد الظمآن علی زوائد ابن حبان'' تجویز کیا ہے۔ انہوں نے اس کتاب میں ''صحیح ابن حبان'' میں سے صرف وہ روایات نقل کی ہیں جو ''صحیح بخاری'' و ''صحیح مسلم'' میں نہیں ہیں۔

محدث ابن بلبان رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام علی بن بلبان ہے۔ جبکہ سابقہ ولاحقہ کے ہمراہ آپ کا نام امیر علاؤ الدین ابوالحسن علی بن بلبان بن عبداللہ فارسی مصری ہے۔

آپ 675 ہجری میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے کے اکابر اہلِ علم سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور اساتذہ میں سے ایک امام شرف الدین عبدالمؤمن بن خلف دمیاطی (متوفی 705 ہجری) ہیں۔ جو "المتجر الرابح" کے مصنف ہیں۔

ان کے علاوہ آپ کے دیگر مشائخ میں درج ذیل حضرات شامل ہیں:

(i) شیخ بہاؤ الدین قاسم بن عساکر (متوفی 723 ہجری)

(ii) شیخ محمد بن علی محروسی خالدی (متوفی 714 ہجری)

(iii) شیخ علی بن نصر اللہ مصری (متوفی 712 ہجری)

(iv) حلب سے تعلق رکھنے والے اپنے وقت کے قطب عبدالکریم بن عبدالنور حنفی (متوفی 735 ہجری) شامل ہیں۔

ابن بلبان فقہ حنفی کے پیروکار ہیں۔ انہوں نے علم فقہ اُس وقت کے شیخ حنفیہ فخر الدین عثمان بن ابراہیم ماردینی سے حاصل کیا جو ابن ترکمانی کے نام سے مشہور ہیں۔ (انہوں نے سنن بیہقی پر اختلافی نوٹ تحریر کیے ہیں)۔

ابن بلبان کے علم فقہ میں دوسرے بڑے استاد شمس الدین ابوالعباس احمد سروجی حنفی ہیں۔

ابن بلبان علم حدیث وفقہ کے ہمراہ علمِ نحو میں بھی بڑی مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنے زمانے کے عظیم نحودان ولغت دان امام ابوحیان اندلسی سے علمِ نحو میں استفادہ کیا جو قرآن پاک کی نحوی تفسیر "البحر المحیط" کے مصنف ہیں۔

ابن بلبان کے سوانح نگاروں نے یہ بات تحریر کی ہے کہ وہ ایک کثیر التصانیف بزرگ تھے اور ان کا طبعی میلان اس طرف زیادہ تھا کہ وہ طلباء کی سہولت کے لئے کوئی کام کریں۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی دقیق ترین تصنیف "المسند الصحیح علی التقاسیم الانواع" کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا۔ بعض مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے کہ شیخ ابن بلبان نے امام طبرانی کی "معجم" کو بھی موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا تھا۔

کیونکہ ابن بلبان ایک فقیہ بھی تھے اس لئے انہوں نے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "الجامع الکبیر" کی ایک تلخیص کی شرح بھی تحریر کی اس تلخیص کے مصنف کمال الدین خلاطی حنفی تھے۔ کشف الظنون کے مصنف نے یہ بات تحریر کی ہے کہ یہ ایک طویل اور بھرپور

شرح ہے۔

مؤرخین نے یہ بات بھی بیان کی ہے' شیخ ابن بلبان نے نبی اکرم ﷺ کی سیرت پر بھی ایک کتاب تحریر کی تھی۔ اس کے علاوہ انہوں نے حج کے احکام کے بارے میں ایک کتاب تحریر کی تھی' اس کے علاوہ انہوں نے ابن دقیق العید کی تصنیف ''الالمام'' کی تلخیص بھی تحریر کی تھی۔

ابن بلبان کا سب سے عظیم کارنامہ' جس نے انہیں زندہ و جاوید کردیا' وہ ''صحیح ابن حبان'' کو موضوعاتی ترتیب پر مرتب کرنا ہے۔ جس کا نام انہوں نے ''الاحسان'' تجویز کیا تھا۔ یہ ان کا عظیم کارنامہ ہے۔ انہوں نے اس کتاب کو کتب یعنی مرکزی ابواب اور ابواب یعنی ذیلی ابواب کی صورت میں تقسیم کیا ہے۔

شیخ ابن بلبان کا انتقال 9 شوال المکرم 739 ہجری میں کم وبیش 64 برس کی عمر میں ہوا۔ اور انہیں مصر میں سپردِ خاک کیا گیا۔

اصطلاحاتِ حدیث

اس حقیقت سے ہر شخص آگاہ ہے کہ دنیا میں مختلف اشیاء سے واقفیت کے حصول کے لیے مختلف علوم وفنون ایجاد کیے گئے ہیں۔ عام طور پر کسی علم میں کسی شے کی حقیقت اور اس کے احوال زیر بحث لائے جاتے ہیں تاہم بعض اوقات کسی علم سے واقفیت اور شناسائی کا حصول آسان کرنے کے لیے مزید کسی علم کو ایجاد کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

علم حدیث وہ فن ہے جس میں اسلام کی تعلیمات کا بنیادی ماخذ یعنی نبی اکرم ﷺ کی شخصیت، احوال، فرامین وغیرہ کا ذکر کیا جاتا ہے لیکن اس فن کو سیکھنے کے کچھ خاص قواعد ہیں جنہیں "علم اصول حدیث" کا نام دیا گیا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے کسی زبان کو سیکھنے کے دو طریقے ہیں لسانیات یعنی زبان سے متعلق ادب کا مطالعہ اور قواعد یعنی اس زبان کی گرائمر کا علم، علم اصول حدیث کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اسی علم کے قواعد وضوابط کی روشنی میں کوئی محدث یا فقیہہ کسی حدیث کی استنادی حیثیت کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

ابتدائی دو صدیوں کے دوران حدیث کی روایت کا زیادہ تر کام زبانی بیان تک محدود رہا، کوئی شخص اپنے استاد سے کوئی حدیث سُن کر اسے اپنے شاگردوں تک منتقل کر دیتا تھا اس نقل کے دوران اس بات کا امکان موجود تھا کہ وہ راوی اپنی کسی فطری یا فکری کمزوری کے باعث حدیث کے الفاظ نقل کرنے میں کسی شعوری یا غیر شعوری غلطی یا غلط فہمی کا مرتکب ہو جاتا پھر یہ پہلو بھی قابلِ غور تھا کہ دوسری صدی ہجری میں بہت سے فرقے نمودار ہو چکے تھے جن میں سے بہت سے لوگوں نے اپنے باطل مزعومات کی تائید میں جھوٹی روایات ایجاد کر کے نبی اکرم ﷺ کی طرف منسوب کر کے بیان کرنا شروع کر دی تھیں اس لیے صحیح اور غلط، مستند اور غیر مستند کے درمیان فرق کی وضاحت کے لیے محدثین نے اصولِ حدیث کا فن ایجاد کیا۔

"اصول حدیث" کی تمام تر بحث تین امور کے گرد گھومتی ہے:

(i) سند (ii) متن (iii) راوی

ان تینوں موضوعات پر بحث کرنے سے پہلے ہم چند بنیادی قواعد کی وضاحت کریں گے۔

علم اصول حدیث کی تعریف

یہ وہ علم ہے جس کے ذریعے ایسے قواعد کی واقفیت حاصل کی جاتی ہے جن کی مدد سے کسی روایت کے متن یا اس کی سند کو قبول کرنے یا مسترد کرنے کا فیصلہ کیا جاسکے۔

علم اصول حدیث کا فائدہ

اس علم سے واقفیت کے نتیجے میں انسان صحیح اور غلط، مستند اور غیر مستند حدیث کے درمیان فرق کرسکتا ہے۔

سند: اس سے مراد راویوں کے اسماء کا وہ سلسلہ ہے جن کے وساطت سے حدیث نقل ہوئی ہے۔

متن: اس سے مراد وہ مضمون ہے جو نبی اکرم ﷺ یا کسی صحابی کے قول وفعل کے ذکر پر مشتمل ہو۔

سند کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم

سند کے اعتبار سے حدیث کی دو بنیادی قسمیں ہیں:

(i) متواتر (ii) غیر متواتر

غیر متواتر کی مزید تین ذیلی قسمیں ہیں:

(i) مشہور (ii) عزیز (iii) غریب

ذیل میں ہم تمام اقسام کی تعریفات بیان کریں گے۔

متواتر کی تعریف: متواتر کا لغوی معنی کسی چیز کا مسلسل اور لگاتار ہونا ہے اور محدثین کی اصطلاح میں ''متواتر'' ایسی حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند میں ہر طبقے میں اتنی کثیر تعداد میں راوی موجود ہوں کہ ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر اتفاق کر لینا ناممکن ہو۔

اس تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خبر متواتر کے لیے تین چیزیں شرط ہیں:

(i) اس حدیث کے راوی کثیر تعداد میں ہوں۔

(ii) یہ کثرت تمام طبقات میں پائی جاتی ہو۔

(iii) ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر متفق ہونا ناممکن ہو۔

خبر متواتر کا حکم: خبر متواتر کے ذریعے انسان کسی واقعہ کے بارے میں ایسا یقینی علم حاصل کر لیتا ہے جیسے اس نے بذاتِ خود اس کا مشاہدہ کیا ہو اس لیے خبر متواتر کے تمام راویوں کے حالات کا علم نہ بھی ہو تو بھی ایسی خبر کے ذریعے عمل واجب ہو جاتا ہے۔

غیر متواتر حدیث کی تین قسمیں ہیں:

(1) مشہور: محدثین کی اصطلاح میں ایسی حدیث کو مشہور کہا جاتا ہے جسے ہر زمانے میں کم از کم تین راوی روایت کریں اور کسی بھی طبقے میں راویوں کی تعداد تین سے کم نہ ہو۔ بعض محدثین نے یہاں ایک اور اصطلاح ''مستفیض'' کا بھی ذکر کیا ہے اس سے مراد کیا ہے؟ اس بارے میں محدثین کے دوران اختلاف پایا جاتا ہے بعض محدثین کے نزدیک یہ اصطلاح ''مشہور'' کے مترادف ہے جبکہ بعض دیگر محدثین کے نزدیک ان دونوں اصطلاحات کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت پائی جاتی ہے۔

(ii) عزیز: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند کے اکثر طبقات میں کم از کم تین راوی ہوں اور کسی ایک یا ایک سے زیادہ طبقوں میں کم از کم دو راوی ہوں۔

بعض اہلِ علم نے عزیز کی یہ تعریف کی ہے کہ اس کی سند کے ہر طبقے میں کم از کم دو راوی موجود ہوں۔

(iii) غریب: اس سے مراد وہ روایت ہے جس کی سند کے کسی بھی ایک طبقے میں صرف ایک راوی ہو۔

بعض محدثین نے ایسی روایت کے لیے ''غریب'' کی بجائے ''فرد'' کی اصطلاح استعمال کی ہے۔

محدثین نے حدیثِ غریب کی دو قسمیں بیان کی ہیں:

(i) ایسی روایت جسے صرف ایک صحابی نے نقل کیا ہو اور سند کے بقیہ طبقات کے راویوں کی تعداد زیادہ ہو۔

(ii) ایسی روایت جس میں صحابی کے علاوہ کسی اور طبقے میں صرف ایک راوی موجود ہو۔

محدثین نے ''غریب'' حدیث کی ایک اور تقسیم کی بھی نشاندہی کی ہے۔

(i) اس ایک راوی نے جو سند یا متن نقل کیا ہے' وہ اس کے علاوہ کسی اور دوسرے راوی سے منقول نہ ہو' بلکہ وہ پہلا راوی اس روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو۔

(ii) اس ایک سند میں کسی ایک طبقے میں وہ اکیلا راوی ہو' تاہم وہی روایت کسی اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہو۔

''صحیح'' کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند میں آغاز سے لے کر اختتام تک تمام راویوں کی کڑی متصل ہو' وہ تمام راوی عادل ہوں' ضابط ہوں اور اس حدیث کے متن میں کوئی شذوذ وعلت نہ ہو۔

''صحیح'' کا حکم: محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خبر صحیح پر عمل کرنا واجب ہے۔

ایک اہم اصول: اصول یہ ہے کہ بعض اوقات کوئی لفظ اپنے لغوی یا عرفی معنی میں استعمال ہوتا ہے پھر کسی ایک فن کے ماہرین اسے اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی لفظ کو دو مختلف فنون کے ماہرین اپنی' اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرتے ہیں اس لیے یہ بات ہمیشہ پیشِ نظر رہے کہ ''صحیح'' محدثین کی مخصوص اصطلاح ہے اور اس سے مراد وہ حدیث ہے جس میں مذکورہ بالا پانچ شرائط پائی جاتی ہوں اگر محدثین کسی حدیث کے بارے میں یہ کہہ دیں کہ یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوگا کہ وہ حدیث ''غلط'' ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس حدیث میں مذکورہ بالا شرائط میں سے کوئی ایک یا چند ایک شرائط موجود نہیں ہیں۔

صحیح لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہوتی ہے جو درحقیقت ''حسن لذاتہ'' ہی ہو لیکن کسی اور سند کے ہمراہ منقول ہو جو پہلی سند کے برابر یا اس سے زیادہ مستند ہو۔ ایسی ''حسن لذاتہ'' حدیث کو ''صحیح لغیرہ'' کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بذاتِ خود صحیح نہیں ہوتی لیکن دوسری سند کی وجہ سے اس کی حیثیت مزید مستند ہو جاتی ہے۔

صحیح لغیرہ کا حکم: یہ حدیث صحیح لذاتہ سے کم اور حسن لذاتہ سے زیادہ مستند ہوتی ہے۔

''حسن'' کی تعریف: حسن اس حدیث کو کہتے ہیں جو صحیح اور ضعیف کی درمیانی حیثیت کی حامل ہو لیکن اس کی اصطلاحی تعریف کیا ہوگی؟ اس بارے میں محدثین کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے تاہم حافظ ابن حجر نے اس کی تعریف یوں کی ہے:

''جس روایت کے تمام راوی عادل ہوں' سند میں اتصال پایا جاتا ہو۔ نیز اس کے اندر کسی قسم کی کوئی علت یا شذوذ موجود نہ ہو تاہم اس کے کسی راوی کا ضبط (یادداشت) کمزور ہو تو ایسی حدیث کو ''حسن لذاتہ'' کہا جائے گا۔''

حسن لذاتہ کا حکم: اگرچہ تکنیکی اعتبار سے یہ روایت ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند تو نہیں ہوتی مگر دلیل اور ثبوت کے طور پر پیش کرنے کے حوالے سے یہ ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند ہے' یہی وجہ ہے کہ محدثین اور فقہاء اسے سند کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

حسن لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ ضعیف روایت ہے جو کئی اسناد کے ہمراہ منقول ہو تاہم اس ضعیف روایت کا ضعف راوی کے فسق یا کذب کی وجہ سے نہ ہو۔

حسن لغیرہ کا حکم: کیونکہ یہ حدیث مقبول ہی کی ایک قسم ہے اس لیے ایسی حدیث سے استدلال کرنا جائز ہے۔

ضعیف کی تعریف: وہ روایت جو کسی تکنیکی خامی کی وجہ سے کم از کم حسن کے مرتبے تک بھی نہ پہنچ سکے۔

ضعیف کا حکم: ضعیف روایت کے ذریعے کسی بنیادی عقیدے یا فقہی اعتبار سے کسی حلال یا حرام حکم کو ثابت نہیں کیا جا سکتا۔

نوٹ: یہاں یہ اصول پیشِ نظر رکھیں کہ کسی حدیث کے ضعیف ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ وہ سرے سے حدیث ہی نہیں ہے کیونکہ جو بات سرے سے حدیث ہی نہ ہو یعنی کسی نے اسے اپنی طرف سے ایجاد کر کے' گھڑ کر نبی اکرم ﷺ سے منسوب کر دیا ہو تو ایسی روایت کو محدثین کی اصطلاح میں ''موضوع'' کہا جاتا ہے۔

محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ضعیف روایت کو حدیث کے طور پر نقل کیا جا سکتا ہے البتہ موضوع روایت کو حدیث کے طور پر نقل کرنا جائز نہیں ہے۔ ترغیب وترہیب کے لئے' فضائل کے اظہار کے لیے' وعظ ونصیحت کے لیے' ضعیف روایات کو نقل کیا جا سکتا ہے۔

ضعیف کی اقسام: عام طور پر کسی روایت کے ضعف کا تعلق دو چیزوں سے ہوتا ہے:

(i) سند میں انقطاع آ جانا یعنی راویوں کی کڑی کا درمیان سے ٹوٹ جانا۔

(ii) کسی راوی میں کسی شخصی خامی کا موجود ہونا۔

(2) مرفوع کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی قول' فعل یا تقریر کا ذکر موجود ہو۔ مرفوع حدیث کی چار قسمیں ہیں:

(i) مرفوع قولی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کا کوئی قول مذکور ہو۔

(ii) مرفوع فعلی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی عمل کا ذکر موجود ہو۔

(iii) مرفوع تقریری: وہ متن جس میں اس بات کا ذکر موجود ہو کہ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں کوئی کام کیا گیا اور آپ نے اس سے منع نہیں کیا۔

(iv) حدیث وصفی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کی کسی صفت کا ذکر ہو جیسے حسن و جمال' جود و سخا اور قوت و بہادری وغیرہ۔

(3) موقوف کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جو کسی صحابی یا تابعی کے قول و فعل یا تقریر پر مشتمل ہو' اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) موقوفِ صحابی: وہ متن جس میں کسی صحابیؓ کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

(ii) موقوفِ تابعی: وہ متن جس میں کسی تابعی کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

یہاں ایک بات نہایت ضروری ہے اور وہ یہ کہ بعض اوقات کوئی روایت بظاہر موقوف محسوس ہوتی ہے لیکن اگر دقتِ نظر سے جائزہ لیا جائے تو وہ درحقیقت حدیث مرفوع ہوتی ہے۔ محدثین کے نزدیک ایسی روایت لفظی طور پر موقوف لیکن معنوی اعتبار سے وہ مرفوع حکمی ہوتی ہے۔

اعتبار کی تعریف:

اگر کوئی راوی کسی روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو تو اس کی تائید میں کسی دوسرے راوی کی روایت تلاش کرنا۔

متابع کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو تو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کرنا جو لفظی یا معنوی اعتبار سے اس حدیث کے ساتھ مطابقت رکھتی ہو۔ بشرطیکہ دونوں روایات کو روایت کرنے والے صحابی ایک ہی ہوں۔

شاہد کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کی جائے جو اس حدیث کے ساتھ لفظی یا معنوی مشابہت رکھتی ہو البتہ دونوں روایات کو نقل کرنے والے صحابی مختلف ہوں۔

رَبِّ يَسِّرْ بِخَيْرٍ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا عَلَّمَ مِنَ الْبَيَانِ وَاَلْهَمَ مِنَ التِّبْيَانِ، وَتَمَّمَ مِنَ الْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْإِحْسَانِ.

وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ الْإِتَّمَانِ الْاَكْمَلَانِ عَلٰى سَيِّدِ وُلْدِ عَدْنَانَ الْمَبْعُوْثِ بِاَكْمَلِ الْاَدْيَانِ، الْمَنْعُوْتِ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ، وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ، صَلَاةً دَائِمَةً مَا كَرَّ الْجَدِيْدَانُ وَعُبِدَ الرَّحْمٰنُ.

وَبَعْدُ، فَاِنَّ مِنْ اَجْمَعِ الْمُصَنَّفَاتِ فِي الْاَخْبَارِ النَّبَوِيَّةِ، وَاَنْفَعِ الْمُؤَلَّفَاتِ فِي الْآثَارِ الْمُحَمَّدِيَّةِ، وَاَشْرَفِ الْاَوْضَاعِ، وَاَطْرَفِ الْاَبْدَاعِ: كِتَابَ "التَّقَاسِيْمِ وَالْاَنْوَاعِ"

لِلشَّيْخِ الْإِمَامِ، حَسَنَةِ الْاَيَّامِ حَافِظِ زَمَانِهٖ، وَضَابِطِ اَوَانِهٖ مَعْدَنِ الْإِتْقَانِ اَبِيْ حَاتِمٍ مُحَمَّدِ بْنِ حِبَّانَ، التَّمِيْمِيِّ الْبُسْتِيِّ شَكَرَ اللّٰهُ مَسْعَاهُ، وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ،

فَاِنَّهٗ لَمْ يُنْسَجْ لَهٗ عَلٰى مِنْوَالٍ، فِيْ جَمْعِ سُنَنِ الْحَرَامِ وَالْحَلَالِ لٰكِنَّهٗ لِبَدِيْعِ صُنْعِهٖ، وَمَنِيْعِ وَضْعِهٖ قَدْ عَزَّ جَانِبُهٗ، فَكَثُرَ مَجَانِبُهٗ، تَعَسَّرَ اِقْتِنَاصُ شَوَارِدِهٖ، فَتَعَذَّرَ الْاِقْتِبَاسُ مِنْ فَوَائِدِهٖ وَمَوَارِدِهٖ،

فَرَأَيْتُ اَنْ اَتَسَبَّبَ لِتَقْرِيْبِهٖ، وَاَتَقَرَّبَ اِلَى اللّٰهِ بِتَهْذِيْبِهٖ وَتَرْتِيْبِهٖ، وَاُسَهِّلَهٗ عَلٰى طُلَّابِهٖ، بِوَضْعِ كُلِّ حَدِيْثٍ فِيْ بَابِهٖ، الَّذِيْ هُوَ اَوْلٰى بِهٖ، لِيَؤُمَّهٗ مَنْ هَجَرَهٗ، وَيُقَدِّمَهٗ مَنْ اَهْمَلَهٗ وَاَخَّرَهٗ، وَشَرَعْتُ فِيْهِ مُعْتَرِفًا بِاَنَّ الْبُضَاعَةَ مُزْجَاةٌ، وَاَنْ لَّا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَحَصَّلْتُهٗ فِيْ اَيْسَرِ مُدَّةٍ، وَجَعَلْتُهٗ عُمْدَةً لِلطَّلَبَةِ وَعُدَّةً،

فَاَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ مَوْجُوْدًا بَعْدَ اَنْ كَانَ كَالْعَدَمِ مَقْصُوْدًا، كَنَارٍ عَلٰى اَرْفَعِ عَلَمٍ، مَعْدُوْدًا بِفَضْلِ اللّٰهِ مِنْ اَكْمَلِ النِّعَمِ قَدْ فُتِحَتْ سَمَاءُ يُسْرِهٖ فَصَارَتْ اَبْوَابًا وَزُحْزِحَتْ جِبَالُ عُسْرِهٖ فَكَانَتْ سَرَابًا وَقُرِنَ كُلُّ صِنْوٍ بِصِنْفِهٖ، فَاَضَتْ اَزْوَاجًا، وَكُلُّ تِلْوٍ بِاَلْفِهٖ، فَضَاءَتْ سِرَاجًا وَّهَّاجًا، وَسَمَّيْتُهٗ:

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

---

[1] یہ خطبہ امیر علاؤ الدین علی بن بلبان فارسی (متوفی ۷۳۹ھ) کا تحریر کردہ ہے۔

وَاللّٰهَ اَسْاَلُ اَنْ يَّجْعَلَهٗ زَادًا لِحُسْنِ الْمَصِيْرِ اِلَيْهِ، وَعَتَادًا لِيُمْنِ الْقُدُوْمُ عَلَيْهِ، اِنَّهٗ بِكُلِّ جَمِيْلٍ كَفِيْلٌ، وَهُوَ حَسْبِىْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، وَهَا اَنَا اَذْكُرُ مُقَدَّمَةً تَشْتَمِلُ عَلٰى ثَلَاثَةِ فُصُوْلٍ:

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ: فِىْ ذِكْرِ تَرْجَمَتِهٖ لِيُعْرَفَ قَدْرُ جَلَالَتِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّانِىُّ: فِىْ نَصِّ خُطْبَتِهٖ، وَمَا نَصَّ عَلَيْهِ فِىْ غُرَّةِ دِيْبَاجَتِهٖ وَخَاتَمَتِهٖ, لِيُعْلَمَ مَضْمُوْنُ قَرَارِهٖ , وَمَكْنُوْنُ مَصُوْنِهٖ وَاَسْرَارِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّالِثُ: فِىْ ذِكْرِ مَا رَتَّبَ عَلَيْهِ هٰذَا الْكِتَابُ مِنَ الْكُتُبِ وَالْفُصُوْلِ وَالْاَبْوَابِ قَصْدًا لِتَكْمِيْلِ التَّهْذِيْبِ وَتَسْهِيْلِ التَّقْرِيْبِ.

مقدمہ

(یہ مقدمہ علامہ ابن بلبان نے تحریر کیا ہے)

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے (اس بات پر کہ) اس نے ''بیان'' (بات کرنے) کا علم دیا ہے اور تبیان (یعنی مافی الضمیر کو واضح طور پر بیان کرنے کی صلاحیت) عطا کی ہے اس نے (ہم پر اپنا) جود فضل اور احسان مکمل کیا ہے۔

(ایسے) درود و سلام جو پورے اور مکمل ہوں وہ عدنان کی اولاد کے سردار جنہیں سب سے کامل ترین دین کے ہمراہ مبعوث کیا گیا ہے اور جن کا تذکرہ تورات انجیل اور فرقان (یعنی قرآن مجید) میں ہے (یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ) پر نازل ہو اور ان کی آل ان کے اصحاب اور ان (آل اور اصحاب) کی احسان (بھلائی) کے ہمراہ پیروی کرنے والوں پر (درود نازل ہو) ایسا درود جو (اس وقت تک نازل ہوتا رہے) جب تک دن و رات چلتے رہیں گے اور جب تک ''رحمٰن'' کی عبادت کی جاتی رہے گی۔

(حمد و صلوٰۃ کے بعد) نبی اکرم ﷺ کے بارے میں روایات سے متعلق سب سے جامع تصنیف اور حضرت محمد ﷺ کے آثار کے بارے میں سب سے زیادہ فائدہ مند تالیف جس میں سب سے عمدہ طریقہ اختیار کیا گیا اور سب سے مختلف طرز اختیار کی گئی وہ کتاب ''التقاسیم والانواع'' ہے۔ جو شیخ 'امام' ایام کی اچھائی' اپنے زمانے کے حافظ الحدیث' اپنے دور کے (روایات کے الفاظ کے) ضابط' اتقان کا معدن' ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو قبول کرے اور جنت کو ان کا ٹھکانہ بنا دے کیونکہ حرام اور حلال سے متعلق احادیث کو جمع کرنے کے حوالے سے' کوئی بھی (دوسرا مصنف) ان جیسے طریقے پر عمل پیرا نہیں ہوا۔ لیکن اس کتاب کی نرالی طرز اور مختلف اسلوب کے باوجود اس کا وجود کمیاب ہو گیا' اور اس سے لاتعلقی اختیار کی گئی۔ اس کے سرکش (شکار) کو قابو کرنا مشکل تھا' اس لیے اس کے فوائد اور موارد سے روشنی حاصل کرنا ممکن نہیں رہا۔ اس لیے میں نے یہ مناسب سمجھا کہ میں اسے قریب (یعنی آسان) کرنے کی کوشش کروں اور اس کی تہذیب و ترتیب کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنے کی کوشش کروں۔ میں اس کے طلبگاروں کے لئے اسے آسان کر دوں' یوں کہ اس کی ہر حدیث کو (اس حدیث کے موضوع سے متعلق مناسب) باب میں رکھ دوں' جو (باب موضوع کی مناسب کے حوالے سے) اس (حدیث) کے لئے زیادہ مناسب ہو' تاکہ جو شخص اس (کتاب) سے لاتعلقی اختیار کر چکا ہے وہ اس کو پیشوا بنا لے اور جس نے اسے پرے اور مؤخر کر دیا ہے وہ اسے مقدم کر لے۔ تو میں' (اپنے پاس) زادِ راہ کم ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے اس کام کا آغاز کیا (اور میں یہ بھی اعتراف کرتا ہوں) کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ میں نے (یہ مقصد) تھوڑی مدت میں ہی حاصل کر لیا۔ میں نے اسے (علم حدیث

کے) طلباء کے لئے عمدہ اور تیاری (یعنی بنیادی ضرورت کا سامان) بنا دیا' تو اللہ تعالیٰ کی حمد ہے (کہ اس کے فضل کی وجہ سے) یہ کتاب موجود ہوگئی حالانکہ پہلے یہ معدوم کی مانند ہو چکی تھی اور (اب یہ کتاب) پہاڑ کی چوٹی پر رکھی ہوئی آگ کی مانند (لوگوں کا) مقصود بن چکی ہے؟ اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا شمار کامل ترین نعمتوں میں ہوتا ہے۔ اس کی آسانی کے آسمان کو کھول دیا گیا' تو وہ دروازے بن گیا' اس کی مشکل کے پہاڑوں کو ان کی جگہ سے ہٹا دیا گیا' تو وہ راستہ بن گئے' اس کی صنف (یعنی تصنیف) کے خوشوں کو ملایا گیا' تو وہ جوڑی دار بن گئے اور اس کے الف (یعنی تالیف) کے ہر تابع کو (مرتب کیا گیا)' تو وہ چمکتا ہوا سورج بن گیا۔ میں نے اس کا نام

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

(یعنی صحیح ابن حبان سے استفادہ آسان کرنے کے بارے میں بھلائی) تجویز کیا ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں اچھی حالت میں واپسی کے لئے زادِ راہ بنا دے اور اسے برکت کے ہمراہ اپنی بارگاہ میں حاضری کے لئے تیار کیا ہوا سامان بنا دے۔ بے شک وہ ہر اچھائی کے لئے کفیل ہے اور وہ میرے لئے کافی ہے' اور وہ بہترین کارساز ہے۔

میں یہاں ایک مقدمہ تحریر کروں گا' جو تین فصول پر مشتمل ہوگا۔

پہلی فصل: ان (یعنی ابن حبان) کے حالات کے بارے میں ہوگی' تاکہ ان کی قدر و منزلت کا پتہ چل سکے۔

دوسری فصل: میں ان کا تحریر کردہ خطبہ ہوگا اور انہوں نے اپنے دیباچے کے آغاز اور اختتام پر جو کچھ تحریر کیا وہ سب ہوگا' تاکہ ان کے مقرر کردہ مضمون اور اس کے فوائد و اسرار کا علم حاصل ہو سکے۔

تیسری فصل: اس بات پر مشتمل ہوگی کہ اس کتاب کو ان کتب و فصول و ابواب پر مرتب کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے: تہذیب کی تکمیل ہو جائے اور استفادہ کرنا آسان ہو جائے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

اَقُوْلُ وَبِاللهِ التَّوْفِيْقِ هُوَ الْإِمَامُ الْعَالِمُ الْفَاضِلُ الْمُتْقِنُ الْمُحَقِّقُ الْحَافِظُ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ بْنُ حِبَّانَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَبِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ فِيْهِمَا ابْنِ مُعَاذِ بْنِ مَعْبَدٍ بِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ سَهِيْدٍ بِفَتْحِ السِّيْنِ الْمُهْمَلَةِ وَكَسْرِ الْهَاءِ وَيُقَالُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ هَدِيَّةَ بِفَتْحِ الْهَاءِ وَكَسْرِ الدَّالِ وَتَشْدِيْدِ الْيَاءِ آخِرِ الْحُرُوْفِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مُرَّةَ بْنِ زَيْدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ دَارِمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ مَالِكَ بْنِ زَيْدَ مَنَاةِ بْنِ تَمِيْمِ بْنِ مُرِّ بْنِ اُدِّ بْنِ طَابِخَةَ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرِ بْنِ نَزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ اَبُوْ حَاتِمٍ التَّمِيْمِيُّ الْبُسْتِيُّ الْقَاضِيُّ اَحَدُ الْاَئِمَّةِ الرَّحَّالِيْنَ وَالْمُصَنِّفِيْنَ.

ذَكَرَهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ كَانَ مِنْ اَوْعِيَةِ الْعِلْمِ فِي اللُّغَةِ وَالْفِقْهِ وَالْحَدِيْثِ وَالْوَعْظِ مِنْ عُقَلَاءِ الرِّجَالِ وَكَانَ قَدِمَ نِيْسَابُوْرَ فَسَمِعَ بِهَا مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ ثُمَّ اَنَّهُ دَخَلَ الْعِرَاقَ فَاَكْثَرَ عَنْ اَبِيْ خَلِيْفَةِ الْقَاضِيِّ وَاَقْرَانِهِ وَبِالْاَهْوَازِ وَبِالْمُوْصِلِ وَبِالْجَزِيْرَةِ وَبِالشَّامِ وَبِمِصْرٍ وَبِالْحِجَازِ وَكَتَبَ بِهَرَاةٍ وَمَرْوَ وَبُخَارٰى.

وَرَحَلَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ وَاَكْثَرَ عَنْهُ وَرَوٰى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ وَاَبِيْ يَعْلَى الْمُوْصِلِيِّ.

ثُمَّ صَنَّفَ فَخَرَجَ لَهُ مِنَ التَّصْنِيْفِ فِي الْحَدِيْثِ مَا لَمْ يَسْبِقْ اِلَيْهِ وَوَلِيَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَغَيْرَهَا مِنَ الْمُدُنِ بِخُرَاسَانَ ثُمَّ وَرَدَ نِيْسَابُوْرَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثُ مِائَةٍ وَخَرَجَ اِلَى الْقَضَآءِ اِلٰى نَسَا وَغَيْرَهَا وَانْصَرَفَ اِلَيْنَا سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَاَقَامَ بِنِيْسَابُوْرَ وَبَنَى الْخَانَقَاهَ وَسَمِعَ مِنْهُ خَلْقٌ كَثِيْرٌ.

رَوٰى عَنْهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ وَاَبُوْ عَلِيِّ مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَالِدِ الْهَرَوِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَلَمٍ وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ النُّوْقَاتِيُّ وَاَبُوْ مَعَاذٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ رِزْقِ السِّجِسْتَانِيُّ وَاَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ الزُّوْزِنِيُّ.

وَقَالَ اَبُوْ سَعْدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ الْاِدْرِيْسِيُّ اَبُوْ حَاتِمِ الْبُسْتِيُّ كَانَ مِنْ فُقَهَاءِ النَّاسِ وَحُفَّاظِ الْاٰثَارِ الْمَشْهُوْرِيْنَ فِي الْاَمْصَارِ وَالْاَقْطَارِ عَالِمًا بِالطِّبِّ وَالنُّجُوْمِ وَفُنُوْنِ الْعُلُوْمِ اَلَّفَ الْمُسْنَدَ الصَّحِيْحَ وَالتَّارِيْخَ وَالضُّعَفَآءَ وَالْكُتُبَ الْمَشْهُوْرَةَ فِيْ كُلِّ فَنٍّ وَفَقَّهَ النَّاسَ بِسَمَرْقَنْدَ ثُمَّ تَحَوَّلَ اِلٰى بُسْتٍ ذَكَرَهُ عَبْدُ الْغَنِيُّ بْنُ سَعِيْدٍ فِي الْبُسْتِيِّ.

وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ وَقَالَ وَكَانَ ثِقَةً ثَبَتًا فَاضِلًا فَهِمًا.

وَذَكَرَهُ الْاَمِيْرُ فِي حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَلِيَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَكَانَ مِنَ الْحُفَّاظِ الْاَثْبَاتِ.

تُوُفِّيَ بِسَجِسْتَانَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لِثَمَانِ لَيَالٍ بَقِيْنَ مِنْ شَوَّالٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ وَقِيْلَ بِبُسْتٍ فِيْ دَارِهِ الَّتِيْ هِيَ الْيَوْمَ مَدْرَسَةٌ لِاَصْحَابِهِ وَمَسْكَنٌ لِلْغُرَبَاءِ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ بِهَا مِنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَالْمُتَفَقِّهَةِ مِنْهُمْ وَلَهُمْ جِرَايَاتٌ يَسْتَنْفِقُوْنَهَا وَفِيْهَا خِزَانَةُ كُتُبٍ.

فصل اوّل

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف

از-ابن بلبان

میں یہ کہتا ہوں وہ امام عالم فاضل متقن محقق حافظ علامہ محمد بن حبان بن احمد بن حبان (اس میں ح پر زیر ہے اور اس کے بعد ب ہے) ابن معاذ بن معبد (یہ ب کے ساتھ ہے) بن سعید بن سہید (اس میں سین پر زبر اور ہ پر زیر ہے) اور ایک قول کے مطابق بن معبد بن ہدیہ (اس میں ہ پر زبر اور ی پر شد ہے) بن مرہ بن سعد بن یزید بن مرہ بن زید بن عبداللہ بن دارم بن مالک بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم بن مر بن اد بن طابخہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ابوحاتم تمیمی بستی ہیں۔ یہ قاضی تھے اور (علم حدیث کی طلب میں) سفر کرنے والے (اور علم حدیث کے موضوع پر) تصنیف کرنے والے ائمہ میں سے ایک ہیں۔

امام ابوعبداللہ حاکم نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے یہ لغت، فقہ، حدیث، وعظ میں بھرپور مہارت رکھتے تھے۔

انتہائی سمجھ دار تھے یہ نیشاپور تشریف لائے تھے۔ انہوں نے عبداللہ بن شیرویہ سے احادیث کا سماع کیا پھر یہ عراق تشریف لے گئے اور ابوخلیفہ قاضی اور ان کے معاصرین سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے اہواز، موصل، جزیرہ، شام، مصر، حجاز میں (مختلف محدثین سے احادیث کا سماع کیا)

انہوں نے مرو اور بخارا میں احادیث نوٹ کیں۔

یہ عمر بن محمد بن بجیر کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے حسن بن سفیان اور (مسند ابویعلیٰ کے مصنف) ابویعلیٰ موصلی سے بھی روایات نقل کی ہیں۔

پھر اس کے بعد انہوں نے تصانیف کا آغاز کیا اور علم حدیث میں ایسی تصنیف پیش کی جس کی مثال پہلے نہیں آئی تھی۔

یہ سمرقند اور خراسان کے دوسرے شہروں کے قاضی بھی رہے پھر یہ 334ھ میں نیشاپور تشریف لے آئے یہ نساء اور دیگر علاقوں کے قاضی بن کر فرائض سرانجام دینے کے لئے نیشاپور سے چلے گئے اور پھر یہ واپس 337ھ میں نیشاپور تشریف لے آئے اور وہیں قیام اختیار کیا وہاں انہوں نے خانقاہ بنائی وہاں ان سے ایک بڑی تعداد میں لوگوں نے احادیث کا سماع کیا۔

ان سے احادیث روایت نقل کرنے والوں میں (مستدرک حاکم کے مصنف) امام ابوعبداللہ حاکم، ابوعلی منصور بن عبداللہ بن خالد ہروی، ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن سلم، ابوبکر محمد بن احمد بن عبداللہ نوقانی، ابومعاذ عبدالرحمٰن بن محمد بن علی بن رزق

بجستانی، ابوالحسن محمد بن احمد بن محمد زوزنی شامل ہیں۔

شیخ ابوسعد عبدالرحمٰن بن احمد ادریسی فرماتے ہیں: ابوحاتم بستی اکابر فقہاء میں سے ایک تھے وہ آثار کے بڑے حافظ تھے اور مشہور ومعروف شخصیت کے مالک تھے۔

وہ طب اور نجوم کا علم رکھتے تھے، مختلف علوم کے ماہر تھے انہوں نے ایک ''مسند صحیح'' تالیف کی ہے۔

اس کے علاوہ تاریخ لکھی ہے۔

ضعیف راویوں کے بارے میں کتاب لکھی ہے اور ہر فن کے بارے میں مشہور کتابیں تصنیف کی ہیں۔

انہوں نے سمرقند میں لوگوں کو فقہ کی تعلیم دی پھر وہ ''بست'' واپس تشریف لے گئے۔

عبدالغنی بن سعید نے ان کا تذکرہ ''بُستی'' میں کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے: یہ ثقہ، ثبت، فاضل اور سمجھ دار تھے۔

امیر نے حبان میں ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ کہا ہے: یہ سمرقند کے قاضی بنے تھے اور یہ حفاظ اور اثبات میں سے تھے (یعنی حافظ الحدیث اور ثبت تھے)

ان کا انتقال جمعہ کی رات 22 شوال المکرّم 354ھ میں بجستان میں ہوا۔

ایک قول یہ ہے: ان کا انتقال ''بست'' میں ان کے اس گھر میں ہوا جہاں آج ان کے شاگردوں کا مدرسہ ہے۔

اور وہ مسافروں کا مسکن ہے جہاں وہ علم حدیث سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں اور علم فقہ سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں۔

ان لوگوں کے لئے وظائف مقرر ہیں جہاں سے وہ خرچ حاصل کرتے ہیں اور وہاں کتابوں کا خزانہ ہے۔

الفصل الثّانِیُّ

(مقدمة ابن حبان فی صحیحه)

(یہ وہ مقدمہ ہے جو امام ابن حبان نے اپنی تصنیف ''المسند الصحیح علی التقاسیم والانواع'' کے آغاز میں تحریر کیا)

قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُسْتَحِقِّ الْحَمْدَ لِآلَائِهِ الْمُتَوَحِّدِ بِعِزِّهِ وَكِبْرِيَائِهِ الْقَرِيْبِ مِنْ خَلْقِهِ فِیْ اَعْلٰی عُلُوِّهِ الْبَعِيْدِ مِنْهُمْ فِیْ اَدْنٰی دُنُوِّهِ الْعَالِمِ بِكَنِيْنِ مَكْنُوْنِ النَّجْوٰی وَالْمُطَّلِعِ عَلٰی اَفْكَارِ السِّرِّ وَاَخْفٰی وَمَا اسْتَجَنَّ تَحْتَ عَنَاصِرِ الثَّرٰی وَمَا جَالَ فِيْهِ خَوَاطِرُ الْوَرٰی الَّذِیْ ابْتَدَعَ الْاَشْيَاءَ بِقُدْرَتِهٖ وَذَرَاَ الْاَنَامَ بِمَشِيَّتِهٖ مِنْ غَيْرِ اَصْلٍ عَلَيْهِ اُفْتُعِلَ وَلَا رَسْمٍ مَرْسُوْمٍ اُمْتُثِلَ ثُمَّ جَعَلَ الْعُقُوْلَ مَسْلَكًا لِذَوِی الْحِجَا وَمَلْجَاً فِیْ مَسَالِكِ اُولِی النُّهٰی وَجَعَلَ اَسْبَابَ الْوُصُوْلِ اِلٰی كَيْفِيَّةِ الْعُقُوْلِ مَا شَقَّ لَهُمْ مِّنَ الْاَسْمَاعِ وَالْاَبْصَارِ وَالتَّكَلُّفَ لِلْبَحْثِ وَالْاِعْتِبَارِ فَاَحْكَمُ لَطِيْفِ مَا دَبَّرَ وَاَتْقَنُ جَمِيْعِ مَا قَدَّرَ.

ثُمَّ فَضَّلَ بِاَنْوَاعِ الْخِطَابِ اَهْلَ التَّمْيِيْزِ وَالْاَلْبَابِ ثُمَّ اخْتَارَ طَائِفَةً لَصِفْوَتِهٖ وَهَدَاهُمْ لُزُوْمَ طَاعَتِهٖ مِنْ اِتِّبَاعِ سُبُلِ الْاَبْرَارِ فِیْ لُزُوْمِ السُّنَنِ وَالْآثَارِ فَزَيَّنَ قُلُوْبَهُمْ بِالْاِيْمَانِ وَاَنْطَقَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْبَيَانِ مِنْ كَشْفِ اَعْلَامِ دِيْنِهٖ وَاتِّبَاعِ سُنَنِ نَبِيِّهٖ بِالدُّؤُوْبِ فِی الرِّحَلِ وَالْاَسْفَارِ وَفِرَاقِ الْاَهْلِ وَالْاَوْطَارِ فِیْ جَمْعِ السُّنَنِ.

وَرُفْضِ الْاَهْوَاءِ وَالتَّفَقُّهُ فِيْهَا بِتَرْكِ الْآرَاءِ فَتَجَرَّدَ الْقَوْمُ لِلْحَدِيْثِ وَطَلَبُوْهُ وَرَحَلُوْا فِيْهِ وَكَتَبُوْهُ وَسَاَلُوْا عَنْهُ وَاَحْكَمُوْهُ وَذَاكَرُوْا بِهٖ وَنَشَرُوْهُ وَتَفَقَّهُوْا فِيْهِ وَاَصَّلُوْهُ وَفَرَّعُوْا عَلَيْهِ وَبَذَلُوْهُ وَبَيَّنُوا الْمُرْسَلَ مِنَ الْمُتَّصِلِ وَالْمَوْقُوْفَ مِنَ الْمُنْفَصِلِ وَالنَّاسِخَ مِنَ الْمَنْسُوْخِ وَالْمُحْكَمَ مِنَ الْمَفْسُوْخِ وَالْمُفَسَّرَ مِنَ الْمُجْمَلِ وَالْمُسْتَعْمَلَ مِنَ الْمُهْمَلِ وَالْمُخْتَصَرَ مِنَ الْمُتَقَصّٰی وَالْمَلْزُوْقَ مِنَ الْمُتَفَصّٰی وَالْعُمُوْمَ مِنَ الْخُصُوْصِ وَالدَّلِيْلَ مِنَ الْمَنْصُوْصِ وَالْمُبَاحَ مِنَ الْمَزْجُوْرِ وَالْغَرِيْبَ مِنَ الْمَشْهُوْرِ وَالْفَرْضَ مِنَ الْاِرْشَادِ وَالْحَتْمَ مِنَ الْاِيْعَادِ وَالْعُدُوْلَ مِنَ الْمَجْرُوْحِيْنَ وَالضُّعَفَاءَ مِنَ الْمَتْرُوْكِيْنَ وَكَيْفِيَّةَ الْمَعْمُوْلِ وَالْكَشْفَ عَنِ الْمَجْهُوْلِ وَمَا حُرِّفَ عَنِ الْمَخْزُوْلِ وَقُلِبَ مِنَ الْمَنْحُوْلِ مِنْ مُّخَايَلِ التَّدْلِيْسِ وَمَا فِيْهِ مِنَ التَّلْبِيْسِ حَتّٰی حَفِظَ اللّٰهُ بِهِمُ الدِّيْنَ عَلَی الْمُسْلِمِيْنَ وَصَانَهٗ عَنْ ثَلْبِ الْقَادِحِيْنَ وَجَعَلَهُمْ عِنْدَ التَّنَازُعِ اَئِمَّةَ الْهُدٰی وَفِی النَّوَازِلِ مَصَابِيْحُ الدُّجٰی فَهُمْ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ وَمَاْنَسُ الْاَصْفِيَاءِ وَمَلْجَاُ الْاَتْقِيَاءِ وَمَرْكَزُ الْاَوْلِيَاءِ .

فَلَهُ الْحَمْدُ عَلٰی قَدْرِهٖ وَقَضَائِهٖ وَتَفَضُّلِهٖ بِعَطَائِهٖ وَبِرِّهٖ وَنِعْمَائِهٖ وَمَنِّهٖ بِآلَائِهٖ.

وَاشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا الَّذِیْ بِهِدَایَتِهٖ سَعِدَ مَنِ اهْتَدٰی وَبِتَایِیْدِهٖ رَشَدَ مَنِ اتَّعَظَ وَارْعَوٰی وَبِخِذْلَانِهٖ ضَلَّ مَنْ زَلَّ وَغَوٰی وَحَادَ عَنِ الطَّرِیْقَةِ الْمُثْلٰی.

وَاشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُصْطَفٰی وَرَسُوْلُهُ الْمُرْتَضٰی بَعَثَهُ اِلَیْهِ دَاعِیًا وَاِلٰی جَنَانِهٖ هَادِیًا فَصَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَزْلَفَهُ فِی الْحَشْرِ لَدَیْهِ وَعَلٰی آلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ.

اَمَّا بَعْدُ! فَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنْتَخَبَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ وَلِیًّا وَبَعَثَهُ اِلٰی خَلْقِهٖ نَبِیًّا لِیَدْعُوا الْخَلْقَ مِنْ عِبَادَةِ الْاَشْیَاءِ اِلٰی عِبَادَتِهٖ وَمِنْ اِتِّبَاعِ السُّبُلِ اِلٰی لُزُوْمِ طَاعَتِهٖ حَیْثُ کَانَ الْخَلْقُ فِیْ جَاهِلِیَّةٍ جَهْلَاءَ وَعَصَبِیَّةٍ مَضِلَّةٍ عُمْیَاءَ یَهِیْمُوْنَ فِی الْفِتَنِ حَیَارٰی وَیَخُوْضُوْنَ فِی الْاَهْوَاءِ سُکَارٰی یَتَرَدَّدُوْنَ فِیْ بِحَارِ الضَّلَالَةِ وَیَجُوْلُوْنَ فِیْ اَوْدِیَةِ الْجَهَالَةِ شَرِیْفُهُمْ مَغْرُوْرٌ وَوَضِیْعُهُمْ مَقْهُوْرٌ.

فَبَعَثَهُ اللّٰهُ اِلٰی خَلْقِهٖ رَسُوْلًا وَجَعَلَهُ اِلٰی جَنَانِهٖ دَلِیْلًا فَبَلَّغَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ رِسَالَاتِهٖ وَبَیَّنَ الْمُرَادَ عَنْ آیَاتِهٖ وَاَمَرَ بِکَسْرِ الْاَصْنَامِ وَدَحْضِ الْاَزْلَامِ حَتّٰی اَسْفَرَ الْحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ وَاَبْدَی اللَّیْلُ عَنْ صُبْحِهٖ وَانْحَطَّ بِهٖ اَعْلَامُ الشِّقَاقِ وَانْهَشَمَ بِهٖ بَیْضَةُ النِّفَاقِ.

وَاِنَّ فِیْ لُزُوْمِ سُنَّتِهٖ تَمَامَ السَّلَامَةِ وَجِمَاعَ الْکَرَامَةِ لَا تُطْفَاُ سُرُجُهَا وَلَا تُدْحَضُ حُجَجُهَا مَنْ لَزِمَهَا عَصِمَ وَمَنْ خَالَفَهَا نَدِمَ اِذْ هِیَ الْحِصْنُ الْحَصِیْنُ وَالرُّکْنُ الرَّکِیْنُ الَّذِیْ بَانَ فَضْلُهٗ وَمَتُنَ حَبْلُهٗ مَنْ تَمَسَّکَ بِهٖ سَادَ وَمَنْ رَامَ خِلَافَهٗ بَادَ فَالْمُتَعَلِّقُوْنَ بِهٖ اَهْلُ السَّعَادَةِ فِی الْآجِلِ وَالْمَغْبُوْطُوْنَ بَیْنَ الْاَنَامِ فِی الْعَاجِلِ.

وَاِنِّیْ لَمَّا رَاَیْتُ الْاَخْبَارَ طُرُقُهَا کَثُرَتْ وَمَعْرِفَةُ النَّاسِ بِالصَّحِیْحِ مِنْهَا قَلَّتْ لِاشْتِغَالِهِمْ بِکِتْبَةِ الْمَوْضُوْعَاتِ وَحِفْظِ الْخَطَا وَ الْمَقْلُوْبَاتِ حَتّٰی صَارَ الْخَبَرُ الصَّحِیْحُ مَهْجُوْرًا لَا یُکْتَبُ وَالْمُنْکَرُ الْمَقْلُوْبُ عَزِیْزًا یُسْتَغْرَبُ وَاِنَّ مَنْ جَمَعَ السُّنَنَ مِنَ الْاَئِمَّةِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَتَکَلَّمَ عَلَیْهَا مِنْ اَهْلِ الْفِقْهِ وَالدِّیْنِ اَمْعَنُوْا فِیْ ذِکْرِ الطُّرُقِ لِلْاَخْبَارِ وَاَکْثَرُوْا مِنْ تَکْرَارِ الْمُعَادِ لِلْآثَارِ قَصْدًا مِّنْهُمْ لِتَحْصِیْلِ الْاَلْفَاظِ عَلٰی مَنْ رَامَ حِفْظَهَا مِنَ الْحُفَّاظِ فَکَانَ ذٰلِکَ سَبَبُ اِعْتِمَادِ الْمُتَعَلِّمِ عَلٰی مَا فِی الْکِتَابِ وَتَرْکِ الْمُقْتَبِسِ التَّحْصِیْلَ لِلْخِطَابِ.

فَتَدَبَّرْتُ الصِّحَاحَ لِاُسَهِّلَ حِفْظَهَا عَلَی الْمُتَعَلِّمِیْنَ وَاَمْعَنْتُ الْفِکْرَ فِیْهَا لِئَلَّا یَصْعُبَ وَعْیُهَا عَلَی الْمُقْتَبِسِیْنَ فَرَاَیْتُهَا تَنْقَسِمُ خَمْسَةَ اَقْسَامٍ مُتَسَاوِیَةٍ مُتَّفِقَةَ التَّقْسِیْمِ غَیْرَ مُتَنَافِیَةٍ.

فَاَوَّلُهَا الْاَوَامِرُ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهٗ بِهَا.

وَالثَّانِیْ النَّوَاهِیْ الَّتِیْ نَهَی اللّٰهُ عِبَادَهٗ عَنْهَا.

وَالثَّالِثُ اِخْبَارُهٗ عَمَّا اُحْتِیْجَ اِلٰی مَعْرِفَتِهَا.

وَالرَّابِعُ الْاِبَاحَاتُ الَّتِیْ اُبِیْحَ اِرْتِکَابُهَا.

وَالْخَامِسُ اَفْعَالُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّتِیْ اِنْفَرَدَ بِفِعْلِهَا.

ثُمَّ رَاَيْتُ كُلَّ قِسْمٍ مِنْهَا يَتَنَوَّعُ اَنْوَاعًا كَثِيْرَةً وَمِنْ كُلِّ نَوْعٍ تَتَنَوَّعُ عُلُوْمٌ خَطِيْرَةٌ لَيْسَ يَعْقِلُهَا اِلَّا الْعَالِمُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِى الْعِلْمِ رَاسِخُوْنَ دُوْنَ مَنِ اشْتَغَلَ فِى الْاُصُوْلِ بِالْقِيَاسِ الْمَنْكُوْسِ وَاَمْعَنَ فِى الْفُرُوْعِ بِالرَّاْيِ الْمَنْحُوْسِ.

وَاِنَّا نُمْلِىْ كُلَّ قِسْمٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاَنْوَاعِ وَكُلَّ نَوْعٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاِخْتِرَاعِ الَّذِىْ لَا يَخْفٰى تَحْضِيْرُهٗ عَلٰى ذَوِى الْحِجَا وَلَا تَتَعَذَّرُ كَيْفِيَّتُهٗ عَلٰى اُولِى النُّهٰى.

وَنَبْدَاُ مِنْهُ بِاَنْوَاعِ تَرَاجِمِ الْكِتَابِ ثُمَّ نُمْلِى الْاَخْبَارَ بِاَلْفَاظِ الْخِطَابِ بِاَشْهَرِهَا اِسْنَادًا وَاَوْثَقِهَا عِمَادًا مِنْ غَيْرِ وُجُوْدِ قَطْعٍ فِىْ سَنَدِهَا وَلَا ثُبُوْتِ جَرْحٍ فِىْ نَاقِلِيْهَا لِاَنَّ الْاِقْتِصَارَ عَلٰى اَتَمِّ الْمُتُوْنِ اَوْلٰى وَالْاِعْتِبَارَ بِاَشْهَرِ الْاَسَانِيْدِ اَحْرٰى مِنَ الْخَوْضِ فِىْ تَخْرِيْجِ التَّكْرَارِ وَاِنْ آلَ اَمْرُهٗ اِلٰى صَحِيْحِ الْاِعْتِبَارِ.

وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ لِمَا قَصَدْنَا بِالْاِتْمَامِ وَاِيَّاهُ نَسْاَلُ الثَّبَاتَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْاِسْلَامِ وَبِهٖ نَتَعَوَّذُ مِنَ الْبِدَعِ وَالْآثَامِ وَالسَّبَبِ الْمُوْجِبِ لِلْاِنْتِقَامِ اِنَّهُ الْمُعِيْنُ لِاَوْلِيَائِهٖ عَلٰى اَسْبَابِ الْخَيْرَاتِ وَالْمُوَفِّقُ لَهُمْ سُلُوْكَ اَنْوَاعِ الطَّاعَاتِ وَاِلَيْهِ الرَّغْبَةُ فِىْ تَيْسِيْرِ مَا اَرَدْنَا وَتَسْهِيْلِ مَا اَوْمَاْنَا اِنَّهٗ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ رَءُوْفٌ رَحِيْمٌ.

دوسری فصل

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' اس کی (عطا کردہ) نعمتوں کی وجہ سے' (وہ اللہ) جو اپنے غلبہ اور کبریائی کے حوالے سے یکتا ہے جو اپنی تمام تر عظمت کے باوجود اپنی مخلوق کے قریب ہے' اپنے قریب ترین ہونے کے باوجود ان سے دور ہے۔ وہ سرگوشی میں کی جانیوالی پوشیدہ بات کا بھی علم رکھتا ہے اور پوشیدہ مخفی افکار پر بھی مطلع ہے۔ زمین کے عناصر کے نیچے جو کچھ پوشیدہ ہے اور مخلوق کے ذہنوں میں جو کچھ گھومتا ہے' (وہ ان سب سے واقف ہے' وہ اللہ) جس نے کسی سابقہ مثال (کے موجود ہونے) کے بغیر' اپنی قدرت کے ذریعے اشیاء کو پیدا کیا اور کسی سابقہ ایجاد (جس کو سامنے رکھ کر) کچھ ایجاد کیا جائے یا سابقہ منظر' جس کی بنیاد پر کچھ بنایا جائے' کے نہ ہونے کے باوجود مخلوق کو بنایا۔

پھر اس نے عقل مند افراد کے لئے عقول کو راستہ بنایا' اور تجربہ کار لوگوں کے طریقے میں (اس عقل کو) پناہ گاہ بنایا اور عقول کی کیفیت تک رسائی کے لئے یہ اسباب بنائے کہ (لوگوں کو) سماعت و بصارت عطا کی اور تحقیق و قیاس آرائی کو اپنانے (کا راستہ بنایا) تو اس نے جو تدبیر کی' اس میں عمدہ طور پر محکم (طریقہ بنایا) اور جو کچھ اس نے تقدیر (میں طے کیا' یا بنایا) ان سب میں مضبوط (طریقہ مقرر) کیا۔

پھر اس نے تمیز کرنے کی صلاحیت رکھنے والوں اور عقل مند لوگوں کو مختلف قسم کے خطاب کے ہمراہ فضیلت عطا کی اور ایک گروہ کو اپنا مقرب (بنانے کے لئے) اختیار کر لیا اور ان کی اس بات کی طرف رہنمائی کی کہ وہ سنن اور آثار کو لازم کر کے' نیک لوگوں کے راستے کی پیروی کرتے ہوئے اس (یعنی اللہ تعالیٰ) کے حکم کی فرمانبرداری کریں تو (اللہ تعالیٰ) نے ان لوگوں کے دلوں کو ایمان کے ذریعے مزین کر دیا اور ان کی زبانوں کو بیان کے ذریعے گویائی عطا کی۔ (جس بیان کا تعلق اس بات سے ہے کہ وہ لوگ) اس کے دین کی معلومات کی وضاحت کریں اور اس کے نبی ﷺ کی سنتوں کی پیروی کریں۔ اس کے ہمراہ وہ ان سنتوں کو جمع کرنے کے لئے' کوچ اور سفر' اہل خانہ اور اپنی ضروریات سے جدائی (کی شکل میں) مشکلات (کا سامنا کریں) اور اپنی خواہشات کو پرے کر دیں' آراء کو ترک کر کے ان (احادیث) کی سمجھ بوجھ حاصل کریں۔

تو ایک گروہ نے (خود کو) احادیث کے لئے مختص کر دیا۔ انہوں نے (اس علم حدیث) کی تلاش کی' اس کے لیے سفر کیا' اسے نوٹ کیا' اس کی تحقیق کی' اسے محکم کیا' اس کا مذاکرہ کیا' اسے پھیلایا' اس کی سمجھ بوجھ حاصل کی' اس کے اصول مقرر کیے' ان پر فروعی مسائل (کا اضافہ کیا) اور اسے عام کیا۔

انہوں نے متصل کے مقابلے میں مرسل' منفصل کے مقابلے میں موقوف' منسوخ کے مقابلے میں ناسخ' فسخ شدہ کے مقابلے

میں محکم' مجمل کے مقابلے میں مفسر' مہمل کے مقابلے میں مستعمل' تفصیلی کے مقابلے میں مختصر' متقصی کے مقابلے میں ملزوق' خصوص کے مقابلے میں عموم' منصوص کے مقابلے میں دلیل' ممنوع کے مقابلے میں مباح' مشہور کے مقابلے میں غریب' مستحب کے مقابلے میں فرض' دہرانے کے مقابلے میں حتمی (روایات کون سی ہیں؟ اس بات کی وضاحت کی) اور مجروح کے مقابلے میں عادل' متروک کے مقابلے میں ضعیف (راوی کون سے ہیں' اس بات کی وضاحت کی۔ انہوں نے) معمول کی کیفیت' مجہول کی وضاحت' اور شکستہ پشت سے جو پھیر دیا گیا اور بیمار سے جو پلٹ دیا گیا' (اس سب کی وضاحت کی) جس کا تعلق تدلیس کی غلط فہمی اور اس میں موجود تلبیس (یعنی دھوکہ دہی) سے ہے۔

یہاں تک کہ ان حضرات کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے' مسلمانوں کے لئے ان کے دین کو محفوظ کر دیا۔ اور اسے ناقدین کی تنقید سے بچالیا۔ اور ان حضرات کو اختلاف کی صورت میں' ہدایت کا پیشوا بنایا اور نئے پیش آمدہ مسائل میں اندھیرے کا چراغ بنایا تو یہ حضرات انبیاء کرام کے وارث ہیں۔ اصفیاء کے لئے سکون کا مرکز ہیں۔ پرہیزگاروں کے لئے پناہ گاہ ہیں اور اولیاء کے لئے مرکز ہیں۔

تو (اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ اس) تقدیر' اس کے فیصلے' اس کے اپنی اس عطا کے ذریعے کیے گئے' فضل' اس کی مہربانی' اس کی نعمتوں اور اس کے نعمتوں کے ذریعے احسان کرنے پر' تمام تر تعریفیں' اس کیلئے مخصوص ہیں۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جس کی (عطا کردہ) ہدایت کے ذریعے ہدایت حاصل کرنے والا سعادت مند ہوتا ہے اور اس کی تائید کے ذریعے وہ شخص رہنمائی حاصل کر لیتا ہے جو نصیحت حاصل کرتا ہے اور رجوع کرتا ہے اور اس کے رسوا کرنے کی وجہ سے' وہ شخص گمراہ ہو جاتا ہے جو پھسل جائے اور سرکشی اختیار کرے اور وہ مثالی راستے سے ہٹ جاتا ہے۔

میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے منتخب بندے ہیں اور چنے ہوئے رسول ہیں' جنہیں اس نے اپنی ذات کی طرف دعوت دینے والا اور اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنا کر بھیجا ہے تو اللہ تعالیٰ ان پر درود نازل کرے اور حشر کے دن انہیں اپنا قرب (خاص) عطا کرے اور ان کی تمام ''طیب وطاہر آل'' پر (بھی درود نازل کرے)

امابعد! بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو اپنے ولی کے طور پر منتخب کیا اور انہیں اپنی مخلوق کی طرف نبی کے طور پر مبعوث کیا تاکہ وہ مخلوق کو اس بات کی دعوت دیں کہ وہ لوگ مختلف اشیاء کی عبادت کو چھوڑ کر' اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کریں اور مختلف راستوں کی پیروی کو چھوڑ کر' اس (اللہ تعالیٰ) کی فرمانبرداری کو لازم پکڑ لیں (انہیں اس وقت مبعوث کیا) جبکہ مخلوق انتہائی جاہلیت اور گمراہ کن اندھی عصبیت کا شکار تھی۔ وہ حیرانگی کے عالم میں فتنوں میں چکرا رہے تھے اور مدہوشی کے عالم میں نفسانی خواہشات (کی پیروی) میں ڈوبے ہوئے تھے۔ وہ گمراہی کے سمندروں میں ادھر ادھر ہو رہے تھے اور جہالت کی وادیوں میں چکر لگا رہے تھے۔ ان کے اونچے طبقے کا فرد دھوکے کا شکار تھا اور نچلے طبقے کا فرد قہر کا شکار تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے انہیں (یعنی حضرت محمد ﷺ کو) ان کی طرف رسول بنا کر بھیجا اور انہیں اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنایا تو نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا۔ اس کی آیات کی مراد کو واضح کر دیا۔ آپ نے بتوں کو توڑنے اور (پانسے کے) تیروں کو پرے کرنے کا حکم دیا' یہاں تک کہ صرف

آپ کی وجہ سے حق روشن ہوگیا اور آپ کی صبح کی وجہ سے (گمراہی کی) رات رخصت ہوگئی۔ آپ کی وجہ سے دشمنی کے جھنڈے سرنگوں ہوگئے اور نفاق کا انڈہ ٹوٹ گیا۔

بے شک آپ کی سنت کو لازم پکڑنے میں ہی تمام سلامتی ہے اور پوری بزرگی ہے۔ جس (سنت) کے چراغ بجھ نہیں سکتے اور اس کے دلائل کو پرے نہیں کیا جاسکتا جو اسے لازم پکڑ لے وہ محفوظ ہوگیا۔ جس نے اس کی مخالفت کی وہ ندامت کا شکار ہوگا۔ کیونکہ یہی (سنت) محفوظ پناہ گاہ اور مضبوط ستون ہے۔ جس کی فضیلت واضح ہے اور اس کی رسی مضبوط ہے' جو شخص اسے مضبوطی سے تھام لے گا وہ سردار بن جائے گا اور جو اس کے خلاف کا قصد کرے گا وہ ہلاک ہوجائے گا تو اس سے متعلق افراد دیر سے (یعنی آخرت میں) اہل سعادت ہونگے اور جلدی (یعنی دنیا میں) قابل رشک ہونگے۔

جب میں نے دیکھا کہ روایات کے طرق زیادہ ہوگئے ہیں اور ان (روایات) میں سے ''صحیح'' کے بارے میں لوگوں کی معرفت کم ہوگئی ہے کیونکہ لوگ ''موضوع'' روایات نوٹ کرنے' (روایات میں نقل ہونے والی) غلطیوں کو یاد رکھنے' مقلوب (روایات کو یاد رکھنے) میں مشغول ہیں۔ یہاں تک کہ ''صحیح'' حدیث کو چھوڑ دیا گیا ہے کہ اسے نوٹ نہیں کیا جاتا جبکہ منکر اور مقلوب روایات غالب ہیں جنہیں نادر سمجھا جاتا ہے حالانکہ اہل فقہ و دین سے تعلق رکھنے والے ائمہ عظام نے' احادیث کو جمع کرتے ہوئے اور ان کے بارے میں کلام کرتے ہوئے روایات کے طرق اس لیے ذکر کیے اور ان روایات کو تکرار کے ساتھ اس لیے نقل کیا تاکہ اس شخص کو (روایات کے) الفاظ (کا علم) حاصل کرنے میں (آسانی ہو) جو انہیں حفظ کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔ (لوگوں نے غیر مستند روایات اس لیے نوٹ کرنا شروع کردی ہیں) کیونکہ طالبعلم لکھی ہوئی چیز پر اعتماد کرتا ہے۔ اور فیضیاب ہونیوالے نے خطاب (روایات کے متن) کے حصول کو ترک کردیا ہے۔

تو میں نے مستند روایات میں تدبر کیا تاکہ میں (علم حدیث کے) طلباء کے لئے ان (روایات کو) حفظ کرنے کو آسان کردوں۔ میں نے اس میں خوب غور و خوض کیا تاکہ فیضیاب ہونیوالے کے لئے ان (احادیث) کو یاد رکھنا مشکل نہ رہے تو میں نے یہ دیکھا کہ یہ (تمام تر) روایات پانچ اقسام میں تقسیم ہوتی ہیں جو برابر کی متفقہ تقسیم ہے اس میں کوئی منافات نہیں ہے۔

ان میں سے پہلی (قسم) یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو ''اوامر'' دیے ہیں۔

دوسری (قسم) وہ ''نواہی'' ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منع کیا ہے۔

تیسری (قسم) وہ اطلاعات ہیں' جو ان امور کے بارے میں ہیں۔ جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

چوتھی (قسم) وہ ''اباحات'' ہیں جن کے ارتکاب کو مباح قرار دیا گیا ہے۔

پانچویں (قسم) نبی اکرم ﷺ کے وہ افعال ہیں جنہیں کرنے میں آپ ﷺ منفرد ہیں۔

پھر میں نے یہ دیکھا کہ ان میں سے ہر ایک قسم میں بہت سی شاخیں (یعنی ذیلی اقسام) ہیں اور ان میں سے ہر ایک شاخ بہت سی معلومات پر مشتمل ہے جس کا فہم صرف عالموں کو حاصل ہوسکتا ہے۔ وہ (علماء) جو علم میں رسوخ رکھتے ہیں۔ وہ لوگ نہیں جو اصول کے بارے میں اوندھے قیاس میں مشغول ہوتے ہیں اور فروع میں منحوس رائے کے ذریعے غور و فکر کرتے ہیں۔

ہم ان میں سے ہر ایک قسم کو املاء کروائیں گے اور اس میں جو انواع (یعنی ذیلی اقسام) موجود ہیں اور ان میں سے ہر نوع میں جو معلومات ہیں (ان سب کو ہم املاء کروائیں گے) تا کہ اہل حجت کے لئے انہیں حاضر کرنا مخفی نہ رہے اور اہل عقل کے لئے ان کی کیفیت متعذر نہ رہے۔

ہم پہلے ہر نوع کے تراجم ابواب املاء کروائیں گے۔ پھر روایات کے الفاظ مشہور اسناد اور قابل وثوق حوالوں سے املاء کروائیں گے (ان روایات) کی سند میں کوئی انقطاع موجود نہیں ہوگا اور اس کے نقل کرنے والوں میں سے (کسی کے بھی) بارے میں جرح ثابت نہیں ہوگی۔

اس کی وجہ یہ ہے مکمل ترین متون پر اکتفاء کر لینا' زیادہ مناسب ہے اور مشہور اسانید پر اعتماد کرنا زیادہ لائق ہے۔

بہ نسبت اس کے کہ تکرار کی تخریج کا اہتمام کیا جائے۔ اگرچہ اس کے معاملے نے صحیح اعتبار کی طرف ہی لوٹنا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہی اسے مکمل کرنے کی توفیق عطا کرنے والا ہے' جو قصد ہم نے کیا ہے اور ہم اسی سے' سنت اور اسلام پر ثابت قدم رہنے کا سوال کرتے ہیں' اور ہم بدعات' گناہوں اور انتقام کو لازم کرنے والی چیزوں سے' اس کی پناہ مانگتے ہیں۔ بے شک وہ بھلائی کے اسباب میں اپنے دوستوں کا مددگار ہے اور مختلف قسم کی طاعات کے راستے کی ان لوگوں کو توفیق دینے والا ہے' ہم نے جو ارادہ کیا ہے اس کو آسان کرنے کے لئے اور جو اشارہ کیا ہے اس کی تسہیل کے لئے' اسی کی طرف امید کی جاسکتی ہے۔ بے شک وہ جواد کریم' مہربان اور رحیم ہے۔

اَلْقِسْمُ الْاَوَّلُ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ وَهُوَ الْاَوَامِرُ

قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ تدبرت خطاب الاوامر عن المصطفى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاستكشاف ما طواه في جوامع كلمه فرايتها تدور على مائة نوع وعشرة انواع يجب على كل منتحل لسنن ان يعرف فصولها وكل منسوب الى العلم ان يقف على جوامعها لئلا يضع السنن الا في مواضعها ولا يزيلها عن موضع القصد في سننها.

جَعَلَنَا اللّٰهُ مِمَّنْ هدى لسبل الرشاد ووفق لسلوك السداد فی جمع وتشمر فِي جَمْعِ السُّنَنِ وَالْاَخْبَارِ وَتَفَقَّهَ فِي صَحِيحِ الْآثَارِ وَآثَرَ مَا يُقَرِّبُ اِلَى الْبَارِي جَلَّ وعلا من الاعمال على ما يباعد عنه فی الاحوال انه خير مسؤول.

ثم قال فی آخر الكتاب فهذا آخر انواع السنن قد فصلناها على حسب ما اصلنا الكتاب عليه من تقاسيمها وليس فی الانواع الَّتِيْ ذكرناها من اول الكتاب الى لآخره نوع يستقصی لانا لو ذكرنا كل نوع بما فيه من السنن لصار الكتاب اكثره معادا لِاَنَّ كل نوع منها يدخل جوامعه فی سائر الانواع فاقتصرنا على ذكر الانمی 1 من كل نوع لنستدرك به ما وراء ه منها وكشفنا عَمَّا اشكل من الفاظها وفصلنا عَمَّا يجب ان يوقف على معانيها على حسب ما سهل الله وييسره وله الحمد على ذٰلِكَ.

وقد تركنا من الاخبار المروية اخبار كثيرة من اجل ناقليها وان كانت تلك الاخبار مشاهير تداولها الناس فمن احب الوقوف على السبب الَّذِيْ من اجله تركتها نظر فی كتاب المجروحين من المحدثين من كتبنا يجد فيه التفصيل لكل شيخ تركنا حديثه ما يشفی صدره وينفی الريب عن خلده ان وفقه الله جل وعلا لذٰلِكَ وطلب سلوك الصواب فيه دون متابعة النفس لشهواتها ومساعدته اياها فی لذاتها.

وقد احتججنا فی كتابنا هذا بجماعة قد قدح فيهم بعض ائمتنا فمن احب الوقوف على تفصيل اسماء هم فلينظر فی الكتاب المختصر من تاريخ الثقات يجد فيه الاصول الَّتِيْ بنينا ذٰلِكَ الكتاب عليها حَتّٰى لا يعرج على قدح قادح فی محدث على الاطلاق من غير كشف عن حقيقة وقد تركنا من الاخبار المشاهير الَّتِيْ نقلها عدول ثقات لعلل تبين لنا منها الخفاء على عالم من الناس جوامعها.

وانما نملی بعد هذا علل الاخبار ونذكر كل مروی صح او لم يصح بما فيه من العلل ان يسر الله ذٰلِكَ وسهله.

جعلنا الله ممن سلك مسالك اولی النهی فی اسباب الاعمال دون التعرج على الاوصاف والاقوال فارتقى على سلالم اهل الولايات بالطاعات التعرج على الاوصاف والاقوال فارتقى على سلالم اهل الولايات بالطاعات والانقلاع بكل الكل عن المزجورات حَتّٰى تفضل عليه بقبول ما ياتی من الحسنات والتجاوز عَمَّا يرتكب من الحوبات انه خير مسؤول وافضل الحسنات والتجاوز عَمَّا يرتكب من الحوبات انه خير مسئول وافضل مامول انتهى كلامه اولا وآخرا رحمه الله بمنه وكرمه.

امام ابوحاتم فرماتے ہیں: توسنن کی تمام اقسام 400 ہیں جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ہم نے سنن کی جوانواع بیان کی ہیں' اگر ہم چاہتے توان کے علاوہ بھی بہت سی انواع بیان کر سکتے تھے۔لیکن باقی کو چھوڑ کر ہم نے ان انواع پر اس لیے اکتفاء کیا ہے' کیونکہ ''سنن'' کی نوع بندی کا مقصد دو چیزوں سے پردہ ہٹانا ہے۔

ایک وہ روایت جس کی تاویل کے بارے میں ائمہ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

دوسرا روایت کے الفاظ کی عمومیت' اکثر لوگوں کیلئے اس کے مفہوم سے واقفیت حاصل کرنا دشوار ہوتا ہے اور اس سے مقصود کا حصول ان کیلئے مشکل ہوتا ہے۔اس لیے ہم نے سنن کی تقسیم اور نوع بندی کا ارادہ کیا تاکہ ایسی روایات' جن کے بارے میں ہم نے ذکر کیا ہے۔ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ (کی عطا کردہ توفیق) کے مطابق ان کی وضاحت کر دیں اور اس کے بارے میں قول موافق ہو جائے۔اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔

کتاب کے آغاز میں ہم نے انواع سنن کے تراجم سے آغاز کیا ہے' تاکہ اس شخص کیلئے سہولت ہو جائے جو ان میں سے کسی بھی نوع سے متعلق احادیث سے واقفیت حاصل کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور اس لیے بھی کہ مقصود کے وقت ہر قسم کی ہر فصل کو حفظ کرنا دشوار نہ رہے۔اس کی وجہ یہ ہے' ہم نے سنن کی اس ترتیب بندی میں قرآن کی تالیف کی پیروی کرنے کا قصد کیا ہے کیونکہ قرآن کو مختلف اجزاء کی شکل میں تالیف کیا گیا ہے' تو قرآن کے اجزاء کے مقابلے میں (یعنی اس کی طرز پر) ہم نے سنن کی اقسام بنا دی ہیں۔

جس طرح قرآن کے اجزاء میں سے ہر جز مختلف سورتوں پر مشتمل ہوتا ہے' تو اسی طرح ہم نے سنن کی اقسام میں سے ہر قسم کو مختلف انواع پر مشتمل بنایا ہے' تو سنن کی انواع' قرآن کی سورتوں کے مقابل (یعنی اس طرز کے حوالے سے) ہوں گی اور قرآن کی ہر سورت کیونکہ کئی آیات پر مشتمل ہوتی ہے اس لیے ہم نے سنن کی انواع میں سے ہر نوع کو مختلف احادیث پر مشتمل بنایا ہے' تو سنن میں سے احادیث' قرآن کی آیات کے مقابلے میں ہوں گی۔

ہم نے جو تفصیل ذکر کی ہے' جب آدمی اس سے واقف ہو جائے گا اور ان (احادیث کو) حفظ کرنے کا ارادہ کرے گا' تو اس کیلئے یہ چیز آسان ہوگی جو اس نے ارادہ کیا ہے۔جس طرح اس کیلئے یہ بات دشوار ہوگی کہ اگر وہ انہیں حفظ کرنے کا ارادہ نہیں کرتا تو اس کیلئے ان احادیث سے واقفیت حاصل کرنا (یعنی موضوع کی ترتیب کے حوالے سے انہیں تلاش کرنا) مشکل ہوگا۔

کیا آپ نے غور نہیں کیا؟ جب کسی شخص کے پاس قرآن مجید موجود ہو اور وہ شخص اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حافظ نہ ہو اور وہ قرآن کی کسی آیت کے بارے میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہو کہ وہ کس مقام پر ہے؟ تو یہ بات اس کیلئے دشوار ہوگی۔لیکن جب وہ اس (قرآن کو) حفظ کرلے گا' تو تمام آیات اس کی آنکھوں کے سامنے ہونگی۔

تو اگر یہ کتاب کسی شخص کے پاس ہو' اور وہ اسے حفظ نہ کرے' اس کی تقاسیم اور انواع میں غور و فکر نہ کرے۔اور پھر اس میں سے

کوئی حدیث نکالنا چاہے (یعنی تلاش کرنا چاہے) تو یہ بات اس کیلئے دشوار ہوگی لیکن جب وہ اسے حفظ کرنے کا قصد کرے گا' تو اس کا علم پوری کتاب کو محیط ہوگا۔ یہاں تک کہ وہ کسی ایک حدیث کو بھی نہیں چھوڑے گا۔ یہ وہ حیلہ ہے' جو ہم نے اس لیے اختیار کیا ہے' تا کہ لوگ ''سنن'' (یعنی احادیث) کو یاد کریں اور ان کو حفظ کرنے اور ان کا علم حاصل کرنے کو چھوڑ کر صرف تحریری طور پر نوٹ کرنے اور جمع کرنے پر اکتفاء نہ کریں البتہ ضرورت کے وقت (انہیں نوٹ بھی کرلیں)۔

ہم نے اپنی اس کتاب میں جو احادیث شامل کی ہیں۔ ان کو نقل کرنے میں ہم نے شرائط رکھی ہیں۔ ہم نے اس میں صرف وہی روایات شامل کی ہیں' جن کے راویوں میں سے ہر شیخ میں پانچ چیزیں پائی جائیں۔

پہلی: آراستہ پوشیدہ (معاملات) کے ہمراہ' دین میں عدالت

دوسری: حدیث بیان کرنے میں سچ بیانی اور اس حوالے سے اس کا مشہور ہونا۔

تیسری: جو حدیث وہ بیان کر رہا ہے اس کی سمجھ بوجھ ہونا۔

چوتھی: جو روایت وہ نقل کر رہا ہے اس کے معانی (ومصداق) کا علم ہونا۔

پانچویں: اس کی (نقل کردہ) روایت ''تدلیس'' سے خالی ہو۔

ہر وہ راوی جس میں یہ پانچ خصوصیات موجود ہونگی۔ ہم نے اس کی (نقل کردہ) روایت سے استدلال کیا ہے۔

اور اس کی روایت پر ہم نے کتاب کی بنیاد رکھی ہے اور جن راویوں میں یہ پانچ خصوصیات نہیں پائی جاتی ہیں ہم نے ان سے استدلال نہیں کیا۔

انسان میں عدالت موجود ہونے سے مراد یہ ہے' اس کے اکثر احوال اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری پر مشتمل ہوں اور وہ شخص عادل نہیں ہوگا' جس کے اکثر احوال اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر مشتمل ہوں۔

بعض اوقات کوئی عادل شخص ایسا ہوتا ہے' جس کے پڑوسی اور اس کے شہر کے عادل لوگ اس کے حق میں گواہی دیتے ہیں لیکن وہ اپنی روایت کردہ حدیث میں سچا نہیں ہوتا۔ اس چیز کی معرفت اسی شخص کو حاصل ہو سکتی ہے' جو با قاعدہ طور پر علم حدیث حاصل کرے اور تعدیل کرنے والا کوئی شخص علم حدیث کا ماہر اس وقت تک شمار نہیں ہوتا۔ جب تک وہ روایت اور دین دونوں حوالوں سے ایک ساتھ تعدیل نہ کرے۔

جو حدیث (راوی) بیان کر رہا ہے اس کی سمجھ بوجھ ہونے سے مراد یہ ہے' وہ لغت کی اتنی سمجھ بوجھ رکھتا ہو' جس کے نتیجے میں وہ روایت کے معانی کو ان کے مخصوص مقام سے ہٹا نہ دے اور اسے علم حدیث کی اتنی سمجھ بوجھ ہو کہ وہ موقوف روایت کو مسند روایت کے طور پر' یا مرسل روایت کو مرفوع روایت کے طور پر نقل نہ کردے یا کسی اسم کی تصحیف نہ کردے۔

اپنی نقل کردہ روایت کے ممکنہ معانی کا علم رکھنے سے مراد یہ ہے' وہ علم فقہ کی اتنی سمجھ بوجھ رکھتا ہو کہ جب وہ کسی روایت کو بیان کرے یا اپنے حافظے کی بنیاد پر اسے نقل کرے' یا اس کو مختصر طور پر نقل کرے تو وہ اس کا کوئی ایسا معنی بیان نہ کردے جو نبی اکرم ﷺ کی مراد سے مختلف ہو۔

روایت میں تدلیس نہ ہونے سے مراد یہ ہے' وہ روایت اس قسم کی ہو' جس کی صفت ہم بیان کر چکے ہیں' اس میں یہ پانچ خوبیاں ہونی چاہئیں اور راوی نے اپنے جیسے (یعنی ان خصوصیات کے حامل شخص) سے سماع کے طور پر (یعنی اپنے استاد سے وہ حدیث باقاعدہ سن کر) اسے نقل کیا ہو یہاں تک کہ (سند کا سلسلہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ جائے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہم نے اسبیجاب سے لے کر اسکندریہ تک تقریباً دو ہزار مشائخ سے احادیث نوٹ کی ہیں لیکن ہم نے اپنی اس کتاب میں صرف 150 مشائخ سے روایات نقل کی ہیں۔ کسی سے کم' کسی سے زیادہ' ہماری اس کتاب میں مذکور زیادہ تر روایات کا مآخذ 20 مشائخ ہیں' جن کے حوالے سے ہم نے احادیث نقل کی ہیں اور ہم نے دوسروں کی روایات (چھوڑ کر) ان حضرات کی روایات پر اکتفاء کیا ہے' جو ان شرائط کے مطابق ہیں' جن کا ہم ذکر کر چکے ہیں۔

بعض اوقات میں اس کتاب میں کوئی روایت نقل کروں گا اور ایسے مشائخ کے حوالے سے نقل کروں گا۔ جن پر ہمارے بعض ائمہ نے تنقید کی ہے جیسے سماک بن حرب' داؤد بن ابو ہند' محمد بن اسحاق بن یسار' حماد بن سلمہ' ابوبکر بن عیاش اور ان جیسے دیگر حضرات ہیں' جن کی روایات سے ہمارے بعض ائمہ نے پہلوتہی کی ہے' جبکہ بعض ائمہ نے ان کی روایات کو نقل کیا ہے' تو ایسے حضرات میں سے' جس کے بارے میں' واضح براہین اور مستند قرائن سے یہ بات پتہ چل جائے کہ یہ ثقہ ہے' تو میں اس سے روایت نقل کر دوں گا اور اس پر تنقید کرنے والے کے قول کو خاطر میں نہیں لاؤں گا اور جس راوی کے بارے میں روشن دلائل اور واضح قرائن سے یہ پتہ چل جائے کہ وہ عادل نہیں ہے' تو میں اس کے حوالے سے روایت نقل نہیں کروں گا۔ اگرچہ ہمارے بعض ائمہ نے اسے "ثقہ" قرار دیا ہو۔

میں ان میں سے ایک کی مثال پیش کرتا ہوں اور اس کے بارے میں کلام کرتا ہوں تاکہ آدمی اس شخص کے بارے میں اندازہ لگا سکے' جو اس کی مثل ہوگا۔

جیسے ہم حماد بن سلمہ کی طرف آتے ہیں اور ان کی مثال پیش کرتے ہیں جس شخص نے ان کی حدیث کو پرے کیا ہے' ہم اسے یہ کہتے ہیں: حماد بن سلمہ کس وجہ سے اس بات کے مستحق ٹھہرے کہ ان کی نقل کردہ روایت کو ترک کر دیا جائے؟

حالانکہ وہ (اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے) ایک ایسے شخص ہیں۔ جنہوں نے (علم حدیث کی طلب میں) سفر کیا۔ (احادیث کو) نوٹ کیا' جمع کیا' تصنیف کیا' انہیں یاد کیا' ان کا مذاکرہ کیا۔ انہوں نے دینداری اور پوشیدہ (امور میں) تقویٰ کو (اپنے اوپر) لازم کیا۔ ہمیشہ عبادت گزار رہے۔ سنت کے معاملے میں پختہ رہے اور اہل بدعت کی مخالفت کرتے رہے۔ بصرہ کے عام لوگوں کو اس بارے میں کوئی شک نہیں تھا کہ وہ "مستجاب الدعوات" بزرگ ہیں اور ان کے زمانے میں ان کے علاوہ بصرہ میں کوئی ایسا شخص نہیں تھا' جس کی نسبت علم (حدیث) کی طرف کی جاتی ہو اور اس کا شمار "ابدال" میں ہوتا ہو' تو جس شخص میں یہ تمام خصوصیات جمع ہوں' اس کی روایت لاتعلقی کی مستحق کیوں ہوگی؟

اگر وہ یہ جواب دے: اس کی وجہ یہ ہے' وہ بعض اوقات اپنے معاصرین سے مختلف الفاظ نقل کر دیتے ہیں' تو اسے یہ کہا جائے گا: کیا دنیا میں کوئی ایسا ثقہ محدث ہے' جس نے بعض روایات میں اپنے معاصرین سے مختلف الفاظ نقل نہ کیے ہوں؟

تو اگر کوئی شخص بعض روایات میں معاصرین کی مخالفت کی وجہ سے اس بات کا مستحق بن جاتا ہے کہ اس کی نقل کردہ تمام تر روایات کو ترک کر دیا جائے' تو پسندیدہ ائمہ میں سے ہر ایک اس بات کا مستحق قرار پائے گا کہ اس کی روایات کو ترک کر دیا جائے کیونکہ اس نے بعض روایات اپنے اقران سے مختلف طور پر نقل کی ہوں گی۔

اگر وہ شخص یہ کہے: حماد غلطی کر جاتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا: اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کیا دنیا میں کوئی ایسا شخص ہے' جو (مکمل طور پر) غلطی سے محفوظ ہو؟

اگر غلطی کرنے کی وجہ سے (کسی راوی کی) حدیث کو ترک کرنا جائز ہو' تو صحابہ کرام' تابعین عظام اور ان کے بعد کے محدثین کی (نقل کردہ) حدیث کو ترک کرنا بھی جائز ہوگا کیونکہ یہ حضرات معصوم نہیں تھے۔

اگر وہ شخص یہ کہے: حماد زیادہ غلطیاں کرتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا: لفظ ''زیادہ'' ایک ایسا لفظ ہے' جو کئی معانی پر مشتمل ہوتا ہے اور کوئی بھی شخص اس بات کا مستحق اس وقت تک نہیں بنتا کہ اس کی روایات کو ترک کر دیا جائے جب تک اس سے صادر ہونے والی غلطیاں اس (کی نقل کردہ) ٹھیک (روایات) پر غالب نہیں آ جاتی ہیں۔ جب اس کی غلطیاں زیادہ ہو جائیں اور ٹھیک روایات پر غالب آ جائیں' تو پھر وہ اس بات کا مستحق ہو جاتا ہے' اس کی نقل کردہ روایت سے لاتعلقی اختیار کی جائے۔ تاہم جس کی غلطیاں زیادہ ہوں لیکن وہ درست (روایات) پر غالب نہ ہوں' تو اس کی وہ روایات قبول کی جائیں گی۔ جن میں اس نے غلطی نہیں کی اور اس کی صرف ان روایات سے لاتعلقی اختیار کی جائے گی جن میں اس نے غلطی کی ہے جیسے شریک' ہشیم' ابوبکر بن عیاش اور ان جیسے دیگر افراد۔ یہ حضرات غلطیاں کرتے ہیں اور زیادہ کرتے ہیں لیکن ان کے حوالے سے احادیث روایت کی جاتی ہیں اور اس (معترض) نے اپنی کتاب میں ان کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ تو حماد بھی ان حضرات میں سے ایک ہیں۔

اگر وہ (معترض) یہ کہے: حماد ''تدلیس'' کرتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا قتادہ' ابواسحاق سبیعی' عبدالملک بن عمیر' ابن جریج' اعمش' ثوری' ہشیم (یہ سب حضرات) تدلیس کیا کرتے تھے اور تم ان کی روایات سے استدلال کرتے ہو' تو اگر حماد کا اپنی روایات میں تدلیس کرنا' ان کی حدیث کو ترک کرنے کو لازم کرتا ہے' تو ان ائمہ کی تدلیس بھی ان کی روایات کو ترک کرنے کو لازم کر دے گی۔

اگر وہ (معترض) یہ کہے: وہ (یعنی حماد' راویوں کی) ایک جماعت کے حوالے سے ایک روایت' ایک ہی (جیسے) الفاظ میں نقل کر دیتے ہیں وہ ان (راویوں) کے الفاظ میں اختلاف کی وضاحت نہیں کرتے۔

تو اسے یہ کہا جائے گا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور تابعین روایات کو متباین الفاظ کے ہمراہ معنوی طور پر نقل کر دیتے ہیں' تو حماد بھی اسی طرح کر دیتے تھے۔

وہ ایوب' ہشام' ابن عون' یونس' خالد' قتادہ سے ابن سیرین کے حوالے سے (منقول) روایت سنتے تھے' اور اس کے مضمون کی تحقیق کرتے تھے اور اسے ایک ہی طرح کے الفاظ میں جمع کر لیتے تھے۔ اگر اس وجہ سے ان کی حدیث کو ترک کرنا لازم آتا ہو' تو پھر (اس بنیاد پر) سعید بن مسیب' حسن بصری' عطاء اور ان جیسے دوسرے تابعین حضرات کی حدیث کو ترک کرنا لازم آئے گا کیونکہ یہ حضرات بھی ایسا کرتے تھے۔ اس لیے روایات کے ناقلین کے بارے میں اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے' ان کی نقل کردہ روایت کی

قرائن سے تائید حاصل کی جائے (یعنی اس کے متابع اور شواہد کا جائزہ لیا جائے)

میں اس کی ایک مثال پیش کرتا ہوں تا کہ اس کے ذریعے دیگر روایات کے بارے میں شناسائی حاصل کی جا سکے۔

ہم حماد بن سلمہ کی طرف آتے ہیں' انہوں نے ایوب' ابن سیرین' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک روایت نقل کی۔

جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' ہمیں حماد کے علاوہ ایوب کے کسی دوسرے شاگرد کے پاس وہ روایت نہیں مل سکی۔

تو اب ہم پر یہ بات لازم ہے' ہم حماد پر جرح کرنے میں' توقف کریں اور اس بات کا جائزہ لیں کہ ان کے معاصرین میں سے دیگر حضرات نے کون سی روایات نقل کی ہیں۔

تو یہ ضروری ہے' ہم سب سے پہلے اس بات کا جائزہ لیں۔

کیا حماد کے کئی شاگردوں نے ان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے؟ یا ان (کے شاگردوں) میں سے صرف کسی ایک نے وہ روایت نقل کی ہے؟

اگر یہ صورت پائی جائے کہ ان کے کئی شاگروں نے ان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' تو یہ بات پتہ چل جائے گی کہ حماد نے یہ حدیث روایت کی ہے۔

اگر یہ صورت پائی جائے کہ وہ روایت حماد کے حوالے (صرف ایک) ضعیف راوی نے روایت کی ہے' تو اس روایت کو حماد کے بعد والے (ضعیف راوی) سے منسلک کر دیا جائے گا۔

جب یہ بات مستند طور پر ثابت ہو جائے کہ انہوں نے ایوب کے حوالے سے ایسی روایت نقل کی ہے' جس کی متابعت نہیں کی گئی تو یہ ضروری ہوگا کہ اس بارے میں' توقف کیا جائے اور اسے ضعیف قرار نہ دیا جائے۔

بلکہ اس بات کا جائزہ لیا جائے۔ کیا ایوب کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے ابن سیرین کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے؟

اگر یہ صورت پائی جائے' تو یہ بات پتہ چل جائے گی کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہے' جس کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے'

اگر وہ صورت نہیں پائی جاتی جو ہم نے بیان کی ہے' تو پھر اس صورت میں اس بات کا جائزہ لیا جائے گا۔

ابن سیرین کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے وہ روایت نقل کی ہے؟ اگر یہ بات پائی جائے' تو پتہ چل جائے گا کہ اس حدیث کی اصل ہے۔

اگر وہ چیز نہیں پائی جاتی جو ہم نے بیان کی ہے' تو پھر اس بات کا جائزہ لیا جائے گا۔

کیا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور (صحابی) نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسے نقل کیا ہے؟ اگر یہ بات پائی جائے' تو یہ ثابت ہو جائے گا کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہے۔

لیکن جب یہ چیز بھی نہ پائی جائے اور وہ روایت بذات خود تین اصولوں (یعنی کتاب' سنت اور اجماع) کے خلاف ہو' تو کسی شک کے بغیر یہ بات پتہ چل جائے گی کہ وہ روایت ''موضوع'' (یعنی جھوٹی روایت) ہے۔

یہ روایات کے ناقلین کے بارے میں تحقیق کرنے کا حکم (یعنی طریقہ) ہے۔ ہم نے ہر ایک شیخ کی روایت کی تحقیق کی ہے' جو

اس (اصول کے مطابق ہے) جسے ہم بیان کر چکے ہیں کہ دینی اعتبار سے جائزہ لیا جائے گا۔

تو ان میں سے جس کے بارے میں ہمارے نزدیک مستند طور پر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ عادل ہے ہم اس سے استدلال کریں گے (یعنی اس کی نقل کردہ روایات تحریر کریں گے) اور اس کی روایات کو قبول کریں گے اور انہیں اس کتاب میں شامل کریں گے۔ اور ہم نے جو معیار بیان کیا ہے اگر اس کے حوالے سے کسی راوی کے بارے میں ہمارے نزدیک مستند طور پر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ عادل نہیں ہے تو ہم اس سے استدلال نہیں کریں گے۔ ایسے راویوں کو ہم نے اپنی کتاب ''المجروحین'' میں شامل کر دیا ہے جو ان محدثین کے بارے میں ہے جن پر کسی بھی حوالے سے جرح کی گئی ہے کیونکہ ''مجروح'' راویوں پر 20 قسم کی جرح کی گئی ہے جسے ہم نے کتاب ''المجروحین'' کے آغاز میں مختلف فصول کے تحت ذکر کیا ہے جس کے بارے میں مجھے امید ہے جو شخص اس بارے میں تحقیق کرے گا یہ اس کیلئے کافی ہوگی۔ اس لیے اس (بحث کو) یہاں اس کتاب میں دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

جہاں تک روایات کا تعلق ہے تو تمام روایات ''خبر واحد'' ہیں کیونکہ نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے ایسی کوئی روایت موجود نہیں ہے جسے دو عادل راویوں نے نقل کیا ہو اور ان دونوں میں سے ہر ایک نے اسے دو عادل راویوں سے نقل کیا ہو یہاں تک کہ (دو عادل راویوں والی سند کا سلسلہ) نبی اکرم ﷺ تک پہنچ جائے۔

تو جب یہ بات ناممکن اور غلط ہے تو یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ تمام روایات ''خبر واحد'' ہیں تو جو شخص ''اخبار آحاد'' کو قبول کرنے سے روگردانی کرے گا تو وہ تمام احادیث کو ترک کرنے کا ارادہ رکھے گا کیونکہ احادیث صرف ''اخبار آحاد'' کے طور پر ہی موجود ہیں۔

جہاں تک روایات میں ''مرفوع'' ہونے کو قبول کرنے کا تعلق ہے تو ہم اسے ہر ایسے شیخ سے قبول کرلیں گے جس میں وہ پانچ خصوصیات پائی جاتی ہوں جن کا میں ذکر کر چکا ہوں۔

تو اگر ایک عادل راوی کسی روایت کو ''مرسل'' کے طور پر نقل کرتا ہے اور دوسرا عادل راوی اسی روایت کو ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کرتا ہے۔ تو ہم اس کی روایت کو قبول کرلیں گے جس نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

کیونکہ اس نے ایک ایسی اضافی چیز نقل کی ہے جسے اس نے محفوظ رکھا اور دوسرے راوی نے اسے محفوظ نہیں رکھا جو ''اتقان'' میں اس کی مثل ہے۔

اگر دو عادل راوی (کسی روایت کو) ''مرسل'' کے طور پر نقل کریں اور دو عادل راوی اسی روایت کو ''مسند'' کے طور پر نقل کریں تو میں ان دو عادل راویوں کی روایت قبول کرلوں گا۔ جنہوں نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے لیکن اس کیلئے وہی چیز شرط ہوگی (جو میں پہلے بیان کر چکا ہوں) اور اس بارے میں حکم اسی طرح ہوگا خواہ اس میں تعداد زیادہ ہو یا کم ہو۔

لیکن اگر پانچ عادل راویوں نے اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہو اور دو عادل راویوں نے ''مسند'' کے طور پر نقل کیا ہو تو اس صورت میں میں نے (متابع اور شواہد کا) جائزہ لیا اور جس کے حق میں (قرائن سامنے آئے) اس کیلئے فیصلہ دیدیا۔

جیسے ہم ایک ایسی روایت کی طرف آتے ہیں جسے نافع نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے نقل

کیا ہے۔

امام مالک' عبیداللہ بن عمر' یحییٰ بن سعید' عبداللہ بن عون' ایوب سختیانی اسے نافع کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے نقل کرنے پر متفق ہیں اور انہوں نے اسے ''مرفوع'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے' جبکہ ایوب بن موسیٰ' اسماعیل بن امیہ نے اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے' تو یہ سب حضرات ''ثقہ'' ہیں یا ان دو حضرات نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہو اور باقی نے ''مرسل'' کے طور پر نقل کیا ہو' تو میں نے نافع سے اوپر (کے بارے میں شواہد اور متابع) کی تحقیق کی ہے۔

یا نافع کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے؟ یا ان سے بھی اوپر (یعنی کسی دوسرے صحابی نے) ایسا کیا ہے' جو (ان شرائط) کے مطابق ہو جو ہم بیان کر چکے ہیں۔

ہم نے جو بات بیان کی ہے اگر وہ پائی جائے' تو ہم اس کی روایت کو قبول کرلیں گے جس نے اضافی چیز (یعنی اس کا مرفوع ہونا) نقل کیا ہے۔ یہ اس کے مطابق ہوگا' جو ہم ذکر کر چکے ہیں۔

مختصر یہ کہ یہ بات ضروری ہے' نقل کرنے والوں میں عدالت کی تحقیق کی جائے۔ جب ان میں سے کسی ایک کا عادل ہونا ثابت ہو جائے' تو اس کی وہ روایت قبول کر لی جائے جو اس نے ''مسند'' کے طور پر نقل کی ہے اگر چہ دوسرے راوی نے اسے ''موقوف'' کے طور پر نقل کیا ہو' یا (اس کی نقل کردہ) ''مرفوع'' حدیث کو قبول کرلیا جائے اگر چہ دوسرے راوی نے اسے ''مرسل'' کے طور پر نقل کیا ہو کیونکہ عدالت صرف اسی چیز کو لازم کرتی ہے اس لیے دو ثقہ راویوں سے ''ارسال'' اور ''رفع'' مقبول ہونگے اور دو عادل راویوں سے ''مسند'' اور ''موقوف'' کو قبول کیا جائے گا' جو اس شرط کے مطابق ہو جو ہم بیان کر چکے ہیں۔

جہاں تک روایات میں اضافی الفاظ نقل کرنے کا تعلق ہے' تو ہم یہ چیز صرف اس راوی سے قبول کریں گے جس پر فقہ غالب ہو۔ یہاں تک کہ یہ پتہ چل جائے کہ وہ جس چیز کو روایت کر رہا ہے اس کا علم بھی رکھتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے بارے میں یہ شک نہ رہے' وہ (روایت کو) اس کے مخصوص مقام (یعنی مقصود و مفہوم) سے ہٹا دے گا' یا اس کے معنی میں تبدیلی کر دے گا یا ایسا نہیں ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے' روایتی محدثین عام طور پر متون کی بجائے (راویوں کے) نام اور اسانید یاد رکھنے پر توجہ دیتے ہیں جبکہ روایتی فقہاء' اسانید اور محدثین کے اسماء کو یاد رکھنے کی بجائے' صرف متون اور ان کے احکام کو یاد رکھنے پر توجہ دیتے ہیں اور وہ روایت کو معنوی طور پر نقل کر دیتے ہیں۔

تو جب کوئی محدث کسی روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کرتا ہے اور اس پر فقہ (کا رنگ) غالب ہو' تو میں اس کے ''رفع'' کو صرف اسی وقت قبول کروں گا' جب وہ اپنی کتاب میں سے (دیکھ کر حدیث بیان) کرے کیونکہ وہ ''مرسل'' کے مقابلے میں ''مسند'' اور ''منقطع'' کے مقابلے میں ''موقوف'' کا علم نہیں رکھتا۔ اس کی توجہ کا مرکز صرف متون (کے الفاظ) ہیں۔

اسی طرح میں کسی حافظ اور ''متقن'' محدث کے کسی روایت میں اضافی الفاظ کو قبول نہیں کروں گا کیونکہ اس کا واسطہ زیادہ تر اسناد کے احکام اور راویوں کے نام یاد رکھنے سے ہوتا ہے۔ وہ متون اور اس میں موجود الفاظ کی طرف زیادہ توجہ نہیں کرتے۔ البتہ اگر

وہ اپنی کتاب (کو دیکھ کر حدیث بیان کرے) تو معاملہ مختلف ہے۔

یہ وہ احتیاط ہے' جو (روایت کے) الفاظ میں ''اضافی'' چیز قبول کرنے کے بارے میں ہے۔

جہاں تک ان راویوں کا تعلق ہے' جن کی نسبت مختلف فرقوں کی طرف کی جاتی ہے' جیسے ''مرجئہ'' ''شیعہ'' اوران جیسے (دوسرے فرقہ جات) تو ہم ایسے راویوں کی نقل کردہ روایات سے استدلال کریں گے جبکہ وہ اس شرط کے مطابق ثقہ ہوں جسے ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہم ان کے مسلک اور جس کی وہ پیروی کرتے ہیں اس کو ان کے اوران کے خالق کے درمیان معاملے پر چھوڑتے ہیں ماسوائے اس صورت کے' کہ وہ اپنے فرقے کے باقاعدہ داعی ہیں' تو جو شخص اپنے فرقہ کا داعی اور دفاع کرنے والا ہو' یہاں تک کہ وہ اس حوالے سے (اپنے فرقے کا) امام ہو' اگر اس کے ثقہ ہونے کی وجہ سے ہم اس سے روایت نقل کردیں' تو ہم اس کے فرقے کے پیروکاروں کیلئے راستہ بنادیں گے اور علم حدیث کے طالب کے لئے یہ راہ کھول دیں گے کہ وہ اس پر اور اس کے قول پر اعتماد کرے۔ اس لیے احتیاط اسی میں ہے' ایسے داعیوں (اور) پیشواؤں کی روایت کو ترک کردیا جائے اوران میں سے صرف ثقہ راویوں سے استدلال کیا جائے۔ جو (ان شرائط) کے مطابق ہو جو ہم نے بیان کی ہیں۔

اگر ہم اعمش' ابواسحاق' عبدالملک بن عمیر اوران جیسے حضرات کی روایات کو ان کے مسلک کی وجہ سے ترک کرنے کا ارادہ کریں اور قتادہ' سعید بن ابوعروبہ' ابن ابوذئب' اوران کی مانند دیگر حضرات جس کے مقلد تھے ان کی وجہ سے (ان کی حدیث ترک کریں) یا عمر بن ذر' ابراہیم تیمی' مسعر بن کدام اوران کے معاصرین کی (حدیث اس وجہ سے ترک کردیں) جو انہوں نے اختیار کیا ہے' تو اگر ہم ان کے مسالک کی وجہ سے ان کی حدیث کو ترک کردیں' تو یہ تمام احادیث کو ترک کرنے کا ذریعہ بن جائے گا اور اس صورت میں ہمارے ہاتھوں میں صرف تھوڑی سی احادیث باقی رہ جائیں گی۔ ہم نے جو چیز بیان کی ہے اگر اس پر عمل کریں' تو ہم احادیث کو پرے کرنے اور انہیں بجھا دینے میں مددگار بن جائیں گے اس لیے احتیاط کا تقاضا یہ ہے' ان کی روایات قبول کرنے میں اس اصول کو پیش نظر رکھا جائے جو ہم بیان کر چکے ہیں۔ یہ نہیں کہ ان کی روایت کردہ تمام احادیث کو پرے کردیا جائے۔

جہاں تک ان راویوں کا تعلق ہے' جو آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔ جیسے جریری' سعید بن ابوعروبہ اوران جیسے دیگر حضرات' تو ہم نے اپنی اس کتاب میں ان کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں اوران کی روایات سے استدلال کیا ہے۔ ہم نے ان کی احادیث میں سے صرف ان روایات پر اعتماد کیا ہے' جو ان سے ایسے ثقہ راویوں نے نقل کی ہیں جو قدیم ہیں اوران کے بارے میں ہمیں اس بات کا علم ہے اور انہوں نے ان حضرات سے' ان کے اختلاط کا شکار ہونے سے پہلے احادیث کا سماع کیا تھا۔

یا پھر ان روایات (کو قبول کیا ہے) جن میں انہوں نے (دوسرے) ثقہ راویوں کی موافقت کی ہے جن روایات کی دوسرے حوالوں سے صحت اور ثبوت کے بارے میں ہمیں کوئی شک نہیں ہے۔

تو ایسے حضرات جو آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے اوران کے عادل ہونے کی وجہ سے ان کے اختلاط کے دوران ان سے روایات نقل کی گئیں۔ اس کے باوجود ان کا حکم' ایسے ثقہ راوی کا ہے' جو غلطی کر جاتا ہے' تو یہ بات لازم ہوتی ہے' جب اس کی غلطی کا پتہ لگ جائے' تو اس کی غلطی کو ترک کردیا جائے اور اس روایت سے استدلال کیا جائے جس کے بارے میں ہمیں علم ہے' اس نے

اس میں غلطی نہیں کی ہے۔

تو استدلال کے حوالے سے ان حضرات کا ان روایات میں یہی حکم ہوگا' جب وہ ثقہ راویوں کی موافقت کریں اور جو روایات ذکر کرنے میں یہ منفرد ہوں اور ان کے قدیم شاگردوں نے ان کے اختلاط کا شکار ہونے سے پہلے ان کے حوالے سے وہ روایات نقل کی تھیں ان کا بھی یہی حکم ہوگا۔

جہاں تک ان ''مدلسین'' کا تعلق ہے' جو ثقہ اور عادل ہوں' تو ہم ان کی صرف ان روایات سے استدلال کریں گے جن کے بارے میں انہوں نے یہ بیان کیا ہو کہ انہوں نے (اپنے مشائخ سے باقاعدہ ان روایات کا) سماع کیا ہے۔ جیسے ثوری' اعمش' ابواسحاق اور ان کی مانند دیگر ائمہ متقنین ہیں جو دین کے حوالے سے پرہیزگار ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے' جب ہم کسی مدلس کی ایسی روایت کو قبول کرلیں خواہ وہ ثقہ ہو' جس روایت کے بارے میں اس نے سماع کی صراحت نہ کی ہو' تو پھر تمام ''مقطوع'' اور ''مرسل'' روایات کو قبول کرلینا لازم آئے گا کیونکہ یہ بات پتہ نہیں چل سکے گی۔ ہوسکتا ہے' اس مدلس نے وہ روایت کسی ایسے ضعیف راوی کے حوالے سے نقل کی ہو کہ اگر اس کا ذکر کردیا جاتا تو وہ روایت ضعیف شمار ہوتی۔

البتہ اگر مدلس یہ بات بیان کردے کہ اس نے ہمیشہ کسی ثقہ راوی کے حوالے سے ہی تدلیس کی ہے (تو معاملہ مختلف ہے) اگر ایسا ہو' تو پھر اس کی روایت قبول کی جائے گی اگر اس نے ''سماع'' کو بیان نہ کیا ہو اور یہ چیز پوری دنیا میں صرف سفیان بن عینیہ میں ہے' وہ تدلیس کرتے ہیں لیکن صرف ثقہ اور متقن سے کرتے ہیں اور سفیان بن عینیہ سے منقول تدلیس والی زیادہ تر روایات ایسی ہیں' وہی خبر بعینہ (دوسرے حوالے سے) یوں بھی پائی گئی کہ انہوں نے اس میں اپنے جیسے ثقہ راوی سے سماع کی وضاحت کردی تو اس علت کی وجہ سے۔ اگر اس نے سماع کو بیان نہ کیا ہو' اس روایت کا حکم وہی ہوگا۔ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کا ہوگا' جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہو لیکن انہوں نے (بذات خود) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا سماع نہ کیا ہو۔

ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ تمام روایات کو قبول کریں گے۔ جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کی ہوں۔ خواہ انہوں نے اپنی روایت کردہ تمام روایات میں سماع کو بیان نہ کیا ہو۔

ہم یہ بات یقینی طور پر جانتے ہیں' بعض اوقات کسی صحابی نے کوئی حدیث کسی دوسرے صحابی سے سنی ہوتی ہے اور وہ اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کردیتے ہیں' وہ اس صحابی کا ذکر نہیں کرتے جن سے انہوں نے حدیث سنی تھی۔

اس کی وجہ یہ ہے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم' امام' سردار' قائد اور عادل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو اس چیز سے محفوظ رکھا ہے کہ ان کے ساتھ ضعف لاحق ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم میں سے موجود شخص' غیر موجود تک اس کی تبلیغ کردے'' اس بات کی سب سے بڑی دلیل ہے' تمام صحابہ کرام عادل ہیں' ان میں سے کوئی بھی مجروح یا ضعیف نہیں ہے کیونکہ اگر ان میں سے کوئی مجروح یا ضعیف ہوتا یا ان میں سے کوئی ایک عادل نہ ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے فرمان میں استثناء کرلیتے اور یہ ارشاد فرماتے: تم میں سے فلاں اور فلاں موجود شخص غیر موجود افراد تک تبلیغ کردے۔ تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد والے افراد تک تبلیغ کے حکم میں (صحابہ کرام) کے ذکر کو ''مجمل'' رکھا

ہے تو یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے وہ سب (صحابہ کرام) عادل ہیں تو جس کو اللہ تعالیٰ کے رسول نے عادل قرار دیا ہو اس کے شرف کیلئے یہی کافی ہے۔

جب کسی اور مدلس کی نقل کردہ روایت کے بارے میں میرے نزدیک یہ بات مستند طور پر ثابت ہو جائے کہ اس نے اس روایت کے بارے میں سماع کو بیان کیا ہے تو پھر میں اس بات کی پرواہ نہیں کروں گا کہ میں اسے سماع کے ذکر کے بغیر بیان کردوں جبکہ وہ دوسرے حوالے سے میرے نزدیک مستند ہو۔

اس تقسیم اور انواع کے ذکر کے بعد ہم کتاب کی شرائط ایک ایک قسم اور ایک ایک نوع کرکے بیان کریں گے اس میں وہ روایات ہوں گی جو ان شرائط کے مطابق ہوں گی جو ان کے ناقلین کے بارے میں ہم نے ذکر کی ہیں اور ان احادیث کی سند میں کوئی انقطاع نہیں ہوگا اور ان کے ناقلین کے بارے میں جرح ثابت نہیں ہوسکی۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

میں اس کتاب میں روایات کو تکرار کے ساتھ نقل کرنے سے گریز کروں گا۔ البتہ دو صورتوں کا معاملہ مختلف ہے یا تو (روایت کے) الفاظ میں اضافہ ہوگا جسے ذکر کرنا ضروری ہوگا۔ یا پھر اس روایت کے ذریعے کسی دوسری روایت کے مفہوم کے بارے میں استشہاد کرنا ہوگا۔ ان دو صورتوں کے علاوہ میں اس کتاب میں احادیث کو مکرر ذکر کرنے سے گریز کروں گا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جن پر اس نے دنیا میں ستر (یعنی ان کی خامیوں) پر پردے لٹکائے ہیں اس کے ہمراہ آخرت میں ان کی غلطیوں سے درگزر کیا ہے۔ وہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) شیخ (ابن حبان) کا خطبے میں کلام یہاں ختم ہوگیا۔

☆☆☆☆

(ابن بلبان کہتے ہیں) (سنن کی اقسام کی) پہلی قسم کے آخر میں انہوں نے یہ بات کہی ہے:

مصطفیٰ کریم سے منقول ''اوامر'' کی انواع کے مجموعہ کا یہ آخر ہے جنہیں ہم نے فصول اور تقاسیم کی انواع کے تحت ذکر کیا ہے۔ ''اوامر'' میں سے کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں جنہیں ہم نے دیگر تمام اقسام میں (مختلف مقامات پر) ذکر کیا ہے کیونکہ وہ مقام اس کیلئے زیادہ مناسب ہے جس طرح ہم نے ان میں سے کچھ کو ''اوامر'' کے تحت نقل کر دیا ہے تاکہ ان کے بارے میں قصد کرتے ہوئے مقصود حاصل کرسکے۔

اس کے بعد ہم دوسری قسم املاء کروائیں گے جو فصل بندی اور تقسیم کے ہمراہ ''نواہی'' کے بارے میں ہے اور یہ اس کے مطابق ہوگی جو ہم نے ''امر'' (کی قسم میں) املاء کروایا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے۔ جو اللہ تعالیٰ کے دین کے بارے میں حکم بیان کرتے ہوئے شدت پسندوں کی نفسانی خواہشات سے منہ موڑ کر رکھتے ہیں اور نئے پیش آمدہ مسائل کے بارے میں اوندھی خواہشات اور منحوس آراء کی تقلید کرنے والوں کی آراء کی طرف نہیں جھکتے ہیں۔ بے شک وہ (اللہ تعالیٰ ان میں) سب سے بہتر ہے جس سے سوال کیا جاتا ہے۔

☆☆☆☆

(ابن بلبان کہتے ہیں) پھر انہوں نے دوسری قسم کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول ''نواہی'' کی انواع کے مجموعہ کا آخر ہے' جسے ہم نے فصول کے تحت تقسیم کیا ہے' تاکہ مصطفیٰ کریم ﷺ نے اپنی امت کو جو احکام بتائے ہیں ان کی تفصیل سے واقفیت حاصل ہو جائے۔

''نواہی'' سے متعلق چند احادیث باقی رہ گئی ہیں' جنہیں ہم نے دیگر تمام اقسام میں ذکر کیا ہے' جس طرح ہم نے انہیں ''نواہی'' (سے متعلق باب) میں ذکر کیا ہے اور یہ اس کے مطابق ہے' جس اصول کی بنیاد پر ہم یہ کتاب (مرتب کر رہے ہیں)

اس قسم کے بعد ہم سنن کی تیسری قسم فصول کے ہمراہ املاء کروائیں گے جو ان چیزوں کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کی اطلاع پر مشتمل ہیں' جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ہم انہیں فصل' فصل کر کے ذکر کریں گے۔ اللہ تعالیٰ (ہمارے لیے یہ) آسان کرے اور سہل بنائے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں سنت کی پیروی کرنے والوں میں رکھے' خواہ وہ جس طرف بھی ہوں اور نفسانی خواہشات سے دور رہنے والا بنائے خواہ وہ جس طرف بھی مائل ہوں۔ بے شک وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے بہتر مسؤل اور افضل مامول ہے۔

انہوں نے تیسری قسم کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ ان انواع کا آخر ہے' جو ان چیزوں کے بارے میں اطلاع پر مشتمل ہیں' جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے جن کا تعلق احادیث ہے اور ہم انہیں املاء کروا چکے ہیں۔

اس قسم سے متعلق بہت سی احادیث ایسی ہیں' جنہیں ہم نے دوسری اقسام میں بھی ذکر کیا ہے' جس طرح ہم نے انہیں اس قسم میں ذکر کیا ہے (دوسری اقسام میں انہیں ذکر کرنے کا مقصد) بظاہر دو متضاد روایات میں تطبیق دینے کیلئے استشہاد کرنا ہے یا ایسی چیز کے مفہوم کی وضاحت ہے' جس سے ایسا شخص متعلق ہوا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے سنت کا مفہوم اس سے مختلف بیان کیا جو نبی اکرم ﷺ کی مراد تھی۔

اس قسم کے بعد ہم سنن کی چوتھی قسم املاء کروائیں گے جو ان اباحات کے بارے میں ہے جن کا ارتکاب مباح ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اس کا فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کرے جو مصطفیٰ کریم ﷺ کو آپ کی امت سے تعلق رکھنے والے دوسرے (کسی بھی فرد) پر ترجیح دیتے ہیں اور آپ کی جو احادیث منقول ہیں' ان کو قبول کرنے کیلئے (سر کو) جھکا دیتے ہیں۔ رسوا کرنے والے نئے پیش آمدہ امور اور خراب کرنے والی اختراعات کے حوالے سے' دل جن لذات پر مشتمل ہوتا ہے اور نفس جن خواہشات کو لیے ہوئے ہوتا ہے' ان سب کو ترک کر دیتے ہیں' بے شک وہ سب سے بہتر مسؤل ہے۔

☆☆☆☆

انہوں نے چوتھی قسم میں یہ کہا ہے' مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول اباحات کے مجموعہ کا یہ آخر ہے' جس کو ہم نے فصول کے ہمراہ املاء کروایا ہے۔ اس قسم سے متعلق کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں۔ جنہیں ہم نے باقی (تمام) اقسام میں ذکر کیا ہے۔ جس طرح ہم

نے انہیں اس قسم میں بھی نقل کیا ہے' جو ہماری کتاب کے بنیادی اسلوب کے مطابق ہے۔

اس کے بعد ہم پانچویں قسم املاء کروائیں گے جو ان سنتوں کے بارے میں ہے' جو نبی اکرم ﷺ کے افعال سے متعلق ہیں (ہم انہیں) فصول اور انواع کے ہمراہ (ذکر کریں گے) اگر اللہ تعالیٰ نے اس کا فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جن کی ہدایت کے راستوں کی طرف رہنمائی کی گئی ہے اور سیدھے (رہنے) کے راستے کی (انہیں) توفیق دی گئی۔ جو سنن اور اخبار (یعنی احادیث) کو جمع کرنے کے حوالے سے اور مستند آثار کا فہم حاصل کرنے کے حوالے سے' محنت اور کوشش کے بارے میں ہے۔

(اور جن لوگوں نے) ان اعمال کو ترجیح دی جو باری تعالیٰ کے قریب کرتے ہیں' ان اعمال پر جو مختلف احوال میں اس سے دور کردیتے ہیں۔ بے شک وہ سب سے بہتر مسؤول ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) پھر انہوں نے کتاب کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ سنن کی انواع کا آخر ہے' جس کی فصل بندی ہم نے اپنی کتاب کے بنیادی اسلوب کے مطابق تقاسیم کے حوالے سے کی ہے۔ ہم نے کتاب کے آغاز سے لے کر اس کے اختتام تک جو انواع بیان کی ہیں' وہ مکمل نہیں ہیں کیونکہ اگر ہم احادیث کے مضمون کے حوالے سے ہر ایک نوع کو ذکر کرتے تو اس کتاب میں مکرر روایات زیادہ ہوجاتیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک نوع اس کا مجموعہ دیگر تمام انواع میں بھی داخل ہوگا۔ اس لیے ہم نے ہر نوع میں سے صرف نمائندہ (یعنی منتخب) روایات کے ذکر پر اکتفاء کیا ہے' تاکہ ہم اس میں سے ان (روایات) کے علاوہ کا استدارک کرسکیں اور ان (روایات) کے الفاظ میں موجود مشکل کو ختم کرسکیں۔ ہم نے ان روایات کے معانی سے واقفیت کے حصول کیلئے ضروری فصل بندی کی ہے' جو اس کے مطابق ہے' جو اللہ تعالیٰ نے سہل اور آسان کیا اور اس پر ''حمد'' اسی کیلئے مخصوص ہے۔

منقول روایات میں سے بہت سی روایات کو ہم نے ان کے ناقلین کی وجہ سے ترک کردیا۔ اگرچہ وہ روایات مشہور اور لوگوں کے درمیان متداول تھیں۔ میں نے جس سبب کی وجہ سے انہیں ترک کیا ہے' جو شخص اس سبب سے واقفیت حاصل کرنا چاہے وہ کتاب ''المجروحین'' کو دیکھ لے جو (ضعیف) محدثین کے بارے میں ہماری تصنیف ہے۔ وہ اس کتاب میں ہر اس شیخ کے بارے میں تفصیل پالے گا' جس کی حدیث کو ہم نے ترک کیا ہے (اور وہ تفصیل) اس کے سینے کو شفا دے گی اور اس کے جھکاؤ سے شک کی نفی کردے گی۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے اس کی توفیق دی' اگر وہ شخص اس بارے میں صحیح راستے پر چلنا چاہتا ہو اور نفسانی خواہشات کی پیروی نہ کرے اور اس (نفس) کی لذات میں اس کی موافقت نہ کرے۔

ہم نے اپنی اس کتاب میں کئی ایسے راویوں سے استدلال کیا ہے جن پر ہمارے بعض ائمہ نے تنقید کی ہے' جو شخص ان کے اسماء کی تفصیل سے واقفیت حاصل کرنا چاہے۔ وہ مختصر کتاب ''تاریخ ثقات'' پڑھ لے وہ اس میں وہ اصول پالے گا جن پر ہم نے اس کتاب کی بنیاد رکھی ہے۔ یہاں تک کہ وہ حقیقت کی وضاحت کے بغیر' کسی محدث کے بارے میں' کسی ناقد کی مطلق تنقید کی طرف مائل نہیں ہوگا۔

ہم نے بعض مشہور روایات بھی ترک کردی ہیں' جنہیں عادل اور ثقہ راویوں نے نقل کیا ہے یہ کچھ علتوں کی وجہ سے (ترک کی

ہیں) جو ہمارے سامنے ظاہر ہوگئیں اور بہت سے لوگوں سے یہ مخفی رہیں۔

اس کے بعد ہم روایات کی علتیں بیان کریں گے۔ اور ہم ہر منقول روایت کا ذکر کریں گے خواہ وہ صحیح ہو یا نہ ہو اور اس کے ہمراہ اس کی علتیں بیان کریں گے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے آسان اور سہل کیا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جو اعمال کے اسباب میں سمجھدار لوگوں کے راستے پر چلتے ہیں اور وہ صرف بیان اور اقوال کی طرف جھکاؤ نہیں رکھتے اور طاعات کے ذریعے اہل ولایت کے درجے پر چڑھ جاتے ہیں اور ممنوعہ امور سے مکمل طور پر اجتناب کرتے ہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان پر یہ فضل کرتا ہے انہوں نے جو نیکیاں کی ہوں انہیں قبول کر لیتا ہے اور وہ جن گناہوں کے مرتکب ہوئے ان سے درگزر کرتا ہے۔

بے شک وہ سب سے بہتر مسؤول اور افضل مامول ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) یہاں ان کا (یعنی امام ابن حبان کا) کلام شروع سے لے کر آخر تک مکمل ہو گیا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے ذریعے ان پر رحم کرے۔

قال العبد الضعيف جامع شمل هذا التاليف قد رايت ان انبه في اول هذا الكتاب على ما فيه من الكتب والفصول في الابواب لفائدته وتوفيرا لعائدته والله المسؤول ان يجعله خالصا لذاته وفي ابتغاء مرضاته وهو حسبي ونعم الوكيل.

(اَلْمُقَدَّمَةُ)

بَابُ مَا جَاءَ فِي الِابْتِدَاءِ بِحَمْدِ اللّٰهِ تعالى

بَابُ الِاعْتِصَامِ بِالسُّنَّةِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهَا نَقْلًا وامرا وزجرا

كتاب الوحي، كتاب الاسراء ، كتاب العلم، كتاب الايمان

الفطرة التكليف فضل الايمان فرض الايمان صفات المؤ منين الشرك النفاق.

كتاب الاحسان

بَابُ الصِّدْقِ وَالْاَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

الطاعات وثوابها الاخلاص واعمال السر حق الوالدين صلة الرحم وقطعها الرحمة حسن الخلق العفو اطعام الطعام وافشاء السلام الجار فصل من البر والاحسان الرفق الصحبة والمجالسة الجلوس على الطريق فصل في تشميت العاطس العزلة.

كتاب الرقائق

التوبة حسن الظن بالله تعالى الخوف والتقوى الفقر والزهد والقناعة الورع والتوكل القرآن وتلاوته المطلقة الاذكار المطلقة الادعية المطلقة الاستعاذة.

كتاب الطهارة

الفطرة بمعنى السنة فضل الوضؤ فرض الوضؤ سنن الوضؤ نواقض الوضؤ الغسل قدر ماء الغسل احكام الجنب غسل الجمعة غسل الكافر اذا اسلم المياه قدر ماء الغسل احكام الجنب غسل الجمعة غسل الكافر اذا اسلم المياه الوضؤ بفضل وضؤ المراة الماء المستعمل الاوعية الاسار اَلتِيُمم المسح على الخفين وغيرهما الحيض والاستحاضة النجاسة وتطهيرها الاستطابة.

كتاب الصلاة

فرض الصلاة الوعيد على ترك الصلاة مواقيت الصلاة الاوقات المنهى عنها الجمع بين الصلاتين

المساجد الاذان شروط الصلاة فضل الصلوات الخمس صفة الصلاة القنوت الامامة والجماعة فرض الجماعة الاعذار الَّتِيْ تبيح تركها فرض متابعة الامام ما يكره للمصلى وما يكره اعادة الصلاة الوتر النوافل الصلاة على الدابة صلاة الضحى التراويح قيام الليل قضاء الفوائت سجود السهو المسافر صلاة السفر سجود التلاوة صلاة الجمعة صلاة العيدين صلاة الكسوف صلاة الاستسقاء صلاة الخوف الجنائز عيادة المريض الصبر وثواب الامراض والاعراض اعمار هذه الامة ذكر الموت الامل تمنى الموت المحتضر.

فَصْلٌ فِي الْمَوْتِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهِ مِنْ رَاحَةِ الْمُؤْمِنِ وَبُشْرَاهُ وَرُوحِهِ وَعَمَلِهِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ

الغسل التكفين ما يقول الميت عند حمله القيام للجنازة الصلاة على الجنازة الدفن احوال الميت فى قبره النياحة ونحوها القبور زيارة القبور الشهيد الصلاة فى الكعبة.

كتاب الزكاة

جمع المال من جله وما يتعلق بذٰلِكَ الخرص وما يتعلق به فضل الزكاة الوعيد لمانع الزكاة فرض الزكاة العشر مصارف الزكاة صدقة الفطر صدقة التطوع.

فصل فى اشياء لها حكم الصدقة

المنان الْمَسْاَلَةِ وَالْاَخْذِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهِ مِنَ الْمُكَافَاَةِ والثناء والشكر.

كتاب الصوم

فضل الصوم فضل رمضان رؤية الهلال السحور آداب الصوم صوم الجنب الافطار وتعجيله قضاء قضاء رمضان الكفارة حجامة الصائم قبلة الصائم صوم المسافر الصيام عن الغير الصوم المنهى عنه صوم الوصال.

صوم ألدهر صوم يوم الشك صوم العيد صوم ايام التشريق صوم عرفة صوم الجمعة صوم السبت صوم التطوع الاعتكاف وليلة القدر.

كتاب الحج.

فضل الحج والعمرة فرض الحج فضل مكة فضل المدينة مقدمات الحج 1 مواقيت الحج الاحرام دخول دخول مكة وما يفعل فيها الصفا والمروة الخروج من مكة الى منى الوقوف بعرفة والمزدلفة والدفع منهما رمى جمرة العقبة الحلق والذبح الافاضة من منى لطواف الزيارة رمى الجمار ايام منى الافاضة من منى للصدر القران التمتع حجة النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعتماره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ما يباح للمحرم وما لا يباح الكفارة الحج والاعتمار عن الغير الاحصار الهدى.

كتاب النكاح وآدابه

الولي الصداق ثبوت النسب والقائف حرمة المناكحة المتعة نكاح الاماء معاشرة الزوجين العزل الغيلة النهي عن اتيان النساء في اعجازهن القسم الرضع النفقة.

كتاب الطلاق

الرجعة الايلاء الظهار الخلع اللعان العدة.

كتاب العتق

صحبة المماليك اعتاق الشريك العتق في المرض الكتابة ام الولد الولاء.

كتاب الايمان والنذور كتاب الحدود

الزنى وحده حد الشرب التعزيز السرقة الردة.

كتاب السير

الخلافة والامارة بيعة الائمة وما يستحب لهم طاعة الائمة فضل الجهاد فضل النفقة في سبيل الله فضل الشهادة الخيل الحمى السبق الرمي التقليد والجرس كتب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فرض الجهاد الخروج وكيفية الجهاد غزوة بدر الغنائم وقسمتها الغلول الفداء وفك الاسرى الهجرة الموادعة والمهادنة الرسول الذمي والجزية.

كتاب اللقطة, كتاب الوقف,

كتاب البيوع

السلم بيع المدبر البيوع المنهي الربا الاقالة الجائحة المفلس الديون.

كتاب الحجر كتاب الحوالة كتاب القضاء الرشوة.

كتاب الشهادات كتاب الدعوى الاستحلاف عقوبة الماطل.

كتاب الصلح كتاب العارية كتاب الهبة الرجوع في الهبة.

كتاب الرقبى والعمرى كتاب الاجارة كتاب الغصب كتاب الشفعة كتاب المزارعة كتاب احياء الموات كتاب الطعمة آداب الاكل ما يَجُوْزُ اكله وما لا يَجُوْزُ الضيافة العقيقة.

كتاب الاشربة

آداب الشرب ما يحل شربه.

كتاب اللباس وآدابه

الزينة آداب النوم.

كتاب الحظر والإِبَاحَةُ

وفيه: فصل في التعذيب والمثلة وفصل فيما يتعلق بالدواب باب قتل الحيوان.

بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّبَاغُضِ وَالتَّحَاسُدِ وَالتَّدَابُرِ والتشاحن والتهاجر بين المسلمين.

باب التواضع والتكبر والعجب والاستماع المكروه وسوء الظن والغضب والفحش.

باب ما يكره من الكرم وما لا يكره وفيه الكذب اللعن وذو الوجهين والغيبة والنميمة والمدح والتفاخر والشعر والسجع والمزاح والضحك وفصل من الكلام باب الاستئذان الاسماء والكنى.

باب الصور والمصورين واللعب واللهو والسماع.

كتاب الصيد كتاب الذبائح كتاب الاضحية كتاب الرهن1 الفتن.

كتاب الجنايات

القصاص القسامة.

كتاب الديات الغرة

كتاب الوصية كتاب الفرائض ذوو الارحام الرؤيا.

كتاب الطب كتاب الرقى والتمائم كتاب العدوى والطيرة باب الهام والغول.

كتاب الانواء والنجوم كتاب الكهانة والسحر كتاب التاريخ

بدء الخلق صفة النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خصائصه وفضائله المعجزات تبليغه صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مرضه صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وفاته صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يَكُونُ في امته من الفتن والحوادث مناقب الصحابة رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمْ مفصلا فضل الامة فضل الصحابة والتابعين وباب ذكر الحجاز واليمن والشام وفارس وعمان إِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَعْثِ واحوال الناس في ذٰلِكَ اليوم وصف الجنة واهلها صفة النار واهلها.

واعلم انى وضعت بازاء كل حديث بالقلم الهندى صورة اَلنَّوْعُ الَّذِىْ هو منه فى كتاب التقاسيم والانواع ليتيسر ايضا كشفه من اصله من غير كلفة ومشقة مثاله اذا كان الحديث من اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ عَشَرَ مثلا كان بازائه هٰكَذَا 11 ثُمَّ ان كان من القسم الْاَوَّلُ كان العدد المرقوم مجردا عن العلامة كما رايته وان كان من القسم الثَّانِىُّ كان تحت العدد خط عرضى 1 هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الثَّالِثُ كان الخط من فوقه هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الرَّابِعُ كان العددين خطين هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الْخَامِسُ كان الخطان فوقه 11 توفيرا للخاطر وتيسيرا للناظر 2 جعله الله خالصا لذاته وفى ابتغاء مرضاته انه على كل شيء قدير وبالاجابة جدير.

(ابن بلبان کہتے ہیں) بندۂ ضعیف جو اس کتاب کی ترتیب بندی کرنے لگا ہے وہ کہتا ہے: میں نے سوچا کہ میں اس کتاب کے آغاز میں اس میں موجود کتب (یعنی مرکزی ابواب) اور ابواب میں موجود فصول سے (اپنے قارئین کو) آگاہ کردوں تا کہ اس کا فائدہ آسان ہو جائے اور اس کی طرف رجوع کرنا زیادہ ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ سے یہ سوال ہے وہ اسے خاص طور پر اپنی ذات کیلئے اور اپنی رضا کے حصول کیلئے بنادے میرے لیے وہی کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

☆☆☆

مقدمہ

اللہ تعالیٰ کی حمد کے ذریعے آغاز کرنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے۔

سنت اور اس کے متعلقات کونقل حکم ممانعت کے حوالے سے مضبوطی سے تھامنا

کتاب: وحی (کے بارے میں روایات)

کتاب: معراج (کے بارے میں روایات)

کتاب: علم (کے بارے میں روایات)

کتاب: ایمان (کے بارے میں روایات)

فطرت - تکلیف (احکام کا پابند کرنا) - ایمان کی فضیلت - ایمان کی فرضیت - مومنین کی صفات شرک - نفاق کا بیان

احسان (بھلائی) (کے بارے میں روایات)

باب: سچائی کا بیان نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔

نیکیاں اور ان کا ثواب --- اخلاص اور پوشیدہ اعمال --- والدین کا حق --- صلہ رحمی اور اسے قطع کرنا --- رحمت --- اچھے اخلاق --- معاف کرنا --- کھانا کھلانا اور سلام پھیلانا --- پڑوسی ---

فصل: نیکی اور بھلائی --- نرمی --- ساتھ اور ہم نشینی --- راستے میں بیٹھنا ---

فصل: چھینکنے والے کو جواب دینا --- گوشہ نشینی

کتاب: (دلوں کو) نرم کرنے والی روایات

توبہ --- اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھنا --- خوف اور تقویٰ --- فقر زہد اور قناعت --- ورع اور توکل --- قرآن اور اس کی مطلق تلاوت --- مطلق اذکار --- مطلق دعائیں --- پناہ مانگنا

کتاب: طہارت (کے بارے میں روایات)

فطرت بمعنی سنت ـــــ وضو کی فضیلت ـــــ وضو کے فرائض ـــــ وضو کی سنتیں ـــــ وضو کے نواقض ـــــ غسل ـــــ غسل کیلئے پانی کی مقدار ـــــ جنبی کے احکام ـــــ جمعہ (کے دن) غسل کرنا ـــــ کافر کا اسلام قبول کرتے وقت غسل کرنا ـــــ پانیوں (کا بیان) ـــــ عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا ـــــ آب مستعمل ـــــ برتنوں کا بیان ـــــ جوٹھے (پانی کے احکام) ـــــ تیمم ـــــ موزوں اور دوسری چیزوں پر مسح کرنا ـــــ حیض اور استحاضہ ـــــ نجاست اور اسے پاک کرنا ـــــ پاکیزگی حاصل کرنا (یعنی استنجاء کرنا)

کتاب نماز (کے بارے میں روایات)

نماز کی فرضیت ـــــ نماز ترک کرنے پر وعید ـــــ نمازوں کے اوقات ـــــ ان کے ممنوعہ اوقات ـــــ دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا ـــــ مساجد ـــــ اذان ـــــ نماز کی شرائط ـــــ پانچ نمازوں کی فضیلت ـــــ نماز کا طریقہ ـــــ قنوت ـــــ امامت اور جماعت ـــــ جماعت کی فرضیت ـــــ وہ عذر جو اس کے ترک کو مباح کر دیتے ہیں ـــــ امام کی متابعت فرض ہونا ـــــ نمازی کیلئے کیا مکروہ ہے اور کیا مکروہ نہیں ہے ـــــ نماز کو دہرانا ـــــ وتر ـــــ نوافل ـــــ سواری پر نماز پڑھنا ـــــ چاشت کی نماز ـــــ تراویح ـــــ رات کے نوافل ـــــ قضا نمازیں پڑھنا ـــــ سجدہ سہو ـــــ مسافر (کی نماز) ـــــ سفر کی نماز ـــــ سجدہ تلاوت ـــــ نماز جمعہ ـــــ نماز عیدین ـــــ نماز کسوف ـــــ نماز استسقاء ـــــ نماز خوف ـــــ جنائز ـــــ بیمار کی عیادت کرنا ـــــ صبر کرنا اور بیماریوں و تکالیف کا ثواب ـــــ اس امت کی عمریں ـــــ موت کا تذکرہ ـــــ (زندگی طویل ہونے کی) امید ـــــ موت کی آرزو کرنا ـــــ نزع (کا عالم)

فصل: موت اور اس کے متعلق مومن کی راحت' اس کی خوشخبری' اس کی روح' اس کا عمل اور اس کی تعریف

(میت کو) غسل (دینا) ـــــ کفن دینا ـــــ جب میت کو اٹھایا جاتا ہے' تو وہ کیا کہتی ہے؟ ـــــ جنازے کیلئے کھڑے ہو جانا ـــــ نماز جنازہ ـــــ دفن کرنا ـــــ قبر میں میت کے احوال ـــــ نوحہ کرنا (اور اس جیسے دیگر امور) ـــــ قبریں ـــــ قبروں کی زیارت ـــــ شہید ـــــ خانہ کعبہ میں نماز پڑھنا ـــــ

کتاب زکوٰۃ (کے بارے میں روایات)

حلال مال جمع کرنا اور اس سے متعلق امور ـــــ (کھجوروں کی پیداوار کا) اندازہ لگانا اور اس سے متعلق امور ـــــ زکوٰۃ کی فضیلت ـــــ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے کیلئے وعید ـــــ زکوٰۃ کی فرضیت ـــــ عشر ـــــ مصارف زکوٰۃ ـــــ صدقہ فطر ـــــ نفلی صدقہ ـــــ

فصل: وہ اشیاء جو صدقہ کے حکم میں ہیں

احسان جتانے والا ــــ مانگنے اور لینے' بدلہ دینے' تعریف کرنے' شکریہ ادا کرنے کے حوالے سے اس سے متعلق امور

کتاب: روزے (کے بارے میں روایات)

روزے کی فضیلت ــــ رمضان کی فضیلت ــــ رؤیت ہلال ــــ سحری کرنا ــــ روزے کے آداب ــــ جنبی کا روزہ رکھنا ــــ افطاری کرنا اور اسے جلدی کرنا ــــ رمضان کی قضاء ــــ کفارہ ــــ روزہ دار کا پچھنے لگوانا ــــ روزہ دار کا (بیوی کا) بوسہ لینا ــــ مسافر کا روزہ ــــ دوسرے کی طرف سے روزہ رکھنا ــــ ممنوعہ روزے ــــ صوم وصال ــــ ہمیشہ (نفلی) روزے رکھنا ــــ مشکوک دن میں روزہ رکھنا ــــ عید کے دن روزہ رکھنا ــــ ایام تشریق میں روزہ رکھنا ــــ عرفہ کے دن روزہ رکھنا ــــ جمعہ کے دن روزہ رکھنا ــــ ہفتہ کے دن روزہ رکھنا ــــ نفلی روزہ رکھنا ــــ اعتکاف اور شب قدر

کتاب: حج (کے بارے میں روایات)

حج اور عمرہ کی فضیلت ــــ حج کی فرضیت ــــ مکہ کی فضیلت ــــ مدینہ کی فضیلت ــــ حج کے مقدمات (یعنی پیشگی امور) ــــ حج کے مواقیت ــــ احرام ــــ مکہ میں داخل ہونا اور وہاں کیا' کیا جائے ــــ صفا و مروہ ــــ مکہ سے نکل کر منیٰ جانا ــــ عرفہ اور مزدلفہ میں وقوف کرنا اور وہاں سے روانہ ہونا ــــ جمرہ عقبہ کی رمی ــــ سر منڈوانا اور ذبح کرنا ــــ طواف زیارت کیلئے منیٰ سے واپس آنا ــــ منیٰ کے دنوں میں رمی جمار کرنا ــــ طواف صدر کیلئے منیٰ سے واپس آنا ــــ (حج) قران ــــ (حج) تمتع ــــ نبی اکرم ﷺ کا حج ــــ آپ کا عمرہ کرنا ــــ محرم کیلئے کیا مباح ہے اور کیا مباح نہیں ہے ــــ کفارہ ــــ دوسرے کی طرف سے حج یا عمرہ کرنا ــــ احصار ــــ ہدی ــــ

کتاب: نکاح اور اس کے آداب (کے بارے میں روایات)

ولی ــــ مہر ــــ نسب کا ثبوت اور قیافہ شناسی ــــ حرمت مناکحت ــــ متعہ ــــ کنیز کے ساتھ نکاح کرنا ــــ میاں بیوی کی معاشرت ــــ عزل ــــ غیلہ ــــ عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی ممانعت ــــ قسم (یعنی زیادہ بیویوں میں وقت کی تقسیم) ــــ رضاعت ــــ خرچ

کتاب: طلاق (کے بارے میں روایات)

رجعت ــــ ایلاء ــــ ظہار ــــ خلع ــــ لعان ــــ عدت ــــ

کتاب: (غلام) آزاد کرنے (کے بارے میں روایات)

ممالیک سے اچھا برتاؤ ــــ شریک کا آزاد کرنا ــــ بیماری کے دوران (غلام) آزاد کرنا ــــ کتابت ــــ ام ولد ــــ ولاء

کتاب: ایمان (یعنی قسموں) اور نذروں (کے بارے میں روایات)

کتاب: حدود (کے بارے میں روایات)

زنااوراس کی حد—شراب نوشی کی حد—تعزیر—چوری—مرتد ہونا

کتاب:سیر (سیاسیات) (کے بارے میں روایات)

خلافت اور امارت—حکمرانوں کی بیعت کرنا اور اس کیلئے مستحب امور—حکمرانوں کی اطاعت—جہاد کی فضیلت—اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت—شہادت کی فضیلت—گھوڑے—چراگاہ—دوڑ کا مقابلہ—تیر اندازی—ہار پہنانا اور گھنٹی (باندھنا)—نبی اکرم ﷺ کے مکتوبات—جہاد کی فرضیت—خروج اور جہاد کی کیفیت—غزوہ بدر—مال غنیمت اور اس کی تقسیم—غلول (مال غنیمت میں خیانت)—فدیہ دینا اور قیدی آزاد کروانا—ہجرت کرنا—صلح کرنا—پیغام رساں—ذمی اور جزیہ

کتاب:لقطہ (کے بارے میں روایات)

کتاب:وقف (کے بارے میں روایات)

کتاب:خرید وفروخت (کے بارے میں روایات)

بیع سلم—بیع مدبر—وہ سودے جن سے منع کیا گیا—سود—اقالہ—آفت آنا—مفلس ہوجانا—قرضہ جات

کتاب:تصرف سے روکنے (کے بارے میں روایات)

کتاب:حوالہ (دوسرے کی ادائیگی اپنے ذمے لینے) (کے بارے میں روایات)

کتاب:قضاء (کے بارے میں روایات)' رشوت کا بیان

کتاب: گواہی (کے بارے میں روایات)

کتاب:دعویٰ (کے بارے میں روایات)

حلف لینا' (قرض کی واپسی میں) ٹال مٹول کرنے والے کوسزا دینا

کتاب:صلح (کے بارے میں روایات)

کتاب:عاریت (کے بارے میں روایات)

کتاب:ہبہ (کے بارے میں روایات)' ہبہ میں رجوع کرنا

کتاب:رقبیٰ اور عمریٰ (کے بارے میں روایات)' کتاب:اجارہ (کے بارے میں روایات)' کتاب:غصب (کے بارے میں روایات)' کتاب: شفعہ (کے بارے میں روایات) کتاب: مزارعت (کے بارے میں روایات) کتاب: بنجر زمین کو آباد کرنے (کے بارے میں روایات) کتاب: کھانے (کے بارے میں روایات)' کھانے کے آداب' کیا چیز کھانا جائز ہے اور کیا جائز نہیں ہے' ضیافت' عقیقہ

کتاب:مشروبات (کے بارے میں روایات)

پینے کے آداب' کیا پینا جائز ہے؟

کتاب: لباس اور اس کے آداب (کے بارے میں روایات)

زینت کا بیان' سونے کے آداب

کتاب: ممنوع اور مباح (چیزوں) (کے بارے میں روایات)

اس میں ایک فصل (کسی کو) عذاب دینے اور مثلہ کرنے کے بارے میں ہے' ایک فصل جانوروں سے متعلق روایات کے بارے میں ہے۔

باب: جانوروں کو مارنا

باب: مسلمانوں کے درمیان ایک دوسرے سے بغض رکھنے' حسد کرنے' ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرنے' کینہ رکھنے' لاتعلقی اختیار کرنے (کے بارے میں روایات)

باب: تواضع' تکبر خود پسندی ناپسندیدہ بات سننا' برا گمان رکھنا' غصہ کرنا فحش بات کرنا

باب: کون سا کلام مکروہ ہے اور کون سا مکروہ نہیں ہے۔

اس باب میں جھوٹ بولنے' لعنت کرنے' دوغلے پن' غیبت' چغل خوری' مدح' تفاخر' شعر' مسجع گفتگو کرنا' مزاح کرنا' ہنسنا' کے بارے میں روایات ہیں' ایک فصل کلام کے بارے میں ہے۔ باب: (اندر آنے کی) اجازت مانگنا' اسماء اور کنیت

باب: تصویریں اور تصویر بنانے والے' لہو ولعب' سماع

کتاب: شکار (کے بارے میں روایات)' کتاب: ذبائح (کے بارے میں روایات)' کتاب: اضحیہ (کے بارے میں روایات)' کتاب: رہن (کے بارے میں روایات)' فتنوں کا بیان

کتاب: دیات (کے بارے میں روایات)' تاوان (جرمانہ)

کتاب: وصیت (کے بارے میں روایات)' کتاب: وراثت (کے بارے میں روایات)' ذوی الارحام' خوابوں (کا بیان) کتاب: طب (کے بارے میں روایات)' کتاب: دم کرنے اور تعویذ لٹکانے (کے بارے میں روایات)' کتاب: عدویٰ اور طیرہ (کے بارے میں روایات)

باب: ہام اور غول کا بیان

کتاب: ستارہ شناسی اور نجوم (کے بارے میں روایات)' کتاب: کہانت اور جادو (کے بارے میں روایات)

کتاب: تاریخ (کے بارے میں روایات)' مخلوق کا آغاز —— نبی اکرم ﷺ کا حلیہ مبارک —— آپ کی خصوصیات اور فضائل —— معجزات —— آپ کی تبلیغ —— آپ کی بیماری —— آپ کا وصال —— آپ کا اس بات کی اطلاع دینا کہ آپ کی امت میں فتنے اور حوادث پیدا ہوں گے —— صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تفصیلی مناقب —— امت کی فضیلت —— صحابہ اور تابعین کی فضیلت —— باب: حجاز' یمن' شام' فارس اور عمان کا تذکرہ ——

نبی اکرم ﷺ کا (قیامت کے دن) دوبارہ زندہ ہونے اوراس دن میں لوگوں کی حالتوں کے بارے میں خبر دینا۔

جنت اوراہل جنت کا تذکرہ ـــــ جہنم اوراہل جہنم کا تذکرہ ـــــ

(ابن بلبان کہتے ہیں) یہ بات جان لیں! میں نے ہر حدیث کے سامنے ہندی قلم کے ساتھ اس ''نوع'' کی علامت بنا دی ہیں جس نوع میں وہ حدیث کتاب ''التقاسیم والانواع'' میں موجود ہے' تاکہ کسی مشکل اور پریشانی کے بغیر اصل کتاب میں اسے تلاش کرنا آسان ہو۔

اس کی مثال یہ ہے: جب وہ حدیث ۱۱ویں ''نوع'' میں ہوگی' تو اس کے سامنے اس طرح کی علامت ہوگی (۱۱)۔ پھر اگر وہ (نوع) پہلی قسم سے تعلق رکھتی ہوگی۔ تو لکھے ہوئے اس عدد پر مزید کوئی نشان موجود نہیں ہوگا۔

اگر وہ (نوع) دوسری قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو پھر عدد کے نیچے عرض لکیر ہوگی جو یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) تیسری قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو پھر لکیر عدد کے اوپر یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) چوتھی قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو عدد' دولکیروں کے درمیان اس طرح ہوگا۔

اگر وہ (نوع) پانچویں قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو عدد کے اوپر اس طرح دو لکیریں ہونگی۔

یہ چیز فہم کو زیادہ (سہولت دے) گی اور دیکھنے والے کیلئے آسانی کر دے گی۔

اللہ تعالیٰ (اس خدمت) کو خاص طور پر اپنی ذات کیلئے کر دے' جو اس کی رضامندی کے حصول کیلئے ہو۔ بے شک وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور (دعا) قبول کرنے کے لائق ہے۔

---

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ان ہونٹوں کو حرکت دے کر دکھاتا ہوں جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حرکت دیتے

39- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري 7524 في التوحيد: باب (لا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ) . ومسلم 448 في الصلاة: باب الاستماع للقراءة، والنسائي 2/149 في الافتتاح: باب جامع ما جاء في القرآن، والبيهقي في الأسماء والصفات ص 198، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 2628 عن أبي عوانة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/343، عن عبد الرحمٰن بن مهدي، والبخاري 5 في بدء الوحي عن موسى بن إسماعيل، وابن سعد 1/198 عن عفان بن مسلم، ثلاثتهم عن أبي عوانة، به. وأخرجه الحميدي 527 ، ومن طريقه البخاري 4927 في التفسير: باب (لا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ) القيامة: 16 عن سفيان بن عيينة، عن موسى بن أبي عائشة، به. وأخرجه الترمذي 3329 في التفسير: باب ومن سورة القيامة، عن ابن أبي عمر، عن ابن عيينة، عن موسى، به .وأخرجه ابن سعد 1/198، عن عبيد بن حميد التيمي، والبخاري 4928 في التفسير، من طريق إسرائيل، و 4929 في تفسير سورة القيامة، و 5044 في الفضائل: باب الترتيل في القرآن، ومسلم 448 من طريق جرير، ثلاثتهم عن موسى، به .وأخرجه الطبراني 12297 من طريق قيس بن الربيع، عن موسى بن أبي عائشة، عن عطاء بن السائب، عن سعيد بن جبير، به. وزاد السيوطي في الدر المنثور 6/289 نسبته إلى عبد بن حميد، وابن المنذر وابن أبي حاتم، وابن الأنباري، وابن مردويه، وأبي نعيم.

تھے تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی۔

''تم اس کے لئے اپنی زبان کو حرکت نہ دو' تاکہ تم اس کو جلدی حاصل کر لو' بے شک اس کا جمع کرنا اور اس کی تلاوت ہمارے ذمے ہے۔''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس کے جمع کرنے سے مراد ''تمہارے سینے میں اسے جمع کرنا ہے''۔

پھر تم اس آیت کو تلاوت کرو۔

''ہم اسے پڑھتے ہیں: تم اس پڑھے ہوئے کی پیروی کرو۔''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یعنی تم اسے غور سے سنو اور خاموش رہو۔

''پھر اس کا بیان ہمارے ذمے ہے۔''

اس سے مراد یہ ہے' پھر تمہارا تلاوت کرنا ہمارے ذمے ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر جب جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے غور سے سنتے تھے' جب جبرائیل علیہ السلام چلے جاتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کو اسی طرح تلاوت کر لیتے تھے۔ جس طرح حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کے سامنے اسے پڑھا ہوتا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لَمْ يُنْزِلْ اٰيَةً وَاحِدَةً اِلَّا بِكَمَالِهَا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اللہ تعالیٰ نے ہر آیت مکمل طور پر ایک ہی مرتبہ نازل کی

40 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْهَرَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ.

40- إسناده صحيح، محمد بن عثمان العجلى: ثقة من رجال البخارى، وباقى السند على شرطهما' وأخرجه البخارى 4594 فى التفسير: باب، عن محمد بن يوسف، عن إسرائيل، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/290 و299، والطبرى 5/228، عن وكيع، عن سفيان، عن أبى إسحاق، به.وأخرجه أحمد 4/301، من طريق زهير، والنسائى 6/10 فى الجهاد، والطبرى 5/228 من طريق أبى بكر بن عياش، كلاهما عن أبى إسحاق، به، وسيرد بعده 41 من طريق سليمان التيمى، عن أبى إسحاق، به . و 42 من طريق شعبة، عن أبى إسحاق به، ويخرج كل طريق فى موضعه.وأخرجه البخارى 2832 و 4592 ، وأحمد 5/184، والترمذى 3033 ، والنسائى 6/9،10، وابن الجارود 1034 ، والطبرانى 4814 و 4815 و 4816 ، والبغوى 3739 ، والبيهقى 9/23 من طريقين، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عن مروان بن الحكم، عن زيد بن ثابت فذكر نحوه.وأخرجه أحمد 5/190-191، وسعيد بن منصور فى سننه 2314 ، وأبو داؤد 2571 ، والطبرانى 4851 و 4852 ، والبيهقى 9/23-24 من طرق عن عبد الرحمٰن بن أبى الزناد، عن أبيه، عن خارجة بن زيد، عن أبيه .وأخرجه أحمد 5/ 184، والطبرانى 4899 من طريقين عن معمر، عن الزهرى، عن قبيصة بن ذؤيب، عن زيد بن ثابت.

(متن حدیث): عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ (لَا يَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْعُ لِي زَيْدًا وَيَجِيءُ مَعَهُ بِاللَّوْحِ وَالدَّوَاةِ اَوْ بِالْكَتِفِ وَالدَّوَاةِ ثُمَّ قَالَ: اكْتُبْ لَا يَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ: وَخَلْفَ ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا تَاْمُرُنِي فَاِنِّي رَجُلٌ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ؟ قَالَ الْبَرَاءُ: فَاُنْزِلَتْ مَكَانَهَا: (غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ). (4:24)

❁❁ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''اہل ایمان میں سے بیٹھے رہنے والے لوگ برابر نہیں ہیں۔''

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس زید کو بلا کر لاؤ' وہ اپنے ساتھ لوح اور دوات (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) شانے کی ہڈی اور دوات لے کر آئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: تم یہ لکھو۔

''اہل ایمان میں سے بیٹھے رہ جانے والے لوگ اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے لوگ برابر نہیں ہیں۔''

راوی بیان کرتے ہیں: اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے حضرت عمرو بن اُم مکتوم جو نابینا ہیں۔ وہ موجود تھے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے آپ کیا حکم دیتے ہیں؟ کیونکہ میں' تو نابینا شخص ہوں۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' تو اسی جگہ آیت (کے یہ الفاظ) نازل ہوئے۔

''جنہیں کوئی ضرر لاحق نہ ہو۔''

41 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ بِنَسَا قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ قَالَ خبرنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ. عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِيْتُوْنِي بِالْكَتِفِ اَوِ اللَّوْحِ. فَكَتَبَ (لَا يَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ) وَعَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَقَالَ هَلْ لِي مِنْ رُخْصَةٍ فَنَزَلَتْ (غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ) (4:24).

❁❁ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس کندھے کی ہڈی یا لوح لے کر آؤ' پھر آپ نے یہ آیت املاء کروائی۔

''اہل ایمان میں سے بیٹھے رہ جانے والے لوگ برابر نہیں ہیں۔''

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بلایا' وہ شانے کی ہڈی لے کر آئے' انہوں نے اس پر یہ آیت تحریر کی' جب حضرت

41– إسناده صحيح على شرطهما. أخرجه الترمذي 1670 في الجهاد: باب ما جاء في الرخصة لأهل العذر في القعود، والنسائي 6/10 في الجهاد، والطبري 5/228 عن نصر بن علي الجهضمي، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من طريق إسرائيل، عن أبي إسحاق، به. وسبق تخريجه هناك.

ابن مکتوم نے اپنی معذوری کی شکایت کی تو یہ الفاظ نازل ہوئے: ''جنہیں کوئی ضرر نہ ہو''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ أبا إسحق السَّبِيْعِيَّ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ الْبَرَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے ابواسحاق سبیعی نامی راوی نے یہ روایت حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

42 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآية (لا يَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ) دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا فَجَاءَ بِكَتِفٍ فَكَتَبَهَا فِيْهِ فَشَكَا ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ ضَرَارَتَهُ فَنَزَلَتْ (غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ). (4:24)

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اہلِ ایمان میں سے بیٹھے ہوئے لوگ برابر نہیں ہیں'' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بلوایا۔ وہ کندھے (کی ہڈی) لے کر آئے اور انہوں نے اس پر یہ آیت تحریر کر دی۔ حضرت ابن اُمِ مکتوم رضی اللہ عنہ نے اپنے نابینا ہونے کی شکایت کی تو یہ آیت نازل ہوئی: ''جنہیں کوئی ضرر لاحق نہ ہو''۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَاْمُرُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يكتبه الْقُرْآنِ عِنْدَ نُزُوْلِ الْاٰيَةِ بَعْدَ الْاٰيَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ ایک آیت کے نزول کے بعد دوسری آیت کے نازل ہونے پر کاتبین وحی کو کیا حکم دیا کرتے تھے؟

43 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْمُؤَذِّنُ حَدَّثَنَا عَوْفُ بْنُ اَبِى جَمِيلَةَ عَنْ يَزِيْدَ الْفَارِسِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قُلْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ: مَا حَمَلَكُمْ عَلٰى اَنْ قَرَنْتُمْ بَيْنَ الْاَنْفَالِ وَبَرَاءَةٍ وَبَرَاءَةٌ مِنَ الْمِئِيْنَ وَالْاَنْفَالُ مِنَ الْمَثَانِى فَقَرَنْتُمْ بَيْنَهُمَا فَقَالَ عُثْمَانُ: كَانَ اِذَا نَزَلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ الْاٰيَةُ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ مَنْ يَكْتُبُ فَيَقُوْلُ لَهُ: ضَعْهُ فِى السُّوْرَةِ الَّتِىْ يُذْكَرُ فِيْهَا كَذَا وَاُنْزِلَتِ الْاَنْفَالُ بِالْمَدِيْنَةِ وَبَرَاءَةُ بِالْمَدِيْنَةِ مِنْ اٰخِرِ الْقُرْآنِ فَتُوُفِّىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُخْبِرْنَا اَيْنَ نَضَعُهَا فَوَجَدْتُ قِصَّتَهَا شَبِيْهًا بِقِصَّةِ الْاَنْفَالِ فَقَرَنْتُ بَيْنَهُمَا وَلَمْ نَكْتُبْ بَيْنَهُمَا سَطْرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

42– إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه البخارى 2831 فى الجهاد، والدارمى 2/ 2/209، والواحدى فى أسباب النزول ص 118 من طريق أبى الوليد، بهذا الإسناد. وأخرجه من طرق عن شعبة: أحمد 4/282 و284 و299و300، والبخارى 4593 فى التفسير، ومسلم 1898 فى الإمارة، والطبرى 10237 والطيالسى 704، والبيهقى فى سننه 9/23 وانظر ما قبله.

43– وأخرجه أحمد 1/57و69، والنسائى فى فضائل القرآن 32، وأبو داؤد 786 و 787 فى الصلاة: باب من جهر بها، والترمذى 3086 فى التفسير: باب ومن سورة التوبة، وحسنه، وابن أبى داؤد فى المصاحف ص 31–32، والبيهقى فى سننه 2/42

فَوَضَعْتُهَا فِي السَّبْعِ الطُّوَلِ. (3:1)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ نے کس وجہ سے سورہ انفال اورسورہ توبہ کوایک ساتھ ملا دیا ہے؟ حالانکہ سورہ توبہ دوسو آیات والی سورت ہے اور سورہ انفال مثانی میں سے ہے۔

آپ نے دونوں کوملا دیا؟ تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب بھی قرآن کی کوئی آیت نازل ہوتی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی لکھنے والے کو بلا لیتے تھے اور پھر آپ ان سے یہ فرماتے تھے تم ان کو اس سورت میں شامل کردو جس میں فلاں چیز کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

تو سورہ انفال بھی مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اور سورہ توبہ بھی مدینہ منورہ میں نزول کے اعتبار سے آخری زمانے میں نازل ہوئی۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ نے یہ نہیں بتایا تھا کہ ہم انہیں کہاں رکھیں تو میں نے یہ بات پائی کہ اس کا واقعہ سورہ انفال کے واقعہ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔ اس لئے میں نے ان دونوں کو ملا دیا ہے اور ہم نے اُن دونوں کے درمیان ''بسم اللہ الرحمٰن'' کی سطر نہیں لکھی ہے۔ میں نے انہیں سات طویل سورتوں میں شامل کر دیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْوَحْيِ لَمْ يَنْقَطِعُ عَنْ صَفِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَنْ اَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنَ الدُّنْيَا اِلٰى جَنَّتِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کے نزول کا سلسلہ اس وقت تک منقطع نہیں ہوا جب تک اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا سے جنت کی طرف نہیں لے گیا

44 - حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ

(متن حدیث): قَالَ اَتَاهُ رَجُلٌ وَاَنَا اَسْمَعُ فَقَالَ يَا اَبَا بَكْرٍ كَمِ انْقَطَعَ الْوَحْيُ عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهٖ فَقَالَ مَا سَاَلَنِيْ عَنْ هٰذَا اَحَدٌ مُذْ وَعَيْتُهَا مِنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: لَقَدْ قُبِضَ مِنَ الدُّنْيَا وَهُوَ اَكْثَرَ مِمَّا كَانَ. (5:48)

عبدالرحمٰن بن اسحاق بیان کرتے ہیں: ایک شخص زہری کے پاس آیا میں اس وقت سن رہا تھا اس نے کہا: اے ابوبکر! (یعنی ابن شہاب زہری) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے پہلے وحی کا سلسلہ کتنا عرصہ پہلے منقطع ہوا تھا؟ تو زہری نے جواب دیا: جب سے میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زبانی یہ بات سنی ہے اس کے بعد کسی نے مجھ سے اس بارے میں دریافت نہیں کیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ بات بتائی تھی کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو (وصال سے کچھ عرصہ پہلے) آپ پر زیادہ وحی نازل ہوتی رہی۔

44- إسناده صحيح على شرط مسلم. خالد: هو ابن عبد الله الطحان الواسطي. وأخرجه أحمد 3/236، والبخاري 4982 في فضائل القرآن: باب كيف نزل الوحي، ومسلم 3016 في التفسير، والنسائي في فضائل القرآن 8 أربعتهم من طريق يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رضي الله عنه: أن الله تابع الوحي على رسوله صلى الله عليه وآله وسلم قبل وفاته، حتى توفاه أكثر ما كان الوحي، ثم توفي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بعد. واللفظ للبخاري.

3- کِتَابُ الْإِسْرَاءِ

(کتاب: واقعہ معراج کے بارے میں روایات)

ذِكْرُ رُكُوبِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبُرَاقَ وَاِتْيَانِهٖ عَلَيْهِ بَيْتَ الْمَقْدِسِ مِنْ مَّكَّةَ فِيْ بَعْضِ اللَّيْلِ

نبی اکرم ﷺ کے براق پر سوار ہونے اور رات کے کچھ حصے میں مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تک تشریف لے جانے کا تذکرہ

45- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ حُذَيْفَةَ فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ يَا اَصْلَعُ؟ قُلْتُ: اَنَا زِرُّ بْنُ حُبَيْشٍ حَدِّثْنِيْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ حِيْنَ اُسْرِيَ بِهٖ قَالَ: مَنْ اَخْبَرَكَ بِهٖ يَا اَصْلَعُ؟ قُلْتُ: الْقُرْآنُ قَالَ: الْقُرْآنُ؟ فَقَرَاْتُ: (سُبْحَانَ الَّذِيْ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ مِنَ اللَّيْلِ) وَهٰكَذَا هِيَ قِرَاءَةُ عَبْدِ اللّٰهِ اِلٰى قَوْلِهٖ: (اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ) فَقَالَ: هَلْ تَرَاهُ صَلّٰى فِيْهِ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: اِنَّهٗ اُتِيَ بِدَابَّةٍ قَالَ حَمَّادٌ وَصَفَهَا عَاصِمٌ لَا اَحْفَظُ صِفَتَهَا قَالَ: فَحَمَلَهٗ عَلَيْهَا جِبْرِيْلُ اَحَدُهُمَا رَدِيْفُ صَاحِبِهٖ فَانْطَلَقَ مَعَهٗ مِنْ لَيْلَتِهٖ حَتّٰى اَتٰى بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَاُرِيَ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ رَجَعَا عَوْدَهُمَا عَلٰى بَدْئِهِمَا فَلَمْ يُصَلِّ فِيْهِ وَلَوْ صَلّٰى لَكَانَتْ سُنَّةً. (3:2)

❁❁ زر بن حبیش بیان کرتے ہیں: میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' انہوں نے دریافت کیا: اے آگے سے گنجے! تم کون ہو؟ میں نے جواب دیا: میں زر بن حبیش ہوں۔ آپ مجھے بیت المقدس میں معراج کی رات نبی اکرم ﷺ کی نماز

45-یعنی عبد الله بن مسعود، والتلاوة ليلًا وهو الوارد فی مصادر التخريج. 2 إسناده حسن من أجل عاصم، فإن حديثه لا يرتقی إلى الصحة، وأخرجه الطيالسی 411 ومن طريقه البيهقی فی دلائل النبوة 2/364 عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِيْ النجود، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبی شيبة 11/460، 461 و14/306 عن عفان، وأحمد 5/392 و394 عن يونس، كلاهما عن حماد بن سلمة، عن عاصم، به. وأخرجه أحمد 5/ 387 من طريق شيبان، والترمذی 3147 فی تفسير سورة الإسراء، من طريق مسعر، والنسائی فی التفسير كما فی التحفة 3/31، والطبری 15/15 من طريق سفيان، ثلاثتهم عن عاصم، به. وصححه الحاكم 2/359 من طريق أبی بكر بن عياش، عن عاصم، به، ووافقه الذهبی.

کے بارے میں بتائیے' تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے آگے سے گنجے! تمہیں اس بارے میں کس نے بتایا ہے؟ میں نے جواب دیا: قرآن نے۔ انہوں نے جواب دیا: کیا قرآن نے؟ تو میں نے یہ آیت پڑھ دی:

''پاک ہے وہ ذات جو لے گئی اپنے بندے کو رات کے ایک حصے میں''۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرأت اسی طرح ہے یہ آیت یہاں تک ہے:

''بے شک وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔''

انہوں نے دریافت کیا: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں نماز ادا کی تھی؟ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔

انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک جانور لایا گیا' یہاں حماد نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے' عاصم نامی راوی نے اس کا حلیہ بھی بیان کیا تھا' لیکن مجھے اس کا حلیہ یاد نہیں رہا۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر سوار کروایا ان دونوں میں سے ایک صاحب دوسرے کے پیچھے بیٹھ گئے۔

تو وہ جانور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر اسی رات روانہ ہوا' یہاں تک کہ وہ بیت المقدس آ گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمانوں اور زمین میں موجود چیزیں دکھائی گئیں' پھر یہ دونوں صاحبان واپس آ گئے' یہ جس طرح گئے تھے اسی طرح واپس آ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں نماز ادا نہیں کی۔ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (وہاں) نماز ادا کر لیتے' تو یہ بات سنت ہوتی۔

ذِكْرُ اسْتِصْعَابِ الْبُرَاقِ عِنْدَ اِرَادَةِ رُكُوبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے براق پر سوار ہونے کے وقت براق کے شوخی کرنے کا تذکرہ

46 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْعَبَّاسِ السَّامِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِالْبُرَاقِ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ مُسْرَجًا مُلْجَمًا لِيَرْكَبَهُ فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ جِبْرِيْلُ: مَا يَحْمِلُكَ عَلٰى هٰذَا فَوَاللّٰهِ مَا رَكِبَكَ اَحَدٌ اَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنْهُ قَالَ فَارْفَضَّ عَرَقًا. (3:2)

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جس رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کروائی گئی' اس رات آپ کے پاس براق لایا گیا' جس پر زین رکھی ہوئی تھی اور اس کی لگام ڈالی گئی تھی تا کہ آپ اس پر سوار ہو جائیں۔

اس پر سوار ہونے میں آپ کو دشواری محسوس ہوئی (یعنی براق نے اچھلنا شروع کر دیا)

46– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في مصنف عبد الرزاق ومن طريقه أخرجه أحمد 3/164، والترمذي 3131 في التفسير، والطبري 15/12 في تفسيره، والبيهقي في دلائل النبوة 2/362–363، والآجري في الشريعة ص488–489.

تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس سے کہا: تم ایسا کیوں کر رہے ہو؟ اللہ کی قسم! تمہارے اوپر ایسا کوئی شخص سوار نہیں ہوا' جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان (یعنی نبی اکرم ﷺ) سے زیادہ معزز ہو۔

راوی بیان کرتے ہیں' تو براق کو پسینہ آگیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ جِبْرِيْلَ شَدَّ الْبُرَاقَ بِالصَّخْرَةِ عِنْدَ اِرَادَةِ الْاِسْرَاءِ

اس بات کا بیان کہ معراج کی رات حضرت جبرائیل علیہ السلام نے بیت المقدس کے پاس براق کو پتھر کے ساتھ باندھ دیا تھا

47 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ المتوكل المقرىء حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ جُنَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):لَمَّا كَانَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ انْتَهَيْتُ اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَخَرَقَ جِبْرِيْلُ الصَّخْرَةَ بِاِصْبَعِهٖ وَشَدَّ بِهَا الْبُرَاقَ. (3:2)

❀❀ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس رات مجھے معراج کروائی گئی' میں بیت المقدس پہنچا' تو جبرائیل علیہ السلام نے اپنی انگلی کے ذریعے بڑے پتھر میں موجود سوراخ کو کھولا اور اس کے ساتھ براق کو باندھ دیا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْاِسْرَاءِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

(معراج کی رات) نبی اکرم ﷺ کے بیت المقدس سے آگے سفر کرنے کا تذکرہ

48 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ

(متن حدیث):اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ عَنْ لَيْلَةِ اُسْرِيَ بِهٖ قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا فِي الْحَطِيْمِ وَرُبَّمَا قَالَ فِي الْحِجْرِ اِذْ اَتَانِيْ اٰتٍ فَشَقَّ مَا بَيْنَ هٰذِهٖ اِلٰى هٰذِهٖ فَقُلْتُ لِلْجَارُوْدِ وَهُوَ اِلٰى جَنْبِيْ مَا يَعْنِيْ بِهٖ قَالَ مِنْ ثُغْرَةِ نَحْرِهٖ اِلٰى شِعْرَتِهٖ فَاسْتَخْرَجَ قَلْبِيْ ثُمَّ اُتِيْتُ بطست من ذهب مَمْلُوْءًا اِيْمَانًا وَحِكْمَةً فَغُسِلَ قَلْبِيْ ثُمَّ حُشِيَ ثُمَّ اُتِيْتُ بِدَابَّةٍ دُوْنَ الْبَغْلِ وَفَوْقَ الْحِمَارِ اَبْيَضَ فَقَالَ لَهُ الْجَارُوْدُ: هُوَ الْبُرَاقُ يَا اَبَا حَمْزَةَ؟ قَالَ اَنَسٌ: نَعَمْ يَقَعُ خَطْوُهٗ عِنْدَ اَقْصٰى طَرْفِهٖ فَحُمِلْتُ عَلَيْهِ، فَانْطَلَقَ بِيْ جِبْرِيْلُ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ الدُّنْيَا فَاسْتَفْتَحَ فَقِيْلَ: مَنْ

47–وأخرجه البزار في مسنده فيما ذكره ابن كثير في تفسيره 5/18 من طريق عبد الرحمٰن بن المتوكل، ويعقوب بن إبراهيم، قالا حدثنا أبو تميلة، به. وأخرجه الترمذي 3132 في التفسير: باب ومن سورة بني إسرائيل، والحاكم 2/360 من طريقين، عن أبي تميلة بن واضح، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: حديث حسن غريب، وهو كما قال، وصححه الحاكم 2/360، ووافقه الذهبي.

هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ قِيْلَ: وَمَنْ مَّعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ: وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا فِيْهَا اٰدَمُ فَقَالَ: هٰذَا اَبُوْكَ اٰدَمُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْاِبْنِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ قِيْلَ: وَمَنْ مَّعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ قِيْلَ: وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قِيْلَ: مرحبا به فنعم المجيء جاء ففتح لما خَلَصْتُ اِذَا يَحْيَى وَعِيْسٰى وَهُمَا ابْنَا خَالَةٍ قَالَ: هٰذَا يَحْيَى وَعِيْسٰى فَسَلِّمْ عَلَيْهِمَا فَسَلَّمْتُ فَرَدَّا ثُمَّ قَالَا: مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: وَمَنْ مَّعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ: وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا يُوْسُفُ قَالَ: هذا يوسف فسلمت عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ الرَّابِعَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ قِيْلَ: وَمَنْ مَّعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ: اَوَ قَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا اِدْرِيْسُ قَالَ: هٰذَا اِدْرِيْسُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ الْخَامِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ قِيْلَ: وَمَنْ مَّعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ: وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا هَارُوْنُ قَالَ: هٰذَا هَارُوْنُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ السَّادِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ قِيْلَ: وَمَنْ مَّعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ: اَوَ قَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا مُوْسٰى قَالَ: هٰذَا مُوْسٰى فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ فَلَمَّا تَجَاوَزْتُ بَكٰى قِيْلَ لَهٗ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ: اَبْكِيْ لِاَنَّ غُلَامًا بُعِثَ بَعْدِيْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِهٖ اَكْثَرُ مِمَّنْ يَّدْخُلُهَا مِنْ اُمَّتِيْ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ السَّابِعَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ قِيْلَ: وَمَنْ مَّعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ: وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ: هٰذَا اَبُوْكَ اِبْرَاهِيْمُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْاِبْنِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ رُفِعْتُ اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى فَاِذَا نَبِقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ وَاِذَا وَرَقُهَا مِثْلُ اٰذَانِ الْفِيَلَةِ قَالَ: هٰذِهٖ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى وَاِذَا اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ نَهْرَانِ بَاطِنَانِ وَنَهْرَانِ ظَاهِرَانِ فَقُلْتُ: مَا هٰذَا يَا جِبْرِيْلُ؟ قَالَ: اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَهْرَانِ فِي الْجَنَّةِ وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيْلُ وَالْفُرَاتُ ثُمَّ رُفِعَ لِيَ الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ قَالَ قَتَادَةُ: وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهٗ رَاَى الْبَيْتَ الْمَعْمُوْرَ وَيَدْخُلُهٗ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ ثُمَّ لَا يَعُوْدُوْنَ فِيْهِ . ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ

اَنَسٍ: ثُمَّ اُتِيْتُ بِاِنَاءٍ مِّنْ خَمْرٍ وَاِنَاءٍ مِّنْ لَبَنٍ وَاِنَاءٍ مِّنْ عَسَلٍ فَاَخَذْتُ اللَّبَنَ فَقَالَ: هٰذِهِ الْفِطْرَةُ اَنْتَ عَلَيْهَا وَاُمَّتُكَ ثُمَّ فُرِضَتْ عَلَيَّ الصَّلَاةُ خَمْسِينَ صَلَاةً فِيْ كُلِّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ فَمَرَرْتُ عَلٰى مُوْسٰى فَقَالَ: بِمَ اُمِرْتَ؟ قَالَ: اُمِرْتُ بِخَمْسِينَ صَلَاةً كُلَّ يَوْمٍ قَالَ: اِنَّ اُمَّتَكَ لَا تَسْتَطِيْعُ خَمْسِينَ صَلَاةً كُلَّ يَوْمٍ وَاِنِّيْ قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَكَ وَعَالَجْتُ بَنِيْ اِسْرَائِيلَ اَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسَلْهُ التَّخْفِيفَ لِاُمَّتِكَ فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ مِثْلَهٗ فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فقال مثله فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ مِثْلَهٗ فَرَجَعْتُ فَاُمِرْتُ بِعَشْرِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ مِثْلَهٗ فَرَجَعْتُ فَاُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ بِمَ اُمِرْتَ؟ قَالَ: اُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ قَالَ: اِنَّ اُمَّتَكَ لَا تَسْتَطِيْعُ خَمْسَ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ وَاِنِّيْ قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَكَ وَعَالَجْتُ بَنِيْ اِسْرَائِيلَ اَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسَلْهُ التَّخْفِيفَ لِاُمَّتِكَ قَالَ: قُلْتُ: سَاَلْتُ رَبِّيْ حَتّٰى اسْتَحْيَيْتُ لٰكِنِّيْ اَرْضٰى وَاُسَلِّمُ فَلَمَّا جَاوَزْتُ نَادَانِيْ مُنَادٍ اَمْضَيْتُ فَرِيضَتِيْ وَخَفَّفْتُ عَنْ عِبَادِيْ. (3:2)

۞۞ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو واقعہ معراج کے بارے میں بتایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک دن میں حطیم میں سویا ہوا تھا۔

(راوی نے بعض اوقات حطیم کے لئے لفظ حجر استعمال کیا ہے)

اسی دوران ایک شخص میرے پاس آیا اور اس نے مجھے یہاں سے لے کے یہاں تک چیر دیا۔

(راوی کہتے ہیں) جارود جو میرے پہلو میں موجود تھے۔ میں نے ان سے دریافت کیا: اس سے مراد کیا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: گلے کے نیچے سے لے کر اور زیرِ ناف بال اگنے کی جگہ تک (کے حصے کو چیر دیا)

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) پھر اس نے میرا دل نکالا' پھر سونے سے بنا ہوا ایک طشت لایا گیا' جو ایمان اور حکمت سے بھرا

48- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخارى 3207 فى بدء الخلق، و 3393 و 3430 فى أحاديث الأنبياء ، و 3887 فى مناقب الأنصار، وابن منده فى الإيمان 717 ، والبيهقى فى دلائل النبوة 2/387، والبغوى 3752 كلهم من طريق هدبة بن خالد بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/208-209، وابن مندة 717، من طريق عفان بن مسلم، وأبو عوانة فى مسنده 1/120 من طريق عمرو بن عاصم، وابن منده أيضاً من طريق عمران بن موسى، ثلاثتهم عن همام بن يحيى به. وأخرجه ابن أبى شيبة 14/305، وأحمد 4/210، ومسلم 164 فى الإيمان: باب الإسراء برسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إلى السموات، والبخارى 3207 ، والترمذى 3346 فى التفسير، والنسائى فى التفسير كما فى التحفة 8/364، وأبو عوانة فى مسنده 1/116و120، والبيهقى فى دلائل النبوة 2/373-377، وابن مندة فى الإيمان 716 من طرق عن سعيد بن أبى عروبة، عن قتادة، عن أنس. وأخرجه البخارى 3207 ومسلم 164 265 والنسائى 1/217-223 فى الصلاة: باب فرض الصلاة، والبيهقى فى دلائل النبوة 2/377، وأبو عوانة فى مسنده 1/116، وابن مندة فى الإيمان 715 من طرق عن هشام الدستوائى، عن قتادة عن أنس. وأخرجه أبو عوانة 1/125، وابن منده 718 من طريق شيبان بن عبد الرحمٰن النحوى، وأبى عوانة، كلاهما عن قتادة به. وأخرجه ابن أبى شيبة 14/302، ومسلم 162 فى الإيمان، وأبو عوانة 1/125 و126 من طريق حماد بن سلمة، عن ثابت البنانى، عن أنس وأخرجه البخارى 7517 فى التوحيد من طريق عبد العزيز بن عبد الله، وأبو عوانة 1/125 و135

ہوا تھا' پھر میرے دل کو دھویا گیا' پھر اسے (اپنی جگہ پر رکھ کر) سی دیا گیا)۔

پھر میرے پاس ایک جانور لایا گیا؟ جو خچر سے کچھ چھوٹا تھا' اور گدھے سے کچھ بڑا تھا۔ وہ سفید رنگ کا تھا' تو جارود نے ان سے کہا: اے ابوحمزہ! وہ براق تھا؟ حضرت انس نے فرمایا: جی ہاں۔

جہاں تک نگاہ جاتی ہے' وہاں تک اس کا ایک قدم ہوتا تھا۔

(نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فرماتے ہیں:) مجھے اس پر سوار کیا گیا' جبرائیل علیہ السلام مجھے ساتھ لے کر آسمان دنیا کی طرف آئے' انہوں نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا دریافت کیا گیا: کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جبرائیل۔

دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد دریافت کیا گیا: انہیں بلایا گیا ہے؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: جی ہاں۔

تو یہ کہا گیا: انہیں خوش آمدید! وہ کتنے اچھے آنے والے ہیں' جو تشریف لائے ہیں اور دروازہ کھول دیا گیا' جب میں وہاں پہنچا' تو وہاں حضرت آدم علیہ السلام موجود تھے' جبرائیل علیہ السلام نے بتایا: یہ آپ کے جد امجد حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ آپ انہیں سلام کیجئے' میں نے انہیں سلام کیا' انہوں نے سلام کا جواب دیا اور پھر بولے: نیک بیٹے اور نیک نبی کو خوش آمدید۔

پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے ساتھ لے کر دوسرے آسمان پر آئے' انہوں نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا۔ دریافت کیا گیا: کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جبرائیل۔

دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ دریافت کیا گیا: کیا انہیں بلوایا گیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں' تو یہ کہا گیا: انہیں خوش آمدید یہ کتنے اچھے تشریف لانے والے شخص ہیں' جو تشریف لائے ہیں' پھر دروازہ کھول دیا گیا۔

جب میں وہاں پہنچا' تو وہاں حضرت یحییٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام موجود تھے یہ دونوں خالہ زاد بھائی ہیں۔

جبرائیل علیہ السلام نے بتایا: یہ حضرت یحییٰ علیہ السلام اور یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں آپ ان دونوں کو سلام کیجئے' میں نے انہیں سلام کیا' تو ان دونوں حضرات نے جواب دیا: پھر دونوں نے کہا: نیک بھائی اور نیک نبی کو خوش آمدید۔

پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے ساتھ لے کر تیسرے آسمان کی طرف گئے اور دروازہ کھولنے کے لئے کہا' تو دریافت کیا گیا: کون ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جبرائیل! دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دریافت کیا گیا: کیا انہیں بلوایا گیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ تو کہا گیا' انہیں خوش آمدید! یہ کتنے اچھے تشریف لانے والے ہیں' جو تشریف لائے ہیں۔ پھر دروازہ کھول دیا گیا' جب میں وہاں پہنچا' تو وہاں حضرت یوسف علیہ السلام موجود تھے۔ جبرائیل علیہ السلام نے کہا: یہ حضرت یوسف علیہ السلام ہیں۔ آپ انہیں سلام کیجئے' میں نے انہیں سلام کیا' انہوں نے سلام کا جواب دیا: پھر انہوں نے کہا: نیک بھائی اور نیک نبی کو سلام۔

پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے ساتھ لے کر چوتھے آسمان پر آئے۔ انہوں نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا' تو دریافت کیا گیا:

کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جبرائیل۔ دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد ﷺ۔

دریافت کیا گیا: کیا انہیں بلوایا گیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

تو یہ کہا گیا: انہیں خوش آمدید! یہ کتنے اچھے تشریف لانے والے ہیں' جو تشریف لائے ہیں' پھر دروازہ کھول دیا گیا۔

جب میں وہاں پہنچا' تو وہاں حضرت ادریس علیہ السلام موجود تھے' جبرائیل علیہ السلام نے بتایا: یہ حضرت ادریس علیہ السلام ہیں' آپ انہیں سلام کیجئے۔

میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے سلام کا جواب دیا اور پھر ارشاد فرمایا: نیک بھائی اور نیک نبی کو خوش آمدید۔

پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے ساتھ لے کر پانچویں آسمان پر آئے۔ انہوں نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا' تو دریافت کیا گیا: کون ہے؟ میں نے جواب دیا: جبرائیل' دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد ﷺ، دریافت کیا گیا: کیا انہیں بلوایا گیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ تو یہ کہا گیا: انہیں خوش آمدید! یہ کتنے اچھے آنے والے ہیں' جو تشریف لائے ہیں' پھر دروازہ کھول دیا گیا' جب میں وہاں پہنچا' تو وہاں حضرت ہارون علیہ السلام موجود تھے۔

جبرائیل علیہ السلام نے بتایا: یہ حضرت ہارون علیہ السلام ہیں۔ آپ انہیں سلام کیجئے۔ میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے سلام کا جواب دیا' پھر انہوں نے ارشاد فرمایا: نیک بھائی اور نیک نبی کو خوش آمدید۔

پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے ساتھ لے کر چھٹے آسمان پر آئے' انہوں نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا' تو دریافت کیا گیا: کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جبرائیل۔

دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟

انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد ﷺ۔

دریافت کیا گیا: کیا انہیں بلوایا گیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں' تو کہا گیا: انہیں خوش آمدید!

یہ کتنے اچھے تشریف لانے والے ہیں' جو تشریف لائے ہیں' پھر دروازہ کھول دیا گیا' جب میں وہاں پہنچا' تو وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام موجود تھے' جبرائیل علیہ السلام نے کہا: یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ آپ انہیں سلام کیجئے میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے سلام کا جواب دیا' پھر انہوں نے ارشاد فرمایا: نیک بھائی اور نیک نبی کو خوش آمدید۔

جب میں وہاں سے آگے بڑھا تو وہ رونے لگے' ان سے دریافت کیا گیا: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا۔ میں اس لئے رو رہا ہوں کہ یہ نوجوان جو میرے بعد مبعوث ہوئے ہیں' ان کی اُمت کے افراد' میری امت کے مقابلے میں' زیادہ تعداد میں جنت میں داخل ہوں گے۔

پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے ساتھ لے کر ساتویں آسمان کی طرف چڑھ گئے۔ انہوں نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا؟ تو دریافت کیا گیا: کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جبرائیل۔ دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد ﷺ۔

دریافت کیا گیا: کیا انہیں بلوایا گیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا گیا: جی ہاں! پھر یہ کہا گیا: انہیں خوش آمدید! یہ کتنے اچھے تشریف لانے والے ہیں، جو تشریف لائے ہیں۔

پھر دروازہ کھول دیا گیا' جب میں وہاں پہنچا' تو وہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام موجود تھے۔ جبرائیل علیہ السلام نے بتایا: یہ آپ کے جدامجد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں آپ انہیں سلام کیجئے۔

میں نے انہیں سلام کیا۔ انہوں نے سلام کا جواب دیا' پھر ارشاد فرمایا: نیک بیٹے اور نیک نبی کو خوش آمدید۔

پھر مجھے سدرۃ المنتہیٰ کی طرف بلند کیا گیا' تو اس کا پھل ''حجر'' کے مٹکوں جتنا بڑا تھا' اور اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی مانند تھے۔ جبرائیل علیہ السلام نے یہ بتایا: یہ سدرۃ المنتہیٰ ہے۔

وہاں چار نہریں موجود تھیں دو نہریں باطنی تھیں اور دو ظاہری تھیں۔

میں نے دریافت کیا: اے جبرائیل علیہ السلام یہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جہاں تک دو باطنی نہروں کا تعلق ہے' تو یہ جنت کی دو نہریں ہیں اور جہاں تک دو ظاہری نہروں کا تعلق ہے' تو یہ دریائے نیل اور دریائے فرات ہیں۔

پھر مجھے بیت المعمور کی طرف اٹھایا گیا۔

یہاں قتادہ نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: حسن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت المعمور کو دیکھا ہے۔ اس میں روزانہ ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں اور وہ دوبارہ کبھی اس میں داخل نہیں ہوتے۔

اس کے بعد قتادہ واپس حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی طرف آ گئے' جس میں یہ الفاظ ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

پھر میرے سامنے شراب کا ایک برتن' دودھ کا ایک برتن اور شہد کا ایک برتن لایا گیا' تو میں نے دودھ لے لیا' تو جبرائیل علیہ السلام نے کہا: یہ وہ فطرت ہے' جس پر آپ اور آپ کی امت گامزن رہیں گے' پھر مجھ پر پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔

جب میں واپس آیا' تو میرا گزر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے ہوا' تو انہوں نے دریافت کیا: آپ کو کس بات کا حکم دیا گیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: مجھے روزانہ پچاس نمازیں ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: آپ کی اُمت روزانہ پچاس نمازیں ادا نہیں کر سکے گی' میں آپ سے پہلے لوگوں کا تجربہ کر چکا ہوں اور میں نے بنی اسرائیل کا پورا تجربہ کیا ہے۔

آپ اپنے پروردگار کے پاس واپس جائیے اور اپنی اُمت کے لئے تخفیف کی درخواست کیجئے' میں واپس آیا (یہ درخواست کی) تو اللہ تعالیٰ نے اس میں سے دس نمازیں معاف کر دیں۔

پھر میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے اسی کی مانند بات کہی۔ میں پھر واپس آیا تو اللہ تعالیٰ نے (مزید) دس نمازیں معاف کر دیں۔ پھر میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے اسی کی مانند بات کہی۔ میں

پھر واپس آیا تو اللہ تعالیٰ نے (مزید) دس نمازیں معاف کردیں۔ پھر میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے اسی کی مانند بات کہی۔ میں واپس گیا تو مجھے روزانہ دس نمازیں ادا کرنے کا حکم ہوا۔

میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے اسی کی مانند بات کہی۔ میں پھر واپس آیا تو مجھے روزانہ پانچ نمازیں ادا کرنے کا حکم ملا۔

میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا انہوں نے دریافت کیا: آپ کو کس بات کا حکم دیا گیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: مجھے روزانہ پانچ نمازیں ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: آپ کی اُمت روزانہ پانچ نمازیں ادا نہیں کر سکے گی۔ میں آپ سے پہلے لوگوں کو آزما چکا ہوں اور بنی اسرائیل کا پورا تجربہ کر چکا ہوں۔

آپ اپنے پروردگار کے پاس واپس جائیے اور اپنی اُمت کے لئے مزید تخفیف کی درخواست کیجئے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: میں نے کہا: میں نے اپنے پروردگار سے اتنی درخواست کی کہ اب مجھے حیا آتی ہے۔

میں راضی ہوں اور میں اسے تسلیم کرتا ہوں۔

جب میں وہاں سے آگے گزرا تو کسی پکارنے والے نے پکار کر کہا: میں نے اپنے فریضے کو برقرار رکھا اور اپنے بندوں پر تخفیف کردی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے بہت سے لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے منقول اس روایت کی متضاد ہے جسے ہم ذکر کر چکے ہیں

49 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَرَرْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِي عَلٰى مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ يُصَلِّي فِي قَبْرِهِ . (3:2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''معراج کی رات جب میرا گزر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے ہوا تو وہ اپنی قبر میں نماز ادا کر رہے تھے''۔

49- إسناده صحيح على شرط البخاري، وأخرجه مسلم 2375 165 في الفضائل: باب من فضائل موسى صلى الله عليه وآله وسلم، والنسائي 3/216في قيام الليل: باب ذكر صلاة نبي الله موسى عليه السلام وذكر الاختلاف على سليمان التيمي فيه، كلاهما من طريق علي بن خشرم، عن عيسى بن يونس به . وأخرجه أحمد 3/120 من طريق وكيع، عن سفيان، عن سليمان التيمي، به . وأخرجه مسلم والنسائي من طرق أخرى عن سليمان التيمي، به . وأخرجه البغوي 3760 من طريق عمر بن حبيب القاضي، عن سليمان التيمي، به. وسيرد المؤلف في الرواية التالية من طريق ثابت البناني عن أنس.

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِىْ فِيهِ رَاَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوْسٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى فِىْ قَبْرِهٖ

اس جگہ کا تذکرہ جہاں مصطفیٰ کریم ﷺ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی قبر میں نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا تھا

50 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا هُدْبَةُ وَشَيْبَانُ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَرَرْتُ بِمُوْسٰى لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِىْ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّى فِىْ قَبْرِهٖ عِنْدَ الْكَثِيْبِ الْاَحْمَرِ. (3:2)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا قَادِرٌ عَلٰى مَا يَشَاءُ رُبَّمَا يَعِدُ الشَّىْءَ لِوَقْتٍ مَعْلُوْمٍ ثُمَّ يَقْضِى كَوْنَ بَعْضِ ذٰلِكَ الشَّىْءِ قَبْلَ مَجِيْءِ ذٰلِكَ الْوَقْتِ كَوَعْدِهٖ اِحْيَاءَ الْمَوْتٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجَعْلِهٖ مَحْدُوْدًا ثُمَّ قَضٰى كَوْنَ مِثْلِهٖ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ مِثْلَ مَنْ ذَكَرَهُ اللّٰهُ وَجَعَلَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِىْ كِتَابِهٖ حَيْثُ يَقُوْلُ: (اَوْ كَالَّذِىْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا قَالَ اَنّٰى يُحْيِىْ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالَ بَلْ لَبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ (البقرة: 259) وكإحياء الله جل وعلا لعيسى بن مَرْيَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بَعْضَ الْاَمْوَاتِ.

فَلَمَّا صَحَّ وجودُ كَوْنِ هٰذِهِ الْحَالَةِ فِى الْبَشَرِ اِذَا اَرَادَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَمْ يُنْكَرْ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَحْيَا مُوْسٰى فِىْ قَبْرِهٖ حَتّٰى مَرَّ عَلَيْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِهٖ وَذَاكَ اَنَّ قَبْرَ مُوْسٰى بِمَدْيَنِ بَيْنَ الْمَدِيْنَةِ وَبَيْنَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَرَآهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ فِىْ قَبْرِهٖ اِذِ الصَّلَاةُ دُعَاءٌ فَلَمَّا دَخَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ الْمَقْدِسِ وَاُسْرِىَ بِهٖ اُسْرِىَ بِمُوْسٰى حَتّٰى رَآهُ فِى السَّمَاءِ السَّادِسَةِ وَجَرٰى بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ من الكرم مَا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهٗ وَكَذٰلِكَ رُؤْيَتُهٗ سَائِرَ الْاَنْبِيَاءِ الَّذِيْنَ فِىْ خَبَرِ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ.

فَاَمَّا قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ خَبَرِ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ: بَيْنَمَا اَنَا فِى الْحَطِيْمِ اِذْ اَتَانِىْ اٰتٍ فَشَقَّ مَا بَيْنَ هٰذِهٖ اِلٰى هٰذِهٖ فَكَانَ ذٰلِكَ لَهٗ فَضِيْلَةٌ فُضِّلَ بِهَا عَلٰى غَيْرِهٖ وَاَنَّهٗ مِنْ مُعْجِزَاتِ النُّبُوَّةِ اِذِ الْبَشَرُ اِذَا شُقَّ عَنْ مَّوْضِعِ الْقَلْبِ مِنْهُمْ ثُمَّ اسْتُخْرِجَ قُلُوْبُهُمْ مَاتُوْا.

وَقَوْلُهٗ: ثُمَّ حُشِىَ يُرِيْدُ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا حَشَا قَلْبَهُ الْيَقِيْنَ وَالْمَعْرِفَةَ الَّذِىْ كَانَ اسْتِقْرَارُهٗ فِىْ طَسْتِ الذَّهَبِ فَنُقِلَ اِلٰى قَلْبِهٖ.

50- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه ابن أبي شيبة في المصنف 14/307، 308، وأحمد 3/148و248، ومسلم 2375 164 في الفضائل: باب من فضائل موسى، والنسائي 3/215، في قيام الليل: باب ذكر صلاة نبي الله موسى عليه السلام، كلهم من طريق حماد بن سلمة، عن ثابت البناني وسليمان التيمي، عن أنس. وزاد السيوطي نسبته في الدر المنثور 4/150 إلى ابن مردويه والبيهقي، وانظر ما قبله.

ثُمَّ اُتِيَ بِدَابَّةٍ يُقَالُ لَهَا الْبُرَاقُ فَحُمِلَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَطِيمِ اَوِ الْحِجْرِ وَهُمَا جَمِيعًا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَانْطَلَقَ بِهٖ جِبْرِيْلُ حَتّٰى اَتٰى بِهٖ عَلٰى قَبْرِ مُوْسٰى عَلٰى حَسَبِ مَا وَصَفْنَاهُ ثُمَّ دَخَلَ مَسْجِدَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَخَرَقَ جِبْرِيْلُ الصَّخْرَةَ بِاِصْبَعِهٖ وَشَدَّ بِهَا الْبُرَاقَ ثُمَّ صَعِدَ بِهٖ اِلَى السَّمَاءِ.

ذِكْرُ شَدِّ الْبُرَاقِ بِالصَّخْرَةِ فِيْ خَبَرِ بُرَيْدَةَ وَرُؤْيَتِهٖ مُوْسٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِيْ قَبْرِهٖ لَيْسَا جَمِيْعًا فِيْ خَبَرِ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ.

فَلَمَّا صَعِدَ بِهٖ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا اسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَّعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ يُرِيْدُ بِهٖ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ لِيُسْرٰى بِهٖ اِلَى السَّمَاءِ لَا اَنَّهُمْ لَمْ يَعْلَمُوا بِرِسَالَتِهٖ اِلٰى ذٰلِكَ الْوَقْتِ لِاَنَّ الْاِسْرَاءَ كَانَ بَعْدَ نُزُوْلِ الْوَحْيِ بِسَبْعِ سِنِيْنَ فَلَمَّا فُتِحَ لَهٗ فَرَاٰى اٰدَمَ عَلٰى حَسَبِ مَا وَصَفْنَا قَبْلُ.

وَكَذٰلِكَ رُؤْيَتُهٗ فِي السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا وَعِيْسٰى بن مَرْيَمَ وَفِي السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ يُوْسُفَ بْنَ يَعْقُوْبَ وَفِي السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ اِدْرِيْسَ ثُمَّ فِي السَّمَاءِ الْخَامِسَةِ هَارُوْنَ ثُمَّ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ مُوْسٰى ثُمَّ فِي السَّمَاءِ السَّابِعَةِ اِبْرَاهِيْمَ اِذْ جَائِزٌ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَحْيَاهُمْ لِاَنْ يَّرَاهُمُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ اٰيَةً مُّعْجِزَةً يُسْتَدَلُّ بِهَا عَلٰى نُبُوَّتِهٖ عَلٰى حَسَبِ مَا اَصَّلْنَا قَبْلُ.

ثُمَّ رُفِعَ لَهٗ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى فَرَآهَا عَلَى الْحَالَةِ الَّتِيْ وَصَفَ.

ثُمَّ فُرِضَ عَلَيْهِ خَمْسُوْنَ صَلَاةً وَهٰذَا اَمْرُ ابْتِلَاءٍ اَرَادَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا ابْتِلَاءَ صَفِيِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ فَرَضَ عَلَيْهِ خَمْسِيْنَ صَلَاةً اِذْ كَانَ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ السَّابِقِ اَنَّهٗ لَا يَفْرِضُ عَلٰى اُمَّتِهٖ اِلَّا خَمْسَ صَلَوَاتٍ فَقَطْ فَاَمَرَهٗ بِخَمْسِيْنَ صَلَاةً اَمْرَ ابْتِلَاءٍ وَهٰذَا كَمَا نَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ يَاْمُرُ بِالْاَمْرِ يُرِيْدُ اَنْ يَّاْتِيَ الْمَاْمُوْرُ بِهٖ اِلٰى اَمْرِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُّرِيْدَ وُجُوْدَ كَوْنِهٖ كَمَا اَمَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا خَلِيْلَهٗ اِبْرَاهِيْمَ بِذَبْحِ ابْنِهٖ اَمَرَهٗ بِهٰذَا الْاَمْرِ اَرَادَ بِهِ الْاِنْتِهَاءَ اِلٰى اَمْرِهٖ دُوْنَ وُجُوْدِ كَوْنِهٖ فَلَمَّا اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ فَدَاهُ بِالذِّبْحِ الْعَظِيْمِ اِذْ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا كَوْنَ مَا اَمَرَ لَوَجَدَ ابْنَهٗ مَذْبُوْحًا فَكَذٰلِكَ فَرَضَ الصَّلَاةَ خَمْسِيْنَ اَرَادَ بِهِ الْاِنْتِهَاءَ اِلٰى اَمْرِهٖ دُوْنَ وُجُوْدِ كَوْنِهٖ فَلَمَّا رَجَعَ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ اُمِرَ بِخَمْسِيْنَ صَلَاةً كُلَّ يَوْمٍ اَلْهَمَ اللّٰهُ مُوْسٰى اَنْ يَّسْاَلَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمَا وَسَلَّمَ بِسُؤَالِ رَبِّهِ التَّخْفِيفَ لِاُمَّتِهٖ فَجَعَلَ جَلَّ وَعَلَا قَوْلَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ لَهٗ سَبَبًا لِبَيَانِ الْوُجُوْدِ لِصِحَّةِ مَا قُلْنَا اِنَّ الْفَرْضَ مِنَ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهٖ اَرَادَ اِتْيَانَهٗ خَمْسًا لَا خَمْسِيْنَ فَرَجَعَ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فَسَاَلَهٗ فَوَضَعَ عَنْهُ عَشْرًا وَهٰذَا اَيْضًا اَمْرُ ابْتِلَاءٍ اُرِيْدَ بِهِ الْاِنْتِهَاءُ اِلَيْهِ دُوْنَ وُجُوْدِ كَوْنِهٖ ثُمَّ جَعَلَ سُؤَالَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اِيَّاهُ سَبَبًا لِنَفَاذِ قَضَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِيْ سَابِقِ عِلْمِهٖ اَنَّ الصَّلَاةَ تُفْرَضُ عَلٰى هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَمْسًا لَا خَمْسِيْنَ حَتّٰى رَجَعَ فِي التَّخْفِيفِ اِلٰى خَمْسِ صَلَوَاتٍ ثُمَّ اَلْهَمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حِيْنَئِذٍ حَتّٰى قَالَ لِمُوْسٰى: قَدْ سَاَلْتُ رَبِّيْ حَتّٰى اسْتَحْيَيْتُ لٰكِنِّيْ اَرْضٰى وَاُسَلِّمُ، فَلَمَّا جَاوَزَ نَادَاهُ مُنَادٍ اَمْضَيْتُ فَرِيْضَتِيْ اَرَادَ بِهِ الْخَمْسَ صَلَوَاتٍ وَخَفَّفْتُ عَنْ عِبَادِيْ يُرِيْدُ عَنْ عِبَادِيْ مِنْ اَمْرِ الْاِبْتِلَاءِ الَّذِيْ اَمَرْتُهُمْ بِهٖ مِنْ خَمْسِيْنَ صَلَاةٍ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا.

وَجُمْلَةُ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ فِي الْاِسْرَاءِ رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجِسْمِهٖ عِيَانًا دُوْنَ اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ رُؤْيَا اَوْ تَصْوِيْرًا صُوِّرَ لَهٗ اِذْ لَوْ كَانَ لَيْلَةَ الْاِسْرَاءِ وَمَا رَاٰى فِيْهَا نَوْمًا دُوْنَ الْيَقَظَةِ لَاسْتَحَالَ ذٰلِكَ لِاَنَّ الْبَشَرَ قَدْ يَرَوْنَ فِي الْمَنَامِ السَّمَاوَاتِ وَالْمَلَائِكَةَ وَالْاَنْبِيَاءَ وَالْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَمَا اَشْبَهَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ فَلَوْ كَانَ رُؤْيَةُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفَ فِيْ لَيْلَةِ الْاِسْرَاءِ فِي النَّوْمِ دُوْنَ الْيَقَظَةِ لَكَانَتْ هٰذِهِ حَالَةٌ يَسْتَوِيْ فِيْهَا مَعَهُ الْبَشَرُ اِذْ هُمْ يَرَوْنَ فِيْ مَنَامَاتِهِمْ مِثْلَهَا وَاسْتَحَالَ فَضْلُهٗ وَلَمْ تَكُنْ تِلْكَ حَالَةً مُعْجِزَةً يُفَضَّلُ بِهَا عَلٰى غَيْرِهٖ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ اَبْطَلَ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ وَاَنْكَرَ قُدْرَةَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَاِمْضَاءَ حُكْمِهٖ لِمَا يُحِبُّ كَمَا يُحِبُّ جَلَّ رَبُّنَا وَتَعَالٰى عَنْ مِثْلِ هٰذَا وَاَشْبَاهِهٖ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''معراج کی رات میرا گزر حضرت موسیٰ علیہ السلام (کی قبر) کے پاس سے ہوا' تو وہ سرخ ٹیلے کے پاس اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز ادا کر رہے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اللہ تعالیٰ جو چاہے اس پر قدرت رکھتا ہے۔ بعض اوقات وہ کسی چیز کے بارے میں کسی متعین وقت کا وعدہ کر لیتا ہے پھر وہ یہ فیصلہ دیتا ہے کہ اس چیز کا کچھ حصہ اس مخصوص وقت کے آنے سے پہلے رونما ہو جائے۔

جس طرح اس نے یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ قیامت کے دن مردوں کو زندہ کرے گا' اور اس نے اس کے لئے ایک حد مقرر کی ہے۔

پھر اس نے یہ فیصلہ دیا کہ بعض حالتوں میں اس کی مانند صورتحال ہو سکتی ہے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے اس بات کا ذکر کیا ہے' اور اپنی کتاب میں یہ بات بیان کی ہے' وہ فرماتا ہے:

''یا پھر اس شخص کی مانند جو اس بستی کے پاس سے گزرا' جو ویران ہو چکی تھی' تو اس نے کہا اللہ تعالیٰ اس کے مر جانے کے بعد اسے کیسے زندہ کرے گا' تو اللہ تعالیٰ نے اسے ایک سو سال کے لئے موت دے دی پھر اس نے اسے زندہ کیا اور دریافت کیا تم کتنے عرصے تک (سوئے رہے) اس نے جواب دیا: میں نے ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ گزارا ہے' تو فرمایا: نہیں بلکہ تم نے ایک سو سال گزار دیے ہیں''۔

یہ آیت کے آخر تک ہے

یا جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے لئے بعض مردوں کو زندہ کر دیا تھا۔

تو جب بشر میں اس طرح کی حالت کا موجود ہونا صحیح ہو' جب اللہ تعالیٰ قیامت سے پہلے اس چیز کا ارادہ کرے' تو اب اس بات کا انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی قبر میں زندہ کیا یہاں تک کہ معراج کی رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے

پاس سے گزرے۔

اس کی وجہ یہ ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر مدینہ منورہ اور بیت المقدس کے درمیان ہے۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنی قبر میں دعا مانگتے ہوئے دیکھا' کیونکہ ''الصلوٰۃ'' سے مراد دعا مانگنا ہے تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت المقدس میں معراج کی رات داخل ہوئے' تو اسی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی سفر کروایا گیا یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چھٹے آسمان پر دیکھا ان کے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان بات چیت بھی ہوئی جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

اسی طرح حضرت مالک بن صعصہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں بھی جن تمام انبیاء کو دیکھنے کا تذکرہ ہے (اس سے بھی یہی مراد ہوگا)

جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا تعلق ہے' جو حضرت مالک بن صعصہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں ہے۔

''ایک مرتبہ میں حطیم میں موجود تھا اسی دوران ایک شخص میرے پاس آیا اس نے یہاں سے لے کر یہاں تک چیر دیا''۔

تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ایسی فضیلت ہے' جس کے حوالے سے آپ کو تمام دیگر لوگوں پر فضیلت دی گئی ہے' اور یہ نبوت کے معجزات میں سے ہے۔

کیونکہ جب کسی انسان کے دل کی جگہ کو چیر دیا جائے' اور اگر لوگوں کے دل کو نکال دیا جائے' تو وہ مر جاتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''پھر اسے سی دیا گیا''

اس سے مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے آپ کے دل کو یقین اور معرفت کے ساتھ سی دیا' جو سونے کے طشت میں موجود تھے اور انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک کی طرف منتقل کیا گیا۔

پھر ایک جانور لایا گیا جس کا نام براق تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ''حطیم'' یا ''حجر'' سے اس پر سوار کیا گیا یہ دونوں جگہیں مسجد حرام میں موجود نہیں۔

تو جبرائیل علیہ السلام آپ کو ساتھ لے کر آئے یہاں تک کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر کے پاس سے گزرے جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد بیت المقدس میں داخل ہوئے' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اپنی انگلی کے ذریعے اس پتھر کے (سوراخ کو کھول دیا)

اور براق کو اس کے ساتھ باندھ دیا پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر آسمان کی طرف بلند ہو گئے۔

بریدہ کے حوالے سے منقول روایت میں پتھر کے ساتھ براق کو باندھنے کا تذکرہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی قبر میں نماز ادا کرتے ہوئے دیکھنے کا تذکرہ' یہ دونوں چیزیں حضرت مالک بن صعصہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں نہیں ہیں۔

پھر جب حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر آسمان دنیا کی طرف بلند ہوئے' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا' تو دریافت کیا گیا: کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جبرائیل۔

دریافت کیا گیا آپ کے ساتھ کون ہے۔ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

دریافت کیا گیا کیا انہیں بلایا گیا ہے اس سے مراد یہ ہے: کیا انہیں یہ پیغام بھجوایا گیا ہے؟ تا کہ انہیں آسمان کی سیر کروائی جائے۔

اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ وہ لوگ اس وقت تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت سے واقف نہیں تھے۔

اس کی وجہ یہ ہے: واقعہ معراج' وحی کے نزول کے سات سال بعد پیش آیا تھا۔

جب دروازہ کھول دیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام کو دیکھا جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔

اسی طرح آپ کا دوسرے آسمان میں حضرت یحییٰ بن زکریا علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو دیکھنا۔

تیسرے آسمان میں حضرت یوسف بن یعقوب علیہ السلام کو دیکھنا۔

چوتھے آسمان میں حضرت ادریس علیہ السلام کو' پانچویں آسمان میں حضرت ہارون علیہ السلام کو' چھٹے آسمان میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو' ساتویں آسمان میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھنا یہ سب روایات میں مذکور ہے۔

ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو زندہ کیا ہو' تا کہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس رات میں ان لوگوں کو دیکھ لیں اور یہ چیز ایک معجزے والی نشانی بن جائے جس کے ذریعے آپ کی نبوت پر استدلال کیا جائے جس کا اصول ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سدرۃ المنتہیٰ تک بلند کیا گیا' تو آپ نے اس کو اس حالت میں دیکھا جس کا ذکر آپ نے کیا ہے۔

پھر آپ پر پچاس نمازیں فرض ہوئیں۔ یہ ایک حکم تھا' جو آزمائش میں مبتلا کرنے کے حوالے سے ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک آزمائش میں مبتلا کیا کہ آپ پر پچاس نمازیں فرض کی گئیں' کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علم سابق میں یہ بات موجود تھی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر صرف پانچ نمازیں فرض کرے گا' لیکن اس نے آپ کو آزمائش کے حکم کے طور پر پچاس نمازوں کا حکم دیا۔

بالکل اسی طرح جس طرح ہم یہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ ایک حکم دیتا ہے اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ اس مامور بہ کام کو بجا لایا جائے۔

اس سے یہ مراد نہیں ہوتی کہ وہ موجود بھی ہوگا' جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم دیا' تو انہیں اس بات کا حکم دیا گیا تھا۔

اس سے مراد اس کی انتہا تھی کہ اس کے حکم کی پیروی کی جائے اس سے یہ مراد نہیں تھا کہ حقیقی طور پر بھی ایسا ہی ہو جائے گا۔

تو جب ان دونوں نے اس حکم کو قبول کیا اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اپنی پیشانی رکھ دی' تو اللہ تعالیٰ نے اس کے فدیے کے طور پر ایک عظیم ذبیحہ دے دیا۔

کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ اس چیز کے ہونے کا ارادہ کرے جس کا اس نے حکم دیا ہے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے کو ذبح شدہ پاتے۔

اسی طرح پچاس نمازیں فرض کرنے کا حکم ہے کہ اس کے ذریعے حکم کی طرف رجوع کرنا مراد ہے اس کا موجود ہونا مراد نہیں ہے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس واپس تشریف لائے اور انہیں اس بارے میں بتایا کہ آپ پر روزانہ پچاس نمازیں پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ الہام کیا کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کریں کہ وہ اپنے پروردگار سے اپنی امت کے لیے تخفیف کی درخواست کریں تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہی گئی بات کو اس چیز کا سبب قرار دیا۔

تو اس سے ہماری کہی ہوئی یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کرنے کا ارادہ کیا تھا۔

پچاس نمازیں فرض کرنے کا ارادہ نہیں کیا تھا۔

پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس اللہ تعالیٰ کے پاس گئے اور اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست کی تو اللہ تعالیٰ نے دس نمازیں معاف کر دیں تو یہ حکم بھی آزمائش کا حکم تھا جس کے ذریعے مراد یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف رجوع کیا جائے اس سے یہ مراد نہیں تھی کہ یہ عملی طور پر موجود بھی ہوگا۔

پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنا اس بات کا سبب بنا کہ اللہ تعالیٰ کے فیصلے کو نافذ کیا جائے وہ فیصلہ جو اس کے علم میں پہلے سے تھا کہ نمازیں اس امت پر پانچ فرض ہوں گی۔ پچاس نمازیں فرض نہیں ہوں گی یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانچ نمازوں کی تخفیف کا حکم لے کر واپس تشریف لائے۔

تو اللہ تعالیٰ نے اپنی حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں یہ بات ڈال دی۔

یہاں تک کہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: میں نے اپنے پروردگار سے اتنی مرتبہ سوال کیا ہے: اب مجھے حیا آتی ہے۔

اب میں راضی ہوں اور اب میں تسلیم کرتا ہوں جب آپ آگے بڑھ گئے تو ایک منادی نے یہ اعلان کیا: میں نے اپنے فریضے کو جاری کر دیا ہے اس سے مراد پانچ نمازیں تھیں۔

اور میں نے اپنے بندوں پر تخفیف کر دی ہے اس سے مراد یہ ہے: میں نے اپنے بندوں سے آزمائش کے حکم کے حوالے سے تخفیف کر دی ہے جو میں نے انہیں یہ حکم دیا تھا کہ ان پر پچاس نمازیں فرض ہوں گی جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔ تو یہ تمام صورتیں معراج کی رات پیش آئیں جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جسم کے ساتھ دیکھا۔

یہ کوئی خواب یا تصور نہیں تھی جو آپ کے سامنے پیش کی گئی ہو۔

کیونکہ اگر معراج کی رات اور اس دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ دیکھا یہ نیند کی حالت میں ہوتا بیداری کی حالت میں نہ ہوتا تو یہ بات ناممکن ہے (کہ اسے معجزہ قرار دیا جائے) کیونکہ لوگ خواب میں آسمان فرشتے انبیاء جنت جہنم اور ان جیسی چیزوں

کو دیکھ لیتے ہیں۔

تو نبی اکرم ﷺ نے اگر یہ سب چیزیں خواب میں دیکھی ہوتیں بیداری کے عالم میں نہ دیکھی ہوتیں‘ تو اس حالت کے حوالے سے دوسرے لوگ بھی آپ کے ساتھ برابر کی حیثیت رکھتے۔

اور وہ بھی اس طرح کی چیزیں اپنے خواب میں دیکھ سکتے ہیں‘ تو اب نبی اکرم ﷺ کی فضیلت کا اظہار ممکن نہیں ہوتا۔

اور یہ حالت معجزہ شمار نہ ہوتی جس کے حوالے سے آپ کو دوسرے لوگوں پر فضیلت دی گئی ہے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے‘ جس نے ان روایات کو غلط قرار دیا ہے اس نے اللہ تعالیٰ کی قدرت کا انکار کیا ہے‘ اور اللہ تعالیٰ کے اپنے فیصلے کو نافذ کرنے کا انکار کیا ہے کہ وہ جس طرح چاہے‘ جو چاہے کرسکتا ہے۔

ہمارا پروردگار اس جیسی اور اس کے ساتھ مشابہت رکھنے والی چیزوں سے بلند و بالا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَاِبْرَاهِيْمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ حَيْثُ رَآهُمْ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِهٖ

معراج کی رات مصطفیٰ کریم ﷺ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جس کیفیت میں دیکھا‘ اس کا تذکرہ

51 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِىْ لَقِيْتُ مُوْسٰى رَجِلَ الرَّاْسِ كَاَنَّهٗ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ وَلَقِيْتُ عِيْسٰى فَاِذَا رَجُلٌ اَحْمَرُ كَاَنَّهٗ خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ يَعْنِىْ مِنْ حَمَّامٍ وَرَاَيْتُ اِبْرَاهِيْمَ وَاَنَا اَشْبَهُ وَلَدِهٖ بِهٖ فَاُتِيْتُ بِاِنَاءَيْنِ اَحَدُهُمَا خَمْرٌ وَالْاٰخَرُ لَبَنٌ فَقِيْلَ لِىْ خُذْ اَيَّهُمَا شِئْتَ فَاَخَذْتُ اللَّبَنَ فَقِيْلَ لِىْ هُدِيْتَ الْفِطْرَةَ اَمَا اِنَّكَ لَوْ اَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ اُمَّتُكَ. (3:2)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ‘ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

”جس رات مجھے معراج کروائی گئی‘ میری ملاقات حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ہوئی‘ وہ ایک ایسے فرد تھے‘ جن کے بال

51– إسناده صحيح . وأخرجه أبو عوانة 1/129 عن إسحاق بن إبراهيم، عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وهو في مصنف عبد الرزاق 5/329 آخر الحديث رقم 9719 ومن طريقه: أخرجه أحمد 2/ 282، والبخاري 3437 في الأنبياء : باب (وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ..) ، ومسلم 168 في الإيمان: باب الإسراء برسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، والترمذي 3130 في التفسير: باب ومن سورة الإسراء ، والبيهقي في دلائل النبوة 2/387، وابن منده 728 والطبري 15/12. وأخرجه البخاري 3394 في الأنبياء : باب هل أتاك حديث موسى، من طريق هشام بن يوسف، عن معمر به . وأخرجه البخاري 4709 في التفسير، و 5603 في الأشربة: باب شرب اللبن، والنسائي 8/312 في الأشربة: باب منزلة الخمر، من طريق يونس، عن الزهري، به.

گھنگھریالے نہیں تھے۔ یوں لگتا تھا' جیسے ان کا تعلق شنوءہ قبیلے سے ہو (یعنی وہ لمبے قد کے آدمی تھے)

میری ملاقات حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ہوئی' تو وہ سرخ رنگ کے مالک شخص تھے' یوں جیسے وہ ابھی حمام سے باہر آئے ہوں (یعنی ان کا جسم اور بال وغیرہ بھیگے ہوئے تھے)

میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا تو ان کی اولاد میں' میں سب سے زیادہ ان سے مشابہت رکھتا ہوں۔

میرے پاس دو برتن لائے گئے' جن میں ایک میں شراب تھی اور دوسرے میں دودھ تھا۔ مجھے کہا گیا: آپ ان دونوں میں سے جسے چاہے پی لیں' میں نے دودھ کو لے لیا' تو مجھ سے کہا گیا: آپ کی فطرت کی طرف رہنمائی کی گئی ہے۔ اگر آپ شراب لے لیتے' تو آپ کی اُمت گمراہ ہو جاتی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ هُدِيتَ الْفِطْرَةَ اَرَادَ بِهٖ اَنَّ جِبْرِيْلَ قَالَ لَهُ ذٰلِكَ

اس بات کا بیان کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "تو یہ کہا گیا: آپ کی فطرت کی طرف رہنمائی کی گئی"

اس سے مراد یہ ہے' حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ سے یہ بات کہی تھی

52 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ حَدَّثَنَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَلَبَنٍ فَنَظَرَ اِلَيْهِمَا ثُمَّ اَخَذَ اللَّبَنَ فَقَالَ لَهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: هُدِيْتَ الْفِطْرَةَ وَلَوْ اَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ اُمَّتُكَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جس رات نبی اکرم ﷺ کو معراج کروائی گئی' اس رات آپ کی خدمت میں شراب اور دودھ کے دو پیالے پیش کئے گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں کی طرف دیکھا' پھر آپ نے دودھ لے لیا' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ سے کہا: آپ کی فطرت کی طرف رہنمائی کی گئی ہے' اگر آپ شراب لے لیتے' تو آپ کی اُمت گمراہ ہو جاتی۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْخُطَبَاءِ الَّذِيْنَ يَتَّكِلُوْنَ عَلَى الْقَوْلِ دُوْنَ الْعَمَلِ حَيْثُ رَآهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ

ان خطیبوں کی حالت کا تذکرہ' جو صرف بات چیت پر تکیہ کئے رہتے ہیں اور عمل نہیں کرتے ہیں' تو معراج کی

52- إسناده صحيح. كثير بن عبيد المذحجي: ثقه وباقي السند على شرطهما. وأخرجه البخاري 5576 في الأشربة: باب قوله تعالى: (اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ ...)، والبيهقي في السنن 8/286 عن أبي اليمان، عن شعيب بن أبي حمزة، والنسائي 8/312 في الأشربة: باب منزلة الخمر، والبيهقي في دلائل النبوة 2/357 من طريقعبد الله بن المبارك، عن يونس، كلاهما عن الزهري، بهذا الإسناد.

رات میں نبی اکرم ﷺ نے انہیں کس حال میں دیکھا

53 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ حَدَّثَنَا الْمُغِيْرَةُ خَتَنُ مَالِكِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مَّالِكِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِىْ رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِضَ مِنْ نَارٍ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيْلُ فَقَالَ الْخُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ يَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ اَنْفُسَهُمْ وَهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتَابَ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ . (2:3)

توضیح مصنف: قَالَ الشَّيْخُ: رَوَى هٰذَا الْخَبَرَ اَبُوْ عَتَّابِ الدَّلَّالُ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ مَّالِكِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ وَوَهَمَ فِيْهِ لِاَنَّ يَزِيْدَ بْنَ زُرَيْعٍ اَتْقَنُ مِنْ مِّئَتَيْنِ مِنْ مِّثْلِ اَبِىْ عِتَابٍ وَذَوِيْهِ.

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"جس رات مجھے معراج کروائی گئی اس رات میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ آگ کی قینچیوں کے ذریعے ان کے ہونٹ کاٹے جارہے ہیں۔ میں نے دریافت کیا: اے جبرائیل! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: یہ آپ کی اُمت کے خطیب ہیں' جو لوگوں کو نیکی کی دعوت دیتے تھے اور خود کو بھول جاتے تھے' حالانکہ وہ لوگ کتاب کی تلاوت کرتے تھے' تو کیا یہ لوگ عقل نہیں رکھتے تھے؟

شیخ فرماتے ہیں: یہ روایت ابوعتاب نے ہشام کے حوالے سے مغیرہ کے حوالے سے مالک بن دینار کے حوالے سے ثمامہ کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے' اور انہیں اس میں وہم ہوا ہے' کیونکہ یزید بن زریع نامی راوی ابوعتاب جیسے دوسو آدمیوں سے زیادہ "متقن" ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْرَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِى الْجَنَّةِ حَيْثُ رَآهُ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِهٖ

معراج کی رات میں نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا جو محل دیکھا تھا' اس کا تذکرہ

54 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَاِذَا اَنَا بِقَصْرٍ مِّنْ ذَهَبٍ فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ فَقَالُوْا: لِفَتًى مِنْ قُرَيْشٍ

53–وأخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف 14/308، وأحمد 3/120و 180 و 231 و 239، من طرق عن حماد بن سلمة، عن على بن زيد بن جدعان، عن أنس. وأخرجه أبو نعيم أيضًا فى الحلية 8/172، من طريق عبد الله بن موسى، عن عبد الله بن المبارك، عن سليمان، التيمى، عن أنس، فالحديث صحيح بهذه المتابعات. وذكره السيوطى فى الدر المنثور 1/64، وزاد نسبته إلى عبد بن حميد، والبزار، وابن أبى داوٗد فى البعث، وابن المنذر، وابن أبى حاتم وابن مردويه، والبيهقى فى شعب الإيمان .

فَظَنَنْتُ اَنَّهُ لِيْ قُلْتُ: مَنْ هُوَ قِيْلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ. يَا اَبَا حَفْصٍ لَوْلَا مَا اَعْلَمُ مِنْ غَيْرَتِكَ لَدَخَلْتُهُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ كُنْتُ اَغَارُ عَلَيْهِ فَاِنِّيْ لَمْ اَكُنْ اَغَارُ عَلَيْكَ . (3:2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں جنت میں داخل ہوا' وہاں سونے سے بنا ہوا ایک محل تھا۔ میں نے دریافت کیا: یہ محل کس کا ہے؟ فرشتوں نے بتایا: قریش سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کا ہے۔ میں نے سمجھا کہ شاید یہ میرا ہے' میں نے دریافت کیا: یہ کس کا ہے؟ تو بتایا گیا: یہ عمر بن خطاب کا ہے''۔

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا:)

اے ابوحفص! مجھے تمہارے مزاج کی تیزی کا خیال نہ ہوتا' تو میں اس کے اندر چلا جاتا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جس شخص پر بھی غصہ کرلوں لیکن آپ پر غصہ نہیں کرسکتا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَرٰى بَيْتَ الْمَقْدِسِ صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَنْظُرَ اِلَيْهَا وَيَصِفَهَا لِقُرَيْشٍ لَمَّا كَذَّبَتْهُ بِالْاِسْرَاءِ

اس بات کا بیان کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت المقدس دکھا دیا تھا' تا کہ آپ اسے دیکھیں اور قریش کے سامنے اس کا نقشہ بیان کریں

یہ اس وقت کی بات ہے' جب قریش نے اس (واقعہ معراج) کا انکار کیا تھا

55 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنْبَاَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمَّا كَذَّبَتْنِيْ قُرَيْشٌ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ فَجَلَّى اللّٰهُ لِيْ بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَطَفِقْتُ اُخْبِرُهُمْ عَنْ

54- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو نصر التمار: هو عبد الملك بن عبد العزيز، وأبو عمران الجونى: هو عبد الملك بن حبيب البصرى. وأخرجه الطحاوى فى مشكل الآثار 2/390 من طريق أبى نصر التمار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد فى المسند 3 /191، عن بهز، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عِمْرَانَ وحميد الطويل، عن أنس . وأخرجه ابن أبى شيبة 12/27 عن أبى خالد الأحمر، وأحمد فى فضائل الصحابة 715 وفى المسند 3/179 عن يحيى بن سعيد، وأحمد فى المسند 3/107 عن ابن أبى عدى، و 3/263 عن عبد الله بن بكر، والنسائى فى فضائل الصحابة 26 ، والطحاوى 2/389-390، والترمذى 03688 فى المناقب: باب فى مناقب عمر بن الخطاب، ومن طريق إسماعيل بن جعفر، كلهم عن حميد الطويل، عن أنس به. وقال الترمذى: حسن صحيح. وأخرجه أحمد 450 من طريق زائدة، عن حميد، والمختار بن فلفل، عن أنس. وأخرجه أحمد فى المسند 3/269، وفى فضائل الصحابة برقم 679 من طريق همام، عن قتادة، عن أنس. وأخرجه البخارى 3680 فى فضائل الصحابة: باب مناقب عمر بن الخطاب .

اٰيَاتِهٖ وَاَنَا اَنْظُرُ . (3:2)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب قریش نے مجھے جھٹلایا تو میں حطیم میں کھڑا ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے بیت المقدس کو ظاہر کردیا' تو میں ان لوگوں کو اس کی نشانیاں اسے دیکھ دیکھ کر بیان کرنے لگا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِسْرَاءَ كَانَ ذٰلِكَ بِرُؤْيَةِ عَيْنٍ لَا رُؤْيَةِ نَوْمٍ

اس بات کا بیان کہ واقعہ معراج جاگتی آنکھوں کے ساتھ پیش آیا تھا' نیند کے دوران نہیں ہوا تھا

56 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الطَّائِيُّ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ

(متن حدیث): عَنِ بن عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى: (وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ) قَالَ هِيَ رُؤْيَا عَيْنٍ اُرِيَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ . (3:64)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں:

(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''ہم نے جو خواب تمہیں دکھائے ہیں' ہم نے انہیں لوگوں کے لئے آزمائش بنایا ہے۔''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: یہ وہ خواب ہیں' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس رات دکھائے گئے' جب آپ کو معراج کروائی گئی تھی۔

55- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البخارى 4710 فى التفسير: باب (اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا) ، ومن طريقه البغوى 3762 عن أحمد بن صالح، وأبو عوانة 1/125 عن يونس بن عبد الأعلى، كلاهما عن ابن وهب بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 3886 فى مناقب الأنصار: باب حديث الإسراء ، ومسلم 170 فى الإيمان: باب ذكر المسيح ابن مريم، والمسيح الدجال، والترمذى 3132 فى التفسير: باب ومن سورة بنى إسرائيل، والنسائى فى التفسير كما فى التحفة 2/395، البيهقى فى دلائل النبوة 2/359، وأبو عوانة 1/131، وابن منده 739 كلهم من طريق الليث، عن عقيل، عن الزهرى، به . وأخرجه عبد الرزاق 5/329، ومن طريقه أحمد 3/377، 378، وأبو عوانة 1/124، وابن منده 738 عن معمر، وأحمد 3/377، وأبو عوانة 1/124 من طريق صالح بن كيسان، كلاهما عن الزهرى، به.

56- إسناده صحيح . على بن حرب الطائى: صدوق، روى عنه النسائى، وباقى السند على شرطهما، وسفيان هو ابن عيينة . وأخرجه البخارى 3888 فى مناقب الأنصار: باب المعراج، و 4716 فى التفسير: باب (وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ) ، و 6613 فى القدر: باب (وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ) والترمذى 3134 فى التفسير: باب ومن سورة بنى إسرائيل، والنسائى فى التفسير كما فى التحفة 5/155، وابن خزيمة فى التوحيد ص 201 و201-202، وابن أبى عاصم 462 ، والطبرانى 11641 ، والبيهقى فى دلائل النبوة 2/365، والبغوى 3755 ، من طرق عن سفيان، به. وصححه الحاكم 2/362 على شرط البخارى، ووافقه الذهبى.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ رُؤْيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق مصطفیٰ کریم ﷺ نے اپنے پروردگار کا دیدار کیا تھا

57 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو الْمُعَدَّلُ بِوَاسِطَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانِ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنْبَاَنَا محمد بن عمرو عن أبى سلمةعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

قَدْ رَاٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ . (3:14)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنَى قَوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَدْ رَاٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ اَرَادَ بِهِ بِقَلْبِهِ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِيْ لَمْ يَصْعَدْهُ اَحَدٌ مِّنَ الْبَشَرِ اِرْتِفَاعًا فِي الشَّرَفِ.

❁❁ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے یہ الفاظ: ''حضرت محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے''۔اس سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنے قلب کے ذریعے پروردگار کو ایسے مقام پر دیکھا جہاں تک کسی بشر کی رسائی نہیں ہوسکتی' کیونکہ وہ مقام ومرتبہ بہت بلند ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

ہمارے ذکرکردہ مفہوم کے صحیح ہونے پردلالت کرنے والی روایت کا تذکرہ

58 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ الْعُقَيْلِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِاَبِيْ ذَرٍّ: لَوْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَسَاَلْتُهُ عَنْ كُلِّ شَيْءٍ فَقَالَ: عَنْ اَيِّ شَيْءٍ كُنْتَ تَسْاَلُهُ؟ قَالَ: كُنْتُ اَسْاَلُهُ هَلْ رَاَيْتَ رَبَّكَ؟ فَقَالَ: سَاَلْتُهُ فَقَالَ: رَاَيْتُ نُوْرًا . (3:14)

57– إسناده حسن . من أجل محمد بن عمرو . وأخرجه ابن خزيمة في التوحيد ص 200 عن أحمد بن سنان، بهذا الإسناد . وأخرجه الترمذى 3280 فى التفسير: باب ومن سورة النجم، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص442، 443 والطبرى فى التفسير 27/52، عن سعيد بن يحيى بن سعيد الأموى، عن أبيه، عن محمد بن عمرو بن علقمة بن وقاص الليثى، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبرانى فى الكبير 10727 من طريق عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، به.

58– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو عوانة فى مسنده 1/147 عن عثمان بن خرزاد، عن القواريرى، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 178 292 فى التوحيد: باب قوله عليه الصلاة والسلام: نور أنى أراه ، وابن خزيمة فى التوحيد ص 206، وابن منده فى الإيمان 772 و 773 و 774 ، وأبو عوانة 1/147، من طرق عن معاذ بن هشام بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى 474 ، ومسلم 178 ، والترمذى 03282 فى التفسير: باب ومن سورة والنجم، وأبو عوانة 1/146 و147، وابن خزيمة فى التوحيد ص 205و207، وابن منده فى الإيمان 770 و 771 من طرق يزيد بن إبراهيم، عن قتادة. وأخرجه مسلم 178 292 ، وأبو عوانة 1/147، من طريق عفان، عن همام، عن قتادة.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ مَعْنَاهُ اَنَّهُ لَمْ يَرَ رَبَّهُ وَلٰكِنْ رَاٰى نُوْرًا عُلْوِيًّا مِنَ الْاَنْوَارِ الْمَخْلُوْقَةِ.

عبداللہ بن شقیق عقیلی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرتا تو آپ سے ہر چیز کے بارے میں دریافت کرتا' تو انہوں نے دریافت کیا: تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کس چیز کے بارے میں دریافت کرنا تھا؟ تو عبداللہ نے کہا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دریافت کرنا تھا کہ کیا آپ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے؟ تو حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: میں نے ایک نور کو دیکھا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس سے مراد یہ ہے کہ آپ نے اپنے پروردگار کو نہیں دیکھا بلکہ آپ نے وہ انوار جو مخلوق ہیں' ان میں سے ''عُلوی نور'' (یعنی جو مخلوقات سے بلندتر انوار ہیں) اسے دیکھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا ہے' جو علم میں مہارت نہیں رکھتا کہ یہ روایت اس روایت کی متضاد ہے' جس کو ہم ذکر کر چکے ہیں

59 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيحٍ بِعَكْبَرَا حَدَّثَنَا مَسْرُوْقُ بْنُ الْمِرْزُبَانِ حَدَّثَنَا بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى: (مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى) قَالَ:

(متن حدیث): رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيْلَ فِيْ حُلَّةٍ مِّنْ يَّاقُوْتٍ قَدْ مَلَاَ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ. (3:14)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَدْ اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى جِبْرِيْلَ لَيْلَةَ الْاِسْرَاءِ اَنْ يُّعَلِّمَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَجِبُ اَنْ يَّعْلَمَهُ كَمَا قَالَ: (عَلَّمَهُ شَدِيْدُ الْقُوٰى ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى) يُرِيْدُ بِهٖ جِبْرِيْلَ (ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى) يُرِيْدُ بِهٖ جِبْرِيْلَ (فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى) يُرِيْدُ بِهٖ جِبْرِيْلَ (فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى)

59–وأخرجه أحمد 1/394و418، والترمذي 3283 في التفسير: باب ومن سورة النجم، وابن خزيمة في التوحيد ص 204، والبيهقي في الأسماء والصفات ص .434 وابن منده في الإيمان 751 من طرق، عن إسرائيل بن يونس، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 2/ 468–469، ووافقه الذهبي، وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه الطيالسي 0323 من طريق قيس، وابن منده 752 من طريق سفيان الثوري، كلاهما عن أبي إسحاق، به. وزاد السيوطي نسبته في الدر المنثور 6م123 إلى الفريابي، وعبد بن حميد، وابن المنذر، والطبراني، وأبي الشيخ، وابن مردويه، وأبي نعيم والبيهقي معًا في الدلائل. وأخرجه مسلم 174 281 من طريق حفص بن غياث، عن الشيباني، عن زر، عن ابن مسعود قال: (مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى)، قال: رأى جبريل عليه السلام له ستُّ مئة جناح. وبلفظ مسلم هذا أخرجه البخاري 4856 في: باب (فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى)، والترمذي 3277 في التفسير: باب ومن سورة النجم، وابن خزيمة في التوحيد ص 202و203، وأبو عوانة 1/153، من طرق عن الشيباني، عن زر، عن ابن مسعود. وأخرجه أيضًا وابن خزيمة في التوحيد ص 204، من طريق يحيى بن سعيد.

بِجِبْرِيْلَ (مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى) يُرِيْدُ بِهٖ رَبَّهٗ بِقَلْبِهٖ فِيْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ الشَّرِيْفِ وَرَاٰى جِبْرِيْلَ فِيْ حُلَّةٍ مِّنْ يَاقُوْتٍ قَدْ مَلَاَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ عَلٰى مَا فِيْ خَبَرِ بْنِ مَسْعُوْدِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں:

(ارشاد باری تعالیٰ ہے): ''اس نے جو دیکھا' اس کے دل نے اسے جھٹلایا نہیں''۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو یاقوت سے بنے ہوئے حلّے میں دیکھا تھا' اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آسمان اور زمین کی درمیانی جگہ کو بھر دیا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) معراج کی رات اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیل کو یہ حکم دیا کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان چیزوں کے بارے میں بتائیں جن کا جاننا آپ کے لئے ضروری ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''شدید قوت والے نے اُسے تعلیم دی' جو زبردست ہے' پھر اس نے استواء کیا اور وہ (اس وقت) اُفقِ اعلیٰ میں تھا''۔

اس سے مراد حضرت جبرائیل ہیں۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''پھر وہ قریب ہوا اور زیادہ قریب ہوا''۔

اس سے مراد حضرت جبرائیل ہیں۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''تو وہ دو کمانوں کے کناروں کی مانند یا اس سے بھی زیادہ قریب ہوگیا''۔

اس سے مراد حضرت جبرائیل ہیں۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''تو اس نے اپنے بندے کی طرف وہ چیز وحی کی جو اس نے وحی کی''۔

اس سے مراد حضرت جبرائیل ہیں۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''اُس نے جو دیکھا (اس کے) دل نے جھٹلایا نہیں''۔

اس سے مراد یہ ہے کہ انہوں نے اس معزز مقام پر اپنے قلب کے ذریعے اپنے پروردگار کو دیکھا اور حضرت جبرائیل کو یاقوت سے بنے ہوئے حلّے میں دیکھا' انہوں نے اس وقت آسمان اور زمین کے درمیان موجود خلاء کو بھر دیا تھا' جیسا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول اس روایت میں یہ بات مذکور ہے' جسے ہم ذکر کر چکے ہیں۔

ذِكْرُ تَعْدَادِ عَائِشَةَ قَوْلَ ابْنِ عَبَّاسٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ مِنْ اَعْظَمِ الْفِرْيَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا جو قول ہم ذکر کر چکے ہیں' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو سب سے بڑا جھوٹ قرار دیتی ہیں

60 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أبو الربيع حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ دَاوُدَ بْنَ اَبِيْ هِنْدٍ حَدَّثَهٗ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَعِ اَنَّهٗ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَعْظَمُ الْفِرْيَةِ عَلَى اللّٰهِ مَنْ قَالَ: اِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَبَّهُ وَاِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَمَ شَيْئًا مِنَ الْوَحْيِ وَاِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْلَمُ مَا فِىْ غَدٍ قِيْلَ يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَا رَآهُ قَالَتْ لَا اِنَّمَا ذٰلِكَ جِبْرِيْلُ رَآهُ مَرَّتَيْنِ فِىْ صُوْرَتِهٖ مَرَّةً مَلَا الْاُفُقَ وَمَرَّةً سَادًّا اُفُقَ السَّمَآءِ .

(3:14)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ قَدْ يَتَوَهَّمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّ هٰذَيْنِ الْخَبَرَيْنِ مُتَضَادَّانِ وَلَيْسَا كَذٰلِكَ اِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فَضَّلَ رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى غَيْرِهٖ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ حَتّٰى كَانَ جِبْرِيْلُ مِنْ رَبِّهٖ اَدْنٰى مِنْ قَابِ قَوْسَيْنِ وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُ جِبْرِيْلُ حِيْنَئِذٍ فَرَآهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَلْبِهٖ كَمَا شَاءَ .

وَخَبَرُ عَائِشَةَ وَتَاْوِيْلُهَا اَنَّهُ لَا يُدْرِكُهُ تُرِيْدُ بِهٖ فِى النَّوْمِ وَلَا فِى الْيَقْظَةِ.

وَقَوْلُهُ: (لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ) فَاِنَّمَا مَعْنَاهُ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ يُرٰى فِى الْقِيَامَةِ وَلَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ اِذَا رَاَتْهُ لِاَنَّ الْاِدْرَاكَ هُوَ الْاِحَاطَةُ وَالرُّؤْيَةُ هِىَ النَّظَرُ وَاللّٰهُ يُرٰى وَلَا يُدْرَكُ كُنْهُهُ لِاَنَّ الْاِدْرَاكَ يَقَعُ عَلَى الْمَخْلُوْقِيْنَ وَالنَّظَرُ يَكُوْنُ مِنَ الْعَبْدِ رَبَّهُ.

وَخَبَرُ عَائِشَةَ اَنَّهُ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ فَاِنَّمَا مَعْنَاهُ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ فِى الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَنْ يَّتَفَضَّلُ عَلَيْهِ مِنْ عِبَادِهٖ بِاَنْ يُّجْعَلَ اَهْلًا لِذٰلِكَ وَاسْمُ الدُّنْيَا قَدْ يَقَعُ عَلَى الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمَاوَاتِ وَمَا بَيْنَهُمَا لِاَنَّ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ بِدَايَاتٌ خَلَقَهَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِتُكْتَسَبَ فِيْهَا الطَّاعَاتُ لِلْاٰخِرَةِ الَّتِىْ بَعْدَ هٰذِهِ الْبِدَايَةِ فَالنَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَبَّهُ فِى الْمَوْضِعِ الَّذِىْ لَا يُطْلَقُ عَلَيْهِ اسْمُ الدُّنْيَا لِاَنَّهُ كَانَ مِنْهُ اَدْنٰى مِنْ قَابِ قَوْسَيْنِ حَتّٰى يَكُوْنَ خَبَرُ عَائِشَةَ اَنَّهُ لَمْ يَرَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الدُّنْيَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ

مسروق بیان کرتے ہیں: انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

60- وأخرجه أبو عوانة 1/155، وابن خزيمة فى التوحيد ص ص 224 عن يونس بن عبد الأعلى الصدفى، عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 177 287 و 288 فى الإيمان: باب معنى قول الله عزوجل: (وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً اُخْرٰى) ، والترمذى 3068 فى التفسير: باب ومن سورة الأنعام، والنسائى فى التفسير كما فى التحفة 12/310، وابن خزيمة فى التوحيد ص 221، 222و223 و224، والطبرى فى التفسير 27/50، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 435، وابن منده فى الإيمان 763 و 764 و 765 و 766 ، وأبو عوانة 1/153و154 من طرق عن داؤد بن أبى هند، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/49، 50، والبخارى 4612 فى التفسير: باب (يَا اَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ) ، و 4855 فى التفسير: سورة النجم. و 7380 فى التوحيد: باب (عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا) ، و 7531 فى التوحيد: باب قول الله تعالى: (يَا اَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ) ، ومسلم 177 289 فى الإيمان، وابن منده 767 و 768 ، وأبو عوانة 1/154، من طريق إسماعيل بن أبى مجالد، كلاهما عن عامر الشعبى، به. وابن خزيمة فى التوحيد ص 225 من طريق أبى معشر، عن إبراهيم، عن مسروق، به. وأخرجه أبو عوانة 1/155، من طريق يوسف بن أسود عن بيان، عن قيس، عن عائشة. وانظر الدر المنثور 6/124.

وہ شخص اللہ تعالیٰ کی طرف سب سے بڑی جھوٹی بات منسوب کرتا ہے' جو یہ کہتا ہے' حضرت محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے' یا جو یہ کہتا ہے' حضرت محمد ﷺ نے وحی میں سے کوئی چیز چھپالی تھی۔ (آپ ﷺ نے ساری باتیں بیان نہیں کی ہیں)

یا جو یہ شخص کہتا ہے' حضرت محمد ﷺ یہ جانتے تھے کہ کل کیا ہوگا؟

ان سے دریافت کیا گیا: اے اُم المومنین پھر نبی اکرم ﷺ نے کسے دیکھا تھا؟

تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: وہ حضرت جبرائیل علیہ السلام تھے' جنہیں نبی اکرم ﷺ نے ان کی اصل صورت میں دومرتبہ دیکھا ہے۔ ایک مرتبہ اس وقت جب انہوں نے افق کو بھر دیا تھا' اور ایک مرتبہ اس وقت جب انہوں نے آسمان کے اُفق کو گھیرا ہوا تھا۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا وہ اس غلط فہمی کا شکار ہوتا ہے کہ یہ دو روایات باہم متضاد ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو دیگر تمام انبیاء پر فضیلت عطا کی ہے۔ یہاں تک کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام اپنے پروردگار کے اتنا قریب ہو گئے جتنا دو کمانوں کا فاصلہ ہوتا ہے اور اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم ﷺ کو تعلیم دی۔ اس وقت نبی اکرم ﷺ نے انہیں (یا شاید اللہ تعالیٰ کو) دل کی آنکھ سے دیکھ لیا جیسے اس نے چاہا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول اس روایت' کے نبی اکرم ﷺ اس کا ادراک نہیں کرسکتے' کا مفہوم یہ ہے: آپ نیند کے عالم میں اور بیداری کے عالم میں ایسا نہیں کرسکتے۔

اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان: ''بصارت اس کا ادراک نہیں کرسکتی'' سے مراد یہ ہے: بصارت اس کا ادراک نہیں کرسکتی' اس کا دیدار قیامت کے دن ہوگا لیکن بصارت جب اس کا دیدار کرے گی تو اس کا ادراک نہیں کرسکے گی' کیونکہ ادراک کا مطلب احاطہ کرنا ہے اور دیدار کا مطلب دیکھنا ہے اور اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوسکتا ہے لیکن اس کی حقیقت کا ادراک نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ ادراک مخلوق کا ہوسکتا ہے اور بندے کی طرف سے پروردگار کو دیکھنا (ممکن) ہوسکتا ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول یہ روایت کہ بصارت اس کا ادراک نہیں کرسکتی' اس سے مراد یہ ہے کہ بصارت دنیا اور آخرت میں اس کا ادراک نہیں کرسکتی لیکن اپنے بندوں میں سے وہ جس پر چاہے فضل کرکے اس کا اہل بنا سکتا ہے۔

لفظ دنیا کا اطلاق کبھی زمینوں اور آسمانوں اور ان کے درمیان موجود جگہ پر ہوتا ہے' کیونکہ ان اشیاء سے آغاز ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس لئے پیدا کیا تھا تاکہ ان میں آخرت کے لئے نیکیاں کمائی جائیں جو اس آغاز کے بعد آئے گی' تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے پروردگار کا دیدار اس مقام پر کیا ہے جہاں لفظ دنیا کا اطلاق نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ اس وقت دو کمانوں کے درمیان فاصلے سے بھی زیادہ قریب تھے۔ اس لئے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول روایت کا مطلب یہ ہوگا: نبی اکرم ﷺ نے دنیا میں اس کا دیدار نہیں کیا۔ اس لئے ان دونوں روایات کے درمیان کوئی تضاد اور اختلاف نہیں ہے۔

4- كِتَابُ الْعِلْمِ

(کتاب: علم کے بارے میں روایات)

ذِكْرُ اِثْبَاتِ النُّصْرَةِ لِاَصْحَابِ الْحَدِيْثِ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ

باب1: قیامت کے دن تک علم حدیث کی خدمت کرنے والوں کی مدد ہونے کا اثبات

61 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْصُوْرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ خِذْلَانُ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ .

(1:2)

معاویہ بن قرہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میری اُمت کے ایک گروہ کی ہمیشہ مدد ہوتی رہے گی اور جو شخص انہیں رسوا کرنے کی کوشش کرے گا' اس کی یہ کوشش انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی۔ یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔''

61- إسناده صحيح على شرط الشيخين ما عدا صحابي قرة بن إياس رضي الله عنه فلم يرويا له، وأخرجه ابن ماجة 6 في المقدمة، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/34 عن محمد بن جعفر، به. وأخرجه أحمد 5/34، والترمذي 2192 في الفتن: باب ما جاء في الشام من طريق أبي داوُد، كلاهما عن يحيى بن سعيد، عن شعبة، به. وزاد في أوله: اِذَا فَسَدَ اَهْلُ الشَّامِ فَلَا خَيْرَ فِيكُمْ وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 3/436 و5/35 عن يزيد، والحاكم في معرفة علوم الحديث ص 2 من طريق وهب بن جرير وفي الباب عن ثوبان رضي الله عنه عند مسلم 1920، وأحمد 5/278و279 والترمذي 2230، وابن ماجة 10، والقضاعي في مسند الشهاب 914، والبيهقي في دلائل النبوة 6/527. وعن المغيرة بن شعبة رضي الله عنه عند أحمد 4/244 و248 و252، والبخاري 3640 و 7311 و 7459، ومسلم 1921، والطبراني 20/959 و 960 و 961 و 962. وعن معاوية رضي الله عنه عند البخاري 3461 و 7312 و 7460، ومسلم 1037، وأحمد 4/101، والطبراني 19/755 و 840 و 869 و 870 و 893 و 899 و 905 و 906 و 917. وعن جابر بن سمرة رضي الله عنه عند مسلم 173. وعن جابر بن عبد الله عند مسلم 1923، وابن الجارود في المنتقى 1031، وابن منده في الإيمان 418، والخطيب في شرف أصحاب الحديث 51، وأبي عوانة 1/106 وعن عقبة بن عامر رضي الله عنه عند مسلم 1924، والطبراني في الكبير 17/ 870. وعن عمر بن الخطاب رضي الله عنه عند الطيالسي ص 9، والدارمي 2/213، والقضاعي في مسند الشهاب 913، وصححه الحاكم 4/449. وعن عمران بن حصين رضي الله عنه عند أحمد 4/437، وأبي داوُد 2484، والخطيب 46، والطبراني 18/ 211 و 228، وصححه الحاكم 4/450 ووافقه الذهبي. وعن أبي أمامة عند أحمد 5/269.

(یعنی قیامت تک ان لوگوں کی مدد ہوتی رہے گی)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ سَمَاعِ الْمُسْلِمِيْنَ السُّنَنَ خَلَفٍ عَنْ سَلَفٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ مسلمان ایک دوسرے تک سنتوں کا علم منتقل کرتے رہیں گے

62 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْبَرْمَكِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ شَيْبَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تَسْمَعُوْنَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ وَيُسْمَعُ مِمَّنْ يَّسْمَعُ مِنْكُمْ. (3:69)

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّازِيُّ ثِقَةٌ كُوْفِيٌّ.

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"تم لوگ مجھ سے (احادیث) سنتے ہو (آگے آنے والے وقت میں یہ احادیث تم سے سنی جائیں گی) اور پھر ان لوگوں سے سنی جائیں گی، جنہوں نے تم سے سنی تھیں"۔

عبداللہ بن عبداللہ رازی نامی راوی ثقہ ہے اور کوفہ کا رہنے والا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ كَثْرَةُ سَمَاعِ الْعِلْمِ ثُمَّ الْاِقْتِفَاءُ وَالتَّسْلِيْمُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے، وہ علم کا سماع کرے پھر اس کی پیروی کرے اور اسے قبول کرے

63 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ وَاَبِيْ اُسَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا سَمِعْتُمُ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ تَعْرِفُهُ قُلُوْبُكُمْ وَتَلِيْنُ لَهُ اَشْعَارُكُمْ وَاَبْشَارُكُمْ وَتَرَوْنَ اَنَّهُ مِنْكُمْ قَرِيْبٌ فَاَنَا اَوْلَاكُمْ بِهٖ وَاِذَا سَمِعْتُمُ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ تُنْكِرُهُ قُلُوْبُكُمْ وَتَنْفِرُ عَنْهُ اَشْعَارُكُمْ وَاَبْشَارُكُمْ وَتَرَوْنَ اَنَّهُ

62- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير عبد الله بن عبد الله، وهو صدوق أخرج له أصحاب السنن. وأخرجه أبو داوُد 3659 في العلم: باب فضل نشر العلم، والرامهرمزى فى المحدث الفاصل 92، والحاكم 1/95، والبيهقى فى دلائل النبوة 6/539 من طريق جرير، عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 1/321 من طريق أبى بكر، والحاكم 1/95، من طريق فضيل بن عياض، والخطيب فى شرف أصحاب الحديث 70 من طريق سفيان، ثلاثتهم عن الأعمش، به. وصححه الحاكم ووافقه الذهبى؛ قال الحاكم: وفى الباب عن عبد الله بن مسعود، وثابت بن قيس. قلت: وحديث ثابت بن قيس أخرجه البزار 146 والطبراني 1321.

مِنكُم بَعِيدٌ فَأَنَا أَبْعَدُكُم مِّنهُ . (3:66)

حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ اور حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تم میرے حوالے سے کوئی بات سنو' جو تمہاری عقل میں آئے اور تمہارے بال اور تمہاری جلد اس کے لئے نرم ہو جائیں اور تم یہ سمجھو کہ یہ بات تمہارے قریب ہے' تو میں اس کے بارے میں تم سب سے زیادہ حق رکھتا ہوں اور جب تم میرے حوالے سے کوئی ایسی بات سنو' جس کا تمہارا ذہن انکار کرے اور تمہارے بال اور تمہاری جلد اس سے تنفر محسوس کریں' اور تم یہ سمجھو کہ تم اس سے دور ہو' تو میں اس بات سے تم سب سے زیادہ دور ہوں گا''۔

بَابُ الزَّجْرِ عَنْ كِتْبَةِ الْمَرْءِ السُّنَنَ مَخَافَةَ اَنْ يَّتَّكِلَ عَلَيْهَا دُوْنَ الْحِفْظِ لَهَا

آدمی کے سنتوں کے تحریر کرنے کی ممانعت کا تذکرہ' اس اندیشے کے تحت کہ آدمی اس پر ہی اکتفاء کرلے گا اور انہیں حفظ نہیں کرے گا

64 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ يَحْيَى صَاحِبُ الْبَصْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَكْتُبُوْا عَنِّيْ اِلَّا الْقُرْآنَ فَمَنْ كَتَبَ عَنِّيْ شَيْئًا فَلْيَمْحِهُ . (2:56)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: زَجْرُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكِتْبَةِ عَنْهُ سِوَى الْقُرْآنِ اَرَادَ بِهِ الْحَثَّ عَلٰى حِفْظِ السُّنَنِ دُوْنَ الْاِتِّكَالِ عَلٰى كِتْبَتِهَا وَتَرْكِ حِفْظِهَا وَالتَّفَقُّهِ فِيْهَا وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا اِبَاحَتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ شَاهٍ كَتْبَ الْخُطْبَةِ الَّتِيْ سَمِعَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِذْنُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمْرٍو بِالْكِتْبَةِ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میرے حوالے سے صرف قرآن کو نوٹ کیا کرو۔ جس شخص نے میری کوئی بات نوٹ کی ہو وہ اسے مٹا دے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرآن کے علاوہ کسی بھی چیز کو نوٹ کرنے سے منع کرنا' اس سے مراد یہ

63- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو خيثمة: زهير بن حرب بن شداد، وأبو عامر العقدي: هو عبد الملك بن عمرو القيسي. وأخرجه أحمد 3/497 و5/425، والبزار 187 عن محمد بن المثنى كلاهما عن أبي عامر العقدي بهذا الإسناد، قال الهيثمي في مجمع الزوائد 1/149، 150: رواه أحمد والبزار، ورجاله رجال الصحيح. وأخرجه ابن سعد في الطبقات 1/387 من طريق عبد الله بن مسلمة بن قعنب.

64- اسناده قوي' كثير بن يحيى صاحب البصري' ذكره ابن حبان في "الثقات" 9/26' و باقي السند على شرطهما وأخرجه أحمد 3/12 و21 و39 و56، ومسلم 3004 في الزهد: باب التثبت في الحديث، والدارمي 1/119، والنسائي في فضائل القرآن 33 والخطيب في تقييد العلم ص 29 و30 و31 من طرق عن همام، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم في المستدرك 1/126، 127 من طريق أبي الوليد، عن همام، به، ووافقه الذهبي.

ہے: آپ ﷺ احادیث کو یاد رکھنے کی ترغیب دیں' ایسا نہ ہو کہ احادیث نوٹ کرلیں اور انہیں یاد نہ کریں اور ان میں غور وفکر نہ کریں۔

اس مؤقف کے درست ہونے کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوشاہ یمنی کو حجۃ الوداع کا خطبہ نوٹ کرنے کی اجازت دی تھی' جو خطبہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی سنا تھا۔

اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو بھی احادیث نوٹ کرنے کی اجازت دی تھی۔

65 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ بِالْاُبُلَّةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ فِطْرٍ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ:

(متن حدیث): تَرَكَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا طَائِرٌ يَطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّا عِنْدَنَا مِنْهُ عِلْمٌ. (1:78)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنَى عِنْدَنَا مِنْهُ يَعْنِيْ بِاَوَامِرِهِ وَنَوَاهِيْهِ وَاَخْبَارِهِ وَاَفْعَالِهِ وَاِبَاحَاتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''جب نبی اکرم ﷺ ہم سے رخصت ہوئے' تو پروں کے ساتھ اڑنے والے ہر پرندے کے بارے میں بھی ہمارے پاس کوئی نہ کوئی علم تھا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ ''کے بارے میں بھی ہمارے پاس کوئی نہ کوئی علم تھا'' سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے اوامر' نواہی' اطلاعات' افعال اور مباح قرار دینے کے حوالے سے (ہمیں علم مل چکا تھا)۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ اَدَّى مِنْ اُمَّتِهٖ حَدِيْثًا سَمِعَهٗ

اس بات کا تذکرہ کہ مصطفیٰ کریم ﷺ نے اپنی اُمت کے اس فرد کو دعا دی ہے جو کسی سنی ہوئی حدیث کو آگے منتقل کردے

66 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

65– إسناده صحيح . محمد بن عبد الله بن يزيد: هو المقرء، ثقة، وباقي السند على شرط الصحيح . وأخرجه الطبراني 1647 عن محمد بن عبد الله الحضرمي، عن محمد بن عبد الله بن يزيد بهذا الإسناد، وزاد: ما بقي شيء يقرب من الجنة ويباعد عن النار إلا وقد بيّن لكم . وأخرجه البزار 147 قال: كتب إلي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، يخبرني في كتابه أن ابن عيينة حدثه عن فطر بن خليفة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/153 عن ابن نمير و162، والطيالسي 479 من طريق شعبة، كلاهما عن الأعمش، عن منذر الثوري، يحدث عن أصحابه، عن أبي ذر. قال الهيثمي في مجمع الزوائد 8/263: رواه أحمد والطبراني، ورجال الطبراني رجال الصحيح.

16
16

(متن حدیث): نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعَى مِنْ سَامِعٍ . (5:12)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جو ہم سے بات کوئی بات سنے اور پھر اسی طرح آگے پہنچا دے جس طرح اسے سنا تھا کیونکہ بعض اوقات (براہ راست) سننے والے کے مقابلے میں وہ شخص اس کو زیادہ بہتر محسوس کرتا ہے جس تک وہ بات پہنچائی گئی ہے''۔

ذِكْرُ رَحْمَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنْ بَلَّغَ اُمَّةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا صَحِيحًا عَنْهُ

اس شخص پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہونے کا تذکرہ جو مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ایک صحیح حدیث کی تبلیغ کرے

67 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ هُوَ بن عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبَانَ هُوَ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ

(متن حدیث): خَرَجَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِّنْ عِنْدِ مَرْوَانَ قَرِيبًا مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ فَقُلْتُ مَا بَعَثَ اِلَيْهِ اِلَّا لِشَيْءٍ سَاَلَهُ فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ اَجَلْ سَاَلَنَا عَنْ اَشْيَاءَ سَمِعْنَاهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنِّي حَدِيثًا فَحَفِظَهُ حَتّٰى يُبَلِّغَهُ غَيْرَهُ فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ

66– إسناده حسن من أجل سماك بن حرب، قال الحافظ في التقريب : صدوق، وقد تغير بأخرة، فكان ربما تلَقّن فمثله لا يرقى حديثه إلى الصحة . وأخرجه أبو نعيم في الحلية 7/331 من طريق محمد بن يونس السامي، عن عبد الله بن داوُد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/437، والترمذي 2657 في العلم: باب ما جاء في الحث على تبليغ السماع، وأخرجه ابن ماجة 232 في المقدمة: باب من بلغ علمًا، وابن عبد البر في جامع بيان العلم 1/45، من طريق شعبة، عن سماك بهذا الإسناد . وأخرجه الشافعي في المسند 1/14، والحميدي 88 ، والترمذي 2658 ، والحاكم في معرفة علوم الحديث ص322، والبيهقي في معرفة السنن والآثار 1/15، والخطيب في الكفاية ص 29، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله ص 45، والبغوي في شرح السنة 112 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن عبد الملك بن عمير، عن عبد الرحمٰن بن عبد الله، به. البيهقي في دلائل النبوة 1/23، والخطيب في الكفاية ص 173 . وأخرجه الخطيب في شرف أصحاب الحديث 26 ، وابن عبد البر في جامع العلم ص 45 و46 . وأخرجه أبو نعيم في أخبار أصبهان .2/90 وسيورد المؤلف برقم 68 من طريق شيبان، عن سماك، وبرقم 69 من طريق إسرائيل، عن سماك، بهذا الإسناد. وعن جبير بن مطعم عند أحمد 4/80و82، وابن ماجة 231 والدارمي 1/74، والطحاوي في مشكل الآثار 2/232، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله 1/41، والخطيب في شرف أصحاب الحديث 25 ، الطبراني في الكبير 1541 ، وابن أبي حاتم في الجرح والتعديل 10/1–11، وأبي يعلى في مسنده 1/349، والحاكم .1/87 وعن أبي سعيد الخدري عند البزار 141 ، والرامهرمزي 5 . وعن النعمان بن بشير عند الحاكم 1/88، وصححه، ووافقه الذهبي . قال الحاكم: وعن جماعة من الصحابة، منهم عمر وعثمان وعلي ومعاذ بن جبل وابن عمر وابن عباس وأبو هريرة وغيرهم. وعن أنس عند أحمد 3/225، وابن ماجة 236 ، وابن عبد البر .1/41 وعن أبي الدرداء عند الدارمي 1/75، .76

بِـفَـقِيهٍ ثَلَاثُ خِصَالٍ لَا يَغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُسْلِمٍ إِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَمُنَاصَحَةُ الْاُلاةِ الْاَمْرِ وَلُزُومُ الْجَمَاعَةِ فَإِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيطُ مِنْ وَّرَائِهِمْ . (1:2)

عبدالرحمن بن ابان (اپنے والد جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ دوپہر کے وقت مروان کے پاس سے باہر نکلے تو میں نے سوچا اس وقت مروان نے انہیں کسی چیز کے بارے میں دریافت کرنے کے لئے ہی بلوایا ہوگا۔

میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: ایسا ہی ہے۔ اس نے ہم سے کچھ ایسی چیزوں کے بارے میں دریافت کیا تھا: جو ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہیں۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:)

''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو مجھ سے کوئی بات سنے اور اسے محفوظ کر لے۔ یہاں تک کہ دوسرے تک اسے پہنچا دے۔ کیونکہ بعض اوقات فقہ (یعنی دینی علم) کی کوئی بات سننے والا شخص' اس شخص تک منتقل کر دیتا ہے' جو اس سے زیادہ دین کی سمجھ بوجھ رکھتا ہے''۔

بعض اوقات دینی بات کا علم حاصل کرنے والا شخص عالم نہیں ہوتا۔

تین خصوصیات ایسی ہیں' جن کے بارے میں کسی مسلمان کا دل خیانت کا شکار نہیں ہوتا۔

عمل کا اللہ تعالیٰ کے لئے خالص ہونا' حکمرانوں کے لئے خیر خواہی رکھنا اور (مسلمانوں کی) جماعت کے ساتھ رہنا۔

کیونکہ ان لوگوں کی دعا غیر موجود افراد تک بھی پہنچتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفَضْلَ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِمَنْ اَدّٰى مَا وَصَفْنَا كَمَا سَمِعَهٗ سَوَاءً مِنْ غَيْرِ تَغْيِيرٍ وَلَا تَبْدِيلٍ فِيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ فضیلت اس شخص کو حاصل ہوگی' جو ہمارے بیان کردہ طریقے کے مطابق احادیث کو منتقل کرتا ہے (یعنی جس طرح اس نے احادیث کو سنا تھا) اسی طرح بغیر کسی تغیر و تبدیلی کے نقل کر دیتا ہے

67- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 5/183، وأبو داوٗد 3660 في العلم: باب فضل نشر العلم، والترمذي 2656 في العلم: باب ما جاء في الحث على تبليغ السماع، والدارمي 1/175، وابن عبد البر في جامع بيان العلم 1/39، والرامهرمزي في المحدث الفاصل 3 و 4، وابن أبي عاصم في السنة 94، والطحاوي في مشكل الآثار 2/232، والخطيب في شرف أصحاب الحديث 24، والطبراني 4890 و 4891 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة 230، والطبراني 4994 و 4925 من طريقين عن زيد بن ثابت ومن حديث جبير بن مطعم أخرجه الحاكم 1/86، 87، وصححه، ووافقه الذهبي.

68 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ قَالَ حَدَّثَنِي سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أبيه بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ سَمِعَ مِنِّيْ حَدِيْثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰى لَهُ مِنْ سَامِعٍ . (1:2)

عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے' جو مجھ سے کوئی بات سنے اور پھر اسے آگے پہنچا دے۔ اسی طرح جیسے اس نے اسے سنا تھا' کیونکہ بعض اوقات (براہ راست) سننے والے کے مقابلے میں' وہ شخص اسے زیادہ بہتر طور پر محفوظ کرتا ہے' جس تک وہ بات پہنچائی گئی ہو''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ نَضَارَةِ الْوَجْهِ فِي الْقِيَامَةِ مَنْ بَلَّغَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَّةً صَحِيْحَةً كَمَا سَمِعَهَا

قیامت کے دن اس شخص کا چہرہ روشن ہوگا' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی ایک مستند حدیث کو اسی طرح آگے نقل کر دے جس طرح اس نے اسے سنا تھا

69 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مسعود عن اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ . (1:2)

عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے' جو ہم سے کوئی بات سنے اور جس طرح اسے سنا تھا' اسی طرح آگے پہنچا دے' کیونکہ بعض اوقات (براہ راست) سننے والے کے مقابلے میں وہ شخص زیادہ بہتر طور پر محسوس کر سکتا ہے' جس تک وہ بات پہنچائی گئی ہو''۔

68- إسناده حسن، وتقدم برقم 66 من طريق علي بن صالح، عن سماك، بهذا الإسناد. وأوردت تخريجه من طرقه هناك.

69- إسناده حسن، وأخرجه أحمد 1/437 عن عبد الرزاق، عن إسرائيل، بهذا الإسناد، وتقدم تخريجه من طرقه برقم 66 .

ذِكْرُ عَدَدِ الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ اسْتَأْثَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِعِلْمِهَا دُوْنَ خَلْقِهٖ

ان اشیاء کی تعداد کا تذکرہ' جن کا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے' اس کی مخلوق کے پاس نہیں ہے

70 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الدُّوْرِيُّ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُ مَا تَضَعُ الْاَرْحَامُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى يَاْتِي الْمَطَرُ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ . (3:30)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''غیب کی کنجیاں پانچ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی اس بات کا علم نہیں رکھتا کہ رحم کس چیز کو جنم دے گا (یعنی لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی پیدا ہوگی) اور اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اس بات کا علم نہیں رکھتا کہ کل کیا ہوگا؟

اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی اس بات کا علم نہیں رکھتا کہ بارش کب ہوگی؟ اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ کون سی سرزمین پر مرے گا؟ اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ قیامت کب قائم ہوگی؟''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

71 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا اللّٰهُ لَا يَعْلَمُ مَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا مَا فِيْ

(متن حدیث): قَالَتْ قُرَيْشٌ لِلْيَهُوْدِ اَعْطُوْنَا شَيْئًا نَسْاَلُ عَنْهُ هٰذَا الرَّجُلَ فَقَالُوْا سَلُوْهُ عَنِ الرُّوحِ فَسَاَلُوْهُ فَنَزَلَتْ (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّىْ وَمَا اُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا) فَقَالُوْا: لَمْ نُؤْتَ مِنَ الْعِلْمِ نَحْنُ اِلَّا قَلِيْلًا وَقَدْ اُوتِيْنَا التَّوْرَاةَ وَمَنْ يُّؤْتَ التَّوْرَاةَ فَقَدْ اُوتِىَ خَيْرًا كَثِيْرًا فَنَزَلَتْ (قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِكَلِمَاتِ رَبِّىْ) اَلْاٰيَةَ (الكهف: 109). (3:64)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قریش نے یہودیوں سے کہا: تم ہمیں کسی چیز کے بارے میں بتاؤ‘ جس کے بارے میں ہم ان صاحب (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) سے دریافت کریں‘ تو ان لوگوں نے کہا: تم ان سے روح کے بارے میں دریافت کرو‘ قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''لوگ تم سے روح کے بارے میں دریافت کرتے ہیں‘ تم فرمادو! روح میرے پروردگار کے امر کا نتیجہ ہے‘ اور تم لوگوں کو تھوڑا سا علم دیا گیا ہے۔''

تو ان لوگوں نے کہا: کیا ہمیں تھوڑا سا علم دیا گیا ہے؟ جبکہ ہمیں تورات عطا کی گئی ہے‘ اور جس شخص کو تورات دی گئی ہو‘ اسے بہت زیادہ بھلائی عطا کردی گئی‘ تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

99- إسناده حسن، مسروق بن المرزبان: صدوق، له أوهام، وباقي رجاله على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 1/255، والترمذي 3140 في التفسير: باب ومن سورة بني إسرائيل، والنسائي من الكبرى كما في التحفة 5/133، ثلاثتهم عن قتيبة بن سعيد.

''تم یہ فرمادو! اگر سمندر میرے پروردگار کے کلمات کے لئے سیاہی بن جائیں۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ سَرْدِ الْاَحَادِيْثِ حَذَرَ قِلَّةِ التَّعْظِيمِ وَالتَّوْقِيرِ لَهَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے احادیث کی تعظیم وتوقیر میں کمی سے بچنے کے لئے آدمی مسلسل احادیث بیان کرنے کو ترک کرے

100 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الطاهر بن السرح قال حدثنا بن وهب قال أخبرني يونس عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: اَلا يُعْجِبُكَ اَبُو هُرَيْرَةَ جَاءَ فَجَلَسَ اِلٰى جَانِبِ حُجْرَتِيْ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْمِعُنِيْ ذٰلِكَ وَكُنْتُ اُسَبِّحُ فَقَامَ قَبْلَ اَنْ اَقْضِيَ سُبْحَتِيْ وَلَوْ اَدْرَكْتُهُ لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيْثَ كَسَرْدِكُمْ . (2:109)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تعالى عَنْهُ: قَوْلُ عَائِشَةَ: لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ اَرَادَتْ بِهٖ سَرْدَ الْحَدِيْثِ لَا الْحَدِيْثَ نَفْسَهٗ.

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کیا تم لوگوں کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پر حیرت نہیں ہوتی ہے؟ وہ میرے حجرے کے ایک طرف آکر بیٹھتے ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

وہ مجھے یہ بات سنا رہے ہوتے ہیں' حالانکہ میں اس وقت نوافل ادا کر رہی ہوتی ہوں اور میرے نوافل مکمل کرنے سے پہلے ہی وہ (احادیث بیان کرکے) اٹھ کے چلے بھی جاتے ہیں۔

اگر میری ان سے ملاقات ہوتی' تو میں انہیں ٹوکتی' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح تیزی کے ساتھ بات چیت نہیں کرتے ہیں۔ جس طرح تم لوگ تیزی سے بات چیت کرتے ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا کہ ''میں انہیں ٹوکتی''۔ اس سے مراد ان کے تیزی سے روایت بیان کرنے پر ٹوکنا ہے' محض روایت بیان کرنے پر ٹوکنا مراد نہیں ہے۔

100- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 2493 في الفضائل: باب من فضائل أبي هريرة، عن حرملة بن يحيى، وأبو داؤد 3655 في العلم: باب في سرد الحديث، عن سليمان بن داؤد المهري، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/118 عن علي بن إسحاق، عن عبد الله، و 6/157، عن عثمان بن عمر، كلاهما عن يونس بن يزيد به. وأخرجه أحمد 6/257، والترمذي 3639 في المناقب: باب في كلام النبي صلى الله عليه وآله وسلم، من طريق أسامة بن زيد، وأبو داؤد 3654 في العلم من طريق ابن عيينة، كلاهما عن الزهري، به. وقولها: لم يكن يسرد الحديث كسردكم أي لم يكن يتابع الحديث استعجالاً بعضه إثر بعض لئلا يلتبس على المستمع، وعلقه البخاري 3568 في المناقب: باب صفة النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِبَاحَةِ جَوَابِ الْمَرْءِ بِالْكِنَايَةِ عَمَّا يَسْأَلُ وَإِنْ كَانَ فِي تِلْكَ الْحَالَةِ مَدْحُهُ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی کسی پوچھے گئے سوال کا کنایہ کے طور پر جواب دے سکتا ہے

اگرچہ ایسی حالت میں آدمی کی اپنی تعریف ہو رہی ہو

101 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ غَنِيمَةً بِالْجِعْرَانَةِ إِذْ قَالَ لَهُ رَجُلٌ: اعْدِلْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا وَيْلِي لَقَدْ شَقِيتُ إِنْ لَمْ أَعْدِلْ . (3:65)

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم "جعرانہ" میں مالِ غنیمت تقسیم کر رہے تھے۔ ایک شخص نے آپ کی خدمت میں گزارش کی: آپ عدل سے کام لیجئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ہائے افسوس! اگر میں عدل سے کام نہیں لوں گا، تو پھر تو میں برے نصیب والا ہو جاؤں گا"۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى أَنَّ الْعَالِمَ عَلَيْهِ تَرْكُ التَّصَلُّفِ بِعِلْمِهِ وَلُزُومُ الْإِفْتِقَارِ إِلَى اللَّهِ جل وعلا في كل حاله

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، عالم شخص پر یہ بات لازم ہے، وہ علم کی نسبت اپنی ذات کی طرف نہ کرے اور اسے ہر حالت میں اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کا محتاج تصور کرنا چاہئے

102- (سندحدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): أَنَّهُ تَمَارَى هُوَ وَالْحُرُّ بْنُ قَيْسِ بْنِ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ فِي صَاحِبِ مُوسَى فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هُوَ الْخَضِرُ فَمَرَّ بِهِمَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَدَعَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ: يَا أَبَا الطُّفَيْلِ هَلُمَّ إِلَيْنَا فَإِنِّي قَدْ تَمَارَيْتُ أَنَا وَصَاحِبِي هٰذَا فِي صَاحِبِ مُوسَى الَّذِي سَأَلَ مُوسَى السَّبِيلَ إِلَى لُقِيِّهِ فَهَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِيهِ شَيْئًا؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: بَيْنَمَا مُوسَى فِي مَلَإٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْكَ؟ فَقَالَ مُوسَى: لَا فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَى مُوسَى بَلْ عَبْدُنَا الْخَضِرُ

101- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخاري 3138 في فرض الخمس: باب ومن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين، عن مسلم بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/ 332 عن أبي عامر العقدي، عن قرة بن خالد، به. وأخرجه بأطول مما هنا أحمد 3/353 و354 و355، ومسلم 1063 في الزكاة: باب ذكر الخوارج وصفاتهم، وابن ماجة 172 ، والطبراني في الكبير 1753 من طرق عن أبي الزبير، عن جابر.

فَسَالَ مُوسٰی السَّبِيلَ اِلٰى لُقِيِّهٖ فَجَعَلَ اللّٰهُ لَهُ الْحُوتَ اٰيَةً وَقِيلَ لَهٗ اِذَا فَقَدْتَ الْحُوتَ فَارْجِعْ فَاِنَّكَ تَلْقَاهُ فَسَارَ مُوسٰی مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّسِيرَ ثُمَّ قَالَ لِفَتَاهُ: اٰتِنَا غَدَاءَ نَا فَقَالَ لِمُوسٰى حِينَ سَاَلَهُ الْغَدَاءَ : اَرَاَيْتَ اِذْ اَوَيْنَا اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا اَنْسَانِيْهِ اِلَّا الشَّيْطَانُ اَنْ اَذْكُرَهٗ وَقَالَ مُوسٰى لِفَتَاهُ: ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِي فَارْتَدَّا عَلٰى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا فَوَجَدَا خَضِرًا وَكَانَ مِنْ شَاْنِهِمَا مَا قَصَّ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ . (3:4)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ ان کی اور حر بن قیس فزاری کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی کے بارے میں ملاقات ہوگئی (یعنی جن سے ملنے کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام گئے تھے)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا: وہ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ دونوں صاحبان کے پاس سے گزرے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں بلایا اور بولے: اے ابوطفیل! آپ ہمارے پاس تشریف لائے۔ میری اور میرے اس ساتھی کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعے والے ان صاحب کے بارے میں بحث ہوگئی ہے، جس کے بارے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا مانگی تھی کہ ان سے ملاقات کا راستہ مل جائے، تو کیا آپ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے؟

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام، بنی اسرائیل کے ایک گروہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران ایک شخص ان کے پاس آیا اور ان سے دریافت کیا:

کیا آپ کسی ایسے شخص سے واقف ہیں؟ جو آپ سے زیادہ علم رکھتا ہو؟ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: جی نہیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی کی (ایسا نہیں ہے)

102- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 2380 174 في الفضائل: باب من فضائل الخضر عليه السلام، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/116، والبخارى 78 في العلم: باب الخروج في طلب العلم، و 7478 في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة والطبرى 15/282، من طريق الأوزاعي، عن الزهري، بهذا الإسناد.. وأخرجه البخارى 74 في العلم: باب ما ذكر في ذهاب موسى صلى الله عليه وآله وسلم في البحر إلى الخضر، و 3400 في أحاديث الأنبياء : باب حديث الخضر مع موسى عليهما السلام، من طريق صالح بن كيسان، عن الزهري، به. وأخرجه الحميدى 371 ، وأحمد 5/117، 118، والبخارى 122 في العلم: باب ما يستحب للعالم إذا سئل: أى الناس أعلم، و 3278 في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، و 3401 في أحاديث الأنبياء ، و 4735 في التفسير: باب (وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتَاهُ لا اَبْرَحُ حَتّٰى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا) ، و 4727 باب (قَالَ اَرَاَيْتَ اِذْ اَوَيْنَا اِلَى الصَّخْرَةِ) ، و 6672 في الأيمان والنذور: باب إذا حنث ناسيًا في الإيمان، ومسلم 2380 في الفضائل، وأبو داوُد 4707 في السنة: باب في القدر، والترمذى 3149 في التفسير: باب ومن سورة الكهف، من طريق سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس. وأخرجه أحمد 5/119، 120، والبخارى 2267 في الإجارة: باب إذا استأجر أجيرًا على أن يقيم حائطًا يريد أن ينقض، و 4726 في التفسير: باب (فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا) من طريق ابن جريج، أخبرني يعلى بن مسلم وعمرو بن دينار، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس . وأخرجه مختصرًا أبو داوُد 4705 و 4706 في السنة: باب في القدر، من طريقين عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس.

بلکہ ہمارا بندہ خضر (تم سے زیادہ علم رکھتا ہے)

تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے ملاقات کی دعا مانگی' تو اللہ تعالیٰ نے مچھلی کو ان کے لئے نشانی قرار دیا ان سے یہ کہا گیا:
جب تم مچھلی کو گم کرو گے' تو تم واپسی کی طرف آنا تمہاری اس سے ملاقات ہو جائے گی۔

تو حضرت موسیٰ علیہ السلام روانہ ہوئے اور جتنا اللہ کو منظور تھا وہ چلتے رہے۔ انہوں نے اپنے ساتھی سے کہا: ہمارا کھانا ہمارے پاس لے کر آؤ' تو اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: اس وقت جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کھانا طلب کیا تھا' کیا آپ نے یہ بات ملاحظہ فرمائی؟ جب ہم چٹان کے سائے میں آئے تھے' تو میں مچھلی کو بھول گیا تھا۔

اور اس کا ذکر کرنا مجھے شیطان نے ہی بھلایا تھا۔

تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھی سے کہا: یہ وہ جگہ ہے' جسے ہم تلاش کر رہے تھے' تو وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانات پر چلتے ہوئے واپس آئے' تو ان دونوں نے حضرت خضر علیہ السلام کو پالیا'

پھر ان دونوں کا وہ واقعہ ہے' جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں بیان کیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ اِجَابَةِ الْعَالِمِ السَّائِلَ بِالْاَجْوِبَةِ عَلٰى سَبِيْلِ التَّشْبِيْهِ وَالْمُقَايَسَةِ دُوْنَ الْفَصْلِ فِي الْقِصَّةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' عالم شخص کے لئے یہ بات مباح ہے' وہ سوال کرنے والے شخص کو تشبیہ اور قیاس (یعنی مثال کے ذریعے) کوئی جواب دے سوال کا تفصیلی جواب نہ دے

103- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصَمِّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اَرَاَيْتَ جَنَّةً عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالْاَرْضُ فَاَيْنَ النَّارُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ هٰذَا اللَّيْلَ قَدْ كَانَ ثُمَّ لَيْسَ شَيْءٌ اَيْنَ جُعِلَ؟ قَالَ: اَللّٰهُ اَعْلَمُ قَالَ: فَاِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ. (3:65)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ یہ سمجھتے ہیں' جنت کی چوڑائی آسمانوں اور زمین جتنی ہے' تو پھر جہنم کہاں ہے؟۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اس رات کے بارے میں غور کیا؟ پہلے یہ تھی' پھر یہ نہیں ہوتی۔ تو یہ کہاں سے آتی ہے؟

103- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه البزار 2196، والحاكم 1/36 وصححه، ووافقه الذهبي، من طريق محمد بن معمر، عن المغيرة بن سلمة المخزومي، بهذا الإسناد. قال الهيثمي في مجمع الزوائد 6/327: ورجاله رجال الصحيح.

اس نے کہا: اللہ بہتر جانتا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ کر لیتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ اِعْفَاءِ الْمَسْؤُولِ عَنِ الْعِلْمِ عَنْ اِجَابَةِ السَّائِلِ عَلَى الْفَوْرِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جس شخص سے سوال کیا گیا ہے' اس کے لئے یہ بات مباح ہے' وہ سوال کرنے والے شخص کو فوری جواب دینے کی بجائے' ذرا دیر کے بعد جواب دے

104 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ جَاءَهُ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ فَمَضٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: سَمِعَ مَا قَالَ وَكَرِهَ مَا قَالَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ لَمْ يَسْمَعْ حَتّٰى اِذَا قَضٰى حَدِيْثَهُ قَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ؟ قَالَ: هَا اَنَا ذَا قَالَ: اِذَا ضُيِّعَتِ الْاَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ قَالَ: فَمَا اِضَاعَتُهَا؟ قَالَ: اِذَا اشْتَدَّ الْاَمْرُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ. (3:65)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ لوگوں کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے۔ ایک دیہاتی آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے دریافت کیا: قیامت کب آئے گی؟

نبی اکرم ﷺ نے اپنی بات جاری رکھی۔ حاضرین میں سے بعض حضرات نے یہ سمجھا کہ اس دیہاتی نے جو کہا ہے' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات سن لی ہے' اور آپ نے اس کے سوال کو پسند نہیں کیا۔

جبکہ بعض نے یہ سمجھا کہ نبی اکرم ﷺ نے اس کی بات سنی ہی نہیں ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو آپ نے دریافت کیا: قیامت کے بارے میں دریافت کرنے والا شخص کہاں ہے؟

اس نے عرض کی: میں یہاں ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب امانت کو ضائع کیا جائے' تو تم قیامت کا انتظار کرو۔

اس نے دریافت کیا: اس کو ضائع کرنے سے مراد کیا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب معاملہ شدید ہو جائے' تو تم قیامت کا انتظار کرو۔[1]

104- وأخرجه أحمد 4/361 عن يونس وسريج بن النعمان، والبخارى 059 فى العلم: باب من سئل علمًا وهو مشتغل فى حديثه، و 6496 فى الرقاق: باب رفع الأمانة، ومن طريقه البغوى فى شرح السنة 4232 عن محمد بن سنان، وعن إبراهيم بن المنذر، عن محمد بن فليح، والبيهقى فى السنن 10/118 من طريق سريج بن النعمان، أربعتهم عن فليح بن، بهذا الإسناد.

[1] (حاشیہ: روایت کے آخری الفاظ کا مفہوم واضح نہیں ہو جاتا' تاہم ابن حبان کے محقق نے یہ بات بیان کی ہے' صحیح بخاری میں یہی روایت ''کتاب العلم'' میں منقول ہے) جس کے یہ الفاظ ہیں: ''حکومت کا معاملہ نااہل فرد کے سپرد کر دیا جائے''۔

جبکہ صحیح بخاری میں دوسری جگہ یہ الفاظ ہیں۔

''جب معاملہ (یعنی حکومت) نااہل شخص کے حوالے کر دی جائے' تو تم قیامت کا انتظار کرو''۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْعَالِمِ إِذَا سُئِلَ عَنِ الشَّيْءِ أَنْ يُغْضِيَ عَنِ الْإِجَابَةِ مُدَّةً ثُمَّ يُجِيبَ ابْتِدَاءً مِنْهُ

اس بات کا تذکرہ کہ عالم کے لئے یہ بات مباح ہے جب اس سے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا جائے تو وہ کچھ دیر کے لئے اس کا جواب نہ دے اور پھر نئے سرے سے بات شروع کر کے جواب دے

105 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ.

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى قِيَامُ السَّاعَةِ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الصَّلَاةِ فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ عَنْ سَاعَتِهِ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: مَا اَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: مَا اَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ شَيْءٍ وَلَا صَلَاةٍ وَلَا صِيَامٍ اَوْ قَالَ: مَا اَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ عَمَلٍ اِلَّا اَنِّيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ اَوْ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ

قَالَ اَنَسٌ: فَمَا رَاَيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ فَرِحُوا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ مِثْلَ فَرَحِهِمْ بِهٰذَا. (3:65)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے دریافت کیا: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہو گئے۔ جب آپ نے نماز مکمل کی تو آپ نے دریافت کیا۔ قیامت کے بارے میں سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں (یہاں) ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟

اس نے عرض کی: میں نے اس کے لئے کوئی بڑی تیاری تو نہیں کی' نہ تو نماز کے حوالے سے اور نہ ہی روزے کے حوالے سے۔

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس نے عرض کی: میں نے کسی بڑے عمل کے حوالے سے تیاری نہیں کی ہے' البتہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''آدمی قیامت کے دن اس شخص کے ساتھ ہوگا' جس سے وہ محبت رکھتا ہے''۔

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں)

''تم اس کے ساتھ ہو گے' جس سے تم محبت رکھتے ہو''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے مسلمانوں کو اسلام قبول کرنے کے بعد اور کسی بات پر اتنا خوش ہوتے ہوئے نہیں

105- إسناده صحيح. وتقدم تخريجه من جميع طرقه برقم 8.

دیکھا' جتنا وہ اس بات پر خوش ہوئے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ اِلْقَاءِ الْعَالِمِ عَلٰى تَلَامِيذِهِ الْمَسَائِلَ الَّتِىْ يُرِيْدُ اَنْ يُّعَلِّمَهُمْ اِيَّاهَا ابْتِدَاءً وَحَثِّهٖ اِيَّاهُمْ عَلٰى مِثْلِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' عالم شخص اپنے شاگردوں کے سامنے کسی چیز کے بارے میں سوال رکھ سکتا ہے' جس کے بارے میں وہ یہ چاہتا ہو کہ انہیں اس حوالے سے تعلیم دے اور انہیں اس کی مثال کے ذریعے ترغیب دے

106- (سندحدیث): أَخْبَرَنَا بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا بن وهب قال أَخْبَرَنَا يونس عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ فَصَلّٰى لَهُمْ صَلَاةَ الظُّهْرِ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ السَّاعَةَ وَذَكَرَ اَنْ قَبْلَهَا اُمُوْرًا عِظَامًا ثُمَّ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّسْاَلَنِىْ عَنْ شَىْءٍ فَلْيَسْاَلْنِىْ عَنْهُ فَوَاللّٰهِ لَا تَسْاَلُوْنِىْ عَنْ شَىْءٍ اِلَّا حَدَّثْتُكُمْ بِهٖ مَا دُمْتُ فِىْ مَقَامِىْ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: فَاَكْثَرَ النَّاسُ الْبُكَاءَ حِيْنَ سَمِعُوا ذٰلِكَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَكْثَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّقُوْلَ: سَلُوْنِىْ سَلُوْنِىْ فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ فَقَالَ: مَنْ اَبِىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَبُوْكَ حُذَافَةُ فَلَمَّا اَكْثَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَنْ يَّقُوْلَ: سَلُوْنِىْ بَرَكَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَالَ عُمَرُ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَقَدْ عُرِضَ عَلَىَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ اٰنِفًا فِىْ عُرْضِ هٰذَا الْحَائِطِ فَلَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ فِى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ. (3:65)

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورج ڈھل جانے کے بعد باہر تشریف لائے۔ آپ نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی۔ جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ منبر پر کھڑے ہو گئے۔ آپ

106- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيحه 2359 136 في الفضائل، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 20786، ومن طريقه أحمد 3/162، والبخاري 7294 في الاعتصام: باب ما يكره من كثرة السؤال، ومسلم 2359 في الفضائل، والبغوي في شرح السنة 3720 عن معمرن عن الزهري، به. وأخرجه البخاري 93 في العلم: باب من برك على ركبتيه عند الإمام أو المحدث، و 540 في مواقيت الصلاة: باب وقت الظهر عند الزوال، ومسلم 2359 كلاهما عن أبي اليمان، عن شعيب، عن الزهري، به. وأخرجه البخاري 6362 في الدعوات: باب التعوذ من الفتن، و 7089 باب التعوذ من الفتن، من طريقين عن هشام، عن قتادة، عن أنس. وأخرجه مختصرًا البخاري 749 في الأذان: باب رفع البصر إلى الإمام في الصلاة، و 6468 في الرقاق: باب القصد والمداومة على العمل، من طريقين عن فليح، عن هلال بن علي، عن أنس.

نے قیامت کا تذکرہ کیا اور اس بات کا تذکرہ کیا کہ اس سے پہلے کچھ بڑے حیرت انگیز (واقعات رونما ہوں گے)

آپ نے ارشاد فرمایا: جو شخص مجھ سے کسی بھی چیز کے بارے میں کچھ دریافت کرنا چاہتا ہو وہ مجھ سے اس بارے میں دریافت کرے۔ جب تک میں اس جگہ پر کھڑا ہوا ہوں۔ اللہ کی قسم! تم مجھ سے جس بھی چیز کے بارے میں دریافت کرو گے میں تم لوگوں کو اس کے بارے میں بتا دوں گا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات سنی تو انہوں نے زیادہ رونا شروع کر دیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بکثرت یہ کہنا شروع کیا: تم لوگ مجھ سے سوال کرو۔ تم لوگ مجھ سے سوال کرو تو حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: تمہارا باپ حذافہ ہے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل یہ بات ارشاد فرماتے رہے کہ تم لوگ مجھ سے کچھ پوچھو تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ گھٹنوں کے بل کھڑے ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے سے راضی ہیں۔ (یعنی ان پر ایمان رکھتے ہیں)

راوی کہتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ ابھی میرے سامنے اس دیوار پر جنت اور جہنم کو پیش کیا گیا تو میں نے آج کی طرح بھلائی اور برائی کو (ایک ساتھ) کبھی نہیں دیکھا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ يَعْرِضُ لَهُ الْاَحْوَالُ فِيْ بَعْضِ الْاَحَايِينَ يُرِيْدُ بِهَا اِعْلَامَ اُمَّتِهِ الْحُكْمَ فِيْهَا لَوْ حَدَثَتْ بَعْدَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے

بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخصوص کیفیت درپیش ہوتی تھی اور اس کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ آپ اس صورتحال کے بارے میں اپنی اُمت کو تعلیم دے دیں تاکہ اگر وہ صورتحال آپ کے بعد درپیش ہو (تو انہیں کیا کرنا چاہئے؟)

107 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

107- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عبدة: هو ابن سليمان الكلابي، وأبو معاوية: محمد بن خازم، وأخرجه مسلم 788 225 في صلاة المسافرين: باب فضائل القرآن وما يتعلق به، عن ابن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في فضائل القرآن 31 من طريق إسحاق بن إبراهيم، عن عبدة، به. وأخرجه أحمد 6/138، والبخاري 2655 في الشهادات: باب شهادة الأعمى، و 5037 و 5038 في فضائل القرآن: باب نسيان القرآن، و 5042 باب من لم ير بأسًا أن يقول سورة البقرة، و 6335 في الدعوات: باب قول الله تعالى: (وَصَلِّ عَلَيْهِمْ)، ومسلم 788، وأبو داؤد 1331 في الصلاة: باب في رفع الصوت بالقراءة في صلاة الليل، و 3970 في الحروف والقراءات، من طرق عن هشام، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ قِرَاءَةَ رَجُلٍ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ: يَرْحَمُهُ اللّٰهُ لَقَدْ أَذْكَرَنِيْ آيَةً كُنْتُ أُنْسِيتُهَا . (5:17)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں ایک شخص کی قرأت سن کر یہ فرماتے تھے:
''اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے' اس نے مجھے وہ آیت یاد کروادی ہے' جو مجھے بھلادی گئی تھی''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ اعْتِرَاضِ الْمُتَعَلِّمِ عَلَى الْعَالِمِ فِيمَا يَعْلَمُهُ مِنَ الْعِلْمِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' شاگرد شخص' عالم کے سامنے اعتراض یعنی سوال پیش کرسکتا ہے' جو اس بارے میں ہو' جس کی تعلیم اسے دی گئی ہے

108 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيْلٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ حَدَّثَنَا الأوزاعی عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ

(متن حدیث): قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَعْمَلُ فِيْ شَيْءٍ نَأْتَنِفُهُ اَمْ فِيْ شَيْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ: بَلْ فِيْ شَيْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ: فَفِيْمَ الْعَمَلُ؟ قَالَ: يَا عُمَرُ لَا يُدْرَكُ ذَاكَ اِلَّا بِالْعَمَلِ قَالَ: اِذًا نَجْتَهِدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. (3:30)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم جو عمل کرتے ہیں' کیا وہ پیدا ہوتا ہے؟ یا یہ کسی ایسی صورت میں ہے' جو پہلے سے طے ہوچکی ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایسی صورت میں ہے' جو پہلے سے طے ہوچکی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: پھر عمل کرنے کی وجہ کیا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! اس (نتیجے تک) صرف عمل کے ذریعے ہی پہنچا جاسکتا ہے۔

انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! پھر تو ہم اہتمام کے ساتھ عمل کریں گے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ عَنِ الشَّيْءِ وَهُوَ خَبِيْرٌ بِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّكُوْنَ ذَاكَ بِهٖ اسْتِهْزَاءً

آدمی کے لئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ کسی ایسی چیز کے بارے میں دریافت کرے' جس سے وہ واقف ہے بشرطیکہ اس کا مقصد مذاق اڑانا نہ ہو

109 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ

108- رجاله ثقات رجال الشيخين غير هشام بن عمار، فإنه من رجال البخاری وحده، ورواه البزار 2137 عن صدقة بن الفضل العمی، عن أنس بن عياض، بهذا الإسناد. بنحوه.

ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَيْنَا وَلِيْ اَخٌ صَغِيْرٌ يُكَنّٰى اَبَا عُمَيْرٍ فَدَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: أبا عمير ما فعل النغير . (4:22)

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لایا کرتے تھے۔ میرا ایک چھوٹا بھائی تھا جس کی کنیت ابوعمیر تھی۔

ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے تو آپ نے دریافت کیا: ''اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا کا کیا حال ہے؟''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ التَّكَلُّفِ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ بِمَا تُنُكِّبَ عنه وأغضى عن إبدائه

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ اللہ کے دین میں تکلف کو ترک کرے دین میں تکلف (یعنی پابندی لگوانے) کو ترک کرے جس (مسئلے کے بارے میں) اس سے پہلوتہی کی گئی ہو یا جس کے بارے میں پہلے ہی حکم دینے سے چشم پوشی کی گئی ہو

110 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بِنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

109- إسناده صحيح . وأخرجه أحمد 3/288، عن عفان، وأبو داوُد 4969 في الأدب: باب ما جاء في الرجل يتكنى وليس له ولد، والبخاري في الأدب المفرد 847 عن موسى بن إسماعيل، كلاهما عن حماد، بهذا الإسناد .. وأخرجه أحمد 3/222، 223، والبخاري في الأدب المفرد 384 من طريقين عن سليمان بن المغيرة، عن ثابت، به. وأخرجه أبو الشيخ ص 33 من طريق عمارة بن زاذان، عن ثابت، به. وأخرجه من طرق عن أبي التياح، عن أنس: الطيالسي 2088 ، وأخرجه ابن أبي شيبة 9/14، وأحمد 3/119 و171 و190 و212، والبخاري 6129 في الأدب: باب الانبساط إلى الناس، و 6203 باب الكنية للصبي، وفي الأدب المفرد 269 ، ومسلم 2150 في الأدب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته، والترمذي 333 في الصلاة: باب ما جاء في الصلاة على البسط، و 1990 في البر: باب ما جاء في المزاح، وابن ماجة 3720 في الأدب: باب ما جاء في المزاح، والترمذي في الشمائل 236، والنسائي في اليوم والليلة كما في التحفة 1/436، وأبو الشيخ في أخلاق النبي صلى الله عليه وآله وسلم ص32و33، البيهقي في دلائل النبوة 1/312-313، وفي السنن 5/203 و9/310، والبغوي في شرح السنة 3377 .

110- إسناده صحيح على شرط البخاري، وأخرجه الشافعي 1/15، ومن طريقه البغوي في شرح السنة 144 ، وأخرجه مسلم 2358 132 في الفضائل: باب توقيره صلى الله عليه وآله وسلم، كلاهما عن إبراهيم بن سعد، عن الزهري، بهذا الإسناد . وأخرجه الحميدي 67 ، وأحمد 1/179، ومسلم 2358 132 ، وأبو داوُد 4610 في السنة: باب لزوم السنة من طريق سفيان بن عيينة عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 1/76، ومسلم 2358 132 ، من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن الزهري، به. وأخرجه البخاري 7289 في الاعتصام: باب ما يكره من كثرة السؤال، من طريق عقيل، عن الزهري، به. وأخرجه مسلم 2358 132 من طريق ابن وهب، عن يونس، عن الزهري، به.

(متن حدیث): إِنَّ أَعْظَمَ النَّاسِ فِي الْمُسْلِمِينَ جُرْمًا مَنْ سَأَلَ عَنْ مَسْأَلَةٍ لَمْ تُحَرَّمْ فَحُرِّمَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ مِنْ أَجْلِ مَسْأَلَتِهِ. (3:66)

حدیث **110**: عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسلمانوں میں سب سے بڑا جرم اس شخص کا ہے' جو کسی ایسی چیز کے بارے میں دریافت کرے' جسے حرام قرار نہ دیا گیا ہو' اور پھر اس شخص کے دریافت کرنے کی وجہ سے' اسے مسلمانوں کے لئے حرام قرار دے دیا جائے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى إِبَاحَةِ إِظْهَارِ الْمَرْءِ بَعْضَ مَا يُحْسِنُ مِنَ الْعِلْمِ إِذَا صَحَّتْ نِيَّتُهُ فِي إِظْهَارِهِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کے لئے یہ بات مباح ہے' وہ علم میں جو مہارت رکھتا ہے' اس کا اظہار کرے' بشرطیکہ اس اظہار میں اس کی نیت درست ہو

111 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَهُ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَدِّثُ

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رسول اللَّهِ إِنِّي رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ فِي الْمَنَامِ ظُلَّةً تَنْطِفُ السَّمْنَ وَالْعَسَلَ وَإِذَا النَّاسُ يَتَكَفَّفُونَ مِنْهَا بِأَيْدِيهِمْ فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَأَرَى سَبَبًا وَاصِلًا مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ فَأَرَاكَ أَخَذْتَ بِهِ فَعَلَوْتَ ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ مِنْ بَعْدِكَ فَعَلَا ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَعَلَا ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَانْقَطَعَ بِهِ ثُمَّ وُصِلَ لَهُ فَعَلَا قَالَ: أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَاللَّهِ لَتَدَعَنِّي فَلَأَعْبُرُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَبِّرْ قَالَ: أَبُو بَكْرٍ أَمَّا الظُّلَّةُ فَظُلَّةُ الْإِسْلَامِ وَأَمَّا الَّذِي يَنْطِفُ مِنَ السَّمْنِ وَالْعَسَلِ فَالْقُرْآنُ حَلَاوَتُهُ وَلِينُهُ وَأَمَّا مَا يَتَكَفَّفُ النَّاسُ مِنْ ذَلِكَ فَالْمُسْتَكْثِرُ مِنَ الْقُرْآنِ وَالْمُسْتَقِلُّ وَأَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ فَالْحَقُّ الَّذِي أَنْتَ عَلَيْهِ أَخَذْتَهُ فَيُعْلِيكَ اللَّهُ ثُمَّ يَأْخُذُ بِهِ رَجُلٌ مِنْ بَعْدِكَ فَيَعْلُو بِهِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَيَعْلُو بِهِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهِ ثُمَّ يُوصَلُ لَهُ فَيَعْلُو فَأَخْبِرْنِي يَا

111- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيحه 2269 في الرؤيا، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 7046 في التعبير: باب من لم ير الرؤيا لأول عابر إذا لم يصب، والبيهقي في السنن 10/39، من طريقين عن يونس بن يزيد، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي 536، وابن أبي شيبة 11/59، 60، وأحمد 1/236، ومسلم 2269 في الرؤيا: باب في تأويل الرؤيا، وأبو داوُد 3267 و 3269 في الأيمان والنذور: باب في القسم هل يكون يميناً، و 4633 في السنة: باب في الخلفاء، والترمذي 2294 في الرؤيا: باب ما جاء في رؤيا النبي، وابن ماجة 3918 في تعبير الرؤيا: باب تعبير الرؤيا، والدارمي 2/128-129، والنسائي في الرؤيا من الكبرى كما في التحفة 5/62، والبيهقي في السنن 10/38، من طرق عن الزهري، به. وأخرجه الترمذي 2293 في الرؤيا، وأبو داوُد 3268 في الأيمان والنذور، و 4632 في السنة، وابن ماجة 3918، والبغوي 3283، والبيهقي 10/38-39 من طريق عبد الرزاق،

رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِیْ اَنْتَ اَصَبْتُ اَمْ اَخْطَاْتُ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصَبْتَ بَعْضًا وَاَخْطَاْتَ بَعْضًا قَالَ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُخْبِرَنِّیْ بِالَّذِیْ اَخْطَاْتُ قَالَ: لَا تُقْسِمْ. (3:65)

❀❀ عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ یہ بیان کیا کرتے تھے:

ایک مرتبہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔

اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے گزشتہ رات ایک بادل دیکھا ہے جس سے گھی اور شہد کی بارش ہو رہی تھی اور لوگ اسے اپنے ہاتھوں میں لے رہے تھے۔ کوئی شخص زیادہ لے رہا تھا' اور کوئی کم لے رہا تھا۔

پھر میں نے آسمان سے زمین کی طرف لٹکی ہوئی ایک رسی دیکھی۔ پھر میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے اسے پکڑا اور اوپر تشریف لے گئے۔

پھر آپ کے بعد ایک شخص نے اسے پکڑا اور وہ بھی اوپر چلا گیا۔ پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور وہ بھی اوپر چلا گیا پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا' تو وہ رسی ٹوٹ گئی۔ پھر اس شخص کے لئے اسے ملا دیا گیا' تو وہ بھی اوپر چلا گیا۔

(راوی کہتے ہیں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد آپ پر قربان ہوں۔ اللہ کی قسم! آپ مجھے موقع دیجئے کہ میں اس کی تعبیر بیان کروں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم تعبیر بیان کرو! تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: بادل سے مراد اسلام کا بادل ہے' اور اس سے ٹپکنے والے گھی اور شکر (سے مراد) قرآن ہے۔ اس کی حلاوت اور نرمی مراد ہے۔

جہاں تک لوگوں کا اسے ہاتھوں میں لینے کا تعلق ہے' تو کچھ لوگ قرآن کا زیادہ علم حاصل کرتے ہیں اور کچھ لوگ اس کا کم علم حاصل کرتے ہیں۔

جہاں تک آسمان سے نیچے لٹکنے والی رسی کا تعلق ہے' تو یہ وہ حق ہے' جس پر آپ گامزن ہیں۔ آپ نے اس کو اختیار کیا' تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو سربلندی عطا کی۔

پھر آپ کے بعد ایک شخص نے اسے پکڑ لیا' تو اس نے اس کے ذریعے سربلندی حاصل کی۔ پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑ لیا' تو اس نے اس کے ذریعے سربلندی حاصل کی۔ پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑ لیا' تو رسی منقطع ہو گئی۔

پھر اس شخص کے لئے اسے ملا دیا گیا' تو اس نے بھی سربلندی حاصل کی۔

یارسول اللہ! آپ مجھے بتایئے۔ میرے والد آپ پر قربان ہوں کیا میں نے ٹھیک تعبیر بیان کی ہے یا غلط بیان کی ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے کچھ تعبیر غلط بیان کی ہے' اور کچھ ٹھیک بیان کی ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! مجھے بتایئے کہ میں نے کہاں غلطی کی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم قسم نہ دو''۔

ذِكْرُ الْحُكْمِ فِيمَنْ دَعَا اِلٰى هُدًى اَوْ ضَلَالَةٍ فَاتُّبِعَ عَلَيْهِ

اس شخص کے حکم کا تذکرہ جو ہدایت یا گمراہی کی طرف دعوت دیتا ہے اور اس کی پیروی کی جاتی ہے

112 – (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنِى الْعَلَاءُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَنْ دَعَا اِلٰى هُدًى كَانَ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ اُجُوْرِ مَنْ تَبِعَهٗ لَا يَنْقُصُ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْءٌ وَمَنْ دَعَا اِلٰى ضَلَالَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ تَبِعَهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اٰثَامِهِمْ شَيْئًا. (3:12)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو شخص ہدایت کی طرف دعوت دیتا ہے تو اس شخص کو ان تمام لوگوں کے اجر جتنا اجر ملے گا جو اس ہدایت کی پیروی کرتے ہیں اور ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جو شخص گمراہی کی طرف دعوت دیتا ہے اس شخص کو ان تمام لوگوں جتنا گناہ ہوگا جو اس گمراہی کی پیروی کرتے ہیں اور ان لوگوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْعَالِمِ اَنْ لَا يُقَنِّطَ عِبَادَ اللّٰهِ عَنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ عالم پر یہ بات لازم ہے وہ لوگوں کو یعنی اللہ کے بندوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ کرے

113 – (سندِ حدیث): سَمِعْتُ اَبَا خَلِيفَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ بَكْرِ بْنِ الرَّبِيْعِ بْنِ مُسْلِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الرَّبِيْعَ بْنَ مُسْلِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَهْطٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ وَهُمْ يَضْحَكُوْنَ فَقَالَ: لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا فَاَتَاهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لَكَ لِمَ تُقَنِّطُ عِبَادِىْ قَالَ: فَرَجَعَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ: سَدِّدُوا وَقَارِبُوْا وَاَبْشِرُوْا. (3:66)

112– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه فى صحيحه 2674 فى العلم: باب من سن سنة حسنة أو سيئة، وأبو داوُد 4609 فى السنة: باب لزوم السنة، عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/397، ومسلم 2674 ، والترمذى 2674 فى العلم: باب ما جاء فيمن دعا إلى هدى، والدارمى 1/130، 131، والبغوى فى شرح السنة 109 من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد. وقال الترمذى: حسن صحيح. ورواه ابن ماجة 206

113– إسناده صحيح على شرط مسلم . محمد: هو ابن زياد القرشى الجمحى مولاهم، أبو الحارث المدنى. وأخرجه البخارى فى الأدب المفرد 254 عن موسى بن إسماعيل، عن الربيع بن مسلم، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/467 عن عبد الرحمٰن بن مهدى . وسيعيده المؤلف برقم 358 فى باب ما جاء فى الطاعات وثوابها. وقوله: لو تعلمون ما أعلم ... لبكيتم كثيرًا أخرجه أحمد 2/477، والبيهقى فى السنن 752 من طريق وكيع. وأخرجه أحمد 2/312، والبخارى 6637 فى الأيمان والنذور: باب كيف كانت يمين النبى صلى الله عليه وآله وسلم، من طريقين عن معمر، عن همام، عن أبى هريرة.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: سَدِّدُوا يُرِيْدُ بِهٖ كُوْنُوْا مُسَدِّدِيْنَ وَالتَّسْدِيْدُ لُزُوْمُ طَرِيْقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاتِّبَاعُ سُنَّتِهٖ وَقَوْلُهٗ: وَقَارِبُوا يُرِيْدُ بِهٖ لَا تَحْمِلُوْا عَلَى الْاَنْفُسِ مِنَ التَّشْدِيْدِ مَا لَا تُطِيْقُوْنَ وَاَبْشِرُوْا فَاِنَّ لَكُمُ الْجَنَّةَ اِذَا لَزِمْتُمْ طَرِيْقَتِيْ فِي التَّسْدِيْدِ وَقَارَبْتُمْ فِي الْاَعْمَالِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کچھ اصحاب کے پاس سے گزرے' جو ہنس رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو چیز میں جانتا ہوں اگر تم جان لو' تو تم تھوڑا ہنسا کرو اور زیادہ رویا کرو''۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: بے شک اللہ تعالیٰ آپ سے یہ فرمارہا ہے' آپ کیوں میرے بندوں کو مایوس کررہے ہیں؟

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان صحابہ کے پاس واپس تشریف لائے' اور آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ٹھیک رہو۔ میانہ روی اختیار کرو اور خوشخبری حاصل کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ ''سددوا'' سے مراد یہ ہے کہ تم لوگ تسدید اختیار کرنے والے بن جاؤ اور تسدید سے مراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کو لازم پکڑنا اور آپ کی سنت کی پیروی کرنا ہے۔

روایت کے الفاظ ''وقاربوا'' سے مراد یہ ہے: تم اپنے اوپر ایسی شدت لازم نہ کرو جس کی تم طاقت نہیں رکھتے۔

روایت کے الفاظ ''وابشروا'' سے مراد یہ ہے: تم یہ خوشخبری حاصل کرو کہ جب تم میرے طریقے کو لازم پکڑلو گے اور اعمال میں میانہ روی اختیار کرو گے تو تمہیں جنت ملے گی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ تَأْلِيفِ الْعَالِمِ كُتُبَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ عالم شخص اللہ کی کتاب کی تالیف کرسکتا ہے (یعنی قرآن کو کتابی شکل میں جمع کرسکتا ہے)

114 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُؤَلِّفُ الْقُرْآنَ مِنَ الرِّقَاعِ. (4:1)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

114- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين، غير عبد الرحمٰن بن شماسة، فهو من رجال مسلم وحده. وأخرجه الترمذي 3954 في المناقب: باب في فضل الشام واليمن، عن محمد بن بشار، والحاكم 2/611، ومن طريقه البيهقي في دلائل النبوة 7/147 وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب . وأخرجه ابن أبي شيبة 12/191-192، وأحمد 5/185، والطبراني في الكبير 4933، والحاكم 2/229 من طريق يحيى بن إسحاق، عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي.

"ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں مختلف ٹکڑوں سے قرآن جمع کیا کرتے تھے"۔

ذِكْرُ الْحَثِّ عَلٰى تَعْلِيْمِ كِتَابِ اللّٰهِ وَإِنْ لَمْ يَتَعَلَّمِ الْإِنْسَانُ بِالتَّمَامِ

اللہ کی کتاب کی تعلیم دینے کی ترغیب کا تذکرہ، اگرچہ آدمی اس کا مکمل طور پر علم حاصل نہ کرے

115 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ يَقُوْلُ

(متن حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فَقَالَ: اَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنْ يَّغْدُوَ اِلٰى بُطْحَانَ اَوِ الْعَقِيْقِ فَيَاْتِيَ كُلَّ يَوْمٍ بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ زَهْرَاوَيْنِ يَاْخُذُهُمَا فِيْ غَيْرِ اِثْمٍ وَلَا قَطِيْعَةِ رَحِمٍ ؟ قَالُوْا: كُلُّنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يُحِبُّ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَاَنْ يَّغْدُوَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْمَسْجِدِ فَيَتَعَلَّمَ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَهٗ مِنْ نَاقَتَيْنِ وَثَلَاثٌ خَيْرٌ مِنْ ثَلَاثٍ وَاَرْبَعٌ خَيْرٌ مِنْ عِدَادِهِنَّ مِنَ الْاِبِلِ . (1:2)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ اُضْمِرَ فِيْهِ كَلِمَةٌ وَهِيَ لَوْ تَصَدَّقَ بِهَا يُرِيْدُ بِقَوْلِهٖ فَيَتَعَلَّمَ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ نَاقَتَيْنِ وَثَلَاثٍ لَوْ تَصَدَّقَ بِهَا لِاَنَّ فَضْلَ تَعَلُّمِ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ فَضْلِ نَاقَتَيْنِ وَثَلَاثٍ وَعِدَادِهِنَّ مِنَ الْاِبِلِ لَوْ تَصَدَّقَ بِهَا اِذْ مُحَالٌ اَنْ يُّشَبَّهَ مَنْ تَعَلَّمَ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فِي الْاَجْرِ بِمَنْ نَالَ بَعْضَ حُطَامِ الدُّنْيَا فَصَحَّ بِمَا وصفت صحة ما ذكرت.

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ باہر تشریف لائے ہم اس وقت صفہ میں موجود تھے۔ آپ نے فرمایا: تم میں سے کون شخص اس بات کو پسند کرتا ہے، وہ بطحان یا عقیق جائے، اور روزانہ وہاں سے دو ایسی اونٹنیاں لے آیا کرے، جن کی کوہان بلند ہو، اور ان کی رنگت چمکدار ہو۔

وہ کسی گناہ اور کسی قطع رحمی کے بغیر انہیں حاصل کر لے۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک شخص اس بات کو پسند کرے گا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"کوئی شخص مسجد جائے، اور اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرے۔ یہ اس کے لئے دو اونٹنیوں سے زیادہ بہتر ہے، اور تین (آیات کا علم حاصل کرنا) تین اونٹنیاں حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے، اور چار (آیات کا علم حاصل کرنا) ان کی تعداد کے جتنے اونٹ حاصل کرنے سے بہتر ہے"۔

115- إسناده صحيح على شرط مسلم، وحبان هو ابن موسى بن سوار السلمي المروزي، وعبد الله هو ابن المبارك، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/503، 504، ومسلم 803 في صلاة المسافرين: باب فضل قراءة القرآن في الصلاة وتعلمه، من طريق الفضل بن دكين، وأحمد 4/154 عن أبي عبد الرحمٰن المقرء، وأبو داوٗد 1456 في الصلاة: باب في ثواب قراءة القرآن، من طريق ابن وهب، والطبراني في الكبير 17/ 799.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں ایک کلمہ پوشیدہ (یعنی محذوف) ہے اور وہ یہ ہے: "اگر وہ اسے صدقہ کر دے"۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان سے مراد یہ ہوگی: آدمی کا اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرنا اس کے لئے دو یا تین اونٹنیوں کو صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے: اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرنا دو یا تین اونٹنیوں یا ان جتنے اونٹوں کو صدقہ کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرنے کے اجر کو دنیاوی ساز و سامان کے حصول سے تشبیہ دیں۔ اس لئے میں نے جو وضاحت کی ہے: وہ درست ہوگی۔ جیسا کہ میں نے ذکر کیا ہے۔

116 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ فَاِنَّهٗ يَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعًا لِاَصْحَابِهٖ وَعَلَيْكُمْ بِالزَّهْرَاوَيْنِ الْبَقَرَةِ وَآلِ عِمْرَانَ فَاِنَّهُمَا تَاْتِيَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ اَوْ كَاَنَّهُمَا غَيَايَتَانِ اَوْ فِرْقَانِ مِنْ طَيْرٍ تُحَاجَّانِ عَنْ اَصْحَابِهِمَا وَعَلَيْكُمْ بِسُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَاِنَّ اَخْذَهَا بَرَكَةٌ وَتَرْكَهَا حَسْرَةٌ وَلَا يَسْتَطِيْعُهَا الْبَطَلَةُ . (1:88)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"قرآن کا علم حاصل کرو کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کے لئے شفاعت کرنے والا بن کے آئے گا اور تم لوگوں پر دو چمکدار چیزوں کو اختیار کرنا لازم ہے۔

سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران کیونکہ یہ دونوں قیامت کے دن یوں آئیں گی جیسے دو بادل ہیں یا جیسے یہ دو سایہ دار چیزیں ہیں یا جیسے یہ پرندوں کی دو قطاریں ہیں اور یہ اپنے پڑھنے والوں کے بارے میں بحث کریں گی۔ (یعنی ان کی شفاعت کریں گی)

تم لوگوں پر سورہ بقرہ پڑھنا لازم ہے۔ اسے اختیار کرنا برکت ہے اور اسے ترک کر دینا حسرت ہے۔

اور باطل لوگ (یعنی جادوگر) اس کی استطاعت نہیں رکھتے"۔

116- حديث صحيح رجاله ثقات، رجاله رجال مسلم . وأخرجه الطبراني 7542 عن علي بن عبد العزيز، عن مسلم بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

وأخرجه أحمد 5/249 و254-255 عن عفان، والطبراني 7543 من طريق موسى بن إسماعيل . وهو في المستدرك 1/564 . وأخرجه مسلم 804 في صلاة المسافرين: باب فضل قراءة القرآن، والطبراني 7544 ،والبيهقي في السنن 2/395 . وأخرجه أحمد 5/249 و257، والبغوي 1193 . وأخرجه عبد الرزاق في المصنف 5991 أخرجه الطبراني 8118 . وفي الباب عن عقبة بن عامر الجهني عند أحمد 4/154، وأبي داؤد 1456 وعن بريدة عند الحاكم 1/ 560 وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَعَلُّمِ كِتَابِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَاتِّبَاعِ مَا فِيهِ عِنْدَ وُقُوعِ الْفِتَنِ خَاصَّةً

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ بطور خاص فتنے کے زمانے میں اللہ تعالیٰ کی کتاب کا علم حاصل کرے اور اس میں موجود احکام کی پیروی کرے

117 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ

(متن حدیث): قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ الَّذِي نَحْنُ فِيهِ مِنْ شَرٍّ نَحْذَرُهُ قَالَ: يَا حُذَيْفَةُ عَلَيْكَ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَتَعَلَّمْهُ وَاتَّبِعْ مَا فِيهِ خَيْرًا لَّكَ. (3:65)

❀❀ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس وقت جس بھلائی پر گامزن ہیں کیا اس کے بعد کوئی ایسی برائی بھی آئے گی جس سے بچنا چاہیے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے حذیفہ! تم پر اللہ کی کتاب کو اختیار کرنا لازم ہے''۔

اس کا علم حاصل کرو اور اس میں تمہارے لیے جو بھلائی ہے اس کی پیروی کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ لوگوں میں زیادہ بہتر وہ شخص ہے جو قرآن کا علم حاصل کرے اور اس کی تعلیم دے

118 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِيُّ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ

عَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ.

117- إسناده صحيح على شرط الشيخين، سوى عبد الله بن الصامت؛ فإنه من رجال مسلم، وأخرجه أحمد 5/406 عن عبد الصمد، وأخرجه مطولًا أحمد 5/386، وأبو داوُد 4246 في الفتن والملاحم: باب ذكر الفتن ودلائلها، والنسائي في فضائل القرآن 57 من طرق. وأخرجه النسائي في فضائل القرآن 58، والحاكم 4/432، من طريق حميد بن هلال.

118- إسناده صحيح على شرط البخاري، وأخرجه الطيالسي 73 عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/58، والبخاري 5027 في فضائل القرآن: باب خيركم من تعلم القرآن وعلمه، وأبو داوُد 1452 في الصلاة: باب ثواب قراءة القرآن، والترمذي 2907 في ثواب القرآن: باب ما جاء في تعليم القرآن، والدارمي 2/437 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه عبد الرزاق 5995 عن سفيان الثوري، عن علقمة بن مرثد، عن أبي عبد الرحمٰن السلمي، به. وأخرجه أحمد 1/57، والبخاري 5028، والترمذي 2908، وابن ماجة 212، من طرق عن سفيان الثوري بإسناد عبد الرزاق السالف.

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: فَهٰذَا الَّذِىْ اَقْعَدَنِىْ هٰذَا الْمَقْعَدَ. (1:2)

❀❀ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں زیادہ بہتر شخص وہ ہے' جو قرآن کا علم حاصل کرے اور اس کی تعلیم دے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاقْتِنَاءِ الْقُرْآنِ مَعَ تَعْلِيْمِهٖ

قرآن کی تعلیم کے ہمراہ اسے محفوظ رکھنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

119 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَاقْتَنُوْهُ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِّنَ الْمَخَاضِ فِى الْعُقُلِ. (1:2)

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قرآن کا علم حاصل کرو اور اسے سنبھال کے رکھو۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ یہ آدمی کے ذہن سے اس سے زیادہ تیزی سے نکلتا ہے' جتنی تیزی سے کوئی اونٹنی رسی میں سے نکلتی ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ لَا يَسْتَغْنِىَ الْمَرْءُ بِمَا اُوْتِىَ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ جَلَّ وَعُلَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کو اللہ کی کتاب کا جو علم دیا گیا ہے' آدمی اسے خوش الحانی سے نہ پڑھے

120 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ نَهِيْكٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

119- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو فى المصنف 10/477 لابن أبى شيبة . وأخرجه أحمد 4/146، والدارمى 2/439، والنسائى فى فضائل القرآن 59 ، والطبرانى فى الكبير /17 801 من طرق عن موسى بن على، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/150 و153، والنسائى فى فضائل القرآن 60 و 74 ، والطبرانى /17 801 و 802 من طرق عن قباث بن رزين، عن على بن رباح، به. وقد نسبه الهيثمى فى مجمع الزوائد 7/169 لأحمد والطبرانى، وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح . وفى الباب عن ابن مسعود سيرد عند المؤلف برقم 762 ، وعن أبى موسى عند ابن أبى شيبة 10/477، ومسلم 791 فى صلاة المسافرين.

120- إسناده صحيح وأخرجه أبو داوُد 1469 فى الصلاة: باب استحباب الترتيل فى القراء ة، عن يزيد بن خالد بن موهب الرملى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/175، وأبو داوُد 1469 ، والدارمى 2/471، والطحاوى فى مشكل الآثار 2/127-128 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم 1/569 ووافقه الذهبى. وأخرجه الحميدى 76 ، وابن أبى شيبة 2/522 و10/464، وأحمد 1/179، وأبو داوُد 1470 فى الصلاة، والدارمى 1/349، والطحاوى 2/127، والبيهقى 10/230، من طرق عن سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن ابن أبى مليكة، به، ومن طريق الحميدى وصححه الحاكم 1/569 ووافقه الذهبى. وأخرجه الحميدى 77 ، عن سفيان بن عيينة، عن ابن جريج، عن ابن أبى مليكة، به . وأخرجه الطيالسى 201 ، وابن أبى شيبة 2/522، وأحمد 1/172 من طريق وكيع، كلاهما عن سعيد بن حسان، عن ابن أبى مليكة، به وفى الباب عن أبى هريرة عند البخارى 7527 فى التوحيد، ومن طريقه البغوى فى شرح السنة 1218 . وعن ابن عباس عند الحاكم فى المستدرك 1/570.

(متن حدیث): قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ . (2:61)

حضرت ابوجعد ضمری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص کسی عذر کے بغیر تین جمعہ ترک کردے وہ منافق ہے''۔

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ النِّفَاقِ عَلَى الْمُؤَخِّرِ صَلَاةَ الْعَصْرِ اِلٰى اَنْ تَكُوْنَ الشَّمْسُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ

جو شخص عصر کی نماز میں اتنی تاخیر کردے کہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان پہنچ جائے اس شخص پر نفاق کے لفظ کا اطلاق ہونے کا تذکرہ

259- (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنِ بْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ

(متن حدیث):دَخَلْتُ عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَا وَصَاحِبٌ لِّيْ بَعْدَ الظُّهْرِ فَقَالَ اَصَلَّيْتُمَا الْعَصْرَ قَالَ: فَقُلْنَا لَا قَالَ: فَصَلِّيَا عِنْدَكُمَا فِي الْحُجْرَةِ فَفَرَغْنَا وَطَوَّلَ هُوَ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَيْنَا فَكَانَ اَوَّلَ مَا كَلَّمَنَا بِهِ اَنْ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تِلْكَ صَلَاةُ الْمُنَافِقِيْنَ يُمْهِلُ اَحَدُهُمْ حَتّٰى اِذَا كانت الشمس عَلٰى قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ قَامَ فَنَقَرَ اَرْبَعًا لا يذكر الله فيها إلا قليلا . (3:49)

علاء بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' میں اور میرے ساتھ ایک اور صاحب تھے' ہم ظہر کے بعد ان کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے دریافت کیا: کیا تم لوگوں نے عصر کی نماز پڑھ لی ہے؟ ہم نے جواب دیا: جی نہیں! تو انہوں نے فرمایا: تم دونوں حجرہ میں نماز ادا کرلو۔

ہم اس سے فارغ ہوگئے انہوں نے نماز طویل ادا کی جب وہ نماز پڑھ کر ہماری طرف متوجہ ہوئے' تو انہوں نے سب سے پہلے ہم سے یہ کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''یہ منافقین کی نماز ہے' اُن میں سے کوئی شخص نماز کو مؤخر کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ جب سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے' تو وہ شخص اٹھ کر چار مرتبہ ٹھونگیں مارتا ہے' وہ نماز میں اللہ تعالیٰ کا ذکر' بہت کم کرتا ہے۔''

258- إسناده حسن، يحيى بن داوٗد: هو ابن ميمون الواسطى، ثقة، ومن فوقه على شرط الصحيح، إلا محمد بن عمرو _ له أوهام، فحديثه من قبيل الحسن. وأخرجه ابن خزيمة برقم 1857 عن سلم بن جنادة، عن وكيع، بهذا الإسناد . وبهذا اللفظ. قلت: بلفظ: طبع الله على قلبه ، سيورده المؤلف في باب الجمعة.

259- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الطيالسى 2130 عن ورقاء . وأخرجه أحمد 3/102، 103 عن محمد بن فضيل، عن محمد بن أبي إسحاق، عن العلاء بن عبد الرحمٰن، به. وانظر سنن الدارقطنى 1/254. وسيعيده المؤلف برقم 263. وسيورده برقم 261 من طريق مالك، و 262 من طريق إسماعيل بن جعفر، كلاهما عن العلاء ، به. وبرقم 260 من طريق أسامة بن زيد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے‘ جو اس بات کا قائل ہے

اس روایت کو نقل کرنے میں علاء بن عبدالرحمٰن نامی راوی منفرد ہے

260 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى بِالْمَوْصِلِ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بن معروف حدثنا بن وهب أَخْبَرَنَا أسامة بن زيد عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَحَدَّثَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّ حَفْصَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِصَلَاةِ الْمُنَافِقِيْنَ يَدَعُ الْعَصْرَ حَتّٰى اِذَا كَانَتْ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ قَامَ فَنَقَرَ كَنَقَرَاتِ الدِّيكِ لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ فِيهِنَّ إلا قليلا . (3:49)

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

”کیا میں تمہیں منافقین کی نماز کے بارے میں نہ بتاؤں؟ وہ عصر کی نماز کو ادا نہیں کرتا۔ یہاں تک کہ جب سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) شیطان کے سینگ تک پہنچ جاتا ہے‘ تو وہ مرغ کی طرح ٹھونگے مارتا ہے۔ وہ اس نماز میں اللہ کا ذکر بہت تھوڑا سا کرتا ہے“۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ اسْمِ الْمُنَافِقِ عَلَى الْمُؤَخِّرِ صَلَاةَ الْعَصْرِ اِلٰى اصْفِرَارِ الشَّمْسِ

عصر کی نماز کو سورج زرد ہونے تک مؤخر کرنے والے شخص پر لفظ ”منافق“ کے اثبات کا تذکرہ

261 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْنَا عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بَعْدَ الظُّهْرِ فَقَامَ يُصَلِّي الْعَصْرَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ ذَكَرْنَا تَعْجِيلَ الصَّلَاةِ اَوْ ذَكَرَهَا فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: تِلْكَ صَلَاةُ الْمُنَافِقِيْنَ تِلْكَ صَلَاةُ الْمُنَافِقِيْنَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ يَجْلِسُ اَحَدُهُمْ حَتّٰى اِذَا اصْفَرَّتِ الشَّمْسُ وَكَانَتْ بَيْنَ قرنى الشيطان أو على قرني الشيطان فَنَقَرَ اَرْبَعًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ فِيْهَا اِلَّا قليلا . (2:109)

260- إسناده حسن من أجل أسامة بن زيد وهو الليثي، وأخرجه أحمد 3/247 عن هارون بن معروف.

261- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو داوٗد 413 في الصلاة: باب وقت العصر، ومن طريقه البيهقي في السنن 1/444، عن القعنبي، بهذا الإسناد . وهو في الموطأ 1/221 في الصلاة: باب النهي عن الصلاة بعد الصبح وبعد العصر، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 3/149 و185، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/192، والبغوي في شرح السنة 368 . وسيرد بعده من طريق إسماعيل بن جعفر، عن العلاء، به.

علاء بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ظہر کے بعد حاضر ہوئے' تو وہ عصر کی نماز ادا کر رہے تھے' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو ہم نے یا شاید انہوں نے جلدی نماز ادا کرنے کا تذکرہ کیا' تو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''یہ منافقین کی نماز ہے یہ منافقین کی نماز ہے۔'' یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی:

''اُنمیں سے کوئی ایک شخص بیٹھا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ جب سورج زرد ہو جاتا ہے' اور وہ شیطان کے دوسینگوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) شیطان کے دوسینگوں پر پہنچ جاتا ہے' تو وہ شخص اٹھ کر چار مرتبہ ٹھونگے مارتا ہے''۔

وہ اس نماز میں اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت تھوڑا کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَاْخِيرَ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلٰى اَنْ يَّقْرُبَ اصْفِرَارُ الشَّمْسِ صَلَاةُ الْمُنَافِقِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ عصر کی نماز کو اتنی تاخیر سے ادا کرنا کہ سورج زرد ہو جائے' یہ منافقین کی نماز ہے

262- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوْبَ

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فِيْ دَارِهٖ بِالْبَصْرَةِ حِيْنَ انْصَرَفَ مِنَ الظُّهْرِ قَالَ وَدَارُهُ بِجَنْبِ الْمَسْجِدِ فَلَمَّا دَخَلْنَا عَلَيْهِ قَالَ صَلَّيْتُمُ الْعَصْرَ قُلْنَا اِنَّمَا انْصَرَفْنَا السَّاعَةَ مِنَ الظُّهْرِ قَالَ فَصَلُّوا الْعَصْرَ فَقُمْنَا فَصَلَّيْنَا الْعَصْرَ فَلَمَّا انْصَرَفْنَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: تِلْكَ صَلَاةُ الْمُنَافِقِيْنَ يَجْلِسُ يَرْقُبُ الشَّمْسَ حَتّٰى اِذَا كَانَتْ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ قَامَ فَنَقَرَهَا اَرْبَعًا لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ فِيْهَا اِلَّا قَلِيْلًا . (5:7)

علاء بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد بصرہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے گھر گئے' راوی بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا گھر مسجد کے پہلو میں تھا جب وہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے دریافت کیا: کیا تم نے عصر کی نماز ادا کر لی ہے؟ ہم نے جواب دیا: ہم تو ابھی ظہر کی نماز پڑھ کے آئے ہیں' تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ عصر کی نماز ادا کر لو! تو ہم نے عصر کی نماز ادا کر لی' جب ہم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

262- إسناده صحيح على شرط مسلم وهو في صحيح ابن خزيمة برقم 333 ، وأخرجه مسلم 622 في المساجد، والترمذي 160 في الصلاة: باب ما جاء في تعجيل العصر، والنسائي 1/254 في المواقيت: باب التشديد في تأخير العصر، ثلاثتهم عن علي بن حُجْر، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم أيضًا 622 ، والبيهقي في السنن 1/443، 444 من طريق محمد بن الصباح.

''یہ منافقین کی نماز ہے (منافق شخص) بیٹھا ہوا سورج کو دیکھتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ شیطان کے دوسینگوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے' تو وہ شخص اٹھ کر چار مرتبہ ٹھونگے مارتا ہے۔ وہ اس نماز میں اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت تھوڑا سا کرتا ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

263 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوْبَ مَوْلَى الْحُرَقَةِ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث):دَخَلْتُ عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَصَاحِبٌ لِّيْ بَعْدَ الظُّهْرِ فَقَالَ: اَصَلَّيْتُمُ الْعَصْرَ؟ قَالَ: فَقُلْنَا: لَا قَالَ: فَصَلِّيَا عِنْدَنَا فِي الْحُجْرَةِ فَفَرَغْنَا وَطَوَّلَ هُوَ وَانْصَرَفَ اِلَيْنَا فَكَانَ اَوَّلَ مَا كَلَّمَنَا بِهِ اَنْ قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال: تِلْكَ صَلَاةُ الْمُنَافِقِيْنَ يَقْعُدُ اَحَدُهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَتْ عَلٰى قَرْنِ الشَّيْطَانِ اَوْ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ قَامَ فَنَقَرَ اَرْبَعًا لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ فيها إلا قليلا . (5:7)[1]

❁❁ علاء بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں اور میرا ایک ساتھی ظہر کی نماز کے بعد حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے دریافت کیا: کیا تم نے عصر کی نماز ادا کرلی ہے؟ ہم نے جواب دیا: جی نہیں۔ انہوں نے فرمایا: تم ہمارے ہاں حجرے میں نماز ادا کرلو جب ہم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے طویل نماز ادا کی۔ نماز پڑھ کر فارغ ہونے کے بعد وہ ہماری طرف متوجہ ہوئے' تو انہوں نے سب سے پہلی بات ہمارے ساتھ یہ کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''یہ منافقین کی نماز ہے۔ ان میں سے کوئی ایک شخص بیٹھا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ جب سورج شیطان کے سینگ پر (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) شیطان کے دوسینگوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے' تو وہ شخص اٹھ کر چار مرتبہ ٹھونگے مارتا ہے' وہ ان رکعات میں اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت تھوڑا سا کرتا ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ عِشْرَةِ الْمُنَافِقِ لِلْمُسْلِمِيْنَ

اس روایت کا تذکرہ جو منافق کی مسلمانوں کے ساتھ طرزِ معاشرت کی صفت بیان کرتی ہے

264 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ عبد الله اليحمدى حدثنا بن الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اَنَّهُ كَانَ يَقُصُّ بِمَكَّةَ وَعِنْدَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَعَبْدُ اللّٰهِ

---

[1] هو مكرر الحديث 259 .

بْـنُ صَـفْوَانَ وَنَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَثَـلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الشَّاةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ اِنْ مَّالَتْ اِلٰى هٰذَا الْجَانِبِ نُطِحَتْ وَاِنْ مَّالَتْ اِلٰى هٰـذَا الْـجَـانِـبِ نُـطِحَتْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَيْسَ هٰكَذَا فَغَضِبَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ وَقَالَ: تَرُدُّ عَلَيَّ؟ قَالَ: اِنِّيْ لَمْ اَرُدَّ عَـلَيْكَ اِلَّا اَنِّـيْ شَهِـدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَفْوَانَ: فَكَيْفَ قَالَ يَا اَبَـا عَبْـدِ الـرَّحْمٰنِ؟ قَالَ: بَيْنَ الرَّبِيضَيْنِ قَالَ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بَيْنَ الرَّبِيضَيْنِ وَبَيْنَ الْغَنَمَيْنِ سَوَاءٌ قَالَ: كَذَا سَمِعْتُ كَذَا سَمِعْتُ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا سَمِعَ شَيْئًا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَعْدُهُ وَلَمْ يَقْصُرْ دُوْنَهُ. (3:28)

ابوجعفر نامی راوی بیان کرتے ہیں: عبید بن عمیر مکہ مکرمہ میں تقریر کر رہے تھے۔ان کے پاس حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن صفوان رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام بھی موجود تھے عبید بن عمیر نے یہ بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''منافق کی مثال دو ریوڑوں کے درمیان والی بکری کی مانند ہے اگر وہ اس ریوڑ کی طرف جاتی ہے' تو اسے سینگ مارے جاتے ہیں' اگر وہ اس ریوڑ کی طرف جاتی ہے' تو اسے سینگ مارے جاتے ہیں۔''

تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے۔اس پر عبید بن عمیر غصے میں آ گئے اور بولے: آپ میری بات کو مسترد کر رہے ہیں؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہاری بات کو مسترد نہیں کر رہا' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ بات ارشاد فرمائی تھی اس وقت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا۔ارشاد فرمایا

اس پر عبداللہ بن صفوان نے دریافت کیا: اے ابوعبدالرحمٰن! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا؟

تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریوڑ کے لئے) لفظ ''ربیضین'' استعمال کیا تھا (جب کہ تم نے لفظ ''غنمین'' استعمال کیا ہے)

تو عبید بن عمیر یا شاید عبداللہ بن صفوان بولے: اے ابوعبدالرحمٰن! ربیضین اور غنمین دونوں کا مطلب ایک ہی ہے۔

تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے' تو اسی طرح سنا ہے' میں نے' تو اسی طرح سنا ہے۔ میں نے' تو اسی طرح سنا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی کوئی لفظ سنتے' تو آپ رضی اللہ عنہ اس میں کوئی اضافہ یا کوئی کمی نہیں کرتے تھے۔

264- إسناده صحيح، عتبة بن عبد الله اليحمدي: صدوق، ومن فوقه على شرطهما. وأخرجه الحميدي 688، والدارمي 1/93 من طريق سفيان، وأحمد 2/82 من طريق مصعب بن سلام.

7- بَابُ مَا جَاءَ فِي الصِّفَاتِ

باب 7: صفات کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

265 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يحيى الذهلى حدثنا المقرىء حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ التُّجِيْبِيُّ عَنْ اَبِيْ يُوْنُسَ مَوْلٰى اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاسْمُهُ سُلَيْمُ بْنُ جُبَيْرٍ

(متن حدیث): عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰى اَهْلِهَا) اِلٰى قَوْلِهٖ: (اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا) (النساء: 58) رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ اِبْهَامَهُ عَلٰى اُذُنِهٖ وَاُصْبُعَهُ الدَّعَّاءَ عَلٰى عَيْنِهٖ. (3:37)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضْعِهِ اُصْبُعَهُ عَلٰى اُذُنِهٖ وَعَيْنِهٖ تَعْرِيفَ النَّاسِ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لَا يسمع بالأذن التى لَهَا سِمَاخٌ وَالْتِوَاءٌ وَلَا يُبْصِرُ بِالْعَيْنِ الَّتِيْ لَهَا اَشْفَارٌ وَحَدَقٌ وَبَيَاضٌ جَلَّ رَبُّنَا وَتَعَالٰى عَنْ اَنْ يُّشَبَّهَ بِخَلْقِهٖ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الْاَشْيَاءِ بَلْ يَسْمَعُ وَيُبْصِرُ بِلَا اٰلَةٍ كَيْفَ يشاء.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے' انہوں نے اس آیت کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''بے شک اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو یہ حکم دیتا ہے' تم امانتیں ان کے اہل لوگوں کو ادا کردو۔''

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔''

(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اپنا انگوٹھا اپنے کان پر رکھا اور اپنی انگلی جس کے ذریعے نماز کے دوران اشارہ کیا جاتا ہے اسے اپنی آنکھ پر رکھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی انگلی کو اپنے کانوں اور اپنی آنکھوں پر رکھنے کا مطلب یہ ہے: آپ لوگوں کے سامنے اس بات کو واضح کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کان کی وجہ سے نہیں سنتا جس میں سوراخ اور موڑ ہوتا ہے۔

265- إسناده صحيح على شرط الصحيح . وهو عند ابن خزيمة في التوحيد ص 42، 43. وأخرجه أبو داوٗد 4728 في السنة: باب في الجهمية، ومن طريقه البيهقي في الأسماء والصفات ص179 .

اوراس آنکھ کی مدد سے نہیں دیکھتا ہے' جس میں پتلیاں اورڈیلا اورسفیدی ہوتی ہے۔

ہمارا پروردگاراس بات سے بلندوبرتر ہے کہ اسے اس کی مخلوق میں سے کسی چیز کے ساتھ مشابہ قرار دیا جائے بلکہ وہ کسی آلے کے بغیر سنتا اوردیکھتا ہے جیسے وہ چاہتا ہے۔

266 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِىْ عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنَامُ وَلَا يَنْبَغِى لَهٗ اَنْ يَّنَامَ يَخْفِضُ الْقِسْطَ وَيَرْفَعُهٗ يُرْفَعُ اِلَيْهِ عَمَلُ النَّهَارِ قَبْلَ اللَّيْلِ وَعَمَلُ اللَّيْلِ قَبْلَ النَّهَارِ حِجَابُهُ النُّوْرُ لَوْ كُشِفَ طَبَقُهَا اَحْرَقَ سُبُحَاتُ وَجْهِهٖ كُلَّ شَىْءٍ اَدْرَكَهٗ بَصَرُهٗ وَاضِعٌ يَدَهٗ لِمُسِىْءِ اللَّيْلِ لِيَتُوْبَ بِالنَّهَارِ وَلِمُسِىْءِ النَّهَارِ لِيَتُوْبَ بِاللَّيْلِ حَتّٰى تطلع الشمس من مغربها . (3:67)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ سوتا نہیں ہے' اور یہ اس کی شان کے لائق بھی نہیں ہے کہ وہ سو جائے' وہ پلڑے کو اوپر نیچے کرتا رہتا ہے۔ دن کے اعمال' رات ہونے سے پہلے اور رات کے اعمال دن ہونے سے پہلے اس کی بارگاہ میں پیش کردیئے جاتے ہیں۔ اس کا حجاب نور ہے۔ اگر اس کے ایک پردے کو ہٹا دیا جائے' تو اس کی ذات کے انوار ہر اس چیز کو جلا دیں' جو اس کی بصارت کے دائرے میں ہیں۔ اس نے اپنا دست رحمت رات کے وقت گناہ کرنے والے شخص کے لئے پھیلایا ہوا ہے' تاکہ دن میں اس کی توبہ قبول کرے اور دن میں گناہ کرنے والے شخص کے لئے پھیلایا ہوا ہے' تاکہ رات میں اس کی توبہ قبول کرے''۔

(ایسا اس وقت تک ہوتا رہے گا) جب تک سورج مغرب سے طلوع نہیں ہو جاتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ كُلَّ صِفَةٍ اِذَا وُجِدَتْ فِى الْمَخْلُوْقِيْنَ كَانَ لَهُمْ بِهَا النَّقْصُ غَيْرُ جَائِزٍ اِضَافَةُ مِثْلِهَا اِلَى الْبَارِىْ جَلَّ وَعَلَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: وہ صفت جو مخلوق میں پائی جائے گی' تو وہ ان کے لئے نقص سمجھی جائے

266– إسناده صحيح على شرط البخارى، وهو فى التوحيد لابن خزيمة ص .19 وأخرجه الطيالسى 491 ، وأحمد 4/395 و401 و405، ومسلم 179 فى الإيمان: باب فى قوله عليه السلام: إن الله لا ينام ، وابن ماجة 195 و 196 فى المقدمة: باب فيما أنكرت الجهمية، والآجرّى فى الشريعة ص304، وابن خزيمة فى التوحيد ص 19 و20، وابن منده 775 و 776 و 777 و 779 ، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص180، 181، والبغوى فى شرح السنة 91 من طرق عن عمرو بن مرة، بهذا الإسناد.

ایسی صفت کی نسبت باری تعالیٰ کی طرف کرنا جائز نہیں ہے

267 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ قَالَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى:

(متن حدیث): كَذَّبَنِى ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ اَنْ يُكَذِّبَنِى وَيَشْتُمُنِى ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ يَنْبَغِى لَهٗ اَنْ يَشْتُمَنِى فَاَمَّا تَكْذِيبُهٗ اِيَّاىَ فَقَوْلُهٗ لَنْ يُعِيدَنِى كَمَا بَدَاَنِى اَوَ لَيْسَ اَوَّلُ خَلْقٍ بِاَهْوَنَ عَلَىَّ مِنْ اِعَادَتِهٖ وَاَمَّا شَتْمُهٗ اِيَّاىَ فَقَوْلُهٗ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَاَنَا اللّٰهُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ لَمْ اَلِدْ وَلَمْ اُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِىْ كفوا أحد. (3:68)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: فِىْ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أوليس اَوَّلُ خَلْقٍ بِاَهْوَنَ عَلَىَّ مِنْ اِعَادَتِهٖ فِيْهِ الْبَيَانُ الْوَاضِحُ اَنَّ الصِّفَاتِ الَّتِىْ تُوقِعُ النَّقْصَ عَلٰى مَنْ وُجِدَتْ فِيْهِ غَيْرُ جَائِزٍ اِضَافَةُ مِثْلِهَا اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِذِ الْقِيَاسُ كَانَ يُوجِبُ اَنْ يُّطْلِقَ بَدَلَ هٰذِهِ اللَّفْظَةِ بِاَهْوَنَ عَلَىَّ بِاَصْعَبَ عَلَىَّ فَتَنَكَّبَ لَفْظَةَ التَّصْعِيبِ اِذْ هِىَ مِنْ اَلْفَاظِ النَّقْصِ وَاُبْدِلَتْ بِلَفْظِ التهوين الذى لا يشوبه ذلك.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ابن آدم مجھے جھوٹا قرار دیتا ہے۔ حالانکہ اسے اس بات کا حق نہیں ہے کہ مجھے جھوٹا قرار دے۔ ابن آدم مجھے برا کہتا ہے' حالانکہ اسے اس کا حق نہیں ہے کہ وہ مجھے برا کہے' جہاں تک اس کے میری تکذیب کرنے کا تعلق ہے' تو اس سے مراد اس کا یہ کہنا ہے' اللہ تعالیٰ مجھے دوبارہ پیدا نہیں کرے گا' جس طرح اس نے مجھے پہلے پیدا کیا ہے۔

تو کیا اسے دوبارہ پیدا کرنے کے مقابلے میں پہلی مرتبہ پیدا کرنا میرے لئے زیادہ آسان نہیں ہے؟

جہاں تک اس کے مجھے برا کہنے کا تعلق ہے' تو اس سے مراد اس کا یہ کہنا ہے' اللہ تعالیٰ کی اولاد ہے' حالانکہ میں اللہ تعالیٰ ہوں' میں یکتا ہوں۔ میں بے نیاز ہوں۔ میں نے کسی کو جنم نہیں دیا ہے' اور مجھے جنم نہیں دیا گیا اور کوئی میرا ہمسر نہیں ہو سکتا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''کیا پہلی مرتبہ پیدا کرنا اللہ تعالیٰ کے لئے دوبارہ پیدا کرنے کے مقابلے میں زیادہ آسان نہیں تھا''۔

اس میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ وہ صفات' جو اس شخص میں نقص واقع کر دیں جس میں وہ صفت پائی جاتی ہے' تو یہ بات جائز نہیں ہے کہ اس کی مثل کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جائے' کیونکہ قیاس اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ یہ بات لازم ہو کہ ''میرے لیے زیادہ آسان'' کے بجائے ''میرے لیے زیادہ مشکل'' کے الفاظ ہونے چاہیے تھے۔

267- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 2/393، 394، والبخارى 3193 فى بدء الخلق، من طريق سفيان الثورى، و 4974 فى التفسير: باب سورة (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)، والنسائى فى النعوت كما فى التحفة 10/175، وابن منده 1073، من طريق شعيب بن أبى حمزة، والنسائى 4/112 فى الجنائز: باب أرواح المؤمنين.

لیکن مشکل ہونے کے لفظ کو اس لیے ترک کیا گیا' کیونکہ یہ نقص کے الفاظ میں سے ہے' اور اس کی جگہ آسان ہونے کے لفظ کو بدلے کے طور پر لایا گیا جس میں نقص کا پہلو نہیں پایا جاتا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ شَنَّعَ بِهٖ اَهْلُ الْبِدَعِ عَلٰى اَئِمَّتِنَا حَيْثُ حُرِمُوا التَّوْفِيقَ لِإِدْرَاكِ مَعْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی بنیاد پر اہل بدعت ہمارے آئمہ پر اعتراض کرتے ہیں' حالانکہ ان اہل بدعت کو اس کے مفہوم کے ادراک کی توفیق ہی نصیب نہیں ہوئی

268 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): يُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ حَتّٰى يَضَعَ الرَّبُّ جَلَّ وَعَلَا قَدَمَهُ فِيْهَا فَتَقُولُ قَطْ قَطْ.(3:67)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هذا الخبر من الأحبار الَّتِيْ اُطْلِقَتْ بِتَمْثِيلِ الْمُجَاوَرَةِ وَذٰلِكَ اَنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُلْقٰى فِي النَّارِ مِنَ الْاُمَمِ وَالْاَمْكِنَةِ الَّتِيْ عُصِيَ اللّٰهُ عَلَيْهَا فَلَا تَزَالُ تَسْتَزِيْدُ حَتّٰى يَضَعَ الرَّبُّ جَلَّ وَعَلَا مَوْضِعًا مِنَ الكفار والأمكنة في النار فتمتلىء فَتَقُوْلُ قَطْ قَطْ تُرِيْدُ حَسْبِيْ حَسْبِيْ لِاَنَّ الْعَرَبَ تُطْلِقُ فِيْ لُغَتِهَا اسْمَ الْقَدَمِ عَلَى الْمَوْضِعِ قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ) يُرِيْدُ مَوْضِعَ صِدْقٍ لَا اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَضَعُ قَدَمَهُ فِي النَّارِ جَلَّ رَبُّنَا وَتَعَالٰى عَنْ مِثْلِ هٰذَا وَاَشْبَاهِهٖ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جہنم میں لوگوں کو ڈالا جائے گا' تو جہنم کہے گی: کیا اور لوگ ہیں؟ یہاں تک کہ پروردگار اپنا قدم اس پر رکھ دے گا' تو وہ کہے گی: بس' بس''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ ان روایات میں سے ایک ہے' جس میں مجاورت کی مثال کا اطلاق کیا گیا ہے' اور اس کی صورت یہ ہے: قیامت کے دن کچھ لوگوں اور جگہوں کو جہنم میں ڈال دیا جائیگا وہ جگہیں جہاں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی جاتی تھی جہنم مزید کے حصول کا تقاضا کرتی رہے گی' یہاں تک کہ پروردگار کفار اور جگہوں میں سے ایک جگہ جہنم میں ڈال دے گا' تو وہ بھر جائے گی۔

268– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري 4848 في التفسير: باب (وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ) ، و 7384 في التوحيد: باب قوله تعالى: (وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ) ، والبيهقي في الأسماء والصفات ص 349، من طريقين عن حرمي بن عمارة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/134و141 و.224 والبخاري في الأيمان: باب الحلف بعزة الله، ومسلم 2848 في الجنة: باب النار يدخلها الجبارون، والترمذي 3272 في التفسير: باب ومن سورة (ق) ، وابن خزيمة في التوحيد ص 97 و98، والطبري 26/106، من طرق عن قتادة، به. وفي الباب عن أبي هريرة عند البخاري 4849 و 4850 في تفسير سورة (ق) ، ومسلم 2846 في الجنة، وابن خزيمة في التوحيد ص 92 و93 و94 و.95 وعن أبي سعيد الخدري عند مسلم 2847 ، وابن خزيمة في التوحيد ص .98

تو جہنم کہے گی: بہت ہے بہت ہے اس سے مراد یہ ہے: یہ میرے لئے کافی ہے یہ میرے لیے کافی ہے۔
اس کی وجہ یہ ہے: عرب بعض اوقات لفظ ''قدم'' کو اپنی لغت میں ''جگہ'' کے لئے استعمال کرتے ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
''ان کے لئے ان کے پروردگار کی بارگاہ میں سچائی کا مقام ہوگا''
اس سے مراد سچائی کا مقام ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنا پاؤں جہنم میں رکھ دے گا۔
ہمارا پروردگار اس سے اور اس جیسی دیگر چیزوں سے بلند و برتر ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْاَلْفَاظَ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ اُطْلِقَتْ بِاَلْفَاظِ التَّمْثِيلِ وَالتَّشْبِيهِ عَلٰى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ فِيمَا بَيْنَهُمْ دُوْنَ الْحُكْمِ عَلٰى ظَوَاهِرِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: اس نوعیت کے الفاظ جب مثال بیان کرنے اور تشبیہ کے طور پر ذکر کئے جائیں' تو وہ لوگوں کے عام محاورے کے حساب سے ہوتے ہیں

ان کے ظاہر پر حکم نہیں لگایا جاتا

269 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ بِنَسَا قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلْعَبْدِ يوم القيامة يا بن اٰدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِيْ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ وَكَيْفَ اَعُوْدُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ فَيَقُوْلُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ عُدْتَهٗ لَوَجَدْتَنِيْ وَيَقُوْلُ يَا بن اٰدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِيْ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ كَيْفَ اَسْقِيكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ فَيَقُوْلُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ سَقَيْتَهٗ لَوَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِيْ يا بن اٰدَمَ اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِيْ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ وَكَيْفَ اُطْعِمُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ فَيَقُوْلُ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا اسْتَطْعَمَكَ فَلَمْ تُطْعِمْهُ اَمَا اِنَّكَ لَوْ اَطْعَمْتَهٗ وَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِيْ. (3:67)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنے بندے سے فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! میں بیمار ہوا' لیکن تم نے میری عیادت نہیں کی بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! میں تیری عیادت کس طرح کرسکتا ہوں؟ جب کہ تو تمام جہانوں کا

269- إسناده صحيح على شرط الصحيح، وأخرجه مسلم 2569 في البر: باب فضل عيادة المريض، من طريق بهز، والبخاري في الأدب المفرد برقم 517 من طريق النضر بن شميل.

پروردگار ہے' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تم یہ بات نہیں جانتے تھے: میرا فلاں بندہ بیمار ہوا ہے' اور تم نے اس کی عیادت نہیں کی؟

کیا تم یہ بات نہیں جانتے تھے: اگر تم اس کی عیادت کر لیتے' تو اس کا اجر و ثواب میرے پاس پا لیتے؟

اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! میں نے تم سے پینے کے لئے پانی مانگا تھا' تو تم نے مجھے پانی نہیں دیا۔ بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! میں تجھے کیسے پانی پلا سکتا ہوں؟ جبکہ تو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تم یہ بات نہیں جانتے تھے: اگر تم اس شخص کو پانی پلا دیتے۔ (تو اس کا اجر و ثواب) میرے پاس پا لیتے۔

اے آدم کے بیٹے! میں نے تم سے کھانے کے لئے مانگا تھا' تو تم نے مجھے کھانے کے لئے نہیں دیا۔ بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! میں تجھے کیسے کھلا سکتا ہوں' جبکہ تو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تم یہ بات نہیں جانتے کہ میرے فلاں بندے نے تم سے کھانے کے لئے مانگا تھا' تو تم نے اسے کھانے کے لئے نہیں دیا تھا' اگر تم اسے کھانے کے لئے دے دیتے' تو تم اس کا (اجر و ثواب) میرے پاس پا لیتے۔[1]

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ اُطْلِقَتْ بِالْفَاظِ التَّمْثِيلِ وَالتَّشْبِيهِ عَلٰى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ بَيْنَهُمْ دُوْنَ كَيْفِيَّتِهَا اَوْ وُجُوْدِ حَقَائِقِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: یہ روایات جب تمثیل اور تشبیہ کے طور پر نقل کی جائیں' تو یہ لوگوں کے محاورے کے مطابق استعمال ہوں گی اس سے مراد ان کی حقیقت کی کیفیت یا ان کا حقیقی وجود مراد نہیں ہوگا

270 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ اَبِي الْحُبَابِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): مَا تَصَدَّقَ عَبْدٌ بِصَدَقَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا طَيِّبًا وَلَا يَصْعَدُ اِلَى السَّمَاءِ اِلَّا طَيِّبٌ اِلَّا كَاَنَّمَا يَضَعُهَا فِي يَدِ الرَّحْمٰنِ فَيُرَبِّيهَا لَهُ كَمَا يُرَبِّي اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ وَفَصِيلَهُ حَتّٰى اِنَّ اللُّقْمَةَ اَوِ التَّمْرَةَ لَتَاْتِي يَوْمَ القيامة مثل الجبل العظيم . (3:67)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلَّا كَاَنَّمَا يَضَعُهَا فِي يَدِ الرَّحْمٰنِ يُبَيِّنُ لَكَ اَنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ اُطْلِقَتْ بِالْفَاظِ التَّمْثِيلِ دُوْنَ وُجُوْدِ حَقَائِقِهَا اَوِ الْوُقُوفِ عَلٰى كَيْفِيَّتِهَا اِذْ لم

[1] (نوٹ: یہاں شاید روایت کے متن میں کچھ الفاظ کی کمی ہے' موسسۃ الرسالہ سے شائع ہونے والے نسخے میں یہ روایت انہیں الفاظ میں منقول ہے۔ تاہم اس میں یہ الفاظ ہونے چاہئیں تھے کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے پینے کے لئے مانگا تھا اور تو نے اسے نہیں پلایا تھا۔ مترجم عفی عنہ)

يتهيأ معرفة المخاطب بهذه إلا بالألفاظ التي أطلقت بها.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب بھی کوئی بندہ حلال کمائی میں سے کوئی چیز صدقہ کرتا ہے، ویسے اللہ تعالیٰ صرف حلال چیز کو ہی قبول کرتا ہے' اور آسمان کی طرف صرف حلال چیز ہی بلند ہوتی ہے' تو اس کے ساتھ یوں ہوتا ہے' جیسے پروردگار اس صدقے کو اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے' اور پھر اسے بڑھانا شروع کرتا ہے' جس طرح کوئی شخص اپنے جانور کے بچے کو پالتا پوستا ہے' یہاں تک کہ وہ ایک لقمہ یا ایک کھجور قیامت کے دن جب آئیں گے' تو وہ بڑے پہاڑ کی مانند ہوں گے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''بالکل اسی طرح جس طرح اس نے اس کو رحمٰن کے ہاتھ میں رکھ دیا ہے''۔

یہ بات آپ کے لئے اس بات کو بیان کرتی ہے کہ ان روایات میں مثال کے الفاظ کا استعمال ہوا ہے اس کی حقیقت کا موجود ہونا مراد نہیں ہے یا اس کی کیفیت پر وقوف کرنا مراد نہیں ہے' کیونکہ مخاطب شخص کو ان چیزوں کی معرفت صرف ان الفاظ کے ذریعے ہو سکتی ہے جن پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔

270- إسناده صحيح . إبراهيم بن بشار: حافظ، ومن فوقه على شرط مسلم . وأخرجه الحميدى 1154 ، والشافعى 1/221 222، والبغوى 1631 ، من طريق سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/418، وابن خزيمة فى التوحيد ص 61 عن بكر بن مضر، وأحمد 2/431، وابن خزيمة ص 60 من طريق يحيى بن سعيد، كلاهما عن ابن عجلان، به . وأخرجه أحمد 2/331 عن أبى النضر، والحسن بن موسى كلاهما عن ورقاء ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عن سعيد بن يسار، به . وأخرجه أحمد 2/538، ومسلم 1014 فى الزكاة: باب قبول الصدقة من الكسب الطيب وتربيتها، والترمذى 661 فى الزكاة: باب ما جاء فى فضل الصدقة، والنسائى 5/57 فى الزكاة: باب الصدقة من غلول، وفى النعوت كما فى التحفة /10 75، وابن ماجة 1842 فى الزكاة: باب فى فضل الصدقة، وابن خزيمة ص 61، والآجرى فى الشريعة ص320 و321، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 328، والبغوى 1632 ، من طرق عن الليث . وأخرجه ابن خزيمة فى التوحيد ص 61 و62 و63، وفى صحيحه 2425 ، والدارقطنى فى كتاب الصفات 56 ، وابن المبارك فى الزهد 648 ، والنسائى فى التفسير كما فى التحفة 10/75، والآجرى ص 321، والدارمى 1/395 من طرق. وأخرجه مالك فى الموطأ 2/995 فى الصدقة: باب الترغيب فى الصدقة، ومن طريقه ابن خزيمة ص 61 62 و63 عن يحيى بن سعيدن عن سعيد بن يسار، به. وأخرجه البخارى 1410 فى الزكاة: باب الصدقة من كسب طيب . وأخرجه أحمد 2/381 و419، ومسلم 1014 64 فى الزكاة، من طريقين عن سهيل بن أبى صالح، عن أبيه، عن أبى هريرة . وأخرجه عبد الرزاق 20050 ، وابن أبى شيبة 3/111-112، وأحمد 2/268 و404 و471، والترمذى 662 ، والدارقطنى فى كتاب الصفات 55 ، وابن خزيمة ص 63، وفى صحيحه 2426 و 2427 ، والبغوى 1630 ، من طُرق عن القاسم بن محمد عن أبى هريرة.

6- كِتَابُ الْبِرِّ وَالْاِحْسَانِ

(کتاب: نیکی اور بھلائی کے بارے میں روایات)

1- بَابُ الصِّدْقِ وَالْاَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

(1 سچائی اور نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا)

271 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِيْ عَمْرٍو عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ حَنْطَبٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِضْمَنُوْا لِيْ سِتًّا اَضْمَنْ لَكُمُ الْجَنَّةَ اصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَاَوْفُوا اِذَا وَعَدْتُمْ وَاَدُّوا اِذَا ائْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوا فُرُوجَكُمْ وَغُضُّوا أبصاركم وكفوا أيديكم. (1:57)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم مجھے چھ باتوں کی ضمانت دو' میں تمہیں' جنت کی ضمانت دوں گا' جب تم بات کرو' تو سچ بولو' جب تم وعدہ کرو' تو اسے پورا کرو' جب تمہارے سپرد امانت کی جائے' تو اسے ادا کرو۔ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو' اپنی نگاہوں کو جھکا کر رکھو' اور اپنے ہاتھوں کو تھام کے رکھو''۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمَرْءَ عِنْدَهُ مِنَ الصِّدِّيْقِيْنَ بِمُدَاوَمَتِهِ عَلَى الصِّدْقِ فِي الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی اگر دنیا میں باقاعدگی کے ساتھ سچ بولتا رہے' تو اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ میں اسے ''صدیقین'' میں نوٹ کر لیتا ہے

271- حديث صحيح ورجاله ثقات إلا أن فيه انقطاعًا، المطلب لم يسمع من عبادة، وأخرجه أحمد 5/323 عن أبي الربيع الزهراني سليمان بن داوُد، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم في المستدرك 4/358، 359 من طريق عاصم بن علي، والبيهقي في السنن 6/288 من طريق أبي عبيد، كلاهما عن إسماعيل بن جعفر، به.

272 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ وَمَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا وَلَا يَزَالُ يَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كذابا . (1:2)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''آدمی سچ بولتا رہتا ہے اور سچ بولنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے سچا لکھ دیا جاتا ہے اور کوئی شخص جھوٹ بولتا رہتا ہے اور جھوٹ بولنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے جھوٹا نوٹ کرلیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ رَجَاءِ دُخُوْلِ الْجِنَانِ لِلدَّوَامِ عَلَى الصِّدْقِ فِي الدُّنْيَا

دنیا میں سچ بولنے کی وجہ سے جنت میں ہمیشہ کے لئے داخل ہونے کی اُمید ہونے کا تذکرہ

273 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّ الصِّدْقَ لَيَهْدِىْ اِلَى الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِىْ اِلَى الْجَنَّةِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا وَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِىْ اِلَى الْفُجُورِ وَاِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِىْ اِلَى النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا . (1:2)

272- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 1/393 و439، 440 عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبراني في الصغير 1/243 من طريق شبيب بن سعيد المكي، عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 247 عن شعبة، عن منصور، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/590، 591، وأحمد 1/384 و432، ومسلم 2607 105 في البر والصلة: باب قبح الكذب، وحسن الصدق وفضله، وأبو داوٗد 4989 في الأدب، والترمذي 1972 في البر والصلة: باب ما جاء في الصدق والكذب، ووكيع في الزهد 397 ، والبخاري في الأدب المفرد 386 ، والبغوي في شرح السنة 3574 ، من طرق عن الأعمش. وأخرجه مسلم 2607 104 من طريق أبي الأحوص، عن منصور، عن أبي وائل، به. وسيورده المؤلف بعده من طريقين عن جرير، عن منصور، به وأخرجه أحمد 1/410، ومسلم 2606 في البر: باب تحريم النميمة، من طريق شعبة.

273- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البيهقي في السنن 10/243 من طريق أبي بكر الإسماعيلي، عن أبي يعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 2607 103 عن زهير بن حرب أبي خيثمة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 6094 في الأدب: باب قوله تعالى: (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ) ، ومسلم 2607 103 ، والبيهقي 10/243، من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، بهذا الإسناد . وأورده المؤلف بعده من طريق إسحاق بن إبراهيم، عن جرير، به.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور بے شک نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ آدمی سچ بولتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے سچا نوٹ کرلیا جاتا ہے اور جھوٹ گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ جہنم کی طرف لے جاتا ہے۔ بے شک آدمی جھوٹ بولتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے جھوٹا نوٹ کرلیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَعَوُّدِ الصِّدْقِ وَمُجَانَبَةِ الْكَذِبِ فِي اَسْبَابِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ اپنے معاملات میں سچ بولنے کو عادت بنائے اور جھوٹ بولنے سے کنارہ کشی کرے

274 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ منصور عن أبى وائلعن عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِىْ اِلَى الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِىْ اِلَى الْجَنَّةِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا وَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِىْ اِلَى الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِىْ اِلَى النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ ليكذب حتى يكتب عند الله كذابا . (3:66)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم پر سچ کو اختیار کرنا لازم ہے کیونکہ سچ نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ آدمی سچ بولتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے سچا نوٹ کرلیا جاتا ہے اور جھوٹ گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ جہنم کی طرف لے جاتا ہے۔ آدمی جھوٹ بولتا ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے جھوٹا نوٹ کرلیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْحَقِّ وَاِنْ كَرِهَهُ النَّاسُ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے: وہ حق بات بیان کرے اگرچہ اسے لوگ پسند نہ کریں

275 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا السَّامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

274- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه مسلم 2607 فى البر والصلة: باب قبح الكذب، وحسن الصدق وفضله، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): إلا لا يَمْنَعَنَّ اَحَدَكُمْ مَخَافَةُ النَّاسِ اَنْ يَّقُوْلَ بالحق إذا رآه . (2:16)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''خبردار! لوگوں کا خوف کسی بھی شخص کو حق بات کہنے سے منع نہ کرے' جب کہ آدمی اسے دیکھ لے۔ کہ یہاں حق بات کہنا بنتا ہے)''۔

ذِكْرُ رِضَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَمَّنِ الْتَمَسَ رِضَاهُ بِسَخَطِ النَّاسِ

اللہ تعالیٰ کے اس شخص سے راضی ہونے کا تذکرہ' جو لوگوں کی ناراضگی کے باوجود اللہ تعالیٰ کی رضامندی تلاش کرتا ہے

276 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُعْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ الْعُمَرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ رَضِيَ الله تعالى عَنْهُ وَاَرْضَى النَّاسَ عَنْهُ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَا النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰهِ سَخَطَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَسْخَطَ عليه الناس . (1:2)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص لوگوں کی ناراضگی کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی تلاش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جاتا ہے' اور لوگوں کو اس سے راضی کر دیتا ہے' اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے ساتھ' لوگوں کی رضامندی تلاش کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتا ہے' اور لوگوں کو بھی اس سے ناراض کر دیتا ہے''۔

275- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال مسلم، إلا ان الجريري قد اختلط قبل موته بثلاث سنين، وقد أخرج له الشيخان من رواية خالد بن عبد الله. وأخرجه أحمد 3/87 عن خلف بن الوليد، عن خالد بن عبد الله، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/5 و53 من طريق سليمان بن طرخان التيمي، و3/44 من طريق أبي سلمة، و3/46، 47 عن طريق المستمر بن الريان، ثلاثتهم عن أبي نضرة، بهذا الإسناد وأخرجه عبد الرزاق 20730 عن معمر، وأحمد 3/19 من طريق حماد بن سلمة، والترمذي 2191 في الفتن: باب ما جاء ما أخبر النبي صلى الله عليه وآله وسلم بما هو كائن إلى يوم القيامة، وابن ماجة 4007 في الفتن: باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، من طريق حماد بن زيد، ثلاثتهم عن علي بن زيد بن جدعان، عن أبي نضرة، عن أبي سعيد. وعلي بن زيد: حسن الحديث بالمتابعة، وهذا منها. وأخرجه أحمد 3/50 من طريق جعفر، عن المعلى القَّردوسي، و71، من طريق حماد بن سلمة، عن علي بن زيد، كلاهما عن الحسن، عن أبي سعيد. وسيرد برقم 278 من طريق شعبة، عن قتادةن عن أبي نضرة، به.

276- إسناده حسن، عثمان بن واقد: صدوق ربما وهم. وباقي رجاله ثقات. وأخرجه القضاعي في مسند الشهاب 499 و500، وابن عساكر 15/278/1 من طرق عن عبد الرحمٰن المحاربي، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن المبارك في الزهد 199، ومن طريقه الترمذي 2414 في الزهد، والبغوي 4213 عن عبد الوهاب بن الورد.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ إِرْضَاءِ اللّٰهِ عِنْدَ سَخَطِ الْمَخْلُوقِينَ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ

وہ اللہ تعالیٰ کو راضی کرے اگرچہ مخلوق ناراض ہوتی ہو

277 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْجُوْزَجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا شعبة عن واقد بن محمد عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال:

مَنْ اَرْضَى اللّٰهَ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللّٰهُ وَمَنْ اَسْخَطَ اللّٰهَ بِرِضَا النَّاسِ وَكَلَهُ اللّٰهُ إلى الناس. (3:69)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص لوگوں کی ناراضگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو راضی کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور جو شخص لوگوں کی رضامندی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو ناراض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کے سپرد کر دیتا ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ السُّكُوتِ لِلْمَرْءِ عَنِ الْحَقِّ إِذَا رَاَى الْمُنْكَرَ اَوْ عَرَفَهُ مَا لَمْ يُلْقِ بِنَفْسِهِ اِلَى التَّهْلُكَةِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی جب کوئی منکر دیکھے یا اسے پہچان لے تو حق بات کہنے سے خاموش رہے

جبکہ اس صورت میں اس کی اپنی جان جانے کا اندیشہ نہ ہو

278 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَمْنَعَنَّ اَحَدَكُمْ مَخَافَةُ النَّاسِ اَنْ يَّتَكَلَّمَ بِحَقٍّ اِذَا رَآهُ اَوْ عَرَفَهُ.

قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: فَمَا زَالَ بِنَا الْبَلَاءُ حَتّٰى قَصَرْنَا وَاِنَّا لَنَبْلُغُ فِی الشر. (2:3)

277– رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن يعقوب، وهو ثقة . وهو في مسند الشهاب 501 من طريق إبراهيم بن يعقوب الجوزجاني، بهذا الإسناد. لكن أخرجه أحمد في الزهد ص164 من طريق أبي داوُد، عن شعبة، بهذا الإسناد موقوفًا عليها.

278– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الطيالسي 2151 عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/84 عن يزيد بن هارون، و92 عن محمد بن جعفر، وحجاج، والبيهقي في السنن 10/90 من طريق يحيى بن أبي بكير، ووهب بن جرير، وعبد الصمد، ستتهم عن شعبة به. والبيهقي في السنن 10/90 من طريق يحيى بن أبي بكير، عن شعبة، عن أبي مسلمة، أبي نضرة به . وتقدم برقم 275 من طريق الجُريري، عن أبي نضرة، به. وأوردت تخريجه من طريقه وغيرها هناك. وأخرجه ابن ماجة 4008 من طريقين عن الأعمش.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''لوگوں کا خوف کسی بھی شخص کو حق بات کہنے سے منع نہ کرے' جب آدمی اسے دیکھے یا یہ بات جان لے کہ (یہاں حق بات کہنا بنتا ہے)''

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم پر مسلسل آزمائشیں وارد ہوتی رہیں۔ یہاں تک کہ ہم سے کوتاہی ہوئی۔ اب ہم بری صورتحال کا شکار ہو چکے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يَرِدُ فِي الْقِيَامَةِ الْحَوْضَ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بقوله الحق عند الأئمة فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی قیامت کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض پر آئے گا اور اس کی وجہ یہ ہوگی: اس نے دنیاوی حکمرانوں کے سامنے حق بات بیان کی ہوگی

279 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ: خَمْسَةٌ وَاَرْبَعَةٌ اَحَدُ الْفَرِيْقَيْنِ مِنَ الْعَرَبِ وَالْاٰخَرُ مِنَ الْعَجَمِ فَقَالَ: اسْمَعُوْا اَوْ هَلْ سَمِعْتُمْ اِنَّهٗ يَكُوْنُ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا منه وهو وارد على الحوض. (1:2)

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' ہم نو افراد تھے' جن

279- إسناده صحيح. وأخرجه الترمذى 2259 فى الفتن: باب تحريم إعانة الحاكم الظالم، والنسائى 7/160 فى البيعة: باب من لم يعن أميرًا على الظلم، كلاهما عن هارون بن إسحاق الهمدانى، بهذا الإسناد. وقال الترمذى: حديث صحيح، وصححه الحاكم 1/79، ووافقه الذهبى. وأخرجه الطبرانى فى الكبير 19/0296 و0297 من طرق عن مسعر بن كدامن به . وأخرجه الطبرانى /19 295 من طريق قيس بن الربيع، والحاكم 1/78، 79 من طريق مالك بن مغول، كلاهما عن أبى حصين به . وسيورده المؤلف برقم 282 و 283 و 285 من طريق سفيان، عن أبى حصين، به، ويأتى تخريجه من طريقه هناك. وأخرجه الطبرانى فى الكبير /19 298 ، وفى الصغير 1/224 225، من طريق إبراهيم بن طهمان، عن عقيل رجل من بنى جعدة، عن أبى إسحاق، عن عاصم العدوى، به. وأخرجه الطيالسى 1064 ، والطبرانى /19 212 ، والبيهقى فى السنن 8/165، من طرق عن كعب بن عحرة وأخرجه الترمذى 614 فى الصلاة: باب ما ذكر فى فضل الصلاة بأطول مما هنا، من طريق عبيد اللّٰه بن موسى، عن غالب أبى بشر، عن أيوب بن عائذ الطائى، عن قيس بن مسلم، عن طارق بن شهاب، عن كعب بن عجرة، وحسنه. وله شاهد بإسناد صحيح على شرط مسلم، من حديث جابر بن عبد الله أن النبى صلى الله عليه وآله وسلم قال: يا كعب بن عجرة ... سيورده المؤلف برقم 1723 ، يرد تخريجه مع متنه هناك. وفى الباب عن خباب، سيرد برقم 284 ، وعن أبى سعيد الخدرى سيرد برقم 286 . وانظر مجمع الزوائد 5/247، 248.

میں سے پانچ ایک قسم کے تھے اور چار دوسری قسم کے تھے۔

ان دونوں میں سے ایک گروہ عربی تھا' اور دوسرے عجمی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

''تم لوگ غور سے سنو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں)

کیا تم لوگ سن رہے ہو؟ میرے بعد حکمران آئیں گے' جو شخص ان کے پاس جائے گا اور ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا' اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ میرا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ وہ میرے حوض پر نہیں آسکے گا۔

اور جو شخص ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کرے گا' ان کے ظلم میں ان کی مدد نہیں کرے گا' اس کا مجھ سے تعلق ہوگا اور میرا اس سے تعلق ہوگا اور وہ میرے حوض پر میرے پاس آسکے گا''۔

ذِكْرُ رِجَاءِ تَمَكُّنِ الْمَرْءِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْقِيَامَةِ بِقَوْلِهِ الْحَقَّ عِنْدَ الْأَئِمَّةِ فِي الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی دنیا میں حکمرانوں کے سامنے جو حق بات کہے گا اس کی وجہ سے قیامت کے دن' اسے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی اُمید ہوگی

280- (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ السِّجِسْتَانِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ بِبَغْدَادَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ

(متنِ حدیث): مَرَّ بِهٖ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَهٗ شَرَفٌ وَهُوَ جَالِسٌ بِسُوْقِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ عَلْقَمَةُ يَا فُلَانُ اِنَّ لَكَ حُرْمَةً وَاِنَّ لَكَ حَقًّا وَاِنِّيْ قَدْ رَاَيْتُكَ تَدْخُلُ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الْاُمَرَاءِ فَتَكَلَّمُ عِنْدَهُمْ وَاِنِّيْ سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ

280- إسناده حسن. محمد بن عمرو حسن الحديث . وباقي رجال الإسناد ثقات . وأخرجه الحميدى 911 ، وأحمد 3/469، والترمذى 2319 فى الزهد: باب فى قلة الكلام، وابن ماجة 3969 فى الفتن: باب كف اللسان فى الفتنة، والبيهقى 8/165، والنسائى فى الرقائق كما فى التحفة 2/103، 104، والطبرانى 1129 و 1130 و 1131 و 1132 ، والبغوى 4124 من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح. وصححه الحاكم 1/45 ووافقه الذهبى. وأخرجه ابن المبارك فى الزهد 1394 ، ومن طريقه النسائى فى الرقاق، والطبرانى 1136 ، والبيهقى فى السنن 8/165، والبغوى 4125 ، من طريق موسى بن عقبة، عن علقمة، به. وأخرجه الطبرانى 1135 من طريق حماد بن سلمة، عن محمد بن عمرو، عن محمد بن إبراهيم، عن علقمة، به. وأخرجه الطبرانى فى الصغير 1/235 من طريق معتمر بن سليمان، عن عبيد الله بن عمر، عن عمر بن عبد الله، عن بلال بن الحارث . وأخرجه مالك فى الموطأ 2/985 فى الكلام: باب ما يؤمر به من التحفظ فى الكلام، ومن طريقه أخرجه النسائى فى الرقائق كما فى التحفة 2/103، والطبرانى 1134 ، عن محمد بن عمرو، عن أبيه وسيعيده المؤلف برقم 281 من طريق عبدة بن سليمان، وبرقم 287 من طريق يزيد بن هارون، كلاهما عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وفى الباب عن أبى هريرة عند البخارى 6477 و 6478 فى الرقاق: باب حفظ اللسان، ومسلم 2988 فى الزهد والرقاق: باب التكلم بالكلمة يهوى بها فى النار، والبيهقى فى السنن 8/164 و 165.

اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تبلغ ما بلغت فيكتب الله له بها رِضْوَانَهُ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تبلغ ما بلغت فيكتب اللّٰهُ لَهُ بِهَا سَخَطَهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ .

قَالَ عَلْقَمَةُ: انْظُرْ وَيْحَكَ مَاذَا تَقُوْلُ وَمَاذَا تَكَلَّمُ بِهٖ فَرُبَّ كَلَامٌ قَدْ مَنَعَنِيْ مَا سمعته من بلال بن الحارث. (1:2)

علقمہ بن وقاص کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ایک مرتبہ ان کے پاس سے مدینہ منورہ کا رہنے والا ایک شخص گزرا' جوصاحب حیثیت تھا(یا کوئی سرکاری اہلکارتھا)

علقمہ اس وقت مدینہ منورہ کے بازار میں بیٹھے ہوئے تھے۔علقمہ نے کہا: اے فلاں! تمہارے کچھ حقوق بھی ہیں اور تمہارے کچھ فرائض بھی ہیں۔

میں نے دیکھا ہے' تم ان حکمرانوں کے پاس آتے جاتے رہتے ہو'ان کے ساتھ بات چیت کرتے رہتے ہو۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کے صحابی حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''بے شک تم میں سے کوئی ایک شخص اللہ تعالیٰ کی رضا مندی سے متعلق ایک بات کہتا ہے'اس کو یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ بات کہاں تک جائے گی' تو اللہ تعالیٰ اس بات کی وجہ سے اس دن تک کے لئے اس سے رضا مندی نوٹ کر لیتا ہے' جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا۔اور ایک شخص اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے متعلق کوئی بات کہتا ہے۔اس کو یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ وہ بات کہاں تک جائے گی' لیکن اللہ تعالیٰ اس بات کی وجہ سے قیامت کے دن تک کے لئے اس شخص کے لئے ناراضگی نوٹ کر لیتا ہے۔''

علقمہ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو'تم اس بات کا جائزہ لیا کرو'تم کیا کہتے ہو'اور کس بارے میں کلام کررہے ہو؟ کیونکہ جب سے میں نے حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ کی زبانی یہ حدیث سنی ہے' میں کئی باتیں بیان نہیں کرتا ہوں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

281 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ قَالَ: سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ

281- إسناده حسن، وأخرجه الترمذي 2319 في الزهد: باب في قلة الكلام، عن هناد، عن عبدة بن سليمان، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من طريق الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، به.

الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِن اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنَّهَا تَبْلُغُ مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنَّهَا تَبْلُغُ مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ بها سخطه إلى يوم يلقاه. (1:2)

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک تم میں سے کوئی ایک شخص اللہ تعالیٰ کی رضامندی سے متعلق کوئی ایک بات کہتا ہے' اس شخص کو یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ بات کہاں تک پہنچ جائے گی' لیکن اللہ تعالیٰ اس بات کی وجہ سے' اس دن تک کے لئے' اس شخص کے بارے میں رضامندی کو نوٹ کر لیتا ہے' جس دن وہ شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا۔

اور کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے متعلق کوئی بات کہتا ہے: اس کو یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ بات کہاں تک پہنچ جائے گی؟ لیکن اللہ تعالیٰ اس بات کی وجہ سے' اس شخص کے بارے میں' اس دن تک کے لئے' اپنی ناراضگی تحریر کر دیتا ہے' جب وہ شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ الْوُرُوْدِ عَلَى الْحَوْضِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَمَّنْ صَدَّقَ الْاُمَرَاءَ بِكَذِبِهِمْ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق وہ شخص قیامت کے دن حوضِ کوثر پر نہیں آسکے گا جو حکمرانوں کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا

282 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ وَبَيْنَنَا وِسَادَةٌ مِنْ اَدَمٍ فَقَالَ: سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَا يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ. (3:69)

اَبُوْ حَصِيْنٍ عُثْمَانُ بْنُ عَاصِمٍ قَالَهُ الشَّيْخُ.

282– حديث صحيح، محمد بن عصام بن يزيد، وأبوه، ترجمهما ابن أبي حاتم 8/53 و7/26، ولم يذكر فيهما جرحًا ولا تعديلًا، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 4/263، والترمذي 2259 في الفتن، والنسائي 7/160 باب ذكر الوعيد لمن أعان أميرًا على الظلم، وفي السير كما في التحفة 8/297، والطحاوي في مشكل الآثار 2/136، والطبراني 19/ 294، والبيهقي في السنن 8/165، من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وتقدم برقم 279 من طريق مسعر، عن أبي حصين، به. وأوردت تخريجه من طريقه هناك.

❀❀ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' ہم اس وقت نو افراد تھے۔ ہمارے درمیان چمڑے کا بنا ہوا تکیہ موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد عنقریب کچھ حکمران آئیں گے' جو شخص ان کے پاس جائے گا' ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا' ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا۔ اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہوگا اور میرا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا اور وہ میرے حوض پر میرے پاس نہیں آسکے گا۔

اور جو شخص ان کے ہاں نہیں جائے گا' ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق نہیں کرے گا۔ ان کے ظلم میں ان کی مدد نہیں کرے گا۔ اس کا مجھ سے تعلق ہوگا اور میرا اس سے تعلق ہوگا اور وہ عنقریب میرے حوض پر میرے پاس آئے گا''۔

ابوحصین نامی راوی کا نام عثمان بن عاصم ہے۔ یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْوُرُودِ عَلٰى حَوْضِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّنْ اَعَانَ الْاُمَرَاءَ عَلٰى ظُلْمِهِمْ اَوْ صَدَّقَهُمْ فِيْ كَذِبِهِمْ

اس بات کا تذکرہ کہ وہ شخص مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض پر نہیں آسکے گا' جو حکمرانوں کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا' یا ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق کرے گا

283 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا الْمُلَائِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ حَصِينٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ جُلُوْسٌ عَلٰى وِسَادَةٍ مِّنْ اَدَمٍ فَقَالَ: سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ وَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَارِدٌ عَلَيَّ الْحَوْضَ. (2:109)

الْمُلَائِيُّ هُوَ اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بن دكين.

❀❀ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' ہم اس وقت چمڑے کے بنے ہوئے تکیے پر بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عنقریب میرے بعد کچھ حکمران آئیں گے' جو شخص ان کے ہاں جائے گا اور ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا' اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہوگا' اور میرا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا' اور وہ میرے حوض پر میرے پاس نہیں آسکے گا' اور جو شخص ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق نہیں کرے گا۔ ان کے ظلم میں

283– إسناده صحيح. وأخرجه البيهقي في السنن 8/165 من طريق أبي حاتم الرازي وعمرو بن تميم، عن الملائي، بهذا الإسناد. وهو مكرر ما قبله.

ان کی مدد نہیں کرے گا۔اس کا مجھ سے تعلق ہوگا اور میرا اس سے تعلق ہوگا اور وہ میرے حوض پر میرے پاس آئے گا''۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ملائی نامی راوی ابونعیم فضل بن دکین ہیں۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَصْدِيقِ الْاُمَرَاءِ بِكَذِبِهِمْ وَمَعُوْنَتِهِمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ اِذْ فَاعِلُ ذٰلِكَ لَا يَرِدُ الْحَوْضَ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعَاذَنَا اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ

حکمرانوں کے جھوٹ میں ان کی تصدیق کرنے اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

کیونکہ ایسا کرنے والا شخص مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض پر نہیں آسکے گا اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے محفوظ رکھے

284- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اَبِىْ صَغِيْرَةَ اَبُوْ يُوْنُسَ الْقُشَيْرِىُّ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا قُعُوْدًا عَلٰى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ: اسْمَعُوا قُلْنَا: قَدْ سَمِعْنَا قَالَ: اسْمَعُوا قُلْنَا: قَدْ سَمِعْنَا قَالَ: اسْمَعُوا قُلْنَا: قَدْ سَمِعْنَا قَالَ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِىْ اُمَرَاءُ فَلَا تُصَدِّقُوْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَا تُعِيْنُوْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظلمهم لم يرد على الحوض . (2:3)

❀❀ عبداللہ بن جناب اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے۔آپ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ نے فرمایا: تم لوگ غور سے سنو! ہم نے عرض کی: ہم سننے کے تیار ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم غور سے سنو! ہم نے عرض کی: ہم سننے کے لئے تیار ہیں''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم غور سے سنو! ہم نے عرض کی: ہم سننے کے لئے تیار ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''عنقریب میرے بعد کچھ حکمران آئیں گے' تو تم ان کی تصدیق نہ کرنا اور ان کے ظلم میں ان کی مدد نہ کرنا' کیونکہ جو شخص ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا' وہ میرے حوض تک نہیں آسکے گا''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّصَدِّقَ الْمَرْءُ الْاُمَرَاءَ عَلٰى كَذِبِهِمْ اَوْ يُعِيْنَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی حکمرانوں کے جھوٹ میں ان کی تصدیق کرے یا ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے

285 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيْدَ

284- إسناده حسن من أجل سماك بن حرب، وأخرجه أحمد 6/395 عن روح، والطبراني في الكبير 3627 من طريق خالد بن الحارث، والحاكم 1/78، من طريق عبد الله بن بكر السهمي، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي، ونسبه الهيثمي في مجمع الزوائد 5/248، إلى الطبراني، وقال: ورجاله رجال الصحيح، خلا عبد الله بن خباب، وهو ثقة.

بْنِ مُرَّةَ بْنِ عَجْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِیْ حَصِينٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ وَبَيْنَنَا وِسَادَةٌ مِنْ اَدَمٍ فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِیْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ وَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّیْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَا يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْهُ وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ . (2:61)

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے ہم لوگ اس وقت نو افراد تھے ہمارے درمیان چمڑے کا بنا ہوا تکیہ موجود تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عنقریب میرے بعد کچھ ایسے حکمران آئیں گے جو شخص ان کے پاس جائے گا' ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا۔ ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا' اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہوگا اور میرا اس سے کچھ تعلق نہیں ہوگا' وہ شخص میرے حوض پر میرے پاس نہیں آسکے گا۔

اور جو شخص ان کے ہاں نہیں جائے گا اور ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق نہیں کرے گا۔ ان کے ظلم میں ان کی مدد نہیں کرے گا۔ اس کا مجھ سے تعلق ہوگا اور میرا اس سے تعلق ہوگا اور وہ عنقریب میرے حوض پر میرے پاس آئے گا''۔

ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ دَخَلَ عَلَى الْاُمَرَاءِ يُرِيْدُ تَصَادِيقَ كَذِبِهِمْ وَمَعُوْنَةَ ظُلْمِهِمْ

اس بات کی شدید مذمت کہ کوئی شخص اس لئے حکمرانوں کے پاس جائے' تاکہ ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق کرے اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے

286 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِیْ اُمَرَاءُ يَغْشَاهُمْ غَوَاشٍ مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاَنَا مِنْهُ بَرِیءٌ وَهُوَ مِنِّیْ بَرِیءٌ وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاَنَا مِنْهُ وهو منى . (3:51)

285– وهو مكرر الحديث 282 .

286– سليمان بن أبى سليمان، ذكره المؤلف فى الثقات 4/315، وروى عنه قتادة والعوام بن حوشب، وأورده بن أبى حاتم 4/122 ولم يذكر فيه جرحًا، وباقى رجاله ثقات . وأخرجه أحمد 3/24 عن يحيى بن سعيد، و 3/92 عن محمد بن جعفر وحجاج، ثلاثتهم عن شعبة، عن قتادة، بهذا الإسناد . وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد 5/246، ونسبه غلى أحمد، وأبى يعلى بنحوهن وقال: فيه سليمان بن أبى سليمان القرشى، لم أعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عنقریب میرے بعد کچھ حکمران آئیں گے جن کے ہاں لوگ آئیں جائیں گے' تو جو شخص ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق کرے گا اوران کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا۔ میں اس سے بری الذمہ ہوں اور وہ مجھ سے لاتعلق ہے۔ اور جو شخص ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کرے گا اوران کے ظلم میں ان کی مدد نہیں کرے گا' میرا اس سے تعلق ہے' اوراس کا مجھ سے تعلق ہے''۔

ذِكْرُ اِيجَابِ سَخَطِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلدَّاخِلِ عَلَى الْاُمَرَاءِ الْقَائِلِ عِنْدَهُمْ بِمَا لَا يَاْذَنُ بِهِ اللّٰهُ وَلَا رَسُوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ایسے شخص کے لیے لازم ہو جاتی ہے' جو حکمرانوں کے پاس اس لئے جاتا ہے' تا کہ ان کے پاس ایسی بات کرے' جس کی اجازت اللہ تعالیٰ نے اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دی ہے

287 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الطَّاحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ أبيه عَنْ جَدِّهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَهُ جُلُوسًا فِي السُّوقِ فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَهُ شَرَفٌ فَقَالَ لَهُ: يَا ابْنَ اَخِي اِنَّ لَكَ حَقًّا وَاِنَّكَ لَتَدْخُلُ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الْاُمَرَاءِ وَتَكَلَّمُ عِنْدَهُمْ وَاِنِّي سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ وَلَا يَرَاهَا بَلَغَتْ حَيْثُ بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضَاهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ لَا يَرَاهَا بَلَغَتْ حَيْثُ بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا سَخَطَهُ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ

فَانْظُرْ يَا ابْنَ اَخِي مَا تَقُوْلُ وَمَا تَكَلَّمُ فَرُبَّ كَلَامٍ كَثِيْرٍ قَدْ مَنَعَنِيْ مَا سَمِعْتُ مِنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ . (2:109)

محمد بن عمرو بن علقمہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم ان کے ساتھ بازار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کے پاس سے مدینہ منورہ کا رہنے والا ایک صاحب حیثیت شخص گزرا' تو وہ علقمہ بن وقاص نے اس سے کہا: تمہارا ایک حق ہے (کہ میں تمہیں یہ بات بتاؤں)

تم ان حکمرانوں کے ہاں آتے جاتے ہو۔ ان سے بات چیت کرتے ہو۔ میں نے حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں' ان کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بندہ کوئی بات کرتا ہے' اسے یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ بات کہاں تک جائے گی؟ اللہ تعالیٰ اس بات کی وجہ سے قیامت کے دن تک کے لئے اس بندے کے بارے میں رضامندی تحریر کر دیتا ہے۔

287- صحیح، وأخرجه الطبرانی فی الكبير 1129 عن إدريس بن جعفر، عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وتقدم برقم 280

اور ایک بندہ کوئی بات کہتا ہے اور اسے یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ بات کہاں تک جائے گی؟ لیکن اس بات کی وجہ سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تک کے لئے اس شخص کے بارے میں ناراضگی نوٹ کر لیتا ہے''۔

تو اے میرے بھتیجے! تم اس بات کا جائزہ لو کہ تم کیا کہتے ہو اور کیا بات کرتے ہو؟

میں نے جب سے حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ کی زبانی یہ بات سنی ہے تب سے میں نے (غیر محتاط) باتیں کرنا ترک کر دی ہیں۔

ذِكْرُ الاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّاْمُرَ بِالْمَعْرُوْفِ مَنْ هُوَ فَوْقَهُ وَمِثْلَهُ وَدُوْنَهُ فِي الدِّينِ وَالدُّنْيَا اِذَا كَانَ قَصْدُهُ فِيهِ النَّصِيحَةَ دُوْنَ التَّعْيِيرِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے: وہ دین اور دنیا میں اپنے سے اوپر والے اپنی مانند اور اپنے سے نیچے کے مرتبے کے شخص کو نیکی کا حکم دے جبکہ اس کا ارادہ اس حوالے سے خیر خواہی کرنا ہو کسی کو عار دلانا مقصود نہ ہو

288- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ المتوكل وهو بن اَبِي السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَّامٍ:

اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَمَّا اَرَادَ هُدٰى زَيْدِ بْنِ سَعْنَةَ قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: اِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنْ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ شَيْءٌ اِلَّا وَقَدْ عَرَفْتُهَا فِيْ وَجْهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ نَظَرْتُ اِلَيْهِ اِلَّا اثْنَتَيْنِ لَمْ اَخْبُرْهُمَا مِنْهُ يَسْبِقُ حِلْمُهُ جَهْلَهُ وَلَا يَزِيْدُهُ شِدَّةُ الْجَهْلِ عَلَيْهِ اِلَّا حِلْمًا فَكُنْتُ اَتَلَطَّفُ لَهُ لِاَنْ اُخَالِطَهُ فَاَعْرِفَ حِلْمَهُ وَجَهْلَهُ

قَالَ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُجُرَاتِ وَمَعَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَاَتَاهُ رَجُلٌ عَلٰى رَاحِلَتِهِ كَالْبَدَوِيِّ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَرْيَةُ بَنِيْ فُلَانٍ قَدْ اَسْلَمُوا وَدَخَلُوْا فِي الْاِسْلَامِ وَكُنْتُ اَخْبَرْتُهُمْ اَنَّهُمْ اِنْ اَسْلَمُوا اَتَاهُمُ الرِّزْقُ رَغَدًا وَقَدْ اَصَابَهُمْ شِدَّةٌ وَقَحْطٌ مِنَ الْغَيْثِ وَاَنَا اَخْشٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ يَّخْرُجُوا مِنَ الْاِسْلَامِ طَمَعًا كَمَا دَخَلُوْا فِيهِ طَمَعًا فَاِنْ رَاَيْتَ اَنْ تُرْسِلَ اِلَيْهِمْ مَنْ يُّغِيثُهُمْ بِهِ فَعَلْتَ قَالَ فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ جَانِبَهُ اُرَاهُ عُمَرُ فَقَالَ مَا بَقِيَ مِنْهُ شَيْءٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ فَدَنَوْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ لَهُ يَا مُحَمَّدُ هَلْ لَكَ اَنْ تَبِيْعَنِيْ تَمْرًا مَعْلُوْمًا مِنْ حَائِطِ بَنِيْ فُلَانٍ اِلٰى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ: لَا يَا يَهُوْدِيُّ وَلٰكِنْ اَبِيْعُكَ تَمْرًا مَعْلُوْمًا اِلٰى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا وَلَا اُسَمِّي حَائِطَ بَنِيْ فُلَانٍ قُلْتُ: نَعَمْ فَبَايَعَنِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

288–وأخرجه أبو نعيم الأصبهاني في دلائل النبوة برقم 48 ، والبيهقي في دلائل النبوة 6/278 – 280 من طريق الحسن بن سفيان، به. وأخرجه الحاكم 3/604، 605، والطبراني في الكبير 5147 من طريق أحمد بن علي الأبار، والبيهقي 6/278 – 280 من طريق خشنام بن بشر، وأبو الشيخ ص81 من طريق الحسن بن محمد، عن أبي زرعة، ثلاثتهم عن محمد بن المتوكل، به. وأخرجه الطبراني في الكبير 5147 .

وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْتُ هِمْيَانِي فَاَعْطَيْتُهُ ثَمَانِيْنَ مِثْقَالًا مِنْ ذَهَبٍ فِيْ تَمْرٍ مَعْلُوْمٍ اِلٰى اَجَلٍ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَاَعْطَاهَا الرَّجُلَ وَقَالَ: اعْجَلْ عَلَيْهِمْ وَاَغِثْهُمْ بِهَا

قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: فَلَمَّا كَانَ قَبْلَ مَحِلِّ الْاَجَلِ بِيَوْمَيْنِ اَوْ ثَلَاثَةٍ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَنَفَرٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَلَمَّا صَلّٰى عَلَى الْجَنَازَةِ دَنَا مِنْ جِدَارٍ فَجَلَسَ اِلَيْهِ فَاَخَذْتُ بِمَجَامِعِ قَمِيْصِهٖ وَنَظَرْتُ اِلَيْهِ بِوَجْهٍ غَلِيْظٍ ثُمَّ قُلْتُ اَلَا تَقْضِيْنِيْ يَا مُحَمَّدُ حَقِّيْ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُكُمْ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بِمُطْلٍ وَلَقَدْ كَانَ لِيْ بِمُخَالَطَتِكُمْ عِلْمٌ قَالَ وَنَظَرْتُ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَعَيْنَاهُ تَدُوْرَانِ فِيْ وَجْهِهٖ كَالْفَلَكِ الْمُسْتَدِيْرِ ثُمَّ رَمَانِيْ بِبَصَرِهٖ وَقَالَ: اَيْ عَدُوَّ اللّٰهِ اَتَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَسْمَعُ وَتَفْعَلُ بِهٖ مَا اَرٰى؟ فَوَالَّذِيْ بَعَثَهُ بِالْحَقِّ لَوْلَا مَا اُحَاذِرُ فَوْتَهُ لَضَرَبْتُ بِسَيْفِيْ هٰذَا عُنُقَكَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلٰى عُمَرَ فِيْ سُكُوْنٍ وَتُؤَدَةٍ ثُمَّ قَالَ: اِنَّا كُنَّا اَحْوَجَ اِلٰى غَيْرِ هٰذَا مِنْكَ يَا عُمَرُ اَنْ تَاْمُرَنِيْ بِحُسْنِ الْاَدَاءِ وَتَاْمُرَهُ بِحُسْنِ التِّبَاعَةِ اذْهَبْ بِهٖ يَا عُمَرُ فَاقْضِهٖ حَقَّهُ وَزِدْهُ عِشْرِيْنَ صَاعًا مِنْ غَيْرِهٖ مَكَانَ مَا رُعْتَهُ قَالَ زَيْدٌ: فَذَهَبَ بِيْ عُمَرُ فَقَضَانِيْ حَقِّيْ وَزَادَنِيْ عِشْرِيْنَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ فَقُلْتُ: مَا هٰذِهِ الزِّيَادَةُ قَالَ: اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَزِيْدَكَ مَكَانَ مَا رُعْتُكَ فَقُلْتُ:

اَتَعْرِفُنِيْ يَا عُمَرُ؟ قَالَ: لَا فَمَنْ اَنْتَ؟ قُلْتُ: اَنَا زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ قَالَ: الْحَبْرُ قُلْتُ: نَعَمْ الْحَبْرُ قَالَ: فَمَا دَعَاكَ اَنْ تَقُوْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُلْتَ وَتَفْعَلَ بِهٖ مَا فَعَلْتَ؟ فَقُلْتُ: يَا عُمَرُ كُلُّ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ قَدْ عَرَفْتُهَا فِيْ وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ نَظَرْتُ اِلَيْهِ اِلَّا اثْنَتَيْنِ لَمْ اَخْتَبِرْهُمَا مِنْهُ: يَسْبِقُ حِلْمُهُ جَهْلَهُ وَلَا يَزِيْدُهُ شِدَّةُ الْجَهْلِ عَلَيْهِ اِلَّا حِلْمًا فَقَدِ اخْتَبَرْتُهُمَا فَاُشْهِدُكَ يَا عُمَرُ اَنِّيْ قَدْ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا وَاُشْهِدُكَ اَنَّ شَطْرَ مَالِيْ - فَاِنِّيْ اَكْثَرُهَا مَالًا - صَدَقَةٌ عَلٰى اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ: اَوْ عَلٰى بَعْضِهِمْ فَاِنَّكَ لَا تَسَعُهُمْ كُلَّهُمْ قُلْتُ: اَوْ عَلٰى بَعْضِهِمْ فَرَجَعَ عُمَرُ وَزَيْدٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ زَيْدٌ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰمَنَ بِهٖ وَصَدَّقَهُ وَشَهِدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشَاهِدَ كَثِيْرَةً ثُمَّ تُوُفِّيَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ رَحِمَ اللّٰهُ زَيْدًا قَالَ فَسَمِعْتُ الْوَلِيْدَ يَقُوْلُ حَدَّثَنِيْ بِهٰذَا كُلِّهٖ مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ. (1:2)

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ نے زید بن سعنہ کو ہدایت عطا کرنے کا ارادہ کیا' تو زید بن سعنہ نے کہا: نبوت کی جتنی بھی علامات باقی رہ گئی ہیں' وہ سب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے میں پہچان لی ہیں۔ جب میں نے آپ کی زیارت کی صرف دو باتیں باقی رہ گئی ہیں' وہ میں آپ کی شخصیت میں نہیں جان سکا۔

ایک یہ کہ آپ کے مزاج میں بردباری اور (برداشت) کا عنصر کتنا ہے؟ دوسرا یہ کہ جب آپ کے ساتھ بدتمیزی کا مظاہرہ کیا

جائے' تو آپ زیادہ بردباری کا مظاہرہ کرتے ہیں؟

تو میں یہ چاہتا ہوں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نرمی سے پیش آؤں' ان کے ساتھ ملتا رہوں' تاکہ مجھے آپ کی بردباری کا اندازہ ہو سکے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ اپنے حجرے سے باہر تشریف لائے آپ کے ساتھ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

ایک شخص جو دیکھنے میں دیہاتی لگ رہا تھا' نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔اس نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں بستی کے لوگوں نے اسلام قبول کرلیا ہے۔

میں نے انہیں بتایا تھا کہ اگر انہوں نے اسلام قبول کرلیا' تو اللہ تعالیٰ انہیں زیادہ رزق عطا کرے گا۔

اب انہیں قحط سالی لاحق ہوگئی ہے' بارش نہیں ہوئی، مجھے یہ اندیشہ ہے' یارسول اللہ! جس طرح وہ لالچ کی وجہ سے اسلام میں داخل ہوئے تھے' کہیں اسی طرح لالچ کی وجہ سے اسلام سے خارج نہ ہو جائیں، اگر آپ مناسب سمجھیں' تو ان کی طرف کوئی ایسی چیز بھیج دیں' جو ان کی امداد کر سکے۔

راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنے پہلو میں موجود ایک شخص کی طرف دیکھا' میرا خیال ہے' وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس تو ایسی کوئی چیز نہیں ہے۔

زید بن سعنہ کہتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے قریب ہوا' میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: اے حضرت محمد ﷺ! کیا آپ بنوفلاں کے باغ کی متعین کھجوریں فلاں عرصے تک ادائیگی کی شرط پر مجھے فروخت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں۔اے یہودی میں تمہیں متعین کھجوریں فلاں' فلاں عرصے تک فروخت کردوں گا' لیکن میں بنوفلاں کے باغ کا تعین نہیں کروں گا۔ میں نے جواب دیا: ٹھیک ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے میرے ساتھ سودا کرلیا۔ میں نے اپنے تھیلے کو کھولا اور اس میں سے **80** مثقال سونا نکال کر آپ کو دے دیا' جو کھجوروں کی متعین تعداد کے عوض میں تھا' جس کی ادائیگی فلاں' فلاں مدت تک تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے وہ سونا اس شخص کو دیا اور کہا: تم جلدی سے ان کے پاس جاؤ اور اس کے ذریعے ان کی مدد کرو۔

حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب متعین مدت پوری ہونے کا وقت قریب آیا' تو ابھی اس میں دو یا تین دن باقی تھے۔

نبی اکرم ﷺ کسی انصاری کے جنازے میں شریک ہونے کے لئے تشریف لائے' آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور دیگر کچھ صحابہ کرام بھی تھے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے نماز جنازہ ادا کرلی' تو آپ ایک دیوار کے قریب ہو کر بیٹھ گئے۔ میں نے آپ کی قمیص کے دامن کو پکڑا اور سخت نظروں سے آپ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا: اے حضرت محمد ﷺ کیا آپ میرا حق مجھے ادا نہیں کریں گے؟ اللہ کی قسم!

آپ یعنی عبدالمطلب کی اولاد کی طرف سے مجھے ٹال مٹول کرنے کا علم نہیں ہے؟ کیونکہ میں آپ لوگوں کے لین دین کو جانتا ہوں۔

راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا' تو ان کی آنکھیں غصے سے اُبل رہی تھیں۔ انہوں نے میری طرف گھور کے دیکھا اور بولے: اے اللہ کے دشمن! کیا تم اللہ کے رسول کے ساتھ یہ بات کر رہے ہو؟ جو میں سن رہا ہوں اور یہ طریقہ اختیار کر رہے ہو' جو میں دیکھ رہا ہوں؟

اس ذات کی قسم! جس نے انہیں حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے' اگر ان کا احترام پیش نظر نہ ہوتا' تو میں اس تلوار کے ذریعے تمہاری گردن اڑا دیتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نرمی اور مہربانی کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور ارشاد فرمایا:

''اے عمر! تمہاری طرف سے اس سے مختلف ردعمل سامنے آنے کی زیادہ ضرورت تھی' تم مجھے اچھے طریقے سے ادائیگی کرنے کا کہتے اور اس کو اچھے طریقے سے تقاضا کرنے کا کہتے۔

اے عمر! اسے ساتھ لے جاؤ۔ اس کا حق اسے ادا کر دو اور تم نے جو اسے ڈانٹا ہے' اس کے بدلے میں اسے بیس صاع کھجوریں زیادہ دینا۔

حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے ساتھ لے گئے' انہوں نے میرا حق ادا کر دیا اور مزید بیس صاع کھجوریں عطا کیں' تو میں نے دریافت کیا: یہ اضافی ادائیگی کس لئے ہے؟ تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ ہدایت کی تھی کہ میں نے تمہیں' جو ڈانٹا ہے' اس کی جگہ میں تمہیں یہ اضافی ادائیگی کروں۔

میں نے دریافت کیا: اے عمر! تم مجھے پہچانتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں! تم کون ہو؟ میں نے کہا: میں زید بن سعنہ ہوں۔

انہوں نے دریافت کیا: یہودیوں کا بڑا عالم؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ یہودیوں کا بڑا عالم۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس طریقے کے ساتھ بات چیت اور اس طرح کا طرزِ عمل کیوں کیا؟

میں نے جواب دیا: اے عمر! میں نے اللہ کے رسول کے چہرے میں تمام علامات نبوت دیکھ لی تھیں' جب میں نے آپ کی زیارت کی تھی' صرف دو چیزیں باقی رہ گئی تھیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں مجھے یہ پتہ نہیں چل سکا تھا۔ ایک یہ کہ آپ کے مزاج میں بردباری کتنی ہے؟ دوسرا یہ کہ جب آپ کے ساتھ بدتمیزی کا مظاہرہ کیا جائے' تو آپ بردباری اور تحمل کا مظاہرہ کرتے ہیں؟ تو میں نے ان دونوں کا علم بھی حاصل کر لیا ہے۔

اے عمر! اب میں آپ کو گواہ بنا کر یہ کہتا ہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے، اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے سے راضی ہوں۔ (یعنی ان پر ایمان رکھتا ہوں)

اور میں آپ کو گواہ بنا کر یہ کہتا ہوں: میرا نصف مال' حالانکہ یہودیوں میں سے' سب سے زیادہ مال میرے پاس ہے۔ یہ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے لئے صدقہ ہے۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم یہ کہو کہ ان میں سے کچھ لوگوں کے لئے ہے کیونکہ تم ان سب کو پورا نہیں کر سکتے تو میں نے کہا: ان میں سے بعض لوگوں کے لئے ہے۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت زید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت زید نے عرض کی: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

(راوی کہتے ہیں:) پھر حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بہت سے غزوات میں شریک ہوئے اور پھر غزوہ تبوک کے دوران دشمن کا سامنا کرتے ہوئے انہوں نے انتقال کیا۔

اللہ تعالیٰ زید پر رحم کرے۔ انہوں نے یہ بات بیان کی ہے میں نے ولید کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے مجھے یہ تمام روایت محمد بن حمزہ نے اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاٰمِرَ بِالْمَعْرُوْفِ ثَوَابَ الْعَامِلِ بِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْءٌ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نیکی کا حکم دینے والے کو اس پر عمل کرنے والے کا سا ثواب عطا کرے گا حالانکہ اس عمل کرنے والے کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی

289 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ: مَا عِنْدِيْ مَا اُعْطِيْكَ لٰكِنِ ائْتِ فُلَانًا قَالَ: فَاَتَى الرَّجُلَ فَاَعْطَاهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ اَوْ عامله . (1:2)

❀❀ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے آپ سے مدد طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس ایسی کوئی چیز نہیں ہے جو میں تمہیں دوں تم فلاں شخص کے پاس چلے جاؤ۔

(راوی بیان کرتے ہیں) وہ اس شخص کے پاس آیا اس نے اسے عطیہ دے دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

289- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه مسلم 1893 في الإمارة: باب فضل إعانة الغازي في سبيل الله، عن بشر بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/273 من طريق وأخرجه الطيالسي 611 ومن طريقه الترمذي 2671 في العلم: باب الدالّ على الخير كفاعله، عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 20054، وأحمد 4/120، و5/272 و274، ومسلم 1893، وأبو داوٗد 5129 في الأدب: باب الدال على الخير، والبخاري في الأدب المفرد 242، والطبراني 17/ 622 و623 و624 و625 و627 و628 و629 و630 و631، والبغوي 3608 من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه الطبراني 17/ 632 من طريق الحرّ بن مالك.

''جو شخص بھلائی کے بارے میں رہنمائی کرے' تو اس کو اس بھلائی کو کرنے والے (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں) اس پر عمل کرنے والے کی مانند اجر ملتا ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ اسْتِحْلَالِ النُّصْرَةِ عَلَى أَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ بِالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ فِيْ دَارِ الْإِسْلَامِ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے: وہ اسلامی سلطنت میں نیکی کا حکم دے کر اور برائی سے منع کر کے' اللہ تعالیٰ کے کافر دشمنوں کے خلاف (اللہ تعالیٰ کی مدد کو اپنے لئے حلال کروالے)

290 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بن إبراهيم حدثنا بن اَبِیْ فُدَيْكٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ هَانِئٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ اَنْ قَدْ حَضَرَهُ شَيْءٌ فَتَوَضَّأَ وَمَا كَلَّمَ اَحَدًا ثُمَّ خَرَجَ فَلَصِقْتُ بِالْحُجْرَةِ اَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ لَكُمْ مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ اَنْ تَدْعُوْنِيْ فَلَا اُجِيْبُكُمْ وَتَسْاَلُوْنِيْ فَلَا اُعْطِيكُمْ وَتَسْتَنْصِرُوْنِيْ فَلَا أنصركم

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے' تو آپ کے چہرے سے مجھے اندازہ ہو گیا کہ آپ کا مزاج ٹھیک نہیں ہے۔ آپ نے وضو کیا آپ نے کسی کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں کی۔

پھر باہر تشریف لے گئے۔ میں حجرے کے (دروازے) کے پاس ہو گئی' تاکہ میں یہ سنوں کہ آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں: آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ نے تمہیں یہ حکم دیا ہے' تم لوگ نیکی کا حکم دو اور برائی سے منع کرو۔ اس سے پہلے کہ تم لوگ مجھ سے دعا مانگو اور میں تمہاری دعا قبول نہ کروں' تم لوگ مجھ سے کچھ مانگو اور میں تمہیں عطا نہ کروں' تم لوگ مجھ سے مدد، مانگو اور میں تمہاری مدد نہ کروں۔''

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے صرف یہی کلمات ارشاد فرمائے' اور پھر منبر سے نیچے تشریف لے آئے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُوْمِ الْغَيْرَةِ عِنْدَ اسْتِحْلَالِ الْمَحْظُوْرَاتِ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے: جب ممنوعہ چیزوں کا ارتکاب کیا جانے لگے'

290- إسناده ضعيف؛ لجهالة عاصم بن عمر وأخرجه أحمد 6/159، وابن ماجة 4004 مختصرًا في الفتن: باب الأمر بالمعروف، والبزار أيضًا 3305 من طريقين عن هشام بن سعد، عن عمرو بن عثمان، به. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد 7/266، ونسبه إلى أحمد، والبزار، وأعله بعاصم بن عمر.

اس وقت وہ غصے کا اظہار کرے

291 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ وَالْوَلِيْدُ قَالَا حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ:

(متن حدیث): اِنَّهُ لَا شَيْءَ اَغْيَرَ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وعلا . (3:67)

❀❀ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''کوئی بھی چیز' اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت والی نہیں ہے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ غَيْرَةَ اللّٰهِ تَكُوْنُ اَشَدَّ مِنْ غَيْرَةِ اَوْلَادِ اٰدَمَ

اس روایت کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کا غصہ' اولادِ آدم کے غصے سے زیادہ شدید ہوتا ہے

292 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ وَاللّٰهُ أشد غيرة . (3:67)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مومن غیرت والا ہوتا ہے' اور اللہ تعالیٰ زیادہ شدید غیرت والا ہے۔''

ذِكْرُ وَصْفِ الشَّيْءِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهٖ يَكُوْنُ اللّٰهُ جل وعلا أشد غيرة

اس روایت کا تذکرہ جس میں اس چیز کی صفت بیان کی گئی ہے' جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ غصہ کرتا ہے

293 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنُ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سلمة عن اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ يَغَارُ وَالْمُؤْمِنُ يَغَارُ فَغَيْرَةُ اللّٰهِ اَنْ يَّاْتِيَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ عليه . (3:67)

291- إسناده صحيح على شرط البخاری، وأخرجه أحمد 6/352، عن أبی المغيرة، والطبرانی 24/ 220 من طريق محمد القرقسانی، كلاهما عن الأوزاعی، به. وأخرجه الطيالسی 1640 ، وأحمد 6/348، والبخاری 5222 فی النكاح باب الغيرة، ومسلم 2762 فی التوبة: باب غيرة الله تعالی، والطبرانی 24/ 221 و 223 و 244 و 225 من طرق عن يحيی بن أبی كثير، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبرانی أيضًا 24/ 222 من طريق شيبان بن عبد الرحمن، عن أبی سلمة، به.

292- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه فی صحيحه 2761 38 فی التوبة: باب غيرة الله تعالی، عن قتيبة بن سعيد، عن عبد العزيز بن محمد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/235 عن ابن أبی عدی و 438 عن يحيی بن سعيد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/300، ومسلم 2761 38 من طريق محمد بن جعفر.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ غیرت والا ہے اور مومن بھی غیرت والا ہوتا ہے۔'' اللہ تعالیٰ کی غیرت اس بات پر ہوتی ہے کہ مومن کسی ایسی چیز کا ارتکاب کرے، جو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دی ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

ہمارے ذکر کردہ مفہوم کی صحت کی صراحت کرنے والی دوسری روایت کا تذکرہ

294 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ فَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ وَلَيْسَ اَحَدٌ اَغْيَرَ مِنَ اللّٰهِ فَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الفواحش. (3:67)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اپنی تعریف سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔ اس لئے اس نے اپنی تعریف خود کی ہے، اور کوئی بھی شخص اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت والا نہیں ہے۔ اس لئے اس نے فحش کاموں کو حرام قرار دیا ہے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ الْغَيْرَةِ الَّتِيْ يُحِبُّهَا اللّٰهُ وَالَّتِيْ يُبْغِضُهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس غیرت کے بارے میں ہے

جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور جسے اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا ہے

295 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بن مسرهد قال حدثنا بن اَبِيْ عَدِيٍّ

293- إسناده صحيح على شرط البخارى . وأخرجه الطيالسى 2357 ، وأحمد 2/343و519 و520 و536 و539، والبخارى 5223 فى النكاح: باب الغيرة، ومسلم 2761 فى التوبة: باب غيرة الله تعالى، والترمذى 11168 فى الرضاع: باب الغيرة، من طرق عن يحيى بن أبى كثير، به. وأخرجه أحمد 2/387 عن عفان بن مسلم.

294- إسناده صحيح على شرط الشيخين وأخرجه مسلم 2760 فى التوبة: باب غيرة الله تعالى، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 2760 أيضًا عن عثمان بن أبى شيبة، عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/381 و425، والبخارى 5220 فى النكاح: باب الغيرة، و 7403 فى التوحيد: باب قوله تعالى: (وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهُ) ، ومسلم 2760 33 ، والنسائى فى التفسير كما فى التحفة 7/41، 42، والدارمى 2/149 فى النكاح: باب فى الغيرة، والبغوى فى شرح السنة 2373

295-وأخرجه أحمد 5/445 من طريق إسماعيل، والطبرانى 1776 من طريق محمد بن بشر، كلاهما عن حجاج الصواف، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/446، وأبو داؤد 2659 فى الجهاد: باب الخيلاء فى الحرب، والطبرانى 1772 من طريق أبن بن يزيد، والنسائى 5/78 فى الزكاة: باب الاختيال فى الصدقة، والدارمى 2/149 فى النكاح: باب فى الغيرة، والطبرانى 1774 و 1775 من طريق الأوزاعى، والطبرانى 1773 من طريقق حرب بن شداد، و 1777 من طريق شيبان.

عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التيمى عَنِ ابْنِ عَتِيْكٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ
اَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عليه وسلم: 29 29

(متن حدیث): إن من الْغَيْرَةِ مَا يُحِبُّ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ فَاَمَّا الْغَيْرَةُ الَّتِىْ يُحِبُّ اللّٰهُ فَالْغَيْرَةُ فِى اللّٰهِ وَاَمَّا الْغَيْرَةُ الَّتِىْ يُبْغِضُ اللّٰهُ فَالْغَيْرَةُ فِىْ غَيْرِ اللّٰهِ وَاِنَّ مِنَ الْخُيَلَاءِ مَا يُحِبُّ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ فَاَمَّا الْخُيَلَاءُ الَّتِىْ يُحِبُّ اللّٰهُ اَنْ يَتَخَيَّلَ الْعَبْدُ بِنَفْسِهِ عِنْدَ الْقِتَالِ وَاَنْ يَتَخَيَّلَ عِنْدَ الصَّدَاقَةِ وَاَمَّا الْخُيَلَاءُ الَّتِىْ يُبْغِضُ اللّٰهُ فَالْخُيَلَاءُ لغير الدين. (3:66)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: (ابْنُ عَتِيْكٍ) هٰذَا هُوَ اَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكِ بْنِ النعمان الأشهلى لأبيه صحبة.

ابن عتیک انصاری اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''غیرت کی ایک قسم وہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے' اور ایک قسم وہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے' جہاں تک اس قسم کا تعلق ہے' جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے' تو یہ وہ غیرت ہے' جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں ہے' اور وہ غیرت جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے' تو یہ وہ غیرت ہے' جو اللہ تعالیٰ کی بجائے کسی اور کے لئے ہو' تکبر کا اظہار کرنے والے لوگوں میں کچھ لوگ وہ ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے' اور کچھ لوگ وہ ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے' جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے' جو تکبر کا اظہار کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو پسند کرتا ہے' تو اس سے مراد وہ بندہ ہے' جو جنگ کے وقت اپنے آپ کو نمایاں کرے اور وہ شخص جو صدقہ کرتے وقت اپنے آپ کو نمایاں کرے۔

اور جہاں تکبر کرنے والے اس شخص کا تعلق ہے' جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے' تو اس سے مراد وہ شخص ہے' جو کسی دینی معاملے کی بجائے (دنیاداری کے حوالے سے) تکبر کا اظہار کرتا ہے''۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابن عتیک نامی راوی ابوسفیان بن جابر بن عتیک بن نعمان اشہلی ہیں۔ ان کے والد صحابی ہیں۔

ذِكْرُ رَجَاءِ الْاَمْنِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ لِمَنْ لَمْ يَغْضَبْ لِغَيْرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

جو شخص اللہ کے غیر کے لئے غضبناک نہیں ہوتا' اس کے لئے' اللہ کے غضب سے' محفوظ ہونے کی اُمید کا تذکرہ

296- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى الْمَوْصِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى الْمِصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن عمر قَالَ:

296- إسناده حسن، وأخرجه أحمد 2/175 عن الحسن بن موسين عن ابن لهيعة، عن دراج، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد 8/69، ونسبه إلى أحمد، وقال: وفيه ابن لهيعة وهو لين الحديث، وبقية رجاله ثقات. وفى الباب عن جارية عند أحمد 3/484 و5/34 و370، وأبى يعلى 2/395، والطبرانى 2093 و2097، وأحمد 2/362 و466، والترمذى 2020، وعن رجل من أصحاب النبى صلى الله عليه وآله وسلم عند أحمد 5/373، وعن ابن عمر عند أبى يعلى، وعن أبى الدرداء عند الطبرانى فى الكبير و الأوسط.

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَمْنَعُنِي من غضب الله؟ قال: لا تغضب . (1:2)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سی چیز مجھے اللہ تعالیٰ کے غضب سے بچاسکتی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم غصہ نہ کرو۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْقَائِمِ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْمُدَاهِنِ فِيهَا

اس روایت کا تذکرہ جس میں اللہ تعالیٰ کی حدود کو قائم کرنے اور اس کی خلاف ورزی کرنے والے کی صفت بیان کی گئی ہے

297- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ عَلٰى مِنْبَرِنَا هٰذَا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَرَّغْتُ لَهُ سَمْعِيْ وَقَلْبِيْ وعرفت أني لأن اَسْمَعَ اَحَدًا عَلٰى مِنْبَرِنَا هٰذَا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْقَائِمِ عَلٰى حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْمُدَاهِنُ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ كَمَثَلِ قَوْمٍ كَانُوْا فِيْ سَفِيْنَةٍ فَاقْتَرَعُوا مَنَازِلَهُمْ فَصَارَ مَهْرَاقُ الْمَاءِ وَمُخْتَلَفُ الْقَوْمِ لِرَجُلٍ فَضَجِرَ فَاَخَذَ الْقَدُوْمَ وَرُبَّمَا قَالَ الْفَاْسَ فَقَالَ اَحَدُهُمْ لِلْاٰخَرِ اِنَّ هٰذَا يُرِيْدُ اَنْ يغرقنا ويخرق سفينتكم وقال الآخر فإنما يخرق مكانه

وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلَحَتْ صلح الْجَسَدُ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ لَهَا الْجَسَدُ كُلُّهُ .

وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الْمُؤْمِنُونَ تَرَاحُمُهُمْ وَلُطْفُ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ كَجَسَدِ رَجُلٍ وَاحِدٍ اِذَا اشْتَكٰى بَعْضُ جَسَدِهٖ اَلِمَ له سائر جسده . (3:28)

امام شعبی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میری سماعت اور میرے دل نے اسے محفوظ رکھا ہے۔

اور مجھے یہ بات پتہ ہے اب میں اس منبر پر کسی شخص کو یہ کہتے ہوئے نہیں سن سکوں گا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات

297- إسناده صحيح على شرط الشيخين . واخرج القسمين الأول والثاني: أحمد 4/270 عن يحيى بن سعيد، عن زكريا عن الشعبي، به. وأخرج القسم الأول منه: أحمد 4/268 و270 و273، والبخاري 2493 في الشركة: باب هل يقرع في القسمة، و 2686 في الشهادات: باب القرعة في المشكلات، والترمذي 2173 في الفتن، والرامهرمزي في الأمثال ص 104، والبيهقي في السنن 10/91 و288، والبغوي 4151 ، من طرق عن الشعبي، به. وأخرج القسم الثاني: الطيالسي 788 ، وأحمد 4/274، والبخاري 52 في الإيمان: باب فضل من استبرأ لدينه، ومسلم 1599 في المساقاة: باب أخذ الحلال وترك الشبهات، وابن ماجة 3984 في الفتن: الوقوف عند الشبهات، والدارمي 2/245 في البيوع: باب الحلال بيّن والحرام بيّن، من طرق عن الشعبي، به. والقسم الثالث تقدم برقم 233 فانظر تخريجه هناك.

ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: (نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں)

''اللہ تعالیٰ کی حدود کو قائم کرنے والے شخص اور اللہ تعالیٰ کی حدود کی خلاف ورزی کرنے والے شخص کی مثال اس طرح ہے، جیسے کچھ لوگ ایک کشتی میں سوار ہوں، وہ اپنی جگہوں کے بارے میں قرعہ اندازی کر لیں، تو پانی حاصل کرنے کی جگہ اور لوگوں کے گزرنے کی جگہ ایک شخص کے حصے میں آئے، تو وہ غصے میں آ جائے، اور پھاوڑہ پکڑے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) تو ان میں سے ایک شخص دوسرے سے یہ کہے: یہ شخص ہمیں ڈبونا چاہتا ہے، اور کشتی کو توڑنا چاہتا ہے، اور دوسرا شخص کہے: اسے کرنے دو، یہ اپنی جگہ کو توڑ رہا ہے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات بھی ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے اگر وہ ٹھیک رہے، تو سارا جسم ٹھیک رہتا ہے، اور اگر وہ خراب ہو جائے، تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے۔''

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات بھی ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''آپس میں ایک دوسرے پر رحمت اور لطف کے حوالے سے اہل ایمان کی مثال ایک شخص کے جسم کی مانند ہے، جب جسم کا ایک حصہ بیمار ہو جائے، تو پورا جسم اس تکلیف کو محسوس کرتا ہے۔''

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاكِبَ حُدُوْدَ اللّٰهِ وَالْمُدَاهِنَ فِيْهَا مَعَ الْقَائِمِ بِالْحَقِّ بِاَصْحَابِ مَرْكَبٍ رَكِبُوا لُجَّ الْبَحْرِ

مصطفیٰ کریم ﷺ کا اللہ تعالیٰ کی حدود کو قائم کرنے اور اس کی حدود کی خلاف ورزی کرنے والے شخص کو سفینے میں سوار ایسے افراد سے تشبیہ دینا جو اتھاہ سمندر میں سفر کر رہے ہوں

298 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حدثنا جرير عن مطرف عن الشعبيعن النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْمُدَاهِنُ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالرَّاكِبُ حُدُوْدَ اللّٰهِ وَالْاٰمِرُ بِهَا وَالنَّاهِي عَنْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اسْتَهَمُوا فِيْ سَفِينَةٍ مِّنْ سُفُنِ الْبَحْرِ فَاَصَابَ اَحَدُهُمْ مُؤَخَّرَ السَّفِينَةِ وَاَبْعَدَهَا مِنَ الْمِرْفَقِ وَكَانُوْا سُفَهَاءَ وَكَانُوْا اِذَا اَتَوْا عَلٰى رِجَالِ الْقَوْمِ اٰذَوْهُمْ فَقَالُوْا نَحْنُ اَقْرَبُ اَهْلِ السَّفِينَةِ مِنَ الْمِرْفَقِ وَاَبْعَدُهُمْ مِنَ الْمَاءِ فَتَعَالَوْا نَخْرِقْ دَفَّ السَّفِينَةِ ثُمَّ نَرُدَّهُ اِذَا اسْتَغْنَيْنَا عَنْهُ فَقَالَ مَنْ نَاوَاهُ مِنَ السُّفَهَاءِ افْعَلْ فَاَهْوٰى اِلٰى فَاْسٍ لِيَضْرِبَ بِهَا اَرْضَ السَّفِينَةِ فَاَشْرَفَ عَلَيْهِ رَجُلٌ رُشَيْدٌ فَقَالَ مَا تَصْنَعُ فَقَالَ نَحْنُ اَقْرَبُكُمْ مِنَ الْمِرْفَقِ وَاَبْعَدُكُمْ مِنْهُ اَخْرِقُ دَفَّ السَّفِينَةِ فَاِذَا اسْتَغْنَيْنَا عَنْهُ سَدَدْنَاهُ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ فَاِنَّكَ اِنْ فعلت تهلك ونهلك. (3:66)

298- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وتقدم تخريجه في الذي قبله.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''اللہ تعالیٰ کی حدود کی خلاف ورزی کرنے والا اور اللہ تعالیٰ کی حدود کی حفاظت کرنے والا' اس کا حکم دینے والا اور اس سے منع کرنے والا۔ اس کی مثال ایسے لوگوں کی طرح ہے' جو سمندر کی کسی کشتی میں اپنی جگہ کے بارے میں قرعہ اندازی کر لیتے ہیں' تو ان میں سے ایک شخص کو کشتی کا پچھلا حصہ ملتا ہے۔ وہ شخص اپنے ساتھیوں سے دور ہوتا ہے' اور وہ لوگ بے وقوف ہوتے ہیں' جب بھی لوگ وہاں آتے ہیں' تو اسے اذیت دیتے ہیں' تو وہ لوگ یہ کہتے ہیں' ہم تمام کشتی والوں میں سہولت کے زیادہ قریب ہیں اور پانی سے زیادہ دور ہیں' تو تم لوگ آؤ ہم کشتی کے زیریں حصے کو توڑ دیتے ہیں' جب ہم اس سے بے نیاز ہو جائیں گے' تو ہم اسے واپس لگا دیں گے' تو ان میں سے جو بے وقوف شخص ہوتا ہے' وہ کہتا ہے تم ایسا کر لو پھر وہ کلہاڑی کی طرف بڑھتا ہے' تا کہ اسے کشتی کے فرش پر مارے' تو ایک سمجھدار شخص جھانک کر اس کی طرف دیکھتا ہے' اور دریافت کرتا ہے: تم کیا کر رہے ہو؟ وہ کہتا ہے ہم سہولت میں تمہارے زیادہ قریب ہیں اور اس سے تم سے زیادہ دور ہیں۔ میں کشتی کا تختہ توڑنے لگا ہوں۔ جب ہماری ضرورت پوری ہو جائے گی' تو ہم اسے بند کر دیں گے' تو وہ سمجھدار شخص یہ کہتا ہے: تم ایسا نہ کرو' اگر تم ایسا کرو گے' تو تم ہلاکت کا شکار ہو جاؤ گے اور ہم بھی ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے''۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الصَّدَقَةَ لِمَنْ يَّأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ اِذَا تَعَرّٰى فِيْهِمَا عَنِ الْعِلَلِ

جو شخص نیکی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے منع کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ کا اس کے لئے صدقے کو نوٹ کر لینے کا تذکرہ' جبکہ وہ ان دونوں کاموں میں کسی علت سے محفوظ رہتا ہے

299- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرِ الْقُطَيْعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): عَلٰى كُلِّ مَنْسِمٍ مِّنْ بَنِيْ اٰدَمَ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَمَنْ يُّطِيْقُ هٰذَا؟ قَالَ: اَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ صَدَقَةٌ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَالْحَمْلُ عَلَى الضَّعِيفِ صَدَقَةٌ وَكُلُّ خُطْوَةٍ يخطوها أحدكم إلى الصلاة صدقة. (1:2)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''بنی آدم کے ہر جوڑ پر روزانہ صدقہ دینا لازم ہوتا ہے۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے عرض کی: کون اس کی

299–وأخرجه البزار 926، والطبراني 11791، من طريق الوليد بن أبي ثور، عن سماك، به. وتابع الوليد عليه حازم بن إبراهيم عند الطبراني 11792. وأورده الهيثمي في المجمع 3/104، وزاد نسبته إلى أبي يعلى، وقال: ورجال أبي يعلى رجال الصحيح.

طاقت رکھتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نیکی کا حکم دیا صدقہ ہے، برائی سے روکنا صدقہ ہے، کمزور شخص کا وزن اٹھا دینا صدقہ ہے اور تم میں سے کوئی شخص جب نماز کی طرف چل کر جاتا ہے تو اس کا ہر قدم صدقہ ہے۔''

ذِكْرُ اسْتِحْقَاقِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ لَا يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ عَنْ قُدْرَةٍ مِّنْهُمْ عَلَيْهِ عُمُوْمَ الْعِقَابِ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

سابات کا تذکرہ، جو لوگ نیکی کا حکم نہیں دیتے ہیں اور برائی سے منع نہیں کرتے ہیں حالانکہ وہ اس کی قدرت رکھتے ہیں وہ اس بات کے مستحق ہو جاتے ہیں کہ ان سب پر اللہ کا عذاب نازل ہو

300 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِي يَقْدِرُوْنَ اَنْ يُّغَيِّرُوْا عَلَيْهِمْ وَلَا يُغَيِّرُوْا اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ أَنْ يَّمُوْتُوْا . (2:109)

❀❀ عبداللہ بن جریر اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب بھی کسی قوم کے درمیان گناہوں کا ارتکاب ہونے لگے اور وہ لوگ انہیں روک سکتے ہوں اور پھر بھی نہ روکیں، تو اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے مرنے سے پہلے ان سب پر عذاب نازل کر دیتا ہے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اسْتِعْمَالُ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ لِعَوَامِّ النَّاسِ دُوْنَ الْاُمَرَاءِ الَّذِيْنَ لَا يَاْمَنُ عَلٰى نَفْسِهِ مِنْهُمْ اِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے: وہ نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے کے لئے عام لوگوں میں سے اہلکار مقرر کرے، اگر ایسا کرنا ہو تو ان حکمرانوں میں سے اہلکار مقرر نہ کئے جائیں، جو خود ان برائیوں کے مرتکب ہوتے ہیں

300- إسناده حسن. وأخرجه الطبراني 2382 عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني 2382 أيضًا عن معاذ بن المثنى، عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوٗد 4339 في الملاحم: باب الأمر والنهي، والطبراني 2382، من طريق مسدد، عن أبي الأحوص، به. وأخرجه أحمد 4/364 و366، وابن ماجة 4009 في الفتن: باب الأمر بالمعروف، والنهي عن المنكر، والطبراني 2380 و2381 و2383 و2384 و2385، والبيهقي في السنن 10/91، من طرق عن أبي إسحاق، به. وأخرجه أحمد 4/361 و363، والطبراني 2379، من طريق حجاج بن محمد،وفي الباب عن أبي بكر وسيأتي برقم 304.

301 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْمُدَاهِنِ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْاٰمِرِ بِهَا وَالنَّاهِي عَنْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اسْتَهَمُوا سَفِيْنَةً مِنْ سُفُنِ الْبَحْرِ فَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ مُؤَخَّرِ السَّفِيْنَةِ وَاَبْعَدِهِمْ مِنَ الْمِرْفَقِ وَبَعْضُهُمْ فِيْ اَعْلَى السَّفِيْنَةِ فَكَانُوْا اِذَا اَرَادُوا الْمَاءَ وَهُمْ فِيْ اٰخِرِ السَّفِيْنَةِ اٰذَوْا رِحَالَهُمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ نَحْنُ اَقْرَبُ مِنَ الْمِرْفَقِ وَاَبْعَدُ مِنَ الْمَاءِ نَخْرِقُ دَفَّةَ السَّفِيْنَةِ وَنَسْتَقِي فَاِذَا اسْتَغْنَيْنَا عَنْهُ سَدَدْنَاهُ فَقَالَ السُّفَهَاءُ مِنْهُمْ افْعَلُوْا قَالَ فَاَخَذَ الْفَاسَ فَضَرَبَ عَرْضَ السَّفِيْنَةِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ رُشَيْدٌ مَا تَصْنَعُ؟ قَالَ: نَحْنُ اَقْرَبُ مِنَ الْمِرْفَقِ وَاَبْعَدُ مِنَ الْمَاءِ نَكْسِرُ دَفَّ السَّفِيْنَةِ فَنَسْتَقِي فَاِذَا اسْتَغْنَيْنَا عَنْهُ سَدَدْنَاهُ فَقَالَ: لَا تَفْعَلْ فَاِنَّكَ اِذًا تَهْلِكُ وَنَهْلِكُ . (3:55)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"اللہ تعالیٰ کی حدود کی خلاف ورزی کرنے اور اس پر (عمل کرنے کا) حکم دینے والا اور اس کی (خلاف ورزی) سے روکنے والے شخص کی مثال ایسے لوگوں کی مانند ہے، جو سمندر میں کسی کشتی کے بارے میں قرعہ اندازی کرتے ہیں، تو ان میں سے کچھ لوگوں کو کشتی کا پیچھے والا حصہ ملتا ہے۔

پھر ذوالحجہ کے آخر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ آگئے جب جمعہ کا دن آیا‘ تو شدید گرمی کے دن کے باوجود میں جلدی مسجد چلا گیا‘ تو میں نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو پایا کہ وہ مجھ سے بھی پہلے وہاں پہنچ چکے تھے۔ وہ منبر کے دائیں کنارے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ میں ان کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کے ساتھ مس ہو رہا تھا تھوڑی ہی دیر بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف لے آئے‘ تو میں نے حضرت سعید رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آج حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسی بات چیت اس منبر پر کرنی ہے‘ جو انہوں نے خلیفہ بننے کے بعد کبھی نہیں کی‘ تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ کیا بات کریں گے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف فرما ہوئے انہوں نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق ان کی حمد و ثناء بیان کی پھر انہوں نے یہ فرمایا:

”میں آپ لوگوں کے ساتھ ایسی بات کرنا چاہتا ہوں جسے کرنے کا مجھے موقع دیا گیا ہے مجھے نہیں معلوم ہو سکتا ہے میری موت کا وقت میرے قریب آچکا ہو اور جو شخص اس بات کو سمجھ لے اور اسے محفوظ رکھ لے وہ اس بات کو یہاں تک پہنچا دے جہاں تک اس کی سواری جاسکتی ہے‘ جو شخص اس کو نہیں سمجھ پاتا‘ تو کسی مسلمان کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے۔ بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ اس نے آپ پر کتاب نازل کی۔ اس نے جو چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی اس میں سنگسار کرنے‘ کے حکم والی آیت بھی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو تلاوت بھی کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کروایا۔ بھی آپ کے بعد ہم نے بھی سنگسار کروایا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے‘ جب طویل زمانہ گزر جائے گا‘ تو کوئی شخص یہ کہے گا ہمیں اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے سے حکم سے متعلق آیت نہیں ملتی‘ تو وہ لوگ ایک ایسے فریضے کو ترک کرنے کی وجہ سے گمراہ ہو جائیں گے‘ جس کو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا تھا حالانکہ ہر ایسے شخص کو سنگسار کرنا لازم ہے‘ جو مرد ہو یا عورت ہو اور اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو جبکہ ثبوت کے ذریعے یہ بات ہو جائے یا (عورت) حاملہ ہو جائے یا (مرد یا عورت) اعتراف کرلیں‘ اگر اللہ کی قسم! اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ یہ کہیں گے کہ عمر نے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اضافہ کر دیا ہے‘ تو میں اس چیز کو نوٹ کروا دیتا۔

خبردار! ہم پہلے یہ آیت تلاوت کیا کرتے تھے۔

”تم لوگ اپنے آباؤ اجداد سے منہ نہ موڑو‘ کیونکہ اپنے آباؤ اجداد سے تمہارا منہ موڑنا تمہارا کفر ہے“۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

”تم مجھے اس طرح نہ بڑھا دینا‘ جس طرح عیسائیوں نے عیسیٰ بن مریم کو بڑھا دیا تھا۔ بیشک میں بندہ ہوں‘ تو تم لوگ

یہ کہنا: اللہ کے بندے اور اس کے رسول“۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) خبردار! مجھے یہ بات پتہ چلی ہے کہ فلاں شخص یہ کہتا ہے کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا‘ تو میں فلاں کا بیعت کرلوں گا‘ جو بھی شخص مسلمانوں کے مشورے کے بغیر کسی بھی امیر کی بیعت کرے گا‘ تو اس کی کوئی بیعت نہیں ہوگی اور نہ ہی اس شخص کی ہوگی‘ جس کی اس نے بیعت کی ہے۔ کوئی بھی شخص اس غلط فہمی کا شکار ہو کر یہ نہ کہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہو گئی تھی۔ خبردار وہ اچانک ہوئی تھی‘ لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی خرابی سے بچا کے رکھا اور آج تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص نہیں ہے‘ جس کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح کی حیثیت حاصل ہو‘ خبردار! جس دن اللہ کے رسول کا انتقال ہوا تھا۔ اس وقت وہ ہم میں سب سے زیادہ بہتر تھے۔

بیشک مہاجرین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کی بیعت کرنے کے لئے) اکٹھے ہوئے تھے‘ لیکن انصار ہم سے الگ سقیفہ بنوساعدہ میں اکٹھے ہوئے میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ہمارے ساتھ انصار بھائیوں کے ساتھ چلیں تاکہ ہم اس بات کا جائزہ لیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں‘ تو ہم لوگ روانہ ہوئے۔ ہمارا ارادہ ان کی طرف جانے کا تھا ہماری ملاقات ان میں سے دو نیک آدمیوں سے ہوئی‘ تو ان دونوں نے دریافت کیا: اے مہاجرین کے گروہ آپ لوگ کہاں جا رہے ہو؟ میں نے جواب دیا: ہم اپنے انصار بھائیوں کے پاس جا رہے ہیں‘ تو ان صاحب نے کہا: آپ پر کوئی گناہ نہیں ہوگا اگر آپ ان کے پاس نہ جائیں آپ اپنا معاملہ خود نمٹا لیں اے مہاجرین کے گروہ‘ تو میں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم اس وقت تک واپس نہیں جائیں گے جب تک ہم ان لوگوں کے پاس چلے نہیں جاتے پھر ہم ان کے پاس آئے‘ تو وہ لوگ سقیفہ بنوساعدہ میں اکٹھے ہو چکے تھے وہاں ان کے درمیان ایک شخص چادر اوڑھ کر بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے دریافت کیا: کون ہے؟ یہ تو لوگوں نے بتایا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں میں نے دریافت کیا: انہیں کیا ہوا ہے۔ لوگوں نے بتایا انہیں تکلیف ہے‘ جب ہم بیٹھ گئے‘ تو ان کا خطیب کھڑا ہوا۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر اس نے یہ کہا: اما بعد! ہم اللہ تعالیٰ کے مددگار اور اسلام کا لشکر ہیں۔ اے مسلمانوں کے گروہ! اب ہمیں پیچھے ہٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور وہ لوگ حکومت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں سرے سے ہی نکال دینا چاہتے ہیں‘ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ خاموش ہوا‘ تو میں نے کلام کرنے کا ارادہ کیا۔ میں نے اپنے ذہن میں مضمون سوچ لیا تھا جو مجھے بہت پسند آیا کہ اگر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے اس بیان کو کروں گا‘ تو یہ بہت عمدہ ہوگا اور میں اس کی وجہ سے ان لوگوں کی ناراضگی کو کسی حد تک کم کر دوں گا‘ لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے زیادہ بردبار اور زیادہ پروقار تھے۔ انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: تم بیٹھے رہو۔ مجھے انہیں ناراض کرنا پسند نہیں آیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلام کرنا شروع کیا۔ اللہ کی قسم! جو بھی گفتگو میں نے سوچی ہوئی تھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فی البدیہہ اس کی مانند بلکہ اس سے بھی بہتر گفتگو کی اور کوئی پہلو نہیں چھوڑا۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد یہ بات ارشاد فرمائی:

امابعد! تم نے جس بھلائی کا ذکر کیا ہے تم لوگ اس کے اہل ہو‘ لیکن اہل عرب حکومت کے معاملے میں صرف قریش قبیلے سے واقف ہیں‘ کیونکہ اپنی رہائش اور نسب کے اعتبار سے یہ عربوں میں سب سے نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔ میں تم لوگوں کے لئے ان

دو میں سے کسی ایک شخص سے راضی ہوں تم ان دونوں میں سے جسے چاہو اس کی بیعت کر لو پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا وہ ہمارے درمیان بیٹھے ہوئے تھے۔ مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صرف یہ بات اچھی نہیں لگی۔ اس وقت صورت حال یہ تھی کہ اللہ کی قسم! اگر مجھے آگے کر کے میری گردن اڑا دی جاتی جو بغیر کسی جرم کے ہوتی' تو یہ بات میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ تھی کہ مجھے کسی ایسی قوم کا امیر مقرر کیا جائے' جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی موجود ہوں۔

انصار کے ایک نوجوان نے کہا: میں ایک ایسی شاخ ہوں جس کے ساتھ خارش کی جاتی ہے (یعنی اُمور میں میری رائے اور مشورے پر عمل کیا جاتا ہے) اور ایک ایسی کھجور ہوں جسے بچایا جاتا ہے (یعنی میرے قبیلے کے لوگ میرے پسِ پشت نہ ہیں) ایک امیر ہم میں سے ہو'اے قریش کے گروہ! اور ایک امیر آپ لوگوں میں سے ہو' اس پر آوازیں بلند ہوئیں' لوگوں کے درمیان اختلاف ہو گیا' تو میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنا ہاتھ آگے بڑھائیے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ آگے بڑھایا۔ میں نے ان کی بیعت کر لی پھر مہاجرین اور انصار نے بھی ان کی بیعت کر لی۔ ہم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بالکل نظر انداز کر دیا' تو کسی شخص نے کہا: تم لوگوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا ہے' تو میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کیا ہے' تو ہمیں اس وقت کوئی ایسی چیز نہیں ملی جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کرنے سے افضل ہو۔ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ اگر ہم ان لوگوں سے جدا ہو گئے' تو وہ کہیں ہمارے بعد نئے سرے سے بیعت نہ کر لیں' تو یا' تو ہمیں اس چیز پر بیعت کرنی پڑے گی' جس سے ہم راضی نہیں ہیں' یا' پھر مخالفت کرنی پڑے گی' تو فساد اور اختلاف ہو گا اس لئے ہم سب نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی اور اس سے راضی ہو گئے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا ہے: اللہ تعالیٰ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کیا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے: اللہ کی راہ میں ایسا ہوا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الرَّغْبَةِ عَنِ الْاٰبَاءِ اِذْ رَغْبَةُ الْمَرْءِ عَنْ اَبِيْهِ ضَرْبٌ مِنَ الْكُفْرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے آباؤ اجداد سے منہ موڑے' کیونکہ آدمی کا اپنے آباؤ اجداد سے منہ موڑنا کفر کی ایک قسم ہے

414 (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ بِنَسَا وَاَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِالْمَوْصِلِ وَالْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِالْبَصْرَةِ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ بن اَخِى جُوَيْرِيَةَ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّى جُوَيْرِيَةُ بْنُ اَسْمَاءَ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهٗ كَانَ يقرىء عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فِىْ خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ فَلَمْ اَرَ رَجُلًا يَجِدُ مِنَ الْاَقْشَعْرِيْرَةِ مَا يَجِدُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عِنْدَ الْقِرَاءَةِ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَجِئْتُ اَلْتَمِسُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ يَوْمًا فَلَمْ اَجِدْهُ فَانْتَظَرْتُهٗ فِىْ بَيْتِهٖ حَتّٰى رَجَعَ مِنْ عِنْدِ عُمَرَ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ لِىْ لَوْ رَاَيْتَ رَجُلًا اٰنِفًا قَالَ لِعُمَرَ كَذَا وَكَذَا وَهُوَ يَوْمَئِذٍ بِمِنًى فِىْ اٰخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ بْنُ

الْخَطَّابِ فَذَكَرَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى اِلٰى عُمَرَ فَاَخْبَرَهُ اَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ لَوْ مَاتَ عُمَرُ لَقَدْ بَايَعْتُ فُلَانًا قَالَ عُمَرُ حِيْنَ بَلَغَهُ ذٰلِكَ اِنِّيْ لَقَائِمٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْعَشِيَّةَ فِي النَّاسِ فَمُحَذِّرُهُمْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَغْتَصِبُوْنَ الْاُمَّةَ اَمْرَهُمْ. فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فقلت يا أمير المؤمنين لَا تَفْعَلْ ذٰلِكَ يَوْمَكَ هٰذَا فَاِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَغَوْغَاءَ هُمْ وَاِنَّهُمْ هُمُ الَّذِيْنَ يَغْلِبُوْنَ عَلٰى مَجْلِسِكَ فَاَخْشٰى اِنْ قُلْتَ فِيْهِمُ الْيَوْمَ مَقَالًا اَنْ يَّطِيْرُوْا بِهَا وَلَا يَعُوْهَا وَلَا يَضَعُوْهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا اَمْهِلْ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ وَتَخْلُصَ لِعُلَمَاءِ النَّاسِ وَاَشْرَافِهِمْ فَتَقُوْلُ مَا قُلْتَ مُتَمَكِّنًا فَيَعُوْا مَقَالَتَكَ وَيَضَعُوْهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا.

قَالَ عُمَرُ وَاللّٰهِ لَئِنْ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ صَالِحًا لَاُكَلِّمَنَّ بِهَا النَّاسَ فى أول مقام أقومه.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فِيْ عَقِبِ ذِى الْحِجَّةِ وَجَاءَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ هَجَّرْتُ صَكَّةَ الْاَعْمٰى لِمَا اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَوَجَدْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ قَدْ سَبَقَنِيْ بِالتَّهْجِيرِ فَجَلَسَ اِلٰى رُكْنِ جَانِبِ الْمِنْبَرِ الْاَيْمَنِ فَجَلَسْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ تَمَسُّ رُكْبَتِيْ رُكْبَتَهُ فَلَمْ يَنْشَبْ عُمَرُ اَنْ خَرَجَ فَاَقْبَلَ يَؤُمُّ الْمِنْبَرَ فَقُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ وَعُمَرُ مُقْبِلٌ وَاللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ الْيَوْمَ مَقَالَةً لَمْ يَقُلْهَا اَحَدٌ قَبْلَهُ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ وَقَالَ مَا عَسٰى اَنْ يَّقُوْلَ مَا لَمْ يَقُلْهُ اَحَدٌ قَبْلَهُ فَلَمَّا جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَلَمَّا اَنْ سَكَتَ قَامَ عُمَرُ فَتَشَهَّدَ وَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ قَائِلٌ لَكُمْ مَقَالَةً قَدْ قُدِّرَ لِيْ اَنْ اَقُوْلَهَا لَعَلَّهَا بَيْنَ يَدَيْ اَجَلِيْ فَمَنْ عَقَلَهَا وَوَعَاهَا فَلْيُحَدِّثْ بِهَا حَيْثُ انْتَهَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهُ وَمَنْ خَشِيَ اَنْ لَا يَعِيَهَا فَلَا اُحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّكْذِبَ عَلَيَّ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَاْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا وَرَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهٗ وَاَخْشٰى اِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ اَنْ يَّقُوْلَ قَائِلٌ وَاللّٰهِ مَا نَجِدُ اٰيَةَ الرَّجْمِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَيَتْرُكَ فَرِيضَةً اَنْزَلَهَا اللّٰهُ وَاِنَّ الرَّجْمَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى اِذَا اُحْصِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافُ.

ثُمَّ اِنَّا قَدْ كُنَّا نَقْرَاُ اَنْ لَا تَرْغَبُوا عَنْ اٰبَائِكُمْ فَاِنَّ كُفْرًا بِكُمْ اَنْ تَرْغَبُوا عَنْ اٰبَائِكُمْ.

ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لا تطرونى كما أطرى بْنَ مَرْيَمَ فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدٌ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ.

ثُمَّ اِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّ فُلَانًا مِنْكُمْ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ لقد بايعت فلانا فلا يغرن امرءًا أن يقول إن بيعة أبى بكر كانت فَلْتَةً فَتَمَّتْ فَاِنَّهَا قَدْ كَانَتْ كَذٰلِكَ اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا وَلَيْسَ فِيْكُمْ مَنْ تُقْطَعُ اِلَيْهِ الْاَعْنَاقُ مِثْلَ اَبِيْ بَكْرٍ وَاِنَّهٗ كَانَ مِنْ خَيْرِنَا حِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ وَمَنْ مَّعَهُمَا تَخَلَّفُوا عَنَّا وَتَخَلَّفَتِ الْاَنْصَارُ عَنَّا بِاَسْرِهَا وَاجْتَمَعُوا فِيْ سَقِيْفَةِ بَنِيْ سَاعِدَةَ وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُوْنَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فَبَيْنَا نَحْنُ فِيْ مَنْزِلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ رَجُلٌ يُنَادِيْ مِنْ وَرَاءِ الْجِدَارِ اخْرُجْ إلى يا

بن الْخَطَّابِ فَقُلْتُ إِلَيْكَ عَنِّي فَإِنَّا مَشَاغِيلُ عَنْكَ فقال إِنَّهُ قَدْ حَدَثَ أَمْرٌ لَا بُدَّ مِنْكَ فِيهِ إِنَّ الْأَنْصَارَ قَدِ اجْتَمَعُوا فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ فَأَدْرِكُوهُمْ قَبْلَ أَنْ يُحْدِثُوا أَمْرًا فَيَكُونُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ فِيهِ حَرْبٌ فَقُلْتُ لِأَبِي بَكْرٍ انْطَلِقْ بِنَا إِلَى إِخْوَانِنَا هَؤُلَاءِ مِنَ الْأَنْصَارِ فَانْطَلَقْنَا نَؤُمُّهُمْ فَلَقِيَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَأَخَذَ أَبُو بَكْرٍ بِيَدِهِ فَمَشَى بَيْنِي وَبَيْنَهُ حَتَّى إِذَا دَنَوْنَا مِنْهُمْ لَقِيَنَا رجلان صالحان فذكرا الذي صنع القوم وقالا أَيْنَ تُرِيدُونَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ فَقُلْتُ نُرِيدُ إِخْوَانَنَا مِنْ هَؤُلَاءِ الْأَنْصَارِ قَالَا لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَقْرَبُوهُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ اقْضُوا أَمْرَكُمْ فَقُلْتُ وَاللَّهِ لَنَأْتِيَنَّهُمْ فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَيْنَاهُمْ فَإِذَا هُمْ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ فَإِذَا بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ رَجُلٌ مُزَمَّلٌ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا قالوا سعد بن عبادة قُلْتُ فَمَا لَهُ قَالُوا هُوَ وَجِعٌ فَلَمَّا جَلَسْنَا تَكَلَّمَ خَطِيبُ الْأَنْصَارِ فَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَنَحْنُ أَنْصَارُ اللَّهِ وَكَتِيبَةُ الْإِسْلَامِ وَأَنْتُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ رَهْطٌ مِنَّا وَقَدْ دَفَّتْ دَافَّةٌ مِنْ قَوْمِكُمْ قَالَ عُمَرُ وَإِذَا هُمْ يُرِيدُونَ أَنْ يَخْتَزِلُونَا مِنْ أَصْلِنَا وَيَحُطُّوا بِنَا 1 مِنْهُ قَالَ فَلَمَّا قَضَى مَقَالَتَهُ أَرَدْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ وَكُنْتُ قَدْ زَوَّرْتُ مَقَالَةً أَعْجَبَتْنِي أُرِيدُ أَنْ أَقُومَ بِهَا بَيْنَ يَدَيْ أَبِي بَكْرٍ وَكُنْتُ أُدَارِي مِنْ أَبِي بَكْرٍ بَعْضَ الْحِدَّةِ فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى رِسْلِكَ فَكَرِهْتُ أَنْ أُغْضِبَهُ فَتَكَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ وَهُوَ كَانَ أَحْلَمَ مِنِّي وَأَوْقَرَ وَاللَّهِ مَا تَرَكَ مِنْ كَلِمَةٍ أَعْجَبَتْنِي فِي تَزْوِيرِي إِلَّا تَكَلَّمَ بِمِثْلِهَا أَوْ أَفْضَلَ فِي بَدِيهَتِهِ حَتَّى سَكَتَ فَتَشَهَّدَ أَبُو بَكْرٍ وَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ أَيُّهَا الْأَنْصَارُ فَمَا ذَكَرْتُمْ فِيكُمْ مِنْ خَيْرٍ فَأَنْتُمْ أَهْلُهُ وَلَنْ تَعْرِفَ الْعَرَبُ هَذَا الْأَمْرَ إِلَّا لِهَذَا الْحَيِّ مِنْ قُرَيْشٍ هُمْ أَوْسَطُ الْعَرَبِ نَسَبًا وَدَارًا وَقَدْ رَضِيتُ لَكُمْ أَحَدَ هَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ فَبَايِعُوا أَيَّهُمَا شِئْتُمْ فَأَخَذَ بِيَدِي وَبِيَدِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ فَلَمْ أَكْرَهْ مِنْ مَقَالَتِهِ غَيْرَهَا كَانَ وَاللَّهِ أَنْ أُقَدَّمَ فَتُضْرَبَ عُنُقِي لَا يُقَرِّبُنِي ذَلِكَ إِلَى إِثْمٍ أحب إلي من أن أُؤَمَّرَ عَلَى قَوْمٍ فِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ إِلَّا أَنْ تَغَيَّرَ نَفْسِي عِنْدَ الْمَوْتِ فَلَمَّا قَضَى أَبُو بَكْرٍ مَقَالَتَهُ قَالَ قَائِلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ مِنَّا أَمِيرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيرٌ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ قَالَ عُمَرُ فكثر اللغط وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ حَتَّى أَشْفَقْتُ الِاخْتِلَافَ قُلْتُ ابْسُطْ يَدَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ فَبَسَطَ أَبُو بَكْرٍ يَدَهُ فَبَايَعَهُ وَبَايَعَهُ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ وَنَزَوْنَا عَلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ قَائِلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ قَتَلْتُمْ سَعْدًا قَالَ عُمَرُ فَقُلْتُ وَأَنَا مُغْضَبٌ قَتَلَ اللَّهُ سَعْدًا فَإِنَّهُ صَاحِبُ فِتْنَةٍ وَشَرٍّ وَإِنَّا وَاللَّهِ مَا رَأَيْنَا فِيمَا حَضَرَ مِنْ أَمْرِنَا أَمْرٌ أَقْوَى مِنْ بَيْعَةِ أَبِي بَكْرٍ فَخَشِينَا إِنْ فَارَقْنَا الْقَوْمَ قَبْلَ أَنْ تَكُونَ بَيْعَةٌ أَنْ يُحْدِثُوا بَعْدَنَا بَيْعَةً فَإِمَّا أَنْ نُبَايِعَهُمْ عَلَى مَا لَا نَرْضَى وَإِمَّا أَنْ نُخَالِفَهُمْ فَيَكُونُ فَسَادًا فَلَا يَغْتَرَّنَّ امْرُؤٌ أَنْ يقول إن بيعة أبي بكر كانت فلتة فَتَمَّتْ فَقَدْ كَانَتْ فَلْتَةً وَلَكِنَّ اللَّهَ وَقَى شَرَّهَا أَلَا وَإِنَّهُ لَيْسَ فِيكُمُ الْيَوْمَ مِثْلُ أَبِي بَكْرٍ.

قَالَ مَالِكٌ أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ أَنَّ الرَّجُلَيْنِ الْأَنْصَارِيَّيْنِ اللَّذَيْنِ لَقِيَا الْمُهَاجِرِينَ هُمَا عُوَيْمُ بْنُ سَاعِدَةَ وَمَعْنُ بْنُ عَدِيٍّ وَزَعَمَ مَالِكٌ أَنَّ الزُّهْرِيَّ سمع سعيد بن الْمُسَيَّبِ يَزْعُمُ أَنَّ الَّذِي قَالَ

يَوْمَئِذٍ اَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ رَجُلٌ مِنْ بَنِىْ سَلِمَةَ يُقَالُ لَهُ حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَوْلُ عُمَرَ اِنَّ بَيْعَةَ اَبِىْ بَكْرٍ كَانَتْ فَلْتَةً وَلٰكِنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا يُرِيْدُ اَنَّ بَيْعَةَ اَبِىْ بَكْرٍ كَانَ ابْتِدَاؤُهَا مِنْ غَيْرِ مَلَاٍ وَالشَّيْءُ الَّذِىْ يَكُوْنُ عَنْ غَيْرِ مَلَاٍ يُقَالُ لَهُ الْفَلْتَةُ وَقَدْ يُتَوَقَّعُ فِيْمَا لَا يَجْتَمِعُ عَلَيْهِ الْمَلَاُ الشَّرُّ فَقَالَ وَقَى اللّٰهُ شَرَّهَا يُرِيْدُ الشَّرَّ الْمُتَوَقَّعَ فِى الْفَلَتَاتِ لَا اَنَّ بَيْعَةَ اَبِىْ بَكْرٍ كَانَ فِيْهَا شر. (1/101)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو قرآن پڑھایا کرتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کی وہ حالت ہو جاتی ہو جو حضرت عبدالرحمان رضی اللہ عنہ کی قرأت کرتے وقت ہوتی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو تلاش کرتا ہوا آیا۔ وہ مجھے نہیں ملے میں ان کے گھر میں ان کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے واپس آنے کا انتظار کرتا رہا۔ جب وہ واپس آ گئے تو انہوں نے مجھ سے کہا کاش تم اس شخص کو بھی دیکھتے جس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بات کہی ہے وہ ان دنوں منیٰ میں مقیم تھے۔ یہ اس آخری حج کی بات ہے جو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کیا تھا۔ پھر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اس بات کا تذکرہ کیا کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے یہ بتایا کہ ایک شخص یہ کہہ رہا ہے کہ اللہ کی قسم! اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا تو میں فلاں کی بیعت کرلوں گا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ اطلاع ملی تو انہوں نے فرمایا کہ آج شام میں لوگوں سے خطاب کرنے کے لئے کھڑا ہوں گا اور انہیں اس طرح کے لوگوں سے بچنے کی تلقین کروں گا جو اس امت سے اس کے معاملے کو غصب کرنا چاہتے ہیں حضرت عبدالرحمٰن کہتے ہیں میں نے کہا: اے امیر المومنین آپ آج کے دن ایسا نہ کیجئے کیونکہ حج کے موقع پر ہر طرح کے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ یہ لوگ آپ کی محفل میں غالب آ جائیں اور مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آج ان کے درمیان آپ جو بات کہیں گے یہ اس کا فسانہ بنا دیں گے۔ یہ اسے محفوظ نہیں رکھیں گے اور غلط جگہ استعمال کر دیں گے۔ ابھی آپ ٹھہر جائیں جب آپ مدینہ منورہ تشریف لائیں تو وہ ہجرت اور سنت کا گھر ہے۔ وہاں لوگوں کے علماء اور اشراف کے سامنے آپ جو مناسب سمجھیں وہ بات آرام سے کرلیں وہ لوگ آپ کی بات کو محفوظ بھی رکھیں گے اور درست استعمال بھی کریں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر میں صحیح سلامت مدینہ منورہ پہنچ گیا تو میں لوگوں سے اپنے پہلے خطاب میں اسی موضوع پر بات کروں گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ذوالحجہ کے آخر میں ہم مدینہ منورہ آ گئے جب جمعہ کا دن آیا تو میں ایک نابینا شخص کی طرح (یعنی) وقت اور موسم کی پرواہ کئے بغیر جلدی (مسجد کی طرف) چلا گیا کیونکہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ مجھے اس بارے میں بتا چکے تھے وہاں مجھے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ مجھ سے پہلے آ چکے تھے وہ منبر کے دائیں طرف والے کنارے کے پاس بیٹھے

414- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو عند مالك مختصرًا في الموطأ 2/823 في الحدود: باب ما جاء في الرجم، ومن طريقه أخرجه أحمد بطوله 1/55 بنحو منه.

ہوئے تھے۔ میں ان کے پہلو میں آ کر بیٹھ گیا' تو میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کے ساتھ مس ہو رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف لے آئے وہ منبر کی طرف تشریف لائے' تو میں نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے کہا جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس وقت آ رہے تھے۔ اللہ کی قسم! آج امیر المومنین اس منبر پر ایسی گفتگو کریں گے' جو انہوں نے اس سے پہلے کبھی نہیں کی' تو حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے میری بات کو تسلیم نہیں کیا اور بولے: وہ آج ایسی کون سی بات کریں گے' جو اس سے پہلے انہوں نے کبھی نہیں کی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر بیٹھ گئے اور مؤذن نے اذان دی جب مؤذن خاموش ہوا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' تو انہوں نے کلمہ شہادت پڑھا۔ اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی ثناء بیان کی۔ پھر یہ بات ارشاد فرمائی:

''امابعد آج میں آپ لوگوں کے ساتھ ایسی گفتگو کرنا چاہتا ہوں جسے کرنے کا مجھے موقع دیا گیا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ میرے مرنے سے پہلے (کی آخری بڑی اہم) گفتگو ہو' تو شخص اسے سمجھ لے وہ اسے محفوظ رکھے اور جہاں تک اس کی سواری جا سکتی ہو وہاں تک اسے پہنچا دے اور جس شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ اس نے اسے محفوظ نہیں رکھا' تو میں اس کے لئے اس بات کو جائز قرار نہیں دوں گا کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے۔

بیشک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ اس نے ان پر کتاب نازل کی۔ اس نے ان پر جو چیز نازل کی تھی اس میں سنگسار کرنے والی آیت بھی تھی۔ ہم نے اس کی تلاوت کی اور اسے سمجھا اور اسے محفوظ رکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کروایا۔ آپ کے بعد ہم نے بھی سنگسار کروایا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ جب طویل زمانہ گزر جائے گا' تو کوئی شخص یہ نہ کہے۔ اللہ کی قسم! ہمیں' تو اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے کی آیت نہیں ملتی ہے' تو وہ شخص ایک ایسے فریضے کو ترک کر دے گا' جسے اللہ تعالیٰ نے نازل کیا تھا۔ اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے کا حکم ایسے شخص کے بارے میں ہے' جس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو جبکہ وہ مرد ہو یا عورت ہو' لیکن محصن ہو جب ثبوت قائم ہو جائے یا (عورت) حاملہ ہو جائے یا اعتراف کر لے پھر ہم یہ بھی پڑھتے رہے ہیں۔

''تم لوگ اپنے آباؤ اجداد سے منہ نہ موڑو' کیونکہ تمہارا آباؤ اجداد سے منہ موڑنا تمہارا کفر کرنا ہے''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''تم لوگ مجھے اس طرح نہ بڑھا دو' جس طرح ابن مریم کو بڑھا دیا گیا۔ میں بندہ ہوں' تو تم لوگ یہ کہو: اللہ کا بندہ اور اس کا رسول''۔

(پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) مجھے اس بات کا پتہ چلا ہے کہ تم میں سے فلاں شخص یہ کہتا ہے کہ اگر عمر فوت ہو گیا' تو میں فلاں کی بیعت کر لوں گا۔ یہ بات کسی کو بھی دھوکے کا بھی شکار نہ کرے۔ کوئی شخص یہ کہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہوگئی اور مکمل ہوگئی' وہ ہوئی اچانک ہی تھی' لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے خرابی سے محفوظ رکھا تھا' اور تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص نہیں ہے' جسے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جیسی نمایاں حیثیت حاصل ہو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تھا اس وقت وہ ہم میں سب سے بہتر تھے۔ بیشک علی' زبیر اور ان کے ساتھ کے دیگر افراد ہم سے پیچھے رہ گئے تھے اور انصار بھی ہم سے کچھ پیچھے رہے تھے۔ وہ لوگ بنو ساعدہ کی بیٹھک میں اکٹھے ہوئے مہاجرین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اردگرد اکٹھے ہو گئے تھے۔ ابھی ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہائش گاہ میں تھے کہ

دیوار کے پرے سے ایک شخص نے بلند آواز میں کہا: اے خطاب کے صاحب زادے! میرے پاس باہر تشریف لائیں میں نے کہا: تم مجھ سے دور رہو۔ میری تمہارے علاوہ اور بھی مصروفیات ہیں' تو وہ شخص بولا ایک ایسا معاملہ رونما ہوگیا ہے جہاں آپ کی موجودگی ضروری ہے۔ انصار بنوساعدہ کی بیٹھک میں اکٹھے ہو چکے ہیں۔ آپ لوگ ان کے پاس پہنچ جائیں۔ اس سے پہلے کہ وہ کوئی نیا فیصلہ کرلیں اور بعد میں آپ کے اور ان کے درمیان جنگ ہو' تو میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا آپ بھی ہمارے ساتھ ہمارے ان انصار بھائیوں کی طرف چلیں' تو ہم لوگ ان لوگوں کی طرف جانے کے ارادے سے روانہ ہوئے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کی ہم سے ملاقات ہوئی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا۔ وہ میرے اور ان کے درمیان چلنے لگے' یہاں تک کہ ہم لوگ ان لوگوں کے قریب ہوئے' تو دو نیک آدمی ہم سے ملے ان دونوں نے اس بات کا تذکرہ کیا' جو ان کی قوم کے افراد کر رہے ہیں ان دونوں نے دریافت کیا۔ اے مہاجرین کے گروہ! آپ کہاں جا رہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: ہم لوگ اپنے ان انصار بھائیوں کی طرف جا رہے ہیں۔ ان دونوں نے کہا: آپ کے لئے مناسب نہیں ہے کہ آپ ان کے قریب جائیں۔ اے مہاجرین کے گروہ! آپ لوگ اپنا فیصلہ خود کرلیں۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم ان کے پاس ضرور جائیں گے۔ پھر ہم لوگ روانہ ہوئے اور ان لوگوں کے پاس آگئے' تو وہ بنوساعدہ کے سقیفے میں موجود تھے۔ ان کے درمیان ایک شخص چادر اوڑھ کر بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ تو لوگوں نے بتایا یہ سعد بن عبادہ ہیں۔ میں نے کہا: انہیں کیا ہوا ہے۔ لوگوں نے بتایا یہ بیمار ہیں۔ جب ہم بیٹھ گئے' تو انصار کے خطیب نے گفتگو شروع کی۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی ثنا بیان کی پھر یہ بات کہی۔ اما بعد! ہم لوگ اللہ تعالیٰ کے مددگار اور اسلام کا لشکر ہیں اور تم لوگ اے مہاجرین کے گروہ! ہمارا ایک گروہ ہو تمہیں تمہاری قوم نے پرے کر دیا تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ یہ چاہتے تھے کہ وہ ہمیں اصل سے دور کر دیں اور ہمیں ایک طرف کر دیں جب اس شخص نے اپنی گفتگو مکمل کر لی' تو میں نے بات چیت کرنے کا ارادہ کیا۔ میں نے اپنے ذہن میں ایک مضمون سوچ لیا تھا جو مجھے پسند بھی آیا۔ میں یہ چاہتا تھا کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے کھڑا ہو جاؤں اور میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف سے کچھ صورت حال کو بہتر کرسکوں۔ جب میں نے بات چیت کرنے کا ارادہ کیا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم ٹھہر جاؤ۔ مجھے انہیں ناراض کرنا اچھا نہ لگا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بات چیت شروع کی وہ مجھ سے زیادہ بردبار اور زیادہ پروقار تھے۔ اللہ کی قسم! میں نے اپنے ذہن میں جو مضمون سوچا تھا' اور جو مجھے اچھا لگا تھا۔ انہوں نے اس میں سے کوئی بھی بات ترک نہیں کی۔ انہوں نے اس کی مانند یا اس سے زیادہ عمدہ انداز میں بات کی' یہاں تک کہ جب وہ خاموش ہو گئے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد یہ کہا۔

اما بعد! اے انصار! تم لوگوں نے اپنے اندر موجود جس بھلائی کا ذکر کیا ہے تم لوگ اس کے اہل ہو' لیکن عرب اس معاملے (یعنی حکومت) کے بارے میں صرف اسی قبیلے قریش سے واقف ہیں' کیونکہ یہ نسب اور رہائش کے اعتبار سے عربوں میں سب سے ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ میں تم لوگوں کے لئے ان دو میں سے کسی ایک فرد سے راضی ہوں تم جس کی چاہو بیعت کرلو پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صرف یہی بات اچھی نہیں لگی۔

اللہ کی قسم! اگر مجھے آگے کر دیا جائے اور میری گردن اڑا دی جائے اور وہ کسی گناہ کی پاداش میں نہ ہو۔ یہ بات میرے نزدیک اسے زیادہ پسندیدہ ہے کہ مجھے کسی ایسی قوم کا امیر مقرر کیا جائے جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ موجود ہوں' البتہ اگر مرنے کے قریب میری صورتحال تبدیل ہو جائے' تو اس کا معاملہ مختلف ہے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنی بات مکمل کر لی' تو انصار میں سے ایک شخص نے کہا: میں وہ شاخ ہوں جس کے ذریعے کھجایا جاتا ہے اور وہ کھجور ہوں جس کی حفاظت کی جاتی ہے (یعنی مشکل وقت میں مجھ سے مشورہ لیا جاتا ہے اور میری قوم میرے ساتھ ہوتی ہے) اے قریش کے گروہ ایک امیر ہم میں سے ہو اور ایک ایک امیر تم میں سے ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس پر شور شرابا شروع ہو گیا اور آوازیں بلند ہو گئیں' یہاں تک کہ میں نے اس اختلاف کو چیرا اور میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ اپنا ہاتھ آگے بڑھائیں' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا۔ میں نے ان کی بیعت کر لی۔ مہاجرین اور انصار نے بھی ان کی بیعت کر لی۔ ہم نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو مکمل طور پر نظرانداز کر دیا' تو انصار میں سے ایک صاحب نے کہا: تم لوگوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: میں اس وقت غصے میں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے سعد کو قتل کیا ہے' کیونکہ یہ فتنہ اور شر پیدا کرنا چاہتا تھا۔ بے شک ہم لوگ اللہ کی قسم! ہم نے اپنے معاملے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت سے زیادہ بہتر اور کوئی چیز نہیں دیکھی۔ ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ اگر ہم لوگ ان لوگوں سے الگ ہو گئے اس سے پہلے کے بیعت ہو جائے' تو کہیں ہمارے بعد وہ نئی بیعت نہ کر لیں' تو پھر یا' تو ہمیں ایسی بیعت کرنی پڑے گی' جس سے ہم راضی نہیں ہوں گے یا ان کی مخالفت کرنی پڑے' تو پھر فساد پیدا ہوگا' تو کسی بھی شخص کا یہ کہنا ہرگز غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت بھی اچانک ہو گئی تھی' لیکن وہ مکمل ہو گئی تھی۔ وہ اچانک ہوئی تھی' لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی خرابی سے محفوظ رکھا تھا۔ خبردار! اب تمہارے درمیان ابوبکر جیسا اور کوئی شخص نہیں ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: زہری نے عروہ بن زبیر کی یہ بات نقل کی ہے کہ وہ دو انصاری افراد جن کی مہاجرین سے ملاقات ہوئی تھی وہ حضرت عویم بن ساعدہ اور حضرت معن بن عدی تھے۔

امام مالک بیان کرتے ہیں: زہری نے سعید بن مسیّب کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے ایک دن انہوں نے یہ کہا روایت کے یہ الفاظ: ''میں وہ شاخ ہوں جس کے ذریعے کھجایا جاتا ہے''۔ یہ بات کہنے والا شخص بنوسلمہ سے تعلق رکھتا تھا جس کا نام حباب بن المنذر رتھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہوئی تھی' لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو برائی سے محفوظ رکھا' اس سے مراد یہ ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کے آغاز میں سب لوگ شامل نہیں تھے اور وہ چیز جس میں سب لوگ شامل نہ ہوں اس کے لیے لفظ اچانک استعمال ہوتا ہے' اور جس چیز میں سب لوگ شریک نہ ہوں اس کے بارے میں خرابی کا اندیشہ بھی ہوتا ہے' اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا: اللہ تعالیٰ نے اس کو خرابی سے محفوظ رکھا۔

اس سے مراد وہ خرابی ہے' جو اچانک ہو جانے والی چیزوں میں متوقع ہوتی ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت میں کوئی خرابی تھی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ عَمَّنِ ادَّعَى اَبًا غَيْرَ اَبِيْهِ

اس روایت کا تذکرہ، جس کے مطابق ایسے شخص کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کی گئی ہے جو اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرتا ہے

415 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا ادُّعِيَ زِيَادٌ لَقِيْتُ اَبَا بَكْرَةَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا الَّذِيْ صَنَعْتُمْ اِنِّيْ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ سَمِعَ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال من ادَّعَى اَبًا فِي الْاِسْلَامِ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ غَيْرُ اَبِيْهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ فقَالَ اَبُوْ بَكْرَةَ وَاَنَا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (3: 19)

ابوعثمان بیان کرتے ہیں: جب زیاد کے بارے میں دعویٰ کیا گیا، تو میری ملاقات حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے کہا: یہ آپ لوگ کیا کر رہے ہیں۔ میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو یہ بات کہتے ہوئے سنا ہے وہ کہتے ہیں: میرے دونوں کانوں نے اس بات کو سنا اور میرے دل نے اسے محفوظ رکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اسلام میں کسی باپ کی طرف خود کو منسوب کرے اور وہ یہ جانتا ہو کہ یہ اس کا باپ نہیں ہے، تو ایسے شخص پر جنت حرام ہوگی''۔

تو حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔

ذِكْرُ تَحْرِيْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَنَّةَ عَلَى الْمُنْتَمِيْ اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ فِي الْاِسْلَامِ

ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ نے جنت کو حرام قرار دیا ہے، جو اسلام میں اپنے باپ کی بجائے کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرتا ہے

416 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

415- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 5/46، ومسلم 63 114 في الإيمان: باب بيان حال إيمان من رغب عن أبيه، والبيهقي في السُّنن 7/403 من طريق عمرو بن عون . وأخرجه أحمد 1/169 عن هشام، وأبو عوانة 1/30 . وأخرجه الطيالسي 199 عن ثابت أبي زيد وسلام بن سليم، وأحمد 1/174 و179 و5/38، وأبو عوانة 2/30 من طريق إسماعيل بن علية، وأحمد 1/174، والبخاري 4326 و4327 في المغازي: باب غزوة الطائف، وأبو عوانة 1/29، والدارمي 2/244 و343، والبغوي في شرح السُّنة 2376 ، من طريق شعبة، وأحمد 1/174، وأبو عوانة 1/28 من طريق سفيان، ومسلم 63 115 ، وابن ماجة 2610 في الحدود: باب من ادعى إلى غير أبيه أو تولى غير مواليه، وأبو عوانة 1/29 من طريق أبي معاوية ويحيى بن زكريا بن أبي زائدة، وأبو داوُد 5113 في الأدب: باب في الرجل ينتمي إلى غير مواليه.

(متن حدیث):مَنِ ادَّعَى اَبًا فِي الْاِسْلَامِ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهُ غَيْرُ اَبِيهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ

قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاَبِي بَكْرَةَ قَالَ وَاَنَا سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (2: 109)

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دونوں کانوں کے ساتھ یہ بات سنی ہے اور میرے دل نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر اسے محفوظ رکھا ہے آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اسلام میں کسی باپ (کی اولاد ہونے) کا دعویٰ کرے اور وہ شخص یہ بات جانتا ہو کہ یہ اس کا باپ نہیں ہے تو ایسے شخص پر جنت حرام ہو گئی''۔

راوی کہتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے کیا' تو انہوں نے کہا: میں نے بھی اپنے دونوں کانوں کے ذریعے اس بات کو سنا تھا' اور میرے دل نے بھی اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر محفوظ رکھا ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ لَعْنَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَمَلَائِكَتِهِ عَلَى الْفَاعِلِ الْفِعْلَيْنِ اللَّذَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُمَا

ہم نے اس سے پہلے جن دو افعال کا تذکرہ کیا ہے ان کے مرتکب شخص پر اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی لعنت واجب ہونے کا تذکرہ

417 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث):مَنِ ادَّعَى اِلٰى غَيْرِ اَبِيهِ اَوْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (2: 109)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے یا اپنے آزاد کرنے والے آقا کے علاوہ کسی اور کی

416- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما، خالد الأول هو ابن عبد الله الواسطي الطحان، وخالد الثاني هو ابن مهران الحذاء . وأخرجه البخاري 6766، 6767 في الفرائض: باب من ادعى إلى غير أبيه، والبيهقي في السُّنن 7/403، من طريق مسدد، عن خالد الواسطي، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله . وفي الباب عن ابن عباس في الحديث التالي. وعن علي عند أحمد 1/181 و126، والبخاري 6755 ، ومسلم 1370 . وعن أبي ذر عند البخاري 3508 في المناقب، ومسلم 61 ، والبيهقي .7/403 وعن أنس بن مالك عند أبي داوُد 5115 وسنده صحيح. وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عند الطيالسي 2274 ، وأحمد 2/171 و194، وابن ماجة 6211 ، أورده الهيثمي في المجمع 1/98، وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح. وعن أبي أمامة الباهلي عند الطيالسي 1127 ، وأحمد 5/267 وعن عمرو بن خارجة الخشني عند أحمد 4/187 و 238 و.239

417- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الله بن عثمان بن خثيم من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما . وأخرجه أحمد 1/328 عن عفان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة 2609 في الحدود: باب من ادعى إلى غير أبيه . وأخرجه أحمد 1/318 عن أبي النضر.

طرف خود کو منسوب کرے تو ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو''۔

ذِكْرُ وَصْفِ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ لِمَنْ تُوُفِّيَ اَبَوَاهُ فِي حَيَاتِهِ

جس شخص کی زندگی میں اس کے ماں باپ فوت ہو جائیں اس کے لئے ماں باپ سے حسن سلوک کرنے کے طریقے کا تذکرہ

418 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ قَالَ

(متن حدیث): اَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ سَلِمَةَ وَاَنَا عِنْدَهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَوَيَّ قَدْ هَلَكَا فَهَلْ بَقِيَ لِيْ بَعْدَ مَوْتِهِمَا مِنْ بِرِّهِمَا شَيْءٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ الصَّلَاةُ عَلَيْهِمَا وَالِاسْتِغْفَارُ لَهُمَا وَاِنْفَاذُ عُهُوْدِهِمَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَاِكْرَامُ صَدِيْقِهِمَا وَصِلَةُ رَحِمِهِمَا الَّتِيْ لَا رَحِمَ لَكَ اِلَّا مِنْ قِبَلِهِمَا قَالَ الرَّجُلُ مَا اَكْثَرَ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَطْيَبَهُ قَالَ فَاعْمَلْ بِهِ. (1: 2)

حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنو سلمہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ انتقال کر چکے ہیں۔ کیا ان کے انتقال کے بعد ان کے ساتھ نیکی کرنے کی کوئی صورت ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! تم ان کے لئے دعائے رحمت کرو ان کے لئے دعائے مغفرت کرو اور ان کے بعد ان کے کئے ہوئے عہد کو پورا کرو۔ ان کے دوستوں کی عزت افزائی کرو ان کے رشتے داروں کے حقوق کا خیال رکھو وہ رشتے دار جن کے ساتھ تمہارا رشتہ صرف انہی کے حوالے سے ہے۔

اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کتنی زبردست اور عمدہ بات ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس پر عمل کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اِدْخَالَ الْمَرْءِ السُّرُوْرَ عَلٰى وَالِدَيْهِ فِيْ اَسْبَابِهٖ يَقُوْمُ مَقَامَ جِهَادِ النَّفْلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ آدمی کا اپنے والدین کو خوش کرنا اس کیلئے نفل جہاد میں حصہ لینے کے قائم مقام ہے

419 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ السَّرَّادُ بِتُسْتَرَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

418- علی بن عبید مجهول . وأخرجه أحمد 3/497، 498 وأبو داؤد 5142 فی الأدب: باب فی بر الوالدین، وابن ماجة 3664 فی الأدب: باب صل من كان أبوك يصل، والبخاری فی الأدب المفرد 35 عن أبی نعيم، والطبرانی فی المعجم الكبير 19/ 592 .

419- إسناده صحيح . وأخرجه الحميدی 584 ، وأحمد 2/198، وعبد الرزاق 9285 ومن طريقه أحمد 2/160، ثلاثتهم عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داؤد 2528 فی الجهاد: باب فی الرجل يغزو وأبواه كارهان، والبخاری فی الأدب المفرد 19 ، والبيهقی فی السُّنن 9/26 من طريق محمد بن كثير، والبخاری فی الأدب المفرد 13 ، عن أبی نعيم، والحاكم 4/152 والبغوی فی شرح السُّنَّة 2639 . وأخرجه أحمد 2/194 عن إسماعيل ابن علية، وأحمد 2/204، والحاكم 4/153 من طريق شعبة، والنسائی 7/143 فی البيعة: باب البيعة على الهجرة من طريق حماد بن زيد، وابن ماجة 2782 فی الجهاد: باب الرجل يغزو.

مَعْمَرِ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا بن جُرَيْجٍ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اُبَايِعَكَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَتَرَكْتُ اَبَوَيَّ يَبْكِيَانِ فَقَالَ ارجع إليهما فأضحكهما كما أبكيتهما . (1:2)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہجرت پر آپ کی بیعت کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے اپنے ماں باپ کو روتے ہوئے چھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے پاس واپس جاؤ اور جس طرح، تم نے انہیں رُلایا ہے اس طرح انہیں ہنساؤ۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّؤْثِرَ بِرَّ الْوَالِدَيْنِ عَلَى الْجِهَادِ النَّفْلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ وہ اپنے ماں باپ کی خدمت کرنے کو اللہ کی راہ میں نفل جہاد کرنے پر ترجیح دے

420 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ وَهُوَ السَّائِبُ بْنُ فَرُّوْخٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُجَاهِدُ فَقَالَ لَكَ اَبَوَانِ قَالَ نَعَمْ قَالَ ففيهما فجاهد . (1:2)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جہاد میں حصہ لینا چاہتا ہوں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارے ماں باپ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان دونوں کی بھرپور (خدمت کرو)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُجَاهَدَةَ الْمَرْءِ فِيْ بِرِّ وَالِدَيْهِ هُوَ الْمُبَالَغَةُ فِيْ بِرِّهِمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ، آدمی کا اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک میں مجاہدہ کرنے سے مراد یہ ہے: وہ ان کے ساتھ اچھائی کرنے میں مبالغہ کرے

421 (سند حدیث): حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا يعلى بن عطاء عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

420- إسناده صحيح. وأخرجه البخاري 5972 في الأدب: باب لا يجاهد إلا بإذن الأبوين، وأبو داوُد 2529 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان. وأخرجه عبد الرزاق 9284 عن سفيان الثوري، بهذا الإسناد.

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِیْ فِی الْجِهَادِ؟ قَالَ اَلَكَ وَالِدَانِ قَالَ نعم قال اذهب فبرهما فذهب وهو يحمل الركاب. (2:1)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ مجھے جہاد کرنے کی اجازت دیتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہارے ماں باپ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اوران کے ساتھ اچھا سلوک کرو' تو وہ شخص چلا گیا حالانکہ وہ رکاب اٹھا کر آیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بِرَّ الْوَالِدَيْنِ اَفْضَلُ مِنْ جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' والدین کے ساتھ حسن سلوک' نفل جہاد سے افضل ہے

422 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمَذَانِيُّ حدثنا أبو الطاهر بن السرح حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِی سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا هَاجَرَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ هَاجَرْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ هَجَّرْتَ الشِّرْكَ وَلٰكِنَّهُ الْجِهَادُ هَلْ لَكَ اَحَدٌ بِالْيَمَنِ قَالَ اَبَوَایَ قَالَ اَذِنَا لَكَ قَالَ لَا قَالَ ارْجِعْ فَاسْتَاْذِنْهُمَا فَاِنْ اَذِنَا لَكَ فَجَاهِدْ وَاِلَّا فَبِرَّهُمَا. (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص یمن سے ہجرت کر کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے ہجرت کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے شرک سے لاتعلقی اختیار کی ہے' لیکن جہاد (کا معاملہ باقی ہے) کیا یمن میں تمہارا کوئی عزیز ہے اس نے عرض کیا میرے ماں باپ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دونوں نے تمہیں اجازت دی تھی؟ اس نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم واپس جاؤ اوران دونوں سے اجازت لو اگر وہ تمہیں اجازت دیدیں' تو تم جہاد میں حصہ لو ورنہ تم ان کی خدمت کرو"۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ عَلٰی جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ والدین کے ساتھ حسن سلوک کو نفلی جہاد پر ترجیح دے

423 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

421– إسناده حسن في الشواهد . وأخرجه أحمد 2/197 عن بهز، عن شعبة، بهذا الإسناد.

422– إسناده ضعيف لضعف دراج أبي السمح في روايته عن أبي الهيثم. وأخرجه أبو داوُد 2530 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان، عن سعيد بن منصور، والحاكم 2/103، 104 ومن طريقه البيهقي في السُّنن 9/26 . وأخرجه أحمد 3/75، 76 .

423– رجاله ثقات، إلا أن رواية مسعر عن عطاء بعد الاختلاط، لكن رواه شعبة وحماد بن زيد وغيرهما عنه، وهم سمعوا منه قبل الاختلاط فالحديث صحيح، انظر 419 .

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُبَایِعُهُ عَلَی الْهِجْرَةِ وَقَدْ اَسْلَمَ وَقَالَ قَدْ تَرَكْتُ اَبَوَیَّ یَبْكِیَانِ قَالَ ارْجِعْ اِلَیْهِمَا فَاَضْحِكْهُمَا كَمَا اَبْكَیْتَهُمَا وَاَبٰی اَنْ یَّخْرُجَ مَعَهُ. (5: 28)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہجرت کی بیعت کرنے کے لئے حاضر ہوا۔ اس نے اسلام قبول کیا' تو اس نے عرض کی: میں نے اپنے ماں باپ کو روتے ہوئے چھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے پاس واپس جاؤ اور جس طرح تم نے ان کو رلایا ہے اسی طرح ان دونوں کو ہنساؤ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ وہ آپ کے ساتھ (جہاد کے لئے) جائے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْمُبَالَغَةِ لِلْمَرْءِ فِیْ بِرِّ وَالِدِهٖ رَجَاءَ اللُّحُوقِ بِالْبَرَرَةِ فِیْهِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے مبالغہ کرے یہ امید رکھتے ہوئے کہ وہ اس عمل کے ذریعے نیک لوگوں میں شامل ہو جائے گا

424 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ وَاَبُوْ عَوَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَیْلُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): لَا یَجْزِی وَلَدٌ وَالِدَهٗ اِلَّا اَنْ یَّجِدَهٗ مَمْلُوكًا فیشتریه فیعتقه. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"کوئی بھی شخص اپنے باپ کو بدلا نہیں دے سکتا' ماسوائے اس صورت حال کے' کہ وہ اس (باپ) کو غلام کی حیثیت میں پائے اور اسے خرید کر آزاد کر دے"۔

ذِكْرُ رَجَاءِ دُخُوْلِ الْجِنَانِ لِلْمَرْءِ بِالْمُبَالَغَةِ فِیْ بِرِّ الْوَالِدِ

والد کے ساتھ حسن سلوک میں مبالغہ کرنے والے شخص کے لئے جنت میں داخلے کی امید ہونے کا تذکرہ

425 (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَیْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰی اَبَا الدَّرْدَاءِ فقَالَ اِنَّ اَبِیْ لَمْ یَزَلْ بِیْ حَتّٰی تَزَوَّجْتُ وَاِنَّهُ الْاٰنَ یَاْمُرُنِیْ بِطَلَاقِهَا

424- إسناده صحيح على شرط الصحيح . وأخرجه الطيالسي 2405 عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/230 و376 و 445، ومسلم 1510 في العتق: باب فضل عتق الوالد، وأبو داوُد 5137 في الأدب: باب في بر الوالدين، والبخاري في الأدب المفرد 10 ، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/109، والبيهقي في السُّنن 10/189 من طرق . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/539، ومن طريقه مسلم 1510 ، وابن ماجة 3659 في الأدب: باب بر الوالدين، والبغوي في شرح السُّنّة 2425 ، وأخرجه الترمذي 1906 في البر: باب ما جاء في حق الوالدين، والبيهقي في السُّنن 10/189 .

قَالَ مَا اَنَا بِالَّذِیْ اٰمُرُكَ اَنْ تَعُقَّ وَالِدَكَ وَلَا اَنَا بِالَّذِیْ اٰمُرُكَ اَنْ تُطَلِّقَ امْرَاَتَكَ غَيْرَ اَنَّكَ اِنْ شِئْتَ حَدَّثْتُكَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ

اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَحَافِظْ عَلٰى ذٰلِكَ اِنْ شِئْتَ اَوْ دَعْ قَالَ فَاَحْسِبُ عَطَاءً قَالَ فَطَلَّقَهَا . (1: 2)

ابوعبدالرحمان سلمی بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: میرے والد نے بہت اصرار کر کے میری شادی کروائی اور اب وہ مجھے کہہ رہے ہیں کہ میں اس عورت کو طلاق دیدوں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں تمہیں اس بات کی ہدایت نہیں کروں گا کہ تم اپنے باپ کی نافرمانی کرو اور میں تمہیں یہ بھی نہیں کہوں گا کہ تم اپنی بیوی کو طلاق دیدو البتہ اگر تم چاہو تو میں تمہیں وہ بات سنا دیتا ہوں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔ میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''والد جنت کے دروازوں میں سے درمیانی دروازہ ہے اب اگر تم چاہو تو اس کی حفاظت کرو اور اگر چاہو تو چھوڑ دو''۔

راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے عطاء نامی راوی نے یہ بات بیان کی تھی: پھر اس شخص نے اس عورت کو طلاق دیدی تھی۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ طَلَاقِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهٗ بِاَمْرِ اَبِيْهِ اِذَا لَمْ يُفْسِدْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ دِيْنَهٗ وَلَا كَانَ فِيْهِ قَطِيْعَةُ رَحِمٍ

آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ اگر اس کا باپ اسے حکم دے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدے جب کہ اس صورت میں اس کے دین کو نقصان نہ ہو اور قطع رحمی کی کوئی صورت نہ پائی جاتی ہو

426 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ وعمر بن علی عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ خَالِهِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): تَزَوَّجَ اَبِیْ امْرَاَةً وَكَرِهَهَا عُمَرُ فَاَمَرَهٗ بِطَلَاقِهَا فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَطِعْ اَبَاكَ .

425- حديث صحيح . فقد أخرجه أحمد 5/196، وابن ماجة 2089 في الطلاق: باب الرجل يأمره أبوه بطلاق امرأته عن محمد بن بشار، والحاكم 4/152 . وأخرجه من غير قصة الطلاق: الطيالسي 981 ، ومن طريقه البغوي في شرح السُّنَّة 3422 . وأخرجه الحميدي 395 ، ومن طريقه الحاكم 4/152، وأخرجه الترمذي 1900 في البر: باب ما جاء في الفضل في رضا الوالدين . وأخرجه أحمد 6/445، والطحاوي في مشكل الآثار 2/158 وأخرجه البغوي في شرح السُّنَّة 3421 . وأخرجه من غير قصة الطلاق ابن أبي شيبة 8/540 ، وأحمد 6/451، وابن ماجة 3663 في الأدب: باب بر الوالدين. وأخرجه أحمد 5/197، 198 عن حسين بن محمد، عن شريك، عن عطاء ، به.

426- إسناده صحيح . رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحارث بن عبد الرحمٰن، فقد روى له الأربعة . وأخرجه أحمد 2/20، وأبو داوُد 5138 في الأدب: باب في بر الوالدين، وابن ماجة 2088 في الطلاق: باب الرجل يأمره أبوه بطلاق امرأته. وأخرجه الطيالسي 1822 ، ومن طريقه البيهقي في السُّنن 7/322 . وأخرجه أحمد 2/42 و53 و157، والترمذي 1189 في الطلاق: باب ما جاء في الرجل يسأله أبوه أن يطلق زوجته، والحاكم 2/197 و4/152، 153 .

حمزہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میرے والد نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو وہ عورت اچھی نہیں لگی۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ ہدایت کی کہ وہ اس عورت کو طلاق دیدیں۔ انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے والد کی بات مان لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أمر بن عُمَرَ بِطَلَاقِهَا طَاعَةً لِابِيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے والد کی اطاعت کرتے ہوئے اپنی اہلیہ کو طلاق دینے کا حکم دیا تھا

427 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الصُّوْفِيُّ حَدَّثَنَا علی بن الجعد أنبأنا بن اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

(متن حدیث): كَانَتْ تَحْتِيْ امْرَاَةٌ وَكُنْتُ اُحِبُّهَا وَكَانَ اَبِيْ يَكْرَهُهَا فَاَمَرَنِيْ بِطَلَاقِهَا فَاَبَيْتُ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ طَلِّقْهَا . (2:1)

حمزہ بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میری ایک بیوی تھی جس سے میں بہت محبت کرتا تھا' لیکن میرے والد اسے پسند نہیں کرتے تھے۔ انہوں نے مجھے اسے طلاق دینے کی ہدایت کی۔ میں نے ان کی بات تسلیم نہیں کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! تم اس عورت کو طلاق دیدو۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ بِرِّ الْمَرْءِ وَالِدَهُ وَاِنْ كَانَ مُشْرِكًا فِيمَا لَا يَكُوْنُ فِيهِ سَخَطُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے لئے اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ' اگرچہ وہ والد مشرک ہو اور یہ حسن سلوک ان چیزوں کے بارے میں ہوگا' جن میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی نہ ہو

428 (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ شَبِيْبُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أبی بن سَلُوْلَ وَهُوَ فِيْ ظِلِّ اَجَمَةٍ فَقَالَ قَدْ غبر عَلَيْنَا ابْنُ اَبِيْ كَبْشَةَ فَقَالَ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ اَكْرَمَكَ وَالَّذِيْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ لَئِنْ شِئْتَ لَاٰتِيَنَّكَ بِرَاْسِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَلٰكِنْ بِرَّ اَبَاكَ وَاَحْسِنْ صُحْبَتَهُ .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَبُوْ كَبْشَةَ هٰذَا وَالِدُ اُمِّ اُمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

427- إسناده صحيح، وهو في مسند ابن الجعد 2859 ، وهو مكرر ما قبله.

428-وأخرجه البزار 2708 عن محمد بن بشار وأبي موسى.

وَسَلَّمَ كَانَ قَدْ خَرَجَ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَحْسَنَ دِيْنَ النَّصَارٰى فَرَجَعَ اِلٰى قُرَيْشٍ وَاَظْهَرَهُ فَعَاتَبَتْهُ قُرَيْشٌ حَيْثُ جَاءَ بِدِيْنٍ غَيْرِ دِيْنِهِمْ فَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُعَيِّرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَنْسِبُهُ اِلَيْهِ يَعْنُونَ بِهٖ اَنَّهُ جَاءَ بِدِيْنٍ غَيْرِ دِيْنِهِمْ كَمَا جَاءَ اَبُوْ كَبْشَةَ بِدِيْنٍ غَيْرِ دِيْنِهِمْ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر عبداللہ بن اُبی کے پاس سے ہوا۔ وہ اس وقت ایک گنجان درخت کے سائے میں بیٹھا ہوا تھا۔ وہ بولا ابن ابی کبشہ (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) ہم پر غبار اڑایا ہے' تو اس کے بیٹے عبداللہ نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں) عرض کی اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو عزت عطا کی ہے۔ اس ذات کی قسم! جس نے آپ پر کتاب نازل کی ہے۔ اگر آپ چاہیں' تو میں اس کا سر لے کر آپ کی خدمت میں آ جاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ تم اپنے باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور اس کی خدمت کرو۔

ابوکبشہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نانی کے والد تھے یہ شام تشریف لے گئے تھے۔ انہیں عیسائیوں کا دین اچھا لگا' جب یہ قریش کی طرف واپس تشریف لائے' تو انہوں نے عیسائیت کی تبلیغ شروع کی' تو قریش نے ان پر ناراضگی کا اظہار کیا کہ یہ ان لوگوں کے دین سے مختلف دین پیش کر رہے ہیں' یہی وجہ ہے کہ قریش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے حوالے سے عار دلاتے تھے اور ان کی طرف منسوب کیا کرتے تھے' اس سے قریش کی مراد یہ ہوتی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان لوگوں کے دین کے علاوہ نیا دین لے کے آئے ہیں۔

جس طرح جناب ابوکبشہ ان لوگوں کے دین سے مختلف دین لے کے آئے تھے۔

ذِكْرُ رَجَاءِ تَمَكُّنِ الْمَرْءِ مِنْ رِضَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِرِضَاءِ وَالِدِهٖ عَنْهُ

اس بات کی امید کا تذکرہ' آدمی والد کو اپنے سے راضی کر کے اللہ تعالیٰ کو اپنے سے راضی کر سکتا ہے

429 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): رِضَاءُ اللّٰهِ فِيْ رِضَاءِ الْوَالِدِ وَسَخَطُ اللّٰهِ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ. (1: 2)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ کی رضامندی والد کی رضامندی میں ہے اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی والد کی ناراضگی میں ہے''۔

429–وأخرجه البغوی فی شرح السُّنَّة 3424 من طریق الحسن بن سفیان، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذی 1899 فی البر والصلة: باب ما جاء من الفضل فی رضا الوالدین، وأخرجه أبو الشیخ فی الفوائد ورقة 81/2، وابن عساكر فی تاریخه 4/76/1. وأخرجه الترمذی 1899 أیضًا من طریق محمد بن جعفر، والبخاری فی الأدب المفرد 2 من طریق آدم، والبغوی فی شرح السُّنَّة 3423 من طریق النضر بن شمیل

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصِلَ اِخْوَانَ اَبِيْهِ بَعْدَهٗ رَجَاءَ الْمُبَالَغَةِ فِیْ بِرِّهٖ بَعْدَ مَمَاتِهٖ

آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے والد کے انتقال کے بعدان کے ساتھ حسن سلوک میں مبالغہ کرتے ہوئے' ان کے بعدان کے بھائیوں کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔

430 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ قَالَ اَخْبَرَنِی الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِی الْوَلِيْدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

(متن حدیث): اِنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ اَنْ يصل الرجل أهل ود أبيه.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بیشک سب سے عمدہ نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کے دوست کے گھر والوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِی الْوَلِيْدِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں ولید بن ابو ولید نامی راوی منفرد ہے

431 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِیُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): اِنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ اَنْ يَّصِلَ الرَّجُلُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ بَعْدَ اَنْ يُّوَلِّیَ. (1: 2)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیشک سب سے بہترین نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کے دوست کے گھر والوں کے ساتھ اس کے (دنیا سے) چلے

430- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الوليد بن أبی الوليد فمن رجال مسلم. وأخرجه الترمذی 1903 فی البر والصلة: باب ما جاء فی إكرام صديق الوالد، عن أحمد بن محمد، عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/97، والبخاری فی الأدب المفرد 41 عن عبد الله بن يزيد، عن حيوة بن شريح، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 2552 فی البر والصلة: باب فضل صلة أصدقاء الأب والأم ونحوهما، عن طريق سعيد بن أيوب، عن الوليد بن أبی الوليد، بهذا الإسناد. وسيرد بعده من طريق ابن الهاد، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، به. فانظره.

431- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 2/88، وأبو داؤد 5143 فی الأدب: باب فی بر الوالدين. وأخرجه أحمد 2/91 عن أبی نوح، و2/111 عن إسحاق بن عيسى، ومسلم 2552 13 فی البر والصلة: باب فضل صلة أصدقاء الأب والأم ونحوهما، والبغوی فی شرح السنّة 3445.

جانے کے بعد اچھا سلوک کرے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بِرَّ الْمَرْءِ بِإِخْوَانِ اَبِيْهِ وَصِلَتَهُ اِيَّاهُمْ بَعْدَ مَوْتِهٖ مِنْ وَصْلِهٖ رَحِمَهُ فِيْ قَبْرِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اپنے باپ کے بھائیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا اور اپنے والد کے انتقال کے بعد ان کے ساتھ صلہ رحمی کرنا اپنے باپ کے ساتھ اس کی قبر میں صلہ رحمی کرنے کا حصہ ہے

432 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَزْمُ بْنُ اَبِيْ حَزْمٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ قَالَ

(متن حدیث): قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَاَتَانِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَقَالَ اَتَدْرِيْ لِمَ اَتَيْتُكَ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّصِلَ اَبَاهُ فِيْ قَبْرِهٖ فَلْيَصِلْ اِخْوَانَ اَبِيْهِ بَعْدَهُ وَاِنَّهُ كَانَ بَيْنَ اَبِيْ عُمَرَ وَبَيْنَ اَبِيْكَ اِخَاءٌ وَوُدٌّ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَصِلَ ذَاكَ . (2 :1)

ابو بردہ بیان کرتے ہیں: میں مدینہ منورہ آیا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما میرے پاس تشریف لائے۔ انہوں نے دریافت کیا: تم جانتے ہو کہ میں تمہارے پاس کیوں آیا ہوں؟ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے باپ کے ساتھ اس کی قبر میں اچھا سلوک کرے' اسے اپنے باپ کے بعد اپنے باپ کے بھائیوں سے اچھا سلوک کرنا چاہئے''۔

(حضرت ابن عمر نے بتایا) میرے والد حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور تمہارے والد کے درمیان بھائی چارگی اور دوستی تھی' تو میں یہ چاہتا ہوں کہ میں اس حوالے سے (تمہارے ساتھ) اچھا سلوک کروں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اِيْثَارِ الْمَرْءِ اُمَّهُ بِالْبِرِّ عَلٰى اَبِيْهِ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی حسن سلوک کے حوالے سے اپنی ماں کو اپنے باپ پر ترجیح دے گا

433 (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ

الصُّحْبَةِ قَالَ أُمُّكَ ، قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبُوكَ .

قَالَ فَيَرَوْنَ اَنَّ لِلْاُمِّ ثلثي البر.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اچھے سلوک کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری والدہ' اس نے دریافت کیا: پھر کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری والدہ۔ اس نے دریافت کیا: پھر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا والد۔

راوی کہتے ہیں: علماء اس بات کے قائل ہیں: دو تہائی اچھا سلوک والدہ کے ساتھ کیا جائے گا۔

ذِكْرُ إِيثَارِ الْمَرْءِ الْمُبَالَغَةَ فِي بِرِّ وَالِدَتِهِ عَلَى بِرِّ وَالِدِهِ مَا لَمْ تُطَالِبْهُ بِإِثْمٍ

آدمی کا اپنی والدہ کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں مبالغہ کرتے ہوئے اسے اپنے والد پر ترجیح دینا' جبکہ وہ کسی گناہ کا مطالبہ نہ کرے

434 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَانَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِي زُرْعَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال مَنْ اَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ صُحْبَتِي قَالَ أُمُّكَ فقَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبُوكَ . (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے دریافت کیا: میرے اچھے سلوک کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری والدہ' تو اس نے دریافت کیا: پھر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہاری والدہ اس نے دریافت کیا: پھر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہاری والدہ' تو اس نے دریافت کیا: پھر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا والد۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ بِرِّ الْمَرْءِ خَالَتَهُ اِذَا لَمْ يَكُنْ لَهُ وَالِدَانِ

اگر آدمی کے ماں باپ نہ ہوں' تو اس کا اپنی خالہ کے ساتھ حسن سلوک کرنا مستحب ہے

435 (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ بِنَسَا قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ عَنِ بن عُمَرَ قَالَ

434- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخارى 5971 في الأدب: باب من أحق الناس بحسن الصحبة، ومسلم 2548 فى البر والصلة: باب بر الوالدين وأنهما أحق به.

435- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 2/13، 14، والترمذى 1905 فى البر والصلة: باب ما جاء فى بر الخالة . والحاكم 4/155 من طريق سهل بن عثمان العسكرى. وأخرجه الترمذى 1906 من طريق سفيان بن عيينة .

(متن حدیث): اَتَـی رَسُـوْلَ الـلّٰـهِ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَذْنَبْتُ ذَنْبًا كَبِيرًا فَهَـلْ لِـیْ مِـنْ تَـوْبَةٍ فَـقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَكَ وَالِدَانِ قَالَ لَا قَالَ فَلَكَ خَالَةٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبِرَّهَا إِذًا . (2:1)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے بہت زیادہ گناہ کئے ہیں۔ کیا میرے لئے توبہ کی گنجائش ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: کیا تمہارے ماں باپ ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہاری خالہ ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو پھر تم اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

5- بَابُ صِلَةِ الرَّحِمِ وَقَطْعِهَا

باب 5: صلہ رحمی اور قطع رحمی کے بارے میں روایات

ذِكْرُ حَثِّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِىْ قُبِضَ فِيْهِ اُمَّتَهٗ عَلٰى صِلَةِ الرَّحِمِ

نبی اکرم ﷺ کا اپنی بیماری کے دوران جس میں آپ کا وصال ہوا' اپنی امت کو صلہ رحمی کرنے کی ترغیب دینا

436 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال في مرضه أرحامكم أرحامكم. (5: 48)

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنے مرض (وفات) کے دوران فرمایا:

''اپنے رشتے داروں (کے حقوق کا خیال رکھنا) اپنے رشتے داروں (کے حقوق کا خیال رکھنا)''

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ لِلْوَاصِلِ رَحِمَهٗ اِذَا قَرَنَهٗ بِسَائِرِ الْعِبَادَاتِ

صلہ رحمی کرنے والے شخص کے لئے جنت میں داخل کے جواب ہونے کا تذکرہ' جبکہ وہ ساری عبادات کے ہمراہ یہ عمل کرے

437 (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيَّ اَخْبَرَهٗ اَنَّ اَعْرَابِيًّا عَرَضَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَتِهٖ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِىْ بِاَمْرٍ يُدْخِلُنِى الْجَنَّةَ وَيُنْجِيْنِىْ مِنَ النَّارِ قَالَ فَنَظَرَ اِلٰى وُجُوْهِ اَصْحَابِهٖ وَكَفَّ عَنْ نَاقَتِهٖ وَقَالَ لَقَدْ وُفِّقَ اَوْ هُدِىَ لَا تُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَتُقِيْمُ الصَّلَاةَ وَتُؤْتِى الزَّكَاةَ وَتَصِلُ الرَّحِمَ دَعِ النَّاقَةَ. (1: 2)

436- إسناده صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.

437- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 5/417 عن يحيى القطان، والبخارى فى الأدب المفرد 49، والبغوى فى شرح السنّة 8، ومسلم 13 فى الإيمان: باب الإيمان الذى يدخل به الجنة. وأخرجه مسلم 13 14 عن ابن أبى شيبة ويحيى بن يحيى التميمى.

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ گیا۔ اس نے آپ کی اونٹنی کی لگام کو پکڑ لیا اور عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ایسے معاملے کے بارے میں بتایئے جو مجھے جنت میں داخل کردے اور جہنم سے نجات دیدے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کے چہروں کی طرف دیکھا اور اپنی اونٹنی کو روک لیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کو توفیق دی گئی۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) ہدایت دی گئی، تم کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراؤ، تم نماز ادا کرو زکوٰۃ ادا کرو۔ صلہ رحمی کرو اور (اب) اونٹنی کو چھوڑ دو۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ طِيبِ الْعَيْشِ فِي الْاَمْنِ وَكَثْرَةِ الْبَرَكَةِ فِي الرِّزْقِ لِلْوَاصِلِ رَحِمَهُ

صلہ رحمی کرنے والے شخص کے لئے امن کی حالت میں زندگی بسر کرنے اور رزق میں برکت ہونے کے اثبات کا تذکرہ

438 (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَقِيْلٍ عَنِ بن شهاب اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): من أحب أن ينسأ لَهٗ فِيْ اَجَلِهٖ وَيُبْسَطَ لَهٗ فِيْ رِزْقِهٖ فليصل رحمه . (1: 2)

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی زندگی طویل ہو اور اس کے رزق میں کشادگی ہو اسے صلہ رحمی کرنی چاہئے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ طِيبَ الْعَيْشِ فِي الْاَمْنِ وَكَثْرَةَ الْبَرَكَةِ فِي الرِّزْقِ لِلْوَاصِلِ رَحِمَهُ اِنَّمَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِذَا قَرَنَهٗ بِتَقْوَى اللّٰهِ

اس بات کا بیان کہ امن کی حالت میں زندگی کا پاکیزہ ہونا اور رزق میں برکت ہونا اس صلہ رحمی کرنے والے شخص کے لئے ہے، جبکہ اس نے اسے اللہ تعالیٰ کے تقویٰ کے ہمراہ ملایا ہو

439 (سند حدیث): أَخْبَرَنَا بن ناجية بحران حدثنا هشام بن القاسم الحرانى حدثنا بن وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّبْسَطَ لَهُ فِيْ رِزْقِهٖ وَيُنْسَاَ لَهُ فِيْ اَجَلِهٖ فليتق الله وليصل رحمه . (1: 2)

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص یہ بات پسند کرتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو اور اس کی زندگی لمبی ہو اسے اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہئے اور صلہ رحمی کرنی چاہئے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا خَبَرَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول سابقہ نقل شدہ روایت کی جو تاویل بیان کی ہے وہ درست ہے

440- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِيْ مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

اِنَّ اَعْجَلَ الطَّاعَةِ ثَوَابًا صِلَةُ الرَّحِمِ حَتّٰى اِنَّ اَهْلَ الْبَيْتِ لِيَكُوْنُوْا فَجَرَةً فَتَنْمُوْ اَمْوَالُهُمْ وَيَكْثُرُ عَدَدُهُمْ اِذَا تَوَاصَلُوْا وَمَا مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ يَتَوَاصَلُوْنَ فَيَحْتَاجُوْنَ . (1: 2)

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیشک جس نیکی کا سب سے جلدی ثواب ملتا ہے وہ صلہ رحمی ہے۔ بیشک ایک گھرانے کے لوگ گناہ گار ہوتے ہیں لیکن ان کے اموال زیادہ ہو جاتے ہیں۔ ان کی تعداد زیادہ ہو جاتی ہے جب وہ صلہ رحمی کرتے ہیں اور جس گھرانے کے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ صلہ رحمی کرتے ہوں ایسا نہیں ہوگا کہ وہ محتاج ہوں''۔

ذِكْرُ تَعَوُّذِ الرَّحِمِ بِالْبَارِيْ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ خَلْقِهٖ اِيَّاهَا مِنَ الْقَطِيْعَةِ وإِخْبَارِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِيَّاهَا بِوَصْلِ مَنْ وَصَلَهَا وَقَطْعِ مَنْ قَطَعَهَا

اس بات کا تذکرہ جب اللہ تعالیٰ نے رحم کو پیدا کیا تو اس نے قطع رحمی سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگی اور اللہ تعالیٰ نے اسے یہ بتا دیا تھا کہ جو شخص رحم کو ملائے گا اللہ تعالیٰ اسے ملائے گا اور جو شخص اسے قطع کرے گا اللہ تعالیٰ بھی اسے قطع کر دیگا

441- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ مُزَرِّدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَمِّيْ سَعِيْدَ بْنَ يَسَارٍ اَبَا الْحُبَابِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الرَّحِمَ حَتّٰى اِذَا فَرَغَ مِنْ خَلْقِهٖ قَامَتِ الرَّحِمُ فَقَالَتْ هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِيْنَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ قَالَ نَعَمْ اَلَا تَرْضَيْنَ اَنْ اَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ وُاَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَهُوَ لَكِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقْرَؤُوا اِنْ شِئْتُمْ

(فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوا اَرْحَامَكُمْ اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰى اَبْصَارَهُمْ) (محمد:23). (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ نے رحم کو پیدا کیا' یہاں تک کہ جب وہ اس کی تخلیق سے فارغ ہو گیا' تو رحم کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یہ قطع رحمی سے پناہ مانگنے والوں کا مقام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جی ہاں! کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ جو تمہیں ملا کر رکھے گا۔ میں اسے ملاؤں گا اور جو تمہیں کاٹ دے گا میں اسے کاٹ دوں گا۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ چیز تمہیں مل گئی''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو' تو یہ آیت تلاوت کر لو۔

(فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوا اَرْحَامَكُمْ اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰى اَبْصَارَهُمْ) (محمد:23)

''(اے منافقین!) عنقریب یہ ہوگا کہ اگر تم واپس چلے گئے تو تم زمین میں فساد پیدا کرو گے اور رشتے داری کے حقوق کو پامال کرو گے' یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی ہے' انہیں بہرہ کیا ہے اور ان کی بصارت کو اندھا کر دیا ہے''۔

ذِكْرُ تَشَكِّي الرَّحِمِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنْ قَطَعَهَا وَاَسَاءَ اِلَيْهَا

اس بات کا تذکرہ' رحم نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس شخص کی شکایت کی تھی جو اس کو قطع کرے گا یا' جو اس کے ساتھ برا سلوک کرے گا

442 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): اَلرَّحِمُ شِجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ يَا رَبِّ اِنِّيْ قُطِعْتُ اِنِّيْ اُسِيْءَ اِلَيَّ فَيُجِيْبُهَا رَبُّهَا اَمَا تَرْضَيْنَ اَنْ اَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ وَاَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ. (1: 2)

441- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخارى 4832 فى التفسير سورة محمد: باب (وَتُقَطِّعُوا اَرْحَامَكُمْ)، و 5987 فى الأدب: باب من وصل وصله الله، عن بشر بن محمد، والبيهقى فى السُّنن 7/26 من طريق عبدان، كلاهما عن عبد الله - وهو ابن المبارك - بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/330، والبخارى 4831 فى تفسير سورة محمد، و 7502 فى التوحيد: باب قول الله تعالى (يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلَامَ اللّٰهِ)، وفى الأدب المفرد 50، ومسلم 2554 فى البر والصلة: باب صلة الرحم، والبغوى فى شرح السُّنَّة 3431، والحاكم 4/162.

442- إسناده حسن، وهو حديث صحيح. وأخرجه ابن ابى شيبة 8/538، وأحمد 2/295 و383 و 406 و455 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 5988 فى الأدب: باب من وصل وصله الله، ومن طريقه البغوى فى شرح السُّنَّة 3434.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''لفظ رحم رحمان سے ماخوذ ہے۔ یہ عرش کے ساتھ لٹکا ہوا ہے اور عرض کرتا ہے: اے میرے پروردگار! مجھے قطع کر دیا گیا۔ میرے ساتھ برائی کی گئی' تو اس کے پروردگار نے اسے فرمایا ہے: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ جو تمہیں قطع کرے میں اسے قطع کر دوں اور جو تمہیں ملا کر رکھے میں اسے ملاؤں''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ شِجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ اَرَادَ اَنَّهَا مُشْتَقَّةٌ مِنِ اسْمِ الرَّحْمٰنِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''رحم' رحمٰن سے ماخوذ ہے'' اس سے مراد یہ ہے: یہ لفظ رحمٰن سے ماخوذ ہے

443- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ رَدَّادٍ اللَّيْثِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا اسْمًا مِنِ اسْمِي فَمَنْ وصلها وصلته ومن قطعها بتته. (1: 2)

حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''میں رحمان ہوں میں نے رحم کو پیدا کیا ہے اور میں نے اپنے اسم سے اس کے نام کو مشتق کیا ہے' جو شخص اسے ملائے گا میں اسے ملاؤں گا اور جو شخص اسے قطع کرے گا میں اس کے ٹکڑے' ٹکڑے کر دوں گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَشَكِّي الرَّحِمِ الَّذِیْ وَصَفْنَا قَبْلُ اِنَّمَا يَكُوْنُ فِی الْقِيَامَةِ لَا فِی الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' رحم' جو شکایت کرے گا' جس کو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں یہ قیامت میں ہوگی' دنیا میں نہیں ہوگی

444 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا

443–وأخرجه عبد الرزاق 20234 ، ومن طريقه أحمد 1/194، وأبو داؤد 1695 في الزكاة: باب في صلة الرحم، والحاكم 4/157 عن معمر، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/194، والبخاري في الأدب المفرد 53 ، والحاكم 4/158 من طرق عن الزهري، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/535، 536، والحميدي 65 ، وأحمد 1/194، وأبو داؤد 1694 في الزكاة: باب في صلة الرحم، والترمذي 1907 في البر والصلة: باب ما جاء في قطيعة الرحم، والحاكم 4/158، والبغوي في شرح السنّة 3432 من طريق سفيان بن عيينة، والحاكم 4/158 من طريق سفيان بن حسين.

عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبِ الْقُرَظِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث):اِنَّ الرَّحِمَ شِجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ تَقُوْلُ اَیْ رَبِّ اِنِّیْ ظُلِمْتُ اِنِّیْ اُسِیْءَ اِلَیَّ اِنِّیْ قُطِعْتُ قَالَ فَيُجِيْبُهَا رَبُّهَا اَلَا تَرْضَيْنَ اَنْ اَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ وَاَصِلُ مَنْ وَصَلَكِ . (1: 2)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیشک رحم رحمان سے وابستہ ہے جب قیامت کا دن آئے گا تو رحم کہے گا: اے میرے پروردگار! میرے ساتھ ظلم کیا گیا۔ میرے ساتھ برائی کی گئی۔ مجھے قطع کیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تو اس کا پروردگار جواب دے گا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو جس نے تمہیں قطع کیا۔ میں اسے قطع کردوں اور جس نے تمہیں ملایا میں اسے ملاؤں''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْوَاصِلِ رَحِمَهُ الَّذِیْ يَقَعُ عَلَيْهِ اسْمُ الْوَاصِلِ

صلہ رحمی کرنے والے کی صفت کا تذکرہ جس پر صلہ رحمی کرنے کا اطلاق ہوسکتا ہے

445 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ فِطْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):الرحم معلقة بالعرش وليس الواصل بالمكافیء وَلٰكِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِیْ اِذَا انْقَطَعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا . (1: 2)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''رحم عرش کے ساتھ لٹکا ہوا ہے اور بدلے کے طور پر اچھائی کرنے والا صلہ رحمی کرنے والا شمار نہیں ہوتا۔ صلہ رحمی کرنے والا شخص وہ ہوتا ہے کہ جب اس کی رشتہ داری کے حقوق کو پامال کیا جائے تو وہ پھر بھی صلہ رحمی کرے''۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنِ اتَّقَى اللّٰهَ فِی الْاَخَوَاتِ وَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ

جو شخص اپنی بہنوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے اس کے لئے جنت واجب ہونے کا تذکرہ

446 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ سَعِيْدٍ الأعشى عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): مَنْ كَانَ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ اَوِ ابْنَتَانِ اَوْ اُخْتَانِ فَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ وَاتَّقَى اللّٰهَ فيهن دخل الجنة . (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص کی تین بیٹیاں ہوں' یا تین بہنیں ہوں' یا دو بیٹیاں ہوں' یا دو بہنیں ہوں اور وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے اوران کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے وہ شخص جنت میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ الْمُدَّةِ الَّتِىْ بِصُحْبَتِهِ اِيَّاهُنَّ يُعْطَى هٰذَا الْاَجْرَ لَهُ بِهَا

اس مدت کا تذکرہ' جس کے دوران ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والے شخص کو بھی اجر ملے گا

447- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَنْ عَالَ ابنتين اَوْ اُخْتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا حَتّٰى يَبِنَّ اَوْ يَمُوتَ عَنْهُنَّ كُنْتُ اَنَا وَهُوَ فِى الْجَنَّةِ كهاتين وأشار بأصبعه الوسطى والتى تليها .

وَالْحَدِيْثُ عَلٰى لَفْظِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَسَنِ الْعَلَّافِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْتُ اَنَا وَهُوَ فِى الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ اَرَادَ بِهِ فِى الدُّخُوْلِ وَالسَّبْقِ لَا اَنَّ مَرْتَبَةَ مَنْ عَالَ ابْنَتَيْنِ اَوْ اُخْتَيْنِ فِى الْجَنَّةِ كَمَرْتَبَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سواءٌ . (1: 2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

''جو شخص دو بیٹیوں' یا تین بیٹیوں' یا دو بہنوں' یا تین بہنوں کی کفالت کرے' یہاں تک وہ شادی شدہ ہو جائیں' یا وہ شخص انہیں چھوڑ کر (ان کی کفالت کے دوران ہی) انتقال کر جائے' تو میں اور وہ شخص جنت میں اس طرح ہوں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی درمیانی انگلی اوراس کے ساتھ والی انگلی کے ذریعے اشارہ کر کے (یہ بات ارشادفرمائی)''

روایت کے یہ الفاظ ابراہیم بن حسن علاف کے نقل کردہ ہیں۔

446- إسناده ضعيف لاضطرابه، وجهالة سعيد الأعشى وأخرجه الترمذى 1916 فى البر والصلة: باب ما جاء فى النفقة على البنات والأخوات.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''میں اور وہ جنت میں ان دو کی طرح ہوں گے''۔

اس سے مراد داخل ہونے اور سبقت لے جانے کے حوالے سے ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دو بیٹیوں' یا دو بہنوں کی کفالت کرنے والا شخص جنت میں اس مرتبے پر فائز ہوگا' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِحْسَانَ اِلَى الْاَوْلَادِ قَدْ يُرْتَجَى بِهِ النَّجَاةُ مِنَ النَّارِ وَدُخُوْلُ الْجَنَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اولاد کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے جہنم سے نجات ملنے اور جنت میں داخل ہونے کی امید کی جاسکتی ہے

448 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مضر عَنِ ابْنِ الْهَادِ اَنَّ زِيَادَ بْنَ اَبِىْ زِيَادٍ مَوْلٰى بن عَيَّاشٍ حَدَّثَهُ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ

(متن حدیث): عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ تْنِىْ مِسْكِيْنَةٌ تَحْمِلُ ابْنَتَيْنِ لَهَا فَاَطْعَمْتُهَا ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ فَاَعْطَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا تَمْرَةً وَرَفَعَتْ اِلٰى فِيْهَا تَمْرَةً لِتَاْكُلَهَا فَاسْتَطْعَمَتَاهَا ابْنَتَاهَا فَشَقَّتِ التَّمْرَةَ الَّتِىْ كَانَتْ تُرِيْدُ اَنْ تَاْكُلَهَا بَيْنَهُمَا فَاَعْجَبَنِىْ حَنَانُهَا فَذَكَرْتُ الَّذِىْ صَنَعَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوْجَبَ لَهَا الْجَنَّةَ وأعتقها بها من النار .

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک غریب عورت اپنی دو بیٹیوں کو اٹھا کر لائی میں نے اسے کھانے کے لئے تین کھجوریں دیں۔ اس نے دونوں بیٹیوں میں سے ہر ایک کو ایک کھجور دی اور ایک کھجور اپنے منہ کی طرف بڑھائی تاکہ اسے کھالے' تو ان دونوں بچیوں نے وہ مانگ لی۔ اس نے اس کھجور کے دو ٹکڑے کئے جسے وہ خود کھانا چاہتی تھی اور اسے ان دونوں میں تقسیم کر دیا۔ مجھے اس کی یہ مہربانی بہت اچھی لگی۔ میں نے اس کے اس طرز عمل کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس عورت کے لئے جنت کو واجب کر دیا ہے اور اس وجہ سے اسے جہنم سے آزاد کر دیا ہے۔

ذِكْرُ وَصِيَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصِلَةِ الرَّحِمِ وَاِنْ قُطِعَتْ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صلہ رحمی کرنے کی تلقین کرنا' اگرچہ قطع رحمی کی گئی ہو

449 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَصْبَهَانِىُّ بِالْكَرْخِ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَزِيْدَ

الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ شَيْبَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ

(متن حدیث):عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ اَوْصَانِیْ خَلِیْلِیْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخِصَالٍ مِّنَ الْخَيْرِ اَوْصَانِیْ بِاَنْ لَا اَنْظُرَ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقِیْ وَاَنْ اَنْظُرَ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنِیْ وَاَوْصَانِیْ بِحُبِّ الْمَسَاكِيْنِ وَالدُّنُوِّ مِنْهُمْ وَاَوْصَانِیْ اَنْ اَصِلَ رَحِمِیْ وَاِنْ اَدْبَرَتْ وَاَوْصَانِیْ اَنْ لَا اَخَافَ فِی اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَاَوْصَانِیْ اَنْ اَقُوْلَ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا وَاَوْصَانِیْ اَنْ اُكْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهَا كنز من كنوز الجنة .

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھلائی کی کچھ باتوں کی تلقین کی تھی۔ آپ نے مجھے یہ تلقین کی تھی کہ میں اپنے سے اوپر والے شخص کی طرف نہ دیکھوں میں اپنے سے نیچے والے شخص کی طرف دیکھوں آپ نے مجھے مسکینوں کے ساتھ محبت رکھنے اوران کے قریب رہنے کی تلقین کی تھی اورآپ نے مجھے یہ تلقین کی تھی کہ میں صلہ رحمی کروں اگر چہ وہ مجھ سے منہ موڑے اورآپ نے مجھے یہ تلقین کی تھی کہ میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوف زدہ نہ ہوں اورآپ نے مجھے یہ تلقین کی تھی کہ میں حق بات کہوں اگر چہ وہ کڑوا ہواورآپ نے مجھے یہ تلقین کی تھی کہ میں بکثرت لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھتا رہوں' کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

ذِكْرُ مَعُوْنَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْوَاصِلَ رَحِمَهُ اِذَا قَطَعَتْهُ

جب کسی شخص کے ساتھ قطع رحمی کی جائے' اور پھر وہ صلہ رحمی کرے اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہونے کا تذکرہ

450- (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث):اَتٰى رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِیْ قَرَابَةً اَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُوْنِیْ وَيُسِيْئُوْنَ اِلَیَّ وَاُحْسِنُ اِلَيْهِمْ وَيَجْهَلُوْنَ عَلَیَّ وَاَحْلُمُ عَنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ كَانَ كَمَا تَقُوْلُ فَكَاَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِيْرٌ مَا دُمْتَ عَلٰى ذلك .

اَلْمَلَّ: رماد يكون فيه الشطبة. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے کچھ رشتے دار ہیں' جن کے ساتھ میں اچھا سلوک کرتا ہوں اوروہ میرے ساتھ برا سلوک کرتے ہیں۔ وہ میرے ساتھ برائی کرتے ہیں میں ان کے ساتھ اچھائی کرتا ہوں۔ وہ میرے خلاف جہالت کا مظاہرہ کرتے ہیں اورمیں ان کے ساتھ بردباری سے پیش آتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

449- حديث صحيح، وأخرجه البيهقي 10/91 وأخرجه البزار 3309، والطبراني في الكبير 1648، وأبو نعيم في الحلية 1/159، 160 وأخرجه ابن أبي شيبة 13/232، والطبراني في الكبير 1649 من طريق محمد بن بشر

450- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه البغوي في شرح السنّة 3436 . وأخرجه أحمد 2/412 من طريق عبد الرحمٰن بن إبراهيم القاص، 2/484 من طريق زهير بن محمد التميمي، والبخاري في الأدب المفرد 52 من طريق ابن أبي حازم.

نے ارشاد فرمایا: اگر صورت حال اسی طرح ہے جس طرح تم بیان کر رہے ہو تو تم ان پر راکھ پھینکتے ہو جب تک تم اس طرح کرتے رہو گے اللہ تعالیٰ کی مدد تمہارے ساتھ رہے گی۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: روایت کے متن میں استعمال ہونے والے لفظ ''الملّ'' سے مراد ایسی راکھ ہے جس میں شطبہ (یعنی انگاروں کے ٹکڑے) ہوں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الدَّرَاوَرْدِيُّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں ''دراوردی'' نامی راوی منفرد ہے

451 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِي قَرَابَةً اَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُوْنِي وَاُحْسِنُ اِلَيْهِمْ وَيُسِيئُوْنَ اِلَيَّ وَاَحْلُمُ عَنْهُمْ وَيَجْهَلُوْنَ عَلَيَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ كَانَ كَمَا تَقُوْلُ لَكَاَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظهير ما دمت على ذلك . (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے کچھ رشتے دار ہیں جن کے ساتھ میں صلہ رحمی کرتا ہوں اور وہ میرے ساتھ قطع رحمی کرتے ہیں۔ میں ان کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہوں اور وہ میرے ساتھ برا سلوک کرتے ہیں۔ میں ان کے ساتھ بردباری سے پیش آتا ہوں اور وہ میرے خلاف جہالت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر صورت حال ویسی ہی ہے جیسی تم بیان کر رہے ہو تو گویا کہ تم ان پر راکھ چھڑکتے ہو اور اللہ تعالیٰ کی مدد تمہاری شامل حال رہے گی۔ جب تک تم اس طرح کرتے رہو گے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْاَةِ وَصْلَ رَحِمِهَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِذَا طَمِعَ فِيْ اِسْلَامِهَا

عورت کے لئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنے مشرک رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرے جبکہ عورت کے اسلام قبول کرنے کے بعد وہ لوگ اس کی توقع رکھتے ہوں

452 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ

قَالَ سَمِعْتُ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِىْ بَكْرٍ تَقُوْلُ

(متن حدیث):قَدِمَتْ اُمِّى مِنْ مَّكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فِىْ هُدْنَةِ قُرَيْشٍ وَهِىَ مُشْرِكَةٌ فَقُلْتُ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّى اَتَتْ رَاغِبَةً اَفَاَصِلُهَا فَقَالَ لَهَا نَبِىُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نعم صليها . (4: 28)

سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میری والدہ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ آئی۔ یہ قریش کے ساتھ صلح کے زمانے کی بات ہے۔وہ خاتون مشرک تھیں۔میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میری والدہ میرے پاس اُمید لے کر آئی ہیں' تو کیا میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا سے فرمایا: جی ہاں! تم ان کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ صِلَةَ قَرَابَتِهٖ مِنَ اَهْلِ الشِّرْكِ اِذَا طَمِعَ فِىْ اِسْلَامِهِمْ

آدمی کے لئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' وہ مشرکین سے تعلق رکھنے والے رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرے اگر ان سے امید ہو کہ وہ مسلمان ہو جائیں گے

453 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ السَّلْمَسِيْنِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ مَاهَانَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث):اَنَّ اَسْمَاءَ سَاَلَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اُمٍّ لَهَا مُشْرِكَةٍ قَالَتْ جاء تنى راغبة راهبة أصلها قَالَ نَعَمْ . (4: 36)

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی والدہ کے بارے میں دریافت کیا: جو مشرک تھیں۔انہوں نے عرض کی: وہ میرے پاس اُمید لے کر آئی ہیں' تو کیا میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ عَنِ الْقَاطِعِ رَحِمَهٗ

قطع رحمی کرنے والے شخص کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کرنے کا تذکرہ

452- إسناده حسن، محمد بن وهب بن أبي كريمة: روى له النسائي، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات على شرط مسلم. وأخرجه الطيالسي 1643 وأحمد 6/347 من طريق عبد الله بن عقيل وابن نمير، والبخاري 2620 في الهبة: باب الهدية للمشركين، من طريق أبي أسامة، و 3183 في الجزية والموادعة: باب 18، ومسلم 1003 في الزكاة: باب فضل النفقة والصدقة على الاقربين والزوج والأولاد والوالدين ولو كانوا مشركين وأبو داوٗد 1668 في الزكاة: باب الصدقة على أهل الذمة. وأخرجه أحمد 6/355 من طريق حماد بن سلمة. وأخرجه أحمد 6/344 عن حسن بن موسٰى.

453- مصعب بن ماهان سَيّء الحفظ، وباقي رجاله ثقات، وهو حسن لغيره، يتقوى بما قبله. وأخرجه الشافعي في مسنده ص 100، ومن طريقه البيهقي في السُّنن 4/191، والبغوي في شرح السنّة 3425 ، وأخرجه أحمد 6/344، والحميدي 318 ومن طريقه البخاري 5978 في الأدب: باب صلة الوالد المشرك، والبيهقي 4/191 .

454 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ اَسْمَاءَ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ.

لَيْسَ هٰذَا فِي الْمَوَطَّأ. (2: 109)

محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قطع رحمی کرنے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا''۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت ''موطا'' میں نہیں ہے۔

ذِكْرُ مَا يُتَوَقَّعُ مِنْ تَعْجِيلِ الْعُقُوبَةِ لِلْقَاطِعِ رَحِمَهُ فِي الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ، قطع رحمی کرنے والے شخص کو دنیا میں اس کی سزا مل جاتی ہے

455 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْغَطَفَانِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَا مِنْ ذَنْبٍ اَجْدَرُ اَنْ يُعَجِّلَ اللّٰهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهُ فِي الْاٰخِرَةِ من البغي وقطيعة الرحم. (1: 2)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''زنا اور قطع رحمی سے زیادہ کوئی گناہ اس لائق نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو کرنے والے کو دنیا میں بھی سزا دے اور اس کے ساتھ آخرت میں بھی سزا تیار رکھے''۔

454- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه مسلم 2556 19 في البر والصلة: باب صلة الرحم وتحريم قطعها. وأخرجه عبد الرزاق 20328 ومن طريقه أحمد 4/84، والبيهقي في السُّنن 7/27، والبغوي في شرح السُّنّة 3437 عن معمر، وأحمد 4/80، ومسلم 2556، وأبو داؤد 1696 في الزكاة: باب في صلة الرحم، والترمذي 1909 في البر والصلة: باب ما جاء في صلة الرحم، والبيهقي 7/27 من طريق سفيان بن عيينة، وأحمد 4/83. وأخرجه البخاري 5984 في الأدب: باب إثم القاطع، وفي الأدب المفرد 64.

455- إسناده صحيح. وأخرجه ابن ماجة 4211 في الزهد: باب البغي، والحاكم 2/356 من طريق عبدان، كلاهما. وأخرجه الطيالسي 880 عن عيينة بن عبد الرحمٰن، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/36 عن وكيع ويحيى بن القطان، وأحمد 5/38، وأبو داؤد 4902 في الأدب: باب في النهي عن البغي، والترمذي 2511 في صفة القيامة، وابن ماجة 4211، والحاكم 2/162 من طريق إسماعيل ابن علية، والبيهقي في السُّنن 10/234 من طريق وكيع.

ذِكْرُ تَعْجِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْعُقُوْبَةَ لِلْقَاطِعِ رَحِمَهُ فِي الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ قطع رحمی کرنے والے شخص کو دنیا میں ہی جلدی سزا دے دیتا ہے

456 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث):مَا مِنْ ذَنْبٍ اَحْرٰى اَنْ يُّعَجِّلَ اللّٰهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهُ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ قَطِيْعَةِ الرَّحِمِ وَالْبَغْيِ . (2: 109)

۞۞ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قطع رحمی اور زنا سے زیادہ کوئی گناہ اس لائق نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے کرنے والے کو دنیا میں بھی سزا دے اور اس کے ہمراہ آخرت میں بھی اس کے لئے سزا تیار رکھے''۔

456- إسناده صحيح، وأخرجه البغوى فى شرح السنّة 3438 من طريق أبى القاسم البغوى. وأخرجه البخارى فى الأدب المفرد 67 والحاكم فى المستدرك 4/163 .

6- بَابُ الرَّحْمَةِ

باب [6] رحمت کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّرْحَمَ اَطْفَالَ الْمُسْلِمِيْنَ رَجَاءَ رَحْمَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِيَّاهُ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ مسلمانوں کے چھوٹے بچوں پر اس امید پر رحم کرے کہ اللہ تعالیٰ اس پر رحمت کرے گا

457 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): قَالَ اَبْصَرَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيْمِيُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ فَقَالَ اِنَّ لِيْ عَشْرَةً مِنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ اَحَدًا مِنْهُمْ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اقرع بن حابس تمیمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا بوسہ لے رہے تھے۔ اس نے عرض کی: میرے دس بیٹے ہیں۔ میں نے ان میں سے کسی ایک کا بھی کبھی بوسہ نہیں لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ تَوْقِيْرِ الْكَبِيْرِ اَوْ رَحْمَةِ الصِّغَارِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

مسلمانوں میں سے بڑوں کی تعظیم اور چھوٹوں پر رحمت کرنے کو ترک کرنے کی ممانعت کرنے کا تذکرہ

458- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ بَشِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يُوَقِّرِ الْكَبِيْرَ وَيَرْحَمِ الصَّغِيْرَ وَيَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ. (2: 61)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات بیان کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

457–وأخرجه مسلم 2318 في الفضائل: باب رحمته صلى الله عليه وسلم الصبيان والعيال وتواضعه، وأبو داؤد 5218 في الأدب: باب في قبلة الرجل ولده، والترمذي 1911 في البر والصلة: باب ما جاء في رحمة الوالد، من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 5997 في الأدب: باب رحمة الولد وتقبيله ومعانقته، وفي الأدب المفرد 91 ، ومن طريقه البغوي في شرح السنّة 3446

''اس شخص کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے' جو بڑوں کی تعظیم نہیں کرتا' چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا نیکی کا حکم نہیں دیتا اور برائی سے منع نہیں کرتا''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اسْتِعْمَالُ التَّعَطُّفِ عَلٰى صِغَارِ اَوْلَادِ اٰدَمَ

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے: اولاد آدم کے کمسن افراد کے بارے میں مہربانی کا رویہ اختیار کرے

459 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَزُوْرُ الْاَنْصَارَ وَيُسَلِّمُ عَلٰى صِبْيَانِهِمْ ويمسح رؤوسهم.

۞۞ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انصار سے ملنے جایا کرتے تھے۔ آپ ان کے بچوں کو سلام کیا کرتے تھے اور ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے تھے۔

ذِكْرُ اِيْجَابِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ لِلْمُتَكَفِّلِ الْاَيْتَامَ اِذَا عَدَلَ فِيْ اُمُوْرِهِمْ وَتَجَنَّبَ الْحَيْفَ

یتیموں کی کفایت کرنے والا شخص جب ان کے معاملات کے بارے میں انصاف سے کام لے اور زیادتی سے اجتناب کرے' تو اس کے جنت میں داخل ہونے کے واجب ہونے کا تذکرہ

460 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بن معروف قال حدثنا بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ هٰكذا وأشار بالسبابة والوسطى.

459- إسناده صحيح، وأخرجه أبو نعيم فى الحلية 6/291 . وأخرجه الترمذى 2696 فى الاستئذان: باب ما جاء فى التسليم على الصبيان، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 329 ، وفى فضائل الصحابة 244 ، والبغوى فى شرح السنّة 3306 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه البزار 2007 عن محمد بن عبد الملك، عن جعفر بن سليمان، بهذا الإسناد . قال الهيثمى فى المجمع 8/34: ورجاله رجال الصحيح. وأخرجه البخارى 6247 فى الاستئذان: باب التسليم على الصبيان، ومسلم 2168 149 و 15 فى السلام: باب استحباب السلام على الصبيان، والترمذى 2696 ، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 330 ، والدارمى 2/276، والبغوى فى شرح السنّة 3305 ، من طريق سيار أبى الحكم، ومسلم 2482 فى فضائل الصحابة: باب فضائل أنس، من طريق حماد بن سلمة، وأبوداوُد 5202 فى الأدب: باب فى السلام على الصبيان، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 331 .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا اَرَادَ بِهِ فِي دُخُوْلِ الْجَنَّةِ لَا اَنَّ كَافِلَ الْيَتِيمِ تَكُوْنُ مَرْتَبَتُهُ مَعَ مَرْتَبَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ وَاحِدَةً. (1: 2)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت کی اور درمیانی انگلی کے ذریعے اشارہ کر کے (یہ بات ارشاد فرمائی)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اس طرح''۔

اس سے مراد جنت میں داخل کرنے کے حوالے سے ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یتیم کی کفالت کرنے والا شخص اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنت میں ایک ہی مرتبے میں ہوں گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنَّمَا يَرْحَمُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اللہ تعالیٰ اپنے رحم کرنے والے بندوں پر رحم کرتا ہے

461 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ (متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَسُوْلُ امْرَاَةٍ مِّنْ بَنَاتِهِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرْسَلَتْ اِلَيْكَ ابْنَتُكَ اَنْ تَاْتِيَهَا فَاِنَّ صَبِيًّا لَهَا فِي الْمَوْتِ فَقَالَ ائْتِهَا فَقُلْ لَهَا اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهُ مَا اَعْطٰى وَكُلُّ

460- إسناده صحيح على شرط الشيخين، ابن أبي حازم: هو عبد العزيز. وأخرجه البخاري 5304 في الطلاق: باب اللعان، ومن طريقه البغوي في شرح السنّة 3454 عن عمرو بن زرارة، و 6005 في الأدب: باب فضل من يعول يتيمًا، وفي الأدب المفرد 135، والبيهقي في السُّنن 6/283 من طريق عبد الله بن عبد الوهاب، وأبو داوُد 5150 في الأدب: باب فيمن ضم اليتيم، عن محمد بن الصباح، والترمذي 1918 في البر: باب ما جاء في رحمة اليتيم وكفالته، عن عبد الله بن عمران، كلهم عن ابن أبي حازم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/333 عن سعيد بن منصور. وفي الباب عن أبي هريرة عند مسلم 2983 في الزهد: باب إلى الأرملة، وابن ماجة 3679 في الأدب: باب حق اليتيم، والبخاري في الأدب المفرد 137، والبغوي في شرح السنّة 3455. وعن أبي أمامة عند أحمد 5/250 و265، والبغوي في شرح السنّة 3456، أورده الهيثمي في مجمع الزوائد 8/160، وضعفه بعلي بن يزيد الألهاني.

461- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين، غير أبي بكر بن خلاد. وأخرجه أحمد 5/204 و206، والبخاري 1284 في الجنائز: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: يعذب الميت ببعض بكاء أهله عليه، و 5655 في المرضى: باب عيادة الصبيان، و 6602 في القدر: باب وكان أمر الله قدرًا مقدورًا، و 6655 في الأيمان والنذور: باب قول الله تعالى: (وَاَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ)، و 7377 في التوحيد: باب قول الله تبارك وتعال: (قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَا تَدْعُوا فَلَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى) ن و 7448 في التوحيد: باب ما جاء في قول الله تعالى: (اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ)، ومسلم 923 في الجنائز: باب البكاء على الميت، وأبو داوُد 3125 في الجنائز: باب الأمر بالاحتساب والصبر عند نزول المصيبة، وابن ماجة 1588 في الجنائز: باب ما جاء في البكاء على الميت، والبيهقي في السُّنن 4/68، والبغوي في شرح السّنة 1527، من طرق عن عاصم الأحول، بهذا الإسناد. وسيورده المؤلف من حديث ابن عباس برقم 2914 في الجنائز.

شَیْءٍ عِنْدَهُ بِاَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ قَالَ فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ رَجَعَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا تُقْسِمُ عَلَيْكَ اِلَّا جِئْتَهَا فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُمْنَا مَعَهُ رَهْطٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَدَخَلْنَا فَرُفِعَ اِلَيْهِ الصَّبِيُّ وَنَفْسُهُ تَقَعْقَعُ فِيْ صَدْرِهٖ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ لَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مَا هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِ عِبَادِهٖ وَاِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءِ .

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے۔ آپ کی ایک صاحبزادی کی طرف سے ایک پیغام رساں آیا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی صاحب زادی نے آپ کو یہ پیغام بھیجا ہے کہ آپ ان کے ہاں تشریف لے آئیں' کیونکہ ان کے صاحب زادے فوت ہونے والے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کے پاس جا کر اس سے کہو کہ اللہ تعالیٰ جو چیز واپس لے وہ اس کی ملکیت ہے' جو چیز اسی نے دی ہو وہ چیز بھی اسی کی ملکیت ہے اور اس کی بارگاہ میں ہر چیز کی ایک متعین مدت ہے۔ اس لئے اسے صبر سے کام لینا چاہئے اور ثواب کی اُمید رکھنی چاہئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: کچھ دیر بعد وہ شخص واپس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! وہ آپ کو قسم دے رہی ہیں۔ آپ ان کے ہاں ضرور تشریف لے جائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے۔ آپ کے ساتھ ہم بھی کھڑے ہو گئے۔ جو انصار کے کچھ افراد تھے ہم ان کے ہاں گئے اس بچے کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا' تو اس کا سانس سینے میں اکھڑ کر آ رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! یہ کس وجہ سے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ وہ رحمت ہے' جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الرَّحْمَةَ لَا تَكُوْنُ اِلَّا فِي السُّعَدَاءِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ رحمت (کے جذبات) صرف خوش نصیب لوگوں میں ہوتے ہیں

تمام امور میں آدمی کے لئے نرمی کے مستحب ہونے کا تذکرہ' کیونکہ اللہ تعالیٰ اسے پسند کرتا ہے

547 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ مَّالِكٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يحب الرفق فى الأمر كله .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ مَا رَوٰى مَالِكٌ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ وَرَوَى الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ مَّالِكٍ اَرْبَعَةَ أحاديث. (1: 2)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیشک اللہ تعالیٰ ہر معاملے میں نرمی کو پسند کرتا ہے''۔

547- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن المنذر الحزامي فمن رجال البخاري . وأخرجه الطبراني في الصغير 1/154، والقضاعي في مسند الشهاب 1063 من طريق سلمة بن العيار، وأبي مصعب، وعبد الأعلى بن مسهر، عن مالك، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/85، وابن ماجة 3689 في الأدب: باب في الرفق، من طريق محمد بن مصعب والوليد بن مسلم، والدارمي 2/323 عن محمد بن يوسف، كلاهما عن الأوزاعي، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 19460 ومن طريقه أحمد 6/199، ومسلم 2165 في السلام: باب النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام، والنسائي في عمل اليوم والليلة 383 ، والبغوي في شرح السنّة 3314 عن معمر، وأخرجه البخاري 6024 في الأدب: باب الرفق في الأمر كله، والنسائي في عمل اليوم والليلة 382 من طريق صالح بن كيسان، والبخاري 6256 في الاستئذان: باب كيف الرد على أهل الذمة بالسلام، والنسائي في عمل اليوم والليلة 384 من طريق شعيب، والبخاري 6395 في الدعوات: باب الدعاء على المشركين، من طريق معمر، و 6927 في استتابة المرتدين: باب إذا عرّض الذمي أو غيره بسب النبي صلى الله عليه وسلم ولم يصرح، ومسلم 2165 أيضًا، والترمذي 2710 في الاستئذان: باب ما جاء في التسليم على أهل الذمة، والنسائي في عمل اليوم والليلة 381 ، والقضاعي في مسند الشهاب 1065 من طريق ابن عيينة، كلهم عن الزهري، بهذا الإسناد. وانظر التعليق على الحديث المتقدم برقم 502.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام مالک نے امام اوزاعی کے حوالے سے صرف یہی روایت نقل کی ہے، جبکہ اوزاعی نے امام مالک کے حوالے سے چار روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الِاسْتِدْلَالِ عَلٰى حِرْمَانِ الْخَيْرِ فِيمَنْ عَدِمَ الرِّفْقَ فِيْ أُمُوْرِهِ

جو شخص معاملات میں نرمی سے محروم رہے اس کے بھلائی سے محروم ہونے پر استدلال کرنے کا تذکرہ

548 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هلال عَنْ جَرِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): مَنْ يحرم الرفق يحرم الخير . (1: 2)

❁❁ حضرت جریر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص نرمی سے محروم رہا وہ بھلائی سے محروم رہا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُعِينُ عَلَى الرِّفْقِ بِاَنْ يُّعْطِي عَلَيْهِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، اللہ تعالیٰ نرمی کے ساتھ پیش آنے پر مدد کرتا ہے اور نرمی کرنے پر وہ کچھ عطا کرتا ہے، جو سختی کرنے پر عطا نہیں کرتا

549 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى بعسكر مكرم قال حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ حَفْصٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يعطى على العنف . (1: 2)

548- إسناده صحيح على شرط مسلم وأخرجه أحمد 4/362 عن يحى القطان بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 2592 74 في البر والصلة: باب فضل الرفق، عن محمد بن المثنى، عن يحيى القطان، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/510، وأحمد 4/366 والبخاري في الأدب المفرد 463 ، ومسلم 2592 75 ، وأبو داؤد 4809 في الأدب: باب في الرفق، وابن ماجة 3687 في الأدب: باب الرفق، والطبراني في الكبير 2449 و 2450 2451 و 2452 و 2453 ، من طرق عن الأعمش، عن تميم بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/511، و511، 512، ومسلم 2592 76 ، والطبراني في الكبير 2454 و 2455 من طرق عن محمد بن أبي إسماعيل، عن عبد الرحمن بن هلال، بهذا الإسناد.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیشک اللہ تعالیٰ نرم ہے وہ نرمی کو پسند کرتا ہے اور وہ نرمی پر وہ چیز عطا کرتا ہے' جو سختی پر عطا نہیں کرتا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الرِّفْقَ مِمَّا يُزَيِّنُ الْاَشْيَاءَ وَضِدَّهُ يُشِينُهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نرمی ان چیزوں میں سے ایک ہے' جو اشیاء کو سنوار دیتی ہیں اور اس کی ضد (یعنی سختی) چیزوں کو بگاڑ دیتی ہے

550- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْدُو اِلٰى هٰذِهِ التِّلَاعِ وَقَالَ لِىْ يَا عَائِشَةُ فَاِنَّ الرِّفْقَ لَمْ يَكُنْ فِىْ شَىْءٍ قَطُّ اِلَّا زَانَهُ ولا نزع من شیء إلا شانه. (1: 2)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس اونچی (یا نیچی) زمین کے پاس تشریف لائے آپ نے مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! تم مجھ سے نرمی سے کام لو' کیونکہ نرمی جس چیز میں ہوگی' اسے سنوار دے گی اور جس چیز سے الگ ہوگی' یہ اسے رسوا کر دے گی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِلُزُوْمِ الرِّفْقِ فِى الْاَشْيَاءِ اِذْ دَوَامُهُ عَلَيْهِ زِيْنَتُهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

معاملات میں نرمی کے لازم ہونے کے حکم کا تذکرہ' کیونکہ اس پر باقاعدگی اختیار کرنا

549- حديث صحيح، وأخرجه ابن ماجة 3688 فى الأدب: باب فى الرفق، عن إسماعيل بن حفص الأيلى، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو نعيم فى حلية الأولياء 8/306 من طريق الحسين بن على الأيلى، عن الأعمش، به. وأخرجه البزار 1964 عن أحمد بن منصور بن سيار. قلت: يتقوى الحديث بطريقيه، ويشهد له حديث عائشة 547 المتقدم، والآتى برقم 552. وحديثُ عبد الله بن مغفل عند ابن أبى شيبة 8/512، وأحمد 4/78، والبخارى فى الأدب المفرد 472، وأبى داوُد 4807 فى الأدب: باب فى الرفق، والدارمى 2/323. وحديث على بن أبى طالب عند أحمد 1/112، والبخارى فى التاريخ الكبير 1/308، والبزار 1960، وأبى نعيم فى أخبار أصبهان 1/336. قال الهيثمى فى المجمع 8/18: رواه أحمد أبو يعلى والبزار، وأبو خليفة لم يضعفه أحد، وبقية رجاله ثقات. وحديث أنس عند الطبرانى فى الصغير 1/81، 82، والبزار 1961 و 1962. قال الهيثمى فى المجمع 8/18: وأحد إسنادى البزار ثقات. وحديث ابن عباس فى أخبار أصبهان 2/254. وحديث خالد بن معدان عند ابن أبى شيبة 8/512، أورده الهيثمى فى المجمع 8/18، 19، وقال: رواه الطبرانى ورجاله رجال الصحيح. وحديث جرير بن عبد الله عند الطبرانى فى الكبير 2273. قال الهيثمى فى المجمع 8/18: ورجاله ثقات.

550- حديث صحيح، وأخرجه أبو داوُد 2478 فى الجهاد: باب ما جاء فى الهجرة وسكنى البدو، و 4808 فى الأدب: باب فى الرفق، عن عثمان بن أبى شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبى شيبة 8/510، ومن طريقه أبو داوُد 2478 و 4808 أيضًا، وأخرجه أحمد 6/85 و206 و222، من طرق عن شريك، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/112 من طريق إسماعيل، و6/125 و171 ومسلم 2594 78 و 79 فى البر والصلة: باب فضل الرفق، والبخارى فى الأدب المفرد 469 و 475، والبغوى فى شرح السنّة 3493، من طريق شعبة، والبزار 1966

دنیا اور آخرت میں زینت کا باعث ہے

551- (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ بِطَرَسُوس قَالَ حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبِ الْبَذَشِيُّ الْقُومِسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): مَا كَانَ الرِّفْقُ فِي شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ وَلَا كَانَ الْفُحْشُ فِي شَيْءٍ قط إلا شانه (1: 89)

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''نرمی جس چیز میں بھی ہوگی' یہ اسے آراستہ کردے گی اور فحش (یعنی سختی) جس چیز میں بھی ہوگی' اسے بگاڑ دے گی''۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ الرفق في جميع أسبابه

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر اپنے تمام معاملات میں نرمی کو لازم پکڑنا واجب ہے

552- (سندحدیث):أَخْبَرَنَا ابْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا بن وهب قال أخبرني حيوة عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يحب الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلٰى مَا سواه . (3: 68)

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیشک اللہ تعالیٰ نرم ہے اور وہ نرمی پر وہ چیز عطا کرتا ہے' جو سختی پر عطا نہیں کرتا اور جو نرمی کے علاوہ اور کسی چیز پر عطا نہیں کرتا''۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ رَفَقَ بِالْمُسْلِمِيْنَ فِيْ اُمُوْرِهِمْ مَعَ دُعَائِهِ عَلٰى مَنِ اسْتَعْمَلَ ضِدَّهُ فِيْهِمْ

مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسے شخص کے لئے دعا کرنے کا تذکرہ' جو مسلمانوں کے ساتھ ان کے معاملات میں نرمی

551- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير نوح بن حبيب، فقد روى له أبو داوٗد والنسائي، وهو ثقة. وأخرجه عبد الرزاق 20145، ومن طريقه البخاري في الأدب المفرد 601، والترمذي 1974 في البر والصلة: باب ما جاء في الفحش والتفحش، وابن ماجة 4185 في الزهد: باب الحياء، وابن أبي الدنيا في مكارم الأخلاق 77، البغوي في شرح السُّنَّة 3596. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد 466 عن أحمد بن عبيد الله الغداني، عن كثير بن أبي كثير، عن ثابت، عن أنس. وأخرجه البزار 1963. قال الهيثمي في المجمع 8/18: فيه كثير بن حبيب، وثقه ابن أبي حاتم، وفيه لين: وبقية رجاله ثقات.

552- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم 2593 في البر والصلة: باب فضل الرفق، ومن طريقه البغوي في شرح السُّنَّة 3492، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد.وفي الباب عن أبي هريرة تقدم برقم 549، فانظره، وذكرت أحاديث الباب ثمت.

کرتا ہے' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسے شخص کے لئے دعائے ضرر کرنا' جو ان امور میں اس کے برخلاف طریقے (یعنی سختی) سے پیش آتا ہے

553 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بن يحيى قال حدثنا بن وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ قَالَ:

(متنِ حدیث): اَتَيْتُ عَائِشَةَ اَسْاَلُهَا عَنْ شَيْءٍ فَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ بَيْتِيْ هٰذَا اللّٰهُمَّ مَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِيْ شَيْئًا فَشَقَّ عَلَيْهِمْ فَاشْقُقْ عَلَيْهِ وَمَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِيْ شَيْئًا فَرَفَقَ بِهِمْ فَارْفُقْ به . (5: 12)

عبدالرحمان بن شماسہ بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں کوئی چیز مانگنے کے لئے حاضر ہوا' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس گھر میں یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اے اللہ! جو شخص میری اُمت کے کسی بھی معاملے کا نگران بنے اور وہ ان لوگوں پر سختی سے کام لے' تو اس پر سختی کرنا اور جو شخص میری اُمت کے کسی معاملے کا نگران بنے اور وہ ان کے ساتھ نرمی سے کام لے' تو اس پر نرمی کرنا''۔

553- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 6/93 عن هارون بن معروف، ومسلم 1828 فى الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر والحث على الرفق بالرعية، ومن طريقه البغوى فى شرح السُّنّة 2471 عن هارون بن سعيد الأيلى، وأخرجه البيهقى فى السُّنن 10/136 من طريق هارون بن سعيد الأيلى، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/257 و258، ومسلم 1828 أيضًا، والبيهقى فى السُّنن 9/43 من طريق جرير بن حازم، عن حرملة بن عمران، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/62 عن وكيع،وأخرجه أحمد 6/260 عن محمد بن ربيعة، عن جعفر بن برقان، عن عبد الله المدينى، وغيره، عن عائشة.

13- بَابُ الصُّحْبَةِ وَالْمُجَالَسَةِ

باب 13: ساتھ رہنے اور ہم نشینی کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اَنْ لَا يَصْحَبَ اِلَّا الصَّالِحِيْنَ وَلَا يُنْفِقَ اِلَّا عَلَيْهِمْ

آدمی کے لئے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ صرف نیک لوگوں کے ساتھ رہے' اور صرف ان پر خرچ کرے

554 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ غَيْلَانَ اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ قَيْسٍ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ :

(متن حدیث): لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يأكل طعامك إلا تقى . (1: 63)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم صرف مومن کی مصاحبت اختیار کرنا اور تمہارا کھانا صرف پرہیز گار لوگ کھائیں''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّصْحَبَ الْمَرْءُ اِلَّا الصَّالِحِيْنَ وَيُؤْكِلَ طَعَامَهٗ اِلَّا اِيَّاهُمْ

اس بات کا تذکرہ' آدمی صرف نیک لوگوں کے ساتھ رہے' اور اپنا کھانا صرف ان لوگوں کو کھلائے

555 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّوْلَابِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ غَيْلَانَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): لَا تَصْحَبْ اِلَّا مؤمنا ولا يأكل طعامك إلا تقى . (2: 23)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

554- إسناده حسن، وأخرجه أحمد 3/38، وأبو داوٗد 4832 فى الأدب: باب مَنْ يؤمر أن يجالس، والترمذى 2395 فى الزهد: باب ما جاء فى صحبة المؤمن، والبغوى فى شرح السنّة 3484 من طرق عن ابن المبارك، به. وأخرجه الدارمى 2/103، والحاكم فى المستدرك 4/128 من طريق أبى عبد الرحمٰن المقرء، عن حيوة ابن شريح. بهذا الإسناد. وسيعيده المؤلف برقم 555 و 560 .

555- إسناده حسن، وهو مكرر ما قبله.

”تم صرف مومن کی مصاحبت اختیار کرنا اور تمہارا کھانا صرف پرہیزگار لوگ کھائیں“۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَحَبَّةَ الْمَرْءِ الصَّالِحِينَ وَاِنْ كَانَ مُقَصِّرًا فِي اللُّحُوقِ بِاَعْمَالِهِمْ يَبْلُغُهُ فِي الْجَنَّةِ اَنْ يَّكُوْنَ مَعَهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نیک لوگوں کے ساتھ محبت رکھنا آدمی کو جنت تک پہنچا دیتا ہے' اور وہ جنت میں ان لوگوں کے ساتھ ہوگا اگرچہ وہ نیک لوگوں کے اعمال کے حوالے سے ان کے ساتھ نہ مل سکتا ہو

556- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِي ذَرٍّ

(متن حدیث): اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَّعْمَلَ كَعَمَلِهِمْ قَالَ اِنَّكَ يَا اَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قَالَ فَاِنِّيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ اَنْتَ يَا اَبَا ذَرٍّ مَعَ من أَحْبَبْتَ . (3: 65)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک شخص کسی قوم سے محبت رکھتا ہے' لیکن وہ ان کے عمل کی طرح عمل کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! تم اس کے ساتھ ہوگے' جس سے تم محبت رکھتے ہو۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! تم جس سے محبت رکھتے ہو' تم اس کے ساتھ ہوگے“۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ خِطَابَ هٰذَا الْخَبَرِ قُصِدَ بِهِ التَّخْصِيصُ دُوْنَ الْعُمُوْمِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت میں مذکور خطاب کے ذریعے مخصوص افراد مراد لیے گئے ہیں اس کا مفہوم عمومی نہیں ہے

557- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِي مُوْسٰى قَالَ

(متن حدیث): اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ رَجُلًا يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ قَالَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ . (3: 65)

556- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 5/156 و166، وأبو داوٗد 5126 فى الأدب: باب إخبار الرجل بمحبته إياه، والدارمى 2/321، 322، والبخارى فى الأدب المفرد 351 من طريق سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد . وفى الباب عن أنس تقدم برقم 8 ، وسيرد برقم 563 و 564 و 565 . وعن أبى موسى سيرد برقم 557 . وعن صفوان بن عسال سيرد برقم 562 . وعن ابن مسعود عند الطيالسى 53 ، وأحمد 4/405، والبخارى 6168 و 6169 فى الأدب: باب علامة الحب فى الله، ومسلم 2640 فى البر والصلة: باب المرء مع أحب . وعن على عند البزار 3596 ، أورده الهيثمى فى المجمع 10/280، ونسبه إلى البزار.

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے، جو کسی قوم سے محبت رکھتا ہے، لیکن ان کے ساتھ شامل نہیں ہو پاتا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''آدمی اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت رکھتا ہے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ التَّبَرُّكُ بِالصَّالِحِيْنَ وَاَشْبَاهِهِمْ

اس بات کا تذکرہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ نیک لوگوں سے اور ان جیسوں سے برکت حاصل کرے

558 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَازِلًا بِالْجِعْرَانَةِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ وَمَعَهُ بِلَالٌ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ اَلَا تُنْجِزُ لِيْ يَا مُحَمَّدُ مَا وَعَدْتَنِيْ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْشِرْ فَقَالَ لَهُ الْاَعْرَابِيُّ لَقَدْ اَكْثَرْتَ عَلَيَّ مِنَ الْبُشْرٰى قَالَ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ مُوْسٰى وَبِلَالٍ كَهَيْئَةِ الْغَضْبَانِ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا قَدْ رَدَّ الْبُشْرٰى فَاَقْبَلَا اَنْتُمَا فَقَالَا قَبِلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فِيْهِ مَاءٌ ثُمَّ قَالَ لَهُمَا اشْرَبَا مِنْهُ وَاَفْرِغَا عَلٰى وُجُوْهِكُمَا اَوْ نُحُوْرِكُمَا فَاَخَذَا الْقَدَحَ فَفَعَلَا مَا اَمَرَهُمَا بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَتْنَا اُمُّ سَلَمَةَ مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ اَنْ اَفْضِلَا لِاُمِّكُمَا فِيْ اِنَائِكُمَا فَاَفْضَلَا لها منه طائفة. (5: 9)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا۔ آپ مکہ اور مدینہ کے درمیان ''جعرانہ'' کے مقام پر نیچے کی طرف اتر رہے تھے۔ آپ کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ ایک دیہاتی شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آیا اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے جو میرے ساتھ وعدہ کیا تھا وہ پورا نہیں کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم خوشخبری قبول کرو دیہاتی نے آپ کی خدمت میں عرض کی: آپ پہلے ہی مجھے بہت ساری خوشخبریاں دے چکے

557- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 4/405 عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 2641 في البر والصلة: باب المرء مع من أحب، عن أبي بكر بن أبي شيبة وأبي كريب، كلاهما عن أبي معاوية، به. وأخرجه أحمد 4/395 و405 من طريق سفيان الثوري، و4/398، والبخاري 6170 في الأدب: باب علامة الحب في الله، من طريق ابن عيينة، وأحمد 4/392، ومسلم 2641، والبغوي في شرح السُّنة 3478 من طريق محمد بن عبيد، ثلاثتهم عن الأعمش، بهذا الإسناد.

558- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو كريب هو محمد بن العلاء، وأبو أسامة هو حماد بن أسامة. وأخرجه البخاري 4328 في المغازي: باب غزوة الطائف في شوال سنة ثمان، ومسلم 2497 في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي موسى الأشعري، وأخرجه البخاري مختصرًا برقم 196 في الوضوء: باب الغسل والوضوء في المخضب والقدح والخشب والحجارة.

ہیں۔راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی طرف غصے کے عالم میں متوجہ ہوئے اور فرمایا: اس شخص نے خوشخبری کو مسترد کر دیا ہے' تو تم دونوں اسے قبول کرلو تو ان دونوں صاحبان نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اسے قبول کرتے ہیں۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ایک پیالہ منگوایا جس میں پانی موجود تھا۔ پھر آپ نے ان دونوں سے فرمایا: تم دونوں اس میں سے پی لو اور اسے اپنے سینے اور چہرے کے اوپر بھی انڈیل لو' ان دونوں حضرات نے پیالہ لیا اور ایسا ہی کیا' جس طرح نبی اکرم ﷺ نے انہیں ہدایت کی تھی۔ پردے کے پیچھے سے سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں پکار کر کہا: اپنے برتن میں سے اپنی والدہ کے لئے بھی کچھ بچا لینا' تو ان دونوں نے اس میں سے تھوڑا سا (پانی) ان کے لئے بھی بچا لیا''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ التَّبَرُّكِ لِلْمَرْءِ بِعِشْرَةِ مَشَايِخِ اَهْلِ الدِّينِ وَالْعَقْلِ

اہل دین اور اہل فضل مشائخ کے ساتھ رہتے ہوئے آدمی کے برکت حاصل کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

559 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا بن الْمُبَارَكِ بِدَرْبِ الرُّومِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عكرمة عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):قال البركة مع أكابركم .

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لم يحدث بْن الْمُبَارَكِ هٰذَا الْحَدِيْثَ بِخُرَاسَانَ اِنَّمَا حَدَّثَ بِهِ بِدَرْبِ الرُّومِ فَسَمِعَ مِنْهُ اَهْلُ الشَّامِ وَلَيْسَ هٰذَا الْحَدِيْثُ فِيْ كُتُبِ ابْنِ الْمُبَارَكِ مَرْفُوعًا. (1: 2)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''برکت تمہارے بڑوں کے ساتھ ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): عبداللہ بن مبارک نے یہ حدیث خراسان میں بیان نہیں کی تھی۔ یہ حدیث انہوں نے درب (روم) میں بیان کی' تو اہل شام نے ان سے اس حدیث کو سن لیا اور یہ حدیث ابن مبارک کی کتابوں میں مرفوع حدیث کے طور پر منقول نہیں ہے۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُؤْثِرَ بِطَعَامِه وَصَحِبَتِهِ الْاَتْقِيَاءَ وَاَهْلَ الْفَضْلِ

آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے کھانے اور ساتھ میں پرہیزگار لوگوں

559- إسناده صحيح . وأخرجه الخطيب في تاريخه 11/165، والقضاعي في مسند الشهاب 36 من طريق عيسى بن عبد الله بن سليمان، والقضاعي 37 من طريق الخطاب بن عثمان . وأخرجه الحاكم 1/62، وأبو نعيم في الحلية 8/171، 172 من طريق عبيد الله بن موسى، وصححه الحاكم وأقره الذهبي . وفي الباب عن أبي أمامة عند الطبراني 7895 ولفظه: اشرب فإن البركة في أكابرنا فمن لم يرحم صغيرنا، ويجل كبيرنا، فليس منا .

42

اور اہل فضیلت لوگوں کو ترجیح دے

560 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قال حدثنا بن وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ حَيْوَةَ بْنَ شُرَيْحٍ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ قَيْسٍ التُّجِيْبِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

(متن حدیث): لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَأْكُلْ طعامك إلا تقى . (1: 2)

۞۞ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تم صرف مومن کی مصاحبت اختیار کرنا اور تمہارا کھانا صرف پرہیزگار شخص کھائے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمُجَالَسَةِ الصَّالِحِيْنَ وَاَهْلِ الدِّيْنِ دُوْنَ اَضْدَادِهِمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' نیک لوگوں اور دیندار لوگوں کی ہم نشینی اختیار کی جائے' نہ کہ ان کی ضد (یعنی گناہگار) مسلمانوں کے ساتھ رہا جائے

561 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَمَثَلُ جَلِيْسِ السُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ اِمَّا اَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ اِمَّا اَنْ يُّحْرِقَ ثِيَابَكَ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيْلٌ عَلٰى اِبَاحَةِ المقايسات فِي الدِّيْنِ. (1: 89)

۞۞ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''نیک ہم نشین اور برے ہم نشین کی مثال اسی طرح ہے' جیسے کسی نے مشک اٹھایا ہوا ہو اور کوئی بھٹی جھونکتا ہو' تو مشک

560- إسناده حسن، وقد تقدم برقم 554 و 555 .

561- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخاري 5534 في الذبائح: باب المسك، ومن طريقه البغوي في شرح السُّنة 3483 ، والقضاعي في مسند الشهاب 1380 ، وأخرجه مسلم 2628 في البر والصلة: باب استحباب مجالسة الصالحين، كلاهما عن أبي كريب محمد بن العلاء ، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 2101 في البيوع: باب في العطار وبيع المسك، من طريق عبد الواحد بن زياد، عن بريد، بهذا الإسناد . وسيورده المؤلف برقم 579 من طريق سفيان بن عيينة، عن بريد، به، ويريد تخريجه هناك. وأخرجه الطيالسي 515 عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس، عن أبي موسى موقوفاً لم يرفعه . وأخرجه أحمد 4/408 من طريق عاصم الأحول، عن أبي كبشة، عن أبي موسى. وفي الباب عن أنس عند أبي داوُد 4829 في الأدب: باب يؤمر أن يجالس، والقضاعي في مسند الشهاب 1381 ، وهو ضمن حديث طويل أوله: مثل المؤمن الذي يقرأ القرآن.. سيرد برقم 770 و 771

اٹھانے والے شخص سے' یا تو تم اسے خرید لو گے یا پھر تم اس سے خوشبو حاصل کر لو گے اور بھٹی جھونکنے والا شخص یا تو تمہارے کپڑے کو جلا دے گا یا پھر تمہیں اس سے بدبو آئے گی"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ دینی معاملات میں قیاس کرنا مباح ہے۔

ذِكْرُ رَجَاءِ دُخُولِ الْجِنَانِ لِلْمَرْءِ مَعَ مَنْ كَانَ يُحِبُّهُ فِي الدُّنْيَا

آدمی دنیا میں جس شخص سے محبت رکھتا ہو قیامت میں اسکے ساتھ جنت میں داخل ہونے کی امید ہونے کا تذکرہ

562 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ، فَقُلْنَا: وَيْلَكَ اخْفِضْ مِنْ صَوْتِكَ، فَاِنَّكَ قَدْ نُهِيتَ عَنْ هٰذَا، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ حَتّٰى اُسْمِعَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ: " هَاؤُمُ "، فَقَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا اَحَبَّ قَوْمًا، وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ ؟ قَالَ: " ذٰلِكَ مَعَ مَنْ اَحَبَّ "

توضیح مصنف: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " هَاؤُمُ " اَرَادَ بِهِ رَفْعَ الصَّوْتِ فَوْقَ صَوْتِ الْاَعْرَابِيِّ، لِئَلَّا يَاْثَمَ الْاَعْرَابِيُّ بِرَفْعِ صَوْتِهِ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَهُ الشَّيْخُ.

❁❁ حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے بلند آواز میں آپ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے کہا: تمہارا ستیاناس ہو۔ تم اپنی آواز کو پست رکھو کیونکہ تمہیں اس بات سے منع کیا گیا ہے: وہ بولا: نہیں۔ اللہ کی قسم! جب تک میں انہیں سنا نہیں لیتا (میں اپنی آواز نیچی نہیں کروں گا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اسے اشارہ کیا کہ آگے آجاؤ۔ اس شخص نے کہا: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو کسی قوم سے محبت رکھتا ہے' لیکن ان کے ساتھ شامل نہیں ہو پاتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ان لوگوں کے ساتھ ہو گا جن سے محبت رکھتا ہے۔

روایت کے یہ الفاظ "ھــــاؤم" اس سے مراد یہ ہے کہ دیہاتی کی آواز سے زیادہ بلند آواز میں یہ لفظ کہا تاکہ وہ دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سے اپنی آواز بلند کرنے کے حوالے سے گنہگار نہ ہو۔ یہ بات شیخ سے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا السَّائِلَ اِنَّمَا اَخْبَرَ عَنْ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَرَسُولِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سوال کرنے والے شخص نے اللہ تعالیٰ سے محبت اور اس کے رسول سے محبت کے بارے میں بتایا تھا

563 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَتَى السَّاعَةُ ؟ قَالَ: مَا اَعْدَدْتَ لَهَا ؟، قَالَ: اِنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ: فَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ .

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کے ساتھ ہوگے' جس سے محبت رکھتے ہو۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلا الْمُسْلِمَ نِيَّتَهُ فِي مَحَبَّتِهِ الْقَوْمَ اِنْ خَيْرًا فَخَيْرٌ وَاِنْ شَرًّا فَشَرٌّ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ بندہ مسلم کو قوم کے ساتھ محبت رکھنے میں اس کی نیت کا بدلہ عطا کرتا ہے اگر وہ اچھی ہوگی' تو اچھا بدلہ ہوگا' اور اگر وہ بری ہوگی' تو وہ برا بدلہ ہوگا

564 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَتَى السَّاعَةُ ؟ قَالَ: اَمَا اِنَّهَا قَائِمَةٌ فَمَا اَعْدَدْتَ لَهَا ؟ ، قَالَ: مَا اَعْدَدْتُ لَهَا كَثِيْرَ عَمَلٍ اِلا اَنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّكَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ، وَلَكَ مَا احْتَسَبْتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! قیامت کب قائم ہوگی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے تو قائم ہو ہی جانا ہے۔ تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے۔ اس نے عرض کی: میں نے اس کے لئے زیادہ عمل کی تیاری نہیں کی ہے' البتہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جس سے محبت رکھتے ہو' تم اس کے ساتھ ہوگے اور تم نے جس ثواب کی امید رکھی ہے وہ تمہیں مل جائے گا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ شَنَّعَ بِهِ بَعْضُ الْمُعَطِّلَةِ عَلٰى اَهْلِ الْحَدِيْثِ حَيْثُ حُرِمُوْا تَوْفِيْقَ الْاِصَابَةِ لِمَعْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے ''معطلہ'' فرقے سے تعلق رکھنے والے بعض لوگ محدثین پر اعتراض کرتے ہیں حالانکہ یہ لوگ اس کا مفہوم سمجھنے کی توفیق سے محروم رہے ہیں

565 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا، قَالَ:

(متن حدیث): يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى تَقُوْمُ السَّاعَةُ ؟ وَاُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَمَّا قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ، قَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ ؟ قَالَ: هَا اَنَا ذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِنَّهَا قَائِمَةٌ فَمَا اَعْدَدْتَ لَهَا ؟ ،

قَالَ: مَا اَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ عَمَلٍ غَيْرَ اَنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ ، قَالَ: وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ مُحَمَّدٌ، فَقَالَ: اِنْ يَعِشْ هٰذَا، فَلَا يُدْرِكُهُ الْهَرَمُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ زَادَ هُدْبَةُ: قَالَ اَنَسٌ: فَنَحْنُ نُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ،

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ مِنَ الْاَلْفَاظِ الَّتِي اُطْلِقَتْ بِتَعْيِيْنِ خِطَابٍ مُرَادُهُ التَّحْذِيْرُ، وَذَاكَ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ تَحْذِيْرَ النَّاسِ عَنِ الرُّكُوْنِ اِلٰى هٰذِهِ الدُّنْيَا، بِتَعْرِيْفِهِمُ الشَّيْءَ الَّذِيْ يَكُوْنُ بِخَلَدِهِمْ تَقَبُّلُ حَقِيْقَتِهِ مِنْ قُرْبِ السَّاعَةِ عَلَيْهِمْ، دُوْنَ اعْتِمَادِهِمْ عَلٰى مَا يَسْمَعُوْنَ .

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب قائم ہوگی؟ اسی دوران نماز کھڑی ہوگئی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کر لی' تو آپ نے دریافت کیا: قیامت کے بارے میں دریافت کرنے والا شخص کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں یہاں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے تو قائم ہو ہی جانا ہے' تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے اس کے لئے زیادہ عمل کی صورت میں تیاری نہیں کی ہے' البتہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس کے ساتھ ہوگے' جس سے تم محبت رکھتے ہو۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس انصار کا ایک شخص موجود تھا جس کا نام محمد تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ زندہ رہ گیا' تو اس کے بوڑھا ہونے سے پہلے قیامت قائم ہو جائے گی۔

یہاں ہدبہ نامی راوی نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): یہ روایت ان الفاظ سے تعلق رکھتی ہے' جس میں خطاب کی تعین مطلق رکھی گئی ہے' اور اس سے مراد منع کرنا ہے وہ یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اس چیز سے منع کرنا مراد لیا ہے کہ وہ اس دنیا کی طرف راغب ہوں اور ان کے سامنے ایسی چیز کی تعریف بیان کی ہے' جو ان کے ہمیشہ رہنے کے حوالے سے ہے کہ اس کی حقیقت اس بات کو قبول کرتی ہے کہ ان لوگوں کے لئے قیامت کا وقت قریب ہے' اور انہیں اس چیز پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے' جو وہ سن رہے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ كَانَ اَحَبَّ لِاَخِيْهِ الْمُسْلِمِ كَانَ اَفْضَلَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جو شخص اپنے مسلمان بھائی سے زیادہ محبت رکھتا ہے وہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے

566 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ يَزِيْدَ الْفَرَّاءُ اَبُو الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا تَحَابَّ اثْنَانِ فِي اللّٰهِ، اِلَّا كَانَ اَفْضَلَهُمَا اَشَدُّهُمَا حُبًّا لِصَاحِبِهِ .

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب بھی دو لوگ اللہ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں' تو ان دونوں میں سے افضل وہ شخص ہوتا ہے' جو اپنے

ساتھی سے زیادہ شدید محبت رکھتا ہو''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَمْكُرَ الْمَرْءُ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ اَوْ يُخَادِعَهُ فِيْ اَسْبَابِهٖ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ مکر کرے' یا اس کے معاملات میں اسے دھوکہ دے

567 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ الْجَهْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِی، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا، وَالْمَكْرُ، وَالْخِدَاعُ فِی النَّارِ .

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص ہمیں دھوکا دے' اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے' مکر اور دھوکا جہنم میں ہوں گے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُفْسِدَ الْمَرْءُ امْرَاَةَ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ اَوْ يُخَبِّبَ عَبِيْدَهُ عَلَيْهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے مسلمان بھائی کی بیوی کو خراب کرے یا اس کے غلام کو خراب کرے

568 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيْسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَيْلٰی، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ يَحْيٰی بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ خَبَّبَ عَبْدًا عَلٰی اَهْلِهٖ، فَلَيْسَ مِنَّا، وَمَنْ اَفْسَدَ امْرَاَةً عَلٰی زَوْجِهَا، فَلَيْسَ مِنَّا .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی دوسرے شخص کو اس کی بیوی کے حوالے سے دھوکا دے' وہ ہم میں سے نہیں ہے اور جو شخص کسی عورت کو اس کے شوہر کے حوالے خلاف کر دے' وہ ہم میں سے نہیں ہے''۔

ذِكْرُ الْاِسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُعْلِمَ اَخَاهُ مَحَبَّتَهُ اِيَّاهُ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے بھائی کو یہ بات بتادے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے اس سے محبت رکھتا ہے

569 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِیٍّ اَبُو الْجَهْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَمُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): بَيْنَا اَنَا جَالِسٌ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، ثُمَّ وَلّٰی عَنْهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ لَاُحِبُّ هٰذَا لِلّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ اَعْلَمْتَهُ ذَاكَ ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَاَعْلِمْ ذَاكَ اَخَاكَ ، قَالَ:

فَاتَّبَعْتُهُ فَاَدْرَكْتُهُ فَاَخَذْتُ بِمَنْكِبِهٖ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، وَقُلْتُ: وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاُحِبُّكَ لِلّٰهِ، قَالَ هُوَ: وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاُحِبُّكَ لِلّٰهِ قُلْتُ: لَوْلَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَمَرَنِیْ اَنْ اُعْلِمَكَ لَمْ اَفْعَلْ

توضیح مصنف:تَفَرَّدَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَهُ الشَّيْخُ.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ اسی دوران ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے آپ کو سلام کیا پھر وہ وہاں سے چلا گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ تعالیٰ کی خاطر اس شخص سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اسے یہ بات بتائی ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ بات اپنے بھائی کو بتادو۔ راوی کہتے ہیں: میں اس شخص کے پیچھے گیا۔ میں اس تک پہنچ گیا۔ میں نے اسے کندھے سے پکڑا۔ میں نے اسے سلام کیا اور میں نے یہ کہا: اللہ کی قسم! میں اللہ کی خاطر آپ سے محبت رکھتا ہوں' تو انہوں نے بھی یہ کہا: اللہ کی قسم! میں بھی اللہ تعالیٰ کی خاطر آپ سے محبت رکھتا ہوں۔ میں نے بتایا: اگر اللہ کے نبی! نے مجھے اس بات کا حکم نہ دیا ہوتا کہ میں آپ کو یہ بات بتادوں' تو میں ایسا نہ کرتا۔

اس روایت کو نقل کرنے میں ازرق بن علی نامی راوی منفرد ہے اور یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اِذَا اَحَبَّ اَخَاهُ فِی اللّٰهِ اَنْ يُعْلِمَهٗ ذٰلِكَ

آدمی کے لئے اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ' وہ جب اپنے بھائی کے ساتھ اللہ کے لئے محبت رکھتا ہو تو اسے اس بارے میں بتادے

570 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ مَكْحُوْلٌ، بِبَيْرُوْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِی كَرِبَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا اَحَبَّ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، فَلْيُعْلِمْهُ.

❀❀ حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص اپنے بھائی سے محبت رکھتا ہو' تو وہ اسے بتادے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَا اَصْلَ لَهٗ اَصْلًا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کی کوئی حقیقت نہیں ہے

571 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوْلِیُّ، كِتَابَةً، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسِ بْ

مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ مَرَّ رَجُلٌ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّ هٰذَا الرَّجُلَ، قَالَ: هَلْ أَعْلَمْتَهُ ذَاكَ ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: قُمْ أَعْلِمْهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا هٰذَا، وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّكَ، قَالَ: أَحَبَّكَ الَّذِيْ أَحْبَبْتَنِيْ لَهُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ایک شخص وہاں سے گزرا حاضرین میں سے ایک صاحب نے کہا: یارسول اللہ! میں اس شخص سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اسے یہ بات بتائی ہے؟ اس نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اٹھو اور اسے یہ بتاؤ' تو وہ شخص اٹھ کر اس کے پاس گیا اور بولا: اے صاحب! اللہ کی قسم! میں آپ سے محبت رکھتا ہوں' تو ان صاحب نے جواب دیا: جس ذات کی خاطر آپ مجھ سے محبت رکھتے ہیں وہ ذات آپ سے بھی محبت رکھے۔

ذِكْرُ إِثْبَاتِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيْهِ

اللہ تعالیٰ کی محبت کے ایسے افراد کے لئے اثبات کا تذکرہ

جو اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں

572 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّوْرِيُّ، بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا زَارَ أَخًا لَهُ فِيْ قَرْيَةٍ أُخْرٰى، قَالَ: فَأَرْصَدَ اللّٰهُ لَهُ عَلٰى مَدْرَجَتِهِ مَلَكًا، فَلَمَّا أَتٰى عَلَيْهِ، قَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ ؟ قَالَ: أُرِيْدُ أَخًا لِيْ فِيْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ لَهُ عَلَيْكَ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا ؟ قَالَ: لَا، غَيْرَ أَنِّيْ أُحِبُّهُ فِي اللّٰهِ، قَالَ: فَإِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَيْكَ، إِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ أَحَبَّكَ كَمَا أَحْبَبْتَهُ فِيْهِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص اپنے بھائی سے ملنے کے لئے دوسری بستی میں گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اس کے راستے میں ایک فرشتے کو متعین کیا۔ جب وہ شخص اس فرشتے کے پاس پہنچا' تو فرشتے نے دریافت کیا۔تم کہاں جارہے ہو' تو اس نے بتایا میں اس بستی میں اپنے بھائی سے ملنے جارہا ہوں۔فرشتے نے اس سے کہا: کیا اس نے تمہارے ساتھ کوئی بھلائی کی تھی جس کا تم بدلہ دینا چاہتے ہو۔اس شخص نے جواب دیا: جی نہیں۔ میں اللہ کی خاطر اس شخص سے محبت رکھتا ہوں' تو فرشتے نے کہا: میں اللہ کی طرف سے پیغام رساں کے طور پر تمہاری طرف آیا ہوں۔ اللہ تعالیٰ تم سے اسی طرح محبت رکھتا ہے' جس طرح تم اللہ تعالیٰ کی وجہ سے اس شخص سے محبت رکھتے ہو''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُتَحَابِّيْنَ فِي اللّٰهِ فِي الْقِيَامَةِ عِنْدَ حُزْنِ النَّاسِ وَخَوْفِهِمْ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے سے محبت رکھنے والے افراد کی اس صفت کا تذکرہ وہ قیامت کے دن (امن کی کیفیت میں ہوں گے)' جبکہ لوگ اس دن غمگین ہوں گے اور خوف کے عالم میں ہوں گے

573 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحِ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ عِبَادًا لَيْسُوا بِاَنْبِيَاءَ، يَغْبِطُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ، قِيلَ: مَنْ هُمْ لَعَلَّنَا نُحِبُّهُمْ؟ قَالَ: هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوا بِنُوْرِ اللّٰهِ مِنْ غَيْرِ اَرْحَامٍ وَلَا انْتِسَابٍ، وُجُوْهُهُمْ نُوْرٌ عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ، لَا يَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ، وَلَا يَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ ، ثُمَّ قَرَاَ:

اَلَا اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ سورة یونس اية 62.

حضرت ابو ہریرہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیشک اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے کچھ بندے ایسے بھی ہیں' جو نبی نہیں ہیں' لیکن انبیاء اور شہداء ان پر رشک کرتے ہیں۔ دریافت کیا گیا: وہ کون لوگ ہیں؟ (ہمیں بھی اس بارے میں بتایا جائے) تا کہ ہم ان سے محبت رکھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو کسی رشتے داری یا کسی اور نسبت کے بغیر اللہ تعالیٰ کی رضا کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں۔ ان کے چہرے نور والے ہوں گے اور یہ نور کے بنے ہوئے منبروں پر ہوں گے جب لوگ خوف زدہ ہوں گے اس وقت انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا' جب لوگ غمگین ہوں گے اس وقت انہیں کوئی غم نہیں ہوگا

پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی:

''خبردار بیشک اللہ کے دوستوں کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی وہ لوگ غمگین ہوں گے''۔

ذِكْرُ ظِلَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمُتَحَابِّيْنَ فِيْهِ فِيْ ظِلِّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ بِمَنِّهِ وَفَضْلِهِ

جو لوگ اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں کو اپنے سائے میں رکھنا' اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے تحت ہمیں بھی ان میں شامل کرے

574 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي الْحُبَابِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: اَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِيْ؟ اَلْيَوْمَ اُظِلُّهُمْ فِيْ ظِلِّيْ، يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا

ظِلِّي.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے جلال کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے لوگ کہاں ہیں؟ آج میں انہیں اپنا سایہ رحمت عطا کروں گا۔ ایک ایسے دن میں جب میرے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہے''۔

ذِكْرُ اِيجَابِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُتَجَالِسِيْنَ فِيهِ وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيهِ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ کی محبت ان لوگوں کے لئے واجب ہو جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملتے ہیں

575 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي حَازِمِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ مَسْجِدَ دِمَشْقَ فَاِذَا فَتًى بَرَّاقُ الثَّنَايَا، وَاِذَا النَّاسُ مَعَهُ، اِذَا اخْتَلَفُوا فِي شَيْءٍ، اَسْنَدُوهُ اِلَيْهِ، وَصَدَرُوا عَنْ رَاْيِهِ، فَسَاَلْتُ عَنْهُ، فَقِيلَ: هٰذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ، هَجَّرْتُ فَوَجَدْتُهُ قَدْ سَبَقَنِي بِالتَّهْجِيرِ، وَوَجَدْتُهُ يُصَلِّي، قَالَ: فَانْتَظَرْتُهُ حَتَّى قَضَى صَلَاتَهُ، ثُمَّ جِئْتُهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاُحِبُّكَ لِلّٰهِ، فَقَالَ: اللّٰهُ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ، فَاَخَذَ بِحَبْوَةِ رِدَائِي فَجَذَبَنِي اِلَيْهِ وَقَالَ: اَبْشِرْ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: وَجَبَتْ مَحَبَّتِي لِلْمُتَحَابِّينَ فِيَّ، وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ ،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيُّ اسْمُهُ عَائِذُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، كَانَ سَيِّدَ قُرَّاءِ اَهْلِ الشَّامِ فِي زَمَانِهِ، وَهُوَ الَّذِي اَنْكَرَ عَلٰى مُعَاوِيَةَ مُحَارَبَتَهُ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ حِيْنَ، قَالَ لَهُ: مَنْ اَنْتَ حَتَّى تُقَاتِلَ عَلِيًّا، وَتُنَازِعُهُ الْخِلَافَةَ، وَلَسْتَ اَنْتَ مِثْلَهُ، لَسْتَ زَوْجَ فَاطِمَةَ وَلَا بِاَبِي الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَلَا بِابْنِ عَمِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشْفَقَ مُعَاوِيَةُ اَنْ يُفْسِدَ قُلُوبَ قُرَّاءِ الشَّامِ، فَقَالَ لَهُ: اِنَّمَا اَطْلُبُ دَمَ عُثْمَانَ، قَالَ: فَلَيْسَ عَلِيٌّ قَاتِلَهُ، قَالَ: لٰكِنَّهُ يَمْنَعُ قَاتِلَهُ عَنْ اَنْ يُقْتَصَّ مِنْهُ، قَالَ: اصْبِرْ حَتَّى اٰتِيَهُ، فَاَسْتَخْبِرُهُ الْحَالَ، فَاَتَى عَلِيًّا وَسَلَّمَ عَلَيْهِ، ثُمَّ، قَالَ لَهُ: مَنْ قَتَلَ عُثْمَانَ؟ قَالَ: اللّٰهُ قَتَلَهُ وَاَنَا مَعَهُ، عَنَى: وَاَنَا مَعَهُ مَقْتُولٌ، وَقِيلَ: اَرَادَ اللّٰهُ قَتْلَهُ، وَاَنَا حَارَبْتُهُ، فَجَمَعَ جَمَاعَةَ قُرَّاءِ الشَّامِ وَحَثَّهُمْ عَلَى الْقِتَالِ.

ابوادریس خولانی بیان کرتے ہیں: میں مسجد دمشق میں داخل ہوا تو وہاں ایک نوجوان موجود تھا جس کے سامنے کے دانت انتہائی چمک دار تھے۔ اس کے ساتھ کچھ لوگ بھی تھے جب ان لوگوں کے درمیان کسی چیز؟ کے بارے میں اختلاف ہوتا تھا تو وہ لوگ اس کی طرف رجوع کرتے تھے اور اس کی رائے پر عمل کرتے تھے میں نے اس نوجوان کے بارے میں دریافت کیا تو بتایا گیا

کہ یہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہیں۔ اگلے دن میں جلدی آ گیا' تو میں نے دیکھا کہ وہ نوجوان مجھ سے پہلے وہاں پہنچ چکا تھا۔ میں نے اسے نماز ادا کرتے ہوئے پایا۔ ابوادریس کہتے ہیں: میں ان صاحب کا انتظار کرتا رہا' یہاں تک کہ انہوں نے نماز مکمل کر لی' تو میں سامنے کی طرف سے ان کے پاس آیا۔ میں نے انہیں سلام کیا اور میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں اللہ کی خاطر آپ سے محبت رکھتا ہوں۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا اللہ تعالیٰ کی خاطر؟ میں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کی خاطر' انہوں نے میری چادر کا کنارہ پکڑا اور مجھے اپنی طرف کھینچا اور بولے: تم یہ خوشخبری حاصل کر لو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: میری محبت ان لوگوں کے لئے لازم ہو گئی ہے' جو میری خاطر ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں۔ میری خاطر ایک دوسرے کے ساتھ مل کر بیٹھتے ہیں اور میری خاطر ایک دوسرے سے ملتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوادریس خولانی نامی راوی کا نام عائذ اللہ بن عبداللہ ہے۔ یہ اپنے زمانے میں شام سے تعلق رکھنے والے علم قرأت کے ماہرین کے سردار ہیں۔

یہ وہ صاحب ہیں' جنہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حضرت علی رضی اللہ عنہ کیخلاف جنگ کرنے کا انکار کیا تھا۔

جب انہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہا: آپ کون ہوتے ہیں' جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ کریں اور خلافت کے حوالے سے ان کے ساتھ جھگڑا کریں۔ آپ ان کی مانند نہیں ہیں۔

آپ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا (جیسی خاتون کے) شوہر نہیں ہیں۔ آپ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ (جیسے حضرات) کے والد نہیں ہیں۔

آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد نہیں ہیں' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اس بات سے ڈر گئے کہ کہیں وہ شام کے قاریوں کے ذہن خراب نہ کر دیں۔' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کے بدلے کا طلبگار ہوں' تو انہوں نے کہا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تو انہیں قتل نہیں کیا' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا' لیکن وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قاتل سے قصاص لینے میں رکاوٹ بن رہے ہیں' تو انہوں نے کہا آپ صبر سے کام لیں میں ان کے پاس جاتا ہوں اور حقیقت حال جاننے کی کوشش کرتا ہوں۔ پھر یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور انہیں سلام کیا اور پھر ان سے کہا: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو کس نے قتل کیا ہے؟ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے انہیں قتل کیا ہے' اور میں بھی ان کے ساتھ ہوں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مراد یہ تھی: ان کے ساتھ میں بھی مقتول ہوں۔

اور ایک قول یہ ہے: ان کی مراد یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو قتل کرنے کا ارادہ کیا اور میں نے اس بارے میں بچنے کی کوشش کی۔ (لیکن) ابوادریس خولانی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے الفاظ کا مفہوم نہیں سمجھ سکے اور انہوں نے شام کی ایک جماعت کو اکٹھا کیا اور انہیں (حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جنگ کرنے کی ترغیب دی)۔

ذِكْرُ اِيجَابِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الزَّائِرَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ فِيهِ

اللہ تعالیٰ کی محبت ایسے شخص کے لئے واجب ہو جانے کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اپنے مسلمان بھائی سے ملتا ہے

576 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ صَالِحِ الْيَشْكُرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا زَارَ اَخًا لَهُ فِي قَرْيَةٍ اُخْرَى، فَاَرْسَلَ اللّٰهُ عَلَى مَدْرَجَتِهِ مَلَكًا، فَلَمَّا اَتَى عَلَيْهِ، قَالَ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ قَالَ: اَزُورُ اَخًا لِي فِي هَذِهِ الْقَرْيَةِ، فَقَالَ: هَلْ لَهُ عَلَيْكَ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا؟ قَالَ: لَا، اِلَّا اَنِّي اُحِبُّهُ فِي اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ اِلَيْكَ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَبَّكَ كَمَا اَحْبَبْتَهُ فِيهِ.

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص اپنے بھائی سے ملنے کے لئے دوسری بستی میں گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے راستے میں ایک فرشتے کو تعینات کر دیا۔ جب وہ شخص اس فرشتے کے پاس آیا' تو اس فرشتے نے دریافت کیا: تم کہاں جا رہے ہو؟ اس نے جواب دیا: میں اس بستی میں اپنے بھائی سے ملنے کے لئے جا رہا ہوں۔ فرشتے نے دریافت کیا: کیا اس نے تمہارے ساتھ کوئی اچھائی کی تھی جس کا تم بدلہ دے رہے ہو؟ اس شخص نے جواب دیا: جی نہیں! میں اللہ تعالیٰ کی خاطر اس سے محبت رکھتا ہوں' تو فرشتے نے کہا: میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیغام رساں کے طور پر تمہارے پاس آیا ہوں۔ اللہ تعالیٰ تم سے اسی طرح محبت رکھتا ہے' جس طرح تم اللہ تعالیٰ کی وجہ سے اس شخص سے محبت رکھتے ہو''۔

ذِكْرُ اِيجَابِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ لِلْمُتَنَاصِحِينَ وَالْمُتَبَاذِلِينَ فِيهِ

اللہ تعالیٰ کی محبت ایسے لوگوں کے لئے واجب ہو جانے کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے سے خیر خواہی رکھتے ہیں' اور ایک دوسرے پر خرچ کرتے ہیں

577 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ اَبِي زُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّيُّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاُحِبُّكَ لِغَيْرِ دُنْيَا اَرْجُو اَنْ اُصِيبَهَا مِنْكَ، وَلَا قَرَابَةَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ، قَالَ: فَلِاَيِّ شَيْءٍ؟ قُلْتُ: لِلّٰهِ، قَالَ: فَجَذَبَ حُبْوَتِي، ثُمَّ قَالَ: اَبْشِرْ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: الْمُتَحَابُّونَ فِي اللّٰهِ فِي ظِلِّ الْعَرْشِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ، يَغْبِطُهُمْ بِمَكَانِهِمِ النَّبِيُّونَ وَالشُّهَدَاءُ ثُمَّ قَالَ: فَخَرَجْتُ فَاَتَيْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، فَحَدَّثْتُهُ بِحَدِيثِ مُعَاذٍ.

فَقَالَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: حُقَّتْ

مَحَبَّتِي عَلَى الْمُتَحَابِّينَ فِيَّ، وَحُقَّتْ مَحَبَّتِي عَلَى الْمُتَنَاصِحِينَ فِيَّ، وَحُقَّتْ مَحَبَّتِي عَلَى الْمُتَزَاوِرِينَ فِيَّ، وَحُقَّتْ مَحَبَّتِي عَلَى الْمُتَبَاذِلِينَ فِيَّ، وَهُمْ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُورٍ، يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّونَ وَالصِّدِّيقُونَ بِمَكَانِهِمْ ،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُوْ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيُّ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ثُوَبٍ، يَمَانِيٌّ، تَابِعِيٌّ، مِنْ اَفَاضِلِهِمْ وَاَخْيَارِهِمْ، وَهُوَ الَّذِي قَالَ لَهُ الْعَنْسِيُّ: اَتَشْهَدُ اَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ ؟ قَالَ: لا، قَالَ: اَتَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرَ بِنَارٍ عَظِيمَةٍ، فَاُجِّجَتْ وَخَوَّفَهُ اَنْ يَقْذِفَهُ فِيهَا اِنْ لَمْ يُوَاتِهِ عَلٰى مُرَادِهٖ، فَاَبَى عَلَيْهِ، فَقَذَفَهُ فِيهَا، فَلَمْ تَضُرَّهُ فَاسْتَعْظَمَ ذٰلِكَ، وَاَمَرَ بِاِخْرَاجِهٖ مِنَ الْيَمَنِ، فَاُخْرِجَ فَقَصَدَ الْمَدِينَةَ، فَلَقِيَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَسَاَلَهُ مِنْ اَيْنَ اَقْبَلَ ؟ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ لَهُ: مَا فَعَلَ الْفَتَى الَّذِي اُحْرِقَ ؟ فَقَالَ: لَمْ يَحْتَرِقْ، فَتَفَرَّسَ فِيهِ عُمَرُ اَنَّهُ هُوَ، فَقَالَ: اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ بِاللّٰهِ، اَنْتَ اَبُوْ مُسْلِمٍ ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاَخَذَ بِيَدِهٖ عُمَرُ حَتّٰى ذَهَبَ بِهٖ اِلٰى اَبِي بَكْرٍ، فَقَصَّ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَسُرَّا بِذٰلِكَ، وَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَرَانَا فِي هٰذِهِ الْاُمَّةِ مَنْ اُحْرِقَ فَلَمْ يَحْتَرِقْ، مِثْلَ اِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقِيلَ: اِنَّهُ كَانَ لَهُ امْرَاَةٌ صَبِيحَةُ الْوَجْهِ، فَاَفْسَدَتْهَا عَلَيْهِ جَارَةٌ لَهُ، فَدَعَا عَلَيْهَا، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اَعْمِ مَنْ اَفْسَدَ عَلَيَّ امْرَاَتِي فَبَيْنَمَا الْمَرْاَةُ تَتَعَشّٰى مَعَ زَوْجِهَا اِذْ قَالَتْ: انْطَفَاَ السِّرَاجُ ؟ قَالَ زَوْجُهَا: لا، فَقَالَتْ: فَقَدْ عَمِيتُ، لا اُبْصِرُ شَيْئًا، فَاُخْبِرَتْ بِدَعْوَةِ اَبِي مُسْلِمٍ عَلَيْهَا، فَاَتَتْهُ فَقَالَتْ: اَنَا قَدْ فَعَلْتُ بِامْرَاَتِكَ ذٰلِكَ، وَاَنَا قَدْ غَرَّرْتُهَا وَقَدْ تُبْتُ، فَادْعُ اللّٰهَ يَرُدُّ بَصَرِي اِلَيَّ، فَدَعَا اللّٰهَ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ رُدَّ بَصَرَهَا، فَرَدَّهُ اِلَيْهَا .

ابومسلم خولانی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ کی قسم! میں آپ سے محبت رکھتا ہوں' لیکن کسی دنیاوی وجہ سے نہیں رکھتا کہ جس کے بارے میں مجھے یہ اُمید ہو کہ مجھے آپ کی طرف سے وہ مل جائے گی اور نہ ہی میرے اور آپ کے درمیان کوقرابت ہے' جس کی وجہ سے میں یہ محبت رکھتا ہوں۔ حضرت معاذ نے دریافت کیا: تو پھر کس وجہ سے رکھتے ہو؟ میں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے راوی کہتے ہیں: انہوں نے میری چادر کا کنارہ کھینچا اور پھر ارشاد فرمایا: اگر تم سچ کہہ رہے ہو' تو تم یہ خوشخبری حاصل کرلو۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت رکھنے والے لوگ اس دن عرش کے سائے میں ہوں گے۔ جس دن عرش کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا اور ان لوگوں کے مقام پر انبیاء اور شہداء رشک کریں گے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے نکلا اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے انہیں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ حدیث سنائی' تو حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پروردگار کا یہ فرمان نقل کرتے ہوئے سنا ہے:

''(اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:) میری محبت' میری خاطر ایک دوسرے سے محبت رکھنے والے لوگوں کے لئے لازم ہوگئی ہے۔ میری محبت' میری خاطر ایک دوسرے کی خیرخواہی رکھنے والے لوگوں کے لئے لازم ہوگئی ہے۔ میری محبت' میری خاطر

ایک دوسرے سے ملاقات کرنے والوں کے لئے لازم ہوگئی ہے۔ میری محبت' میری خاطر ایک دوسرے پر خرچ کرنے والوں کے لئے لازم ہوگئی ہے۔ یہ لوگ نور کے منبروں پر ہوں گے اور ان کے مقام پر انبیاء اور صدیقین رشک کریں گے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): ابومسلم خولانی نامی راوی کا نام عبداللہ بن ثوب ہے۔ یہ یمانی ہیں' اور تابعی ہیں۔ یہ تابعین میں سے فضیلت رکھنے والے اور بہتر لوگوں میں سے ایک ہیں۔ یہ وہ ہیں' جن سے عنسی نے یہ کہا تھا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں' تو انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس نے جواب دریافت کیا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

عنسی کے حکم کے تحت ڈھیر ساری آگ جلائی گئی' تو انہیں ڈرایا دھمکایا گیا کہ انہیں اس میں ڈال دیا جائیگا' اگر وہ اس کی مراد میں اس کا ساتھ نہیں دیں گے' لیکن انہوں نے اسے تسلیم نہیں کیا۔

تو اس نے انہیں آگ میں ڈال دیا' لیکن انہیں آگ کا کوئی نقصان نہیں ہوا' تو عنسی نے اس بات کو بہت بڑا شمار کیا۔ اس کے حکم کے تحت انہیں یمن بھجوادیا۔ انہیں وہاں سے نکالا گیا' تو یہ مدینہ منورہ آگئے وہاں ان کی ملاقات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ انہوں نے ان سے دریافت کیا: ان سے آئے ہو؟ انہوں نے اس بارے میں بتایا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: اس نوجوان کا کیا بنا جس کو جلایا گیا تھا' تو انہوں نے بتایا: وہ جلا نہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اندازہ لگالیا کہ یہی وہ صاحب ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ کے نام کی قسم دیتا ہوں تم ابومسلم ہو۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کا ہاتھ تھام کر انہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے اور انہوں نے انہیں پورا واقعہ سنایا' تو وہ دونوں حضرات اس پر بہت خوش ہوئے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''ہر طرح کی حمد' اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے' جس نے ہمیں اس امت میں ایسا شخص دکھایا ہے' جسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح جلایا گیا' لیکن وہ جلا نہیں''۔

یہ بات بھی بیان کی گئی ہے: ان کی اہلیہ بہت خوبصورت تھیں۔ ان کی ایک پڑوسن نے اس خاتون کو خراب کرنے کی کوشش کی' تو انہوں نے اس کو بددعا دی: اے اللہ! جو میری بیوی کو خراب کرنا چاہتا ہے' تو اسے اندھا کردے' تو وہ عورت اپنے شوہر کے ساتھ بیٹھی رات کا کھانا کھا رہی تھی۔ اسی دوران اس نے دریافت کیا: کیا تم نے چراغ بجھادیا ہے؟ اس کے شوہر نے جواب دیا: جی نہیں' تو اس نے کہا میں اندھی ہوگئی ہوں۔ مجھے کچھ نظر نہیں آ رہا۔

پھر اس عورت کو ابومسلم کی اسے دی گئی بددعا کے بارے میں بتایا گیا' تو وہ عورت ان کے پاس آئی اور بولی: میں نے آپ کی بیوی کے بارے میں اس طرح کرنے کی کوشش کی تھی۔

میں نے اسے دھوکہ بھی دیا اب میں توبہ کرتی ہوں۔ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ میری بینائی کو واپس کر دے۔ انہوں نے اللہ سے دعا کی اور یہ کہا: اے اللہ! اس عورت کی بینائی کو واپس کر دے' تو اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی بینائی کو واپس کر دیا۔

ذِكْرُ الاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اسْتِمَالَةَ قَلْبِ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ بِمَا لا يَحْظُرُهُ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے مسلمان بھائی کی اس حوالے سے دلجوئی کرے' جو کتاب وسنت کی رو سے ممنوع نہ ہو

578 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَامَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَيْنَ اَبِيْ ؟ قَالَ: فِي النَّارِ فَلَمَّا قَفّٰى دَعَاهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبِيْ وَاَبَاكَ فِي النَّارِ .

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا۔ اس نے دریافت کیا: میرے والد کہاں ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جہنم میں' جب وہ مڑ کر واپس گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلوایا اور ارشاد فرمایا: میرا باپ اور تمہارا باپ جہنم میں ہیں۔

ذِكْرُ تَمْثِيْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَلِيْسَ الصَّالِحَ بِالْعَطَّارِ الَّذِيْ مَنْ جَالَسَهُ عَلِقَ بِهِ رِيْحُهُ وَاِنْ لَّمْ يَنَلْ مِنْهُ

مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نیک ہم نشین کو عطار کے ساتھ تشبیہ دینا' جس کے ساتھ آدمی بیٹھتا ہے تو اس کی خوشبو اس تک پہنچتی ہے اگرچہ وہ اس سے خوشبو خریدتا نہیں ہے

579 -(سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الْعَطَّارِ، اِنْ لَّمْ يُصِبْكَ مِنْهُ، اَصَابَكَ رِيْحُهُ، وَمَثَلُ الْجَلِيْسِ السُّوْءِ مَثَلُ الْقَيْنِ، اِنْ لَّمْ يُحْرِقْكَ بِشَرَرِهٖ، عَلِقَ بِكَ مِنْ رِيْحِهٖ .

❀❀ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''نیک ہم نشین کی مثال عطار کی مانند ہے اگر تم اس سے کچھ خریدتے نہیں ہو' تو بھی اس کی خوشبو تم تک پہنچ جائے گی اور برے ہم نشین کی مثال لوہار کی طرح ہے اگر وہ اپنے شرارے کے ذریعے تمہیں جلاتا نہیں ہے' تو بھی اس کی بدبو تم تک پہنچے گی''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَنَاجِي الْمُسْلِمَيْنِ بِحَضْرَةِ ثَالِثٍ مَعَهُمَا

اس بات کی ممانعت کہ دومسلمان تیسرے کی موجودگی میں آپس میں سرگوشی میں بات کریں

580 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ ثَالِثٍ .

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

''دوآدمی تیسرے کوچھوڑکرآپس میں سرگوشی میں بات نہ کریں''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَنَاجِي الْمُسْلِمَيْنِ وَبِحَضْرَتِهِمَا اِنْسَانٌ ثَالِثٌ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ دومسلمان سرگوشی میں بات کریں جبکہ ان کے ساتھ تیسرافرد بھی موجود ہو

581 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ حُبَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَوْضِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، اَنَا وَرَجُلٌ اٰخَرُ، فَجَاءَ رَجُلٌ يُكَلِّمُهُ، فَقَالَ لَهُمَا: اسْتَرْخِيَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ وَاحِدٍ .

❀❀ عبداللہ بن دینار بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ میرے ساتھ ایک اور شخص بھی تھا۔ ایک اور شخص آیا اور ان کے ساتھ بات چیت کرنے لگا' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان دونوں صاحبان سے کہا آپ دونوں پرے ہوجائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشادفرمائی ہے:

''دوآدمی تیسرے کوچھوڑکرآپس میں سرگوشی میں بات نہ کریں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ تَنَاجِي الْمُسْلِمَيْنِ بِحَضْرَةِ اثْنَيْنِ جَائِزٌ

اس روایت کا تذکرہ' جواس بات پردلالت کرتی ہے' مزیددوآدمیوں کی موجودگی میں دومسلمانوں کا سرگوشی میں بات کرنا جائز ہے

582 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَعِنْدَ دَارِ خَالِدِ بْنِ عُقْبَةَ الَّتِي بِالسُّوقِ، فَجَاءَ رَجُلٌ يُرِيدُ اَنْ يُنَاجِيَهُ، وَلَيْسَ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَحَدٌ غَيْرِي وَغَيْرُ الرَّجُلِ الَّذِي يُرِيدُ اَنْ يُنَاجِيَهُ، فَدَعَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَجُلًا، حَتّٰى كُنَّا اَرْبَعَةً، فَقَالَ لِي وَلِلرَّجُلِ الَّذِي دَعَا، اسْتَرْخِيَا، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ وَاحِدٍ.

عبداللہ بن دینار بیان کرتے ہیں: میں اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' خالد بن عتبہ کے بازار میں موجود گھر کے پاس موجود تھے۔ وہاں ایک شخص آیا اور اس نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ سرگوشی میں کوئی بات کرنا چاہی۔ اس وقت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ میرے علاوہ اور اس شخص کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا جو ان کے ساتھ سرگوشی میں بات کرنا چاہتا تھا' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک اور شخص کو بلوایا' یہاں تک کہ ہم چار افراد ہو گئے' تو انہوں نے مجھے اور جس شخص کو انہوں نے بلوایا تھا اسے یہ کہا کہ تم دونوں پرے ہو جاؤ۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''دو آدمی ایک کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی میں بات نہ کریں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ' جو ہماری ذکر کردہ تاویل کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

583 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً، فَلا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ صَاحِبِهِمَا حَتّٰى يَخْتَلِطُوا بِالنَّاسِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تم لوگ تین آدمی ہو' تو دو آدمی اپنے ساتھی کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی میں بات نہ کریں' یہاں تک کہ جب وہ لوگوں میں گھل مل جائیں (تو آپس میں سرگوشی میں بات کر سکتے ہیں)' کیونکہ یہ چیز اسے غمگین کر دے گی''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

584 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ صَاحِبِهِمَا، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ قَالَ اَبُو صَالِحٍ: فَقُلْتُ لابْنِ عُمَرَ: فَاَرْبَعَةٌ؟ قَالَ: لا يَضُرُّكَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دو آدمی اپنے (تیسرے) ساتھی کو چھوڑ کر سرگوشی میں بات نہ کریں' کیونکہ یہ چیز اسے غمگین کر دے گی''۔

ابو صالح نامی راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: اگر چار آدمی ہوں؟ تو انہوں نے فرمایا پھر تمہیں کوئی نقصان نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَجَالِسِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ

اس روایت کا تذکرہ جس میں مسلمانوں کے درمیان بیٹھنے کی صفت کے بارے میں بتایا گیا ہے

585 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْمَجَالِسُ ثَلَاثَةٌ: سَالِمٌ، وَغَانِمٌ، وَشَاجِبٌ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجالس کی تین قسمیں ہیں۔ (یعنی محفل میں تین طرح کے لوگ شریک ہوتے ہیں) سلامتی والا (یعنی جو خاموش رہتا ہے) اور غنیمت حاصل کرنے والا (یعنی جو بھلائی کا حکم دیتا ہے) اور غمگین ہونے والا (جو غلط بات کرتا ہے)''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَجَالِسَ اِذَا تَضَايَقَتْ كَانَ عَلَيْهِمُ التَّوَسُّعُ وَالتَّفَسُّحُ دُوْنَ اَنْ يُّقِيْمَ اَحَدُهُمْ اٰخَرَ عَنْ مَّجْلِسِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب محفل کے افراد تنگ ہوں' تو ان پر یہ بات لازم ہے' وہ کشادگی اور فراخی اختیار کریں' جبکہ ان میں کوئی شخص ان میں سے کسی دوسرے کو اس کی جگہ سے اٹھائے نہیں

586 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَرَادِيُّ بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّسْعَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقِيْمَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَقْعَدِهٖ فَيَقْعُدَ فِيْهِ، وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوا وَتَوَسَّعُوا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ ایک شخص دوسرے کو اس کی جگہ سے اٹھا کر خود وہاں بیٹھ جائے' بلکہ تم کشادگی اور وسعت اختیار کرو''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّقِيْمَ الْمَرْءُ اَحَدًا مِنْ مَجْلِسِهٖ ثُمَّ يَقْعُدُ فِيْهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی کسی شخص کو اس کی جگہ سے اٹھا کر خود وہاں بیٹھ جائے

587 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يُقِيْمَنَّ اَحَدُكُمْ رَجُلًا مِنْ مَجْلِسِهٖ، ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''کوئی شخص کسی دوسرے کو اس کی جگہ سے ہرگز نہ اٹھائے کہ خود وہاں بیٹھ جائے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمَرْءَ أَحَقُّ بِمَوْضِعِهِ إِذَا قَامَ مِنْهُ بَعْدَ رُجُوعِهِ إِلَيْهِ مِنْ غَيْرِهِ

اس روایت کا تذکرہ جس میں یہ بات بتائی گئی ہے جب آدمی اپنی جگہ سے اٹھ کر جائے تو وہاں واپس آنے کے بعد وہ اس جگہ کا دوسرے کے مقابلے میں زیادہ حقدار ہوتا ہے

588 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِذَا قَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''جب کوئی شخص کسی محفل سے اٹھ کر جائے اور پھر وہاں واپس آجائے تو وہ اپنی جگہ کا زیادہ حق دار ہے''۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ اتِّكَاءِ الْمَرْءِ عَلَى يَسَارِهِ إِذَا جَلَسَ

آدمی جب بیٹھا ہوا ہو تو اپنے بائیں طرف ٹیک لگانے کے مباح ہونے کا تذکرہ

589 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْتُهُ مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ عَلَى يَسَارِهِ.

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے آپ کو بائیں طرف موجود تکیے پر ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے دیکھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ تَفَرُّقَ الْقَوْمِ عَنِ الْمَجْلِسِ عَنْ غَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ وَالصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ يَكُونُ حَسْرَةً عَلَيْهِمْ فِي الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، جب کچھ لوگ اپنی محفل میں اللہ کا ذکر کیے بغیر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے بغیر اٹھ کر چلے جاتے ہیں، تو یہ بات قیامت کے دن ان کے لئے حسرت کا باعث ہوگی

590 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو عُمَارَةَ أَحْمَدُ بْنُ عُمَارَةَ الْحَافِظُ، بِالْكَرْجِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي مَجْلِسٍ، فَتَفَرَّقُوا مِنْ غَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ، وَالصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب کچھ لوگ کسی محفل میں اکٹھے ہوتے ہیں' پھر اس محفل میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیے بغیر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے بغیر جدا ہو جاتے ہیں' تو یہ چیز قیامت کے دن ان کے لئے حسرت کا باعث ہوگی"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَسْرَةَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا تَلْزَمُ مَنْ ذَكَرْنَاهُ وَاِنْ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ حسرت جس کا ہم نے ذکر کیا ہے یہ اس شخص کو لازم ہوگی' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اگرچہ اس شخص کو جنت میں داخل کر دیا جائے

591 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا قَعَدَ قَوْمٌ مَقْعَدًا لَا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ فِيهِ وَيُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ اِلا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِنْ اُدْخِلُوا الْجَنَّةَ لِلثَّوَابِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب بھی کچھ لوگ کسی جگہ پر اکٹھے بیٹھتے ہیں اور وہ وہاں اللہ کا ذکر نہیں کرتے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہیں بھیجتے' تو یہ چیز قیامت کے دن ان کے لئے حسرت کا باعث ہوگی' اگرچہ انہیں ثواب کے لئے جنت میں داخل کر دیا جائے"۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ افْتِرَاقِ الْقَوْمِ عَنْ مَجْلِسِهِمْ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' لوگ اپنی محفل میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیے بغیر اٹھ کر چلے جائیں

592 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا قَعَدَ قَوْمٌ مَقْعَدًا لَا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ فِيهِ وَيُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّةَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب بھی کچھ لوگ کسی جگہ پر بیٹھتے ہیں اور وہ وہاں اللہ کا ذکر نہیں کرتے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہیں بھیجتے' تو یہ چیز قیامت کے دن ان کے لئے حسرت کا باعث ہوگی' اگرچہ وہ لوگ جنت میں داخل ہو جائیں''۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي إِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ عِنْدَ الْقِيَامِ مِنْ مَجْلِسِهِ خُتِمَ لَهُ بِهِ إِذَا كَانَ مَجْلِسَ خَيْرٍ، وَكَفَّارَةٌ لَّهُ إِذَا كَانَ مَجْلِسَ لَغْوٍ

ان الفاظ کا تذکرہ' جب کوئی شخص محفل سے اٹھتے وقت ان الفاظ کو پڑھ لے گا' تو ان پر مہر لگا دی جاتی ہے' جبکہ وہ محفل بھلائی کی ہو اور اگر وہ لغو محفل ہو' تو یہ کلمات اس کے لئے کفارہ بن جاتے ہیں

593 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ أَبِي هِلَالٍ، حَدَّثَهُ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كَلِمَاتٌ لَا يَتَكَلَّمُ بِهِنَّ أَحَدٌ فِي مَجْلِسِ لَغْوٍ أَوْ مَجْلِسِ بَاطِلٍ عِنْدَ قِيَامِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ إِلَّا كَفَّرَتْهُنَّ عَنْهُ، وَلَا يَقُولُهُنَّ فِي مَجْلِسِ خَيْرٍ وَمَجْلِسِ ذِكْرٍ، إِلَّا خُتِمَ لَهُ بِهِنَّ عَلَيْهِ كَمَا يُخْتَمُ بِالْخَاتَمِ عَلَى الصَّحِيفَةِ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ،

قَالَ عَمْرٌو: حَدَّثَنِي بِنَحْوِ ذَلِكَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي عَمْرٍو، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ کلمات ایسے ہیں' جو بھی شخص کسی لغو محفل میں' یا باطل محفل میں موجود رہا ہو اور وہاں اٹھتے وقت ان کلمات کو تین مرتبہ پڑھ لے' تو یہ کلمات اس کا کفارہ بن جائیں گے اور جو شخص کسی بھی بھلائی کی محفل میں' یا ذکر کی محفل میں ان کلمات کو پڑھ لے گا' تو ان کلمات پر اس کے نام کی مہر لگ جائے گی۔ جس طرح کسی صحیفے پر مہر لگائی جاتی ہے۔ (وہ کلمات یہ ہیں)

''تو پاک ہے' اے اللہ! اور حمد تیرے لئے مخصوص ہے۔ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں''۔

عمرو نامی راوی بیان کرتے ہیں: اسی طرح کی روایت عبدالرحمان بن ابوعمرو نے مقبری کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل ہونے کے طور پر مجھے سنائی تھی۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلا لِقَائِلِ مَا وَصَفْنَا مَا كَانَ فِيْ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ مِنْ لَّغْوِ

اس بات کا تذکرہ' ہم نے' جوکلمات ذکر کیے ہیں ان کے پڑھنے والے شخص کی' اللہ تعالیٰ ان چیزوں کی مغفرت کردیتا ہے' جو اس محفل میں اس سے لغو حرکت ہوئی تھی

594 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْجَنَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ جَلَسَ فِىْ مَجْلِسٍ كَثُرَ فِيْهِ لَغَطُهُ، ثُمَّ قَالَ قَبْلَ اَنْ يَقُوْمَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، لا اِلٰهَ اِلا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ، اِلا غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ فِىْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی ایسی محفل میں شریک ہو' جہاں فضول گفتگو زیادہ ہوا اور وہ وہاں سے اٹھنے سے پہلے یہ پڑھ لے۔

''تو پاک ہے' اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! حمد تیرے لئے مخصوص ہے۔ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں''۔

تو اس شخص نے اس محفل میں جو بھی غلطی کی ہوگی اس کی مغفرت ہوجائے گی۔

14 - بَابُ الْجُلُوسِ عَلَى الطَّرِيقِ

باب: راستے میں بیٹھنا

595 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِيَّاكُمْ وَالْجُلُوسَ فِي الطُّرُقَاتِ، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا لَنَا مِنْ مَجْلِسِنَا بُدٌّ نَتَحَدَّثُ فِيهَا، قَالَ: فَاِذَا اَبَيْتُمْ اِلا الْمَجْلِسَ، فَاَعْطُوا الطَّرِيقَ حَقَّهُ، قَالُوا: مَا حَقُّ الطَّرِيقِ؟ قَالَ: غَضُّ الْبَصَرِ، وَكَفُّ الْاَذَى، وَرَدُّ السَّلَامِ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ.

﴿﴾ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''راستوں میں بیٹھنے سے بچو۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لئے اس طرح بیٹھے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے۔ ہم اس طرح بیٹھ کر آپس میں بات چیت کر لیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم بیٹھنے پر اصرار کر رہے ہو' تو راستے کو اس کا حق دو۔ لوگوں نے دریافت کیا: راستے کا حق کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نگاہ کو جھکا کر رکھنا' تکلیف دہ چیز کو روک کر رکھنا' سلام کا جواب دینا' نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

596 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمَذَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَنْ تَجْلِسُوا بِاَفْنِيَةِ الصُّعُدَاتِ، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لا نَسْتَطِيعُ ذٰلِكَ وَلا نُطِيقُهُ، قَالَ: اِمَّا لا فَاَدُّوا حَقَّهَا قَالُوا: وَمَا حَقُّهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: رَدُّ التَّحِيَّةِ، وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ اِذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَغَضُّ الْبَصَرِ، وَاِرْشَادُ السَّبِيلِ.

﴿﴾ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ تم لوگ گھروں کے تھڑوں پر بیٹھو۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم تو اس کی استطاعت نہیں رکھتے اور ہم اس کی طاقت نہیں رکھتے (یعنی ہم ایسا کرنے پر

مجبور ہیں) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر ایسا ہے تو پھر تم اس کا حق ادا کرو۔ لوگوں نے دریافت کیا۔ اس کا حق کیا ہے؟ یارسول اللہ! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سلام کا جواب دینا' چھینکنے والا جب اللہ کی حمد بیان کرے' تو اسے جواب دینا، نگاہ کو جھکا کر رکھنا اور راستے کی طرف رہنمائی کرنا۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِالْخِصَالِ الَّتِي يَحْتَاجُ أَنْ يَّسْتَعْمِلَهَا مَنْ جَلَسَ عَلٰى طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ

ان آداب کو اختیار کرنے کا حکم ہونا کہ راستے میں بیٹھنے والے شخص کے لئے جن پر عمل کرنا ضروری ہے

597 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَجْلِسِ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: اِنْ اَبَيْتُمْ اِلا اَنْ تَجْلِسُوا، فَاهْدُوا السَّبِيْلَ، وَرُدُّوا السَّلَامَ، وَاَغِيْثُوا الْمَلْهُوفَ.

۞۞ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ انصار کی ایک محفل کے پاس سے گزرے' تو ارشاد فرمایا: ''اگر تم بیٹھنے پر اصرار کرتے ہو' تو راستے کی طرف رہنمائی کرو اور سلام کا جواب دو اور ضرورت مند کی مدد کرو''۔

ذِكْرُ مَا يُقَالُ لِلْعَاطِسِ اِذَا حَمِدَ اللّٰهَ عِنْدَ عُطَاسِهٖ

اس بات کا تذکرہ' جب چھینکنے والا شخص چھینکنے کے وقت اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہے' تو اسے کیا کہا جائے؟

598 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِالْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ، فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ، فَلْيَرُدَّ مَا اسْتَطَاعَ، وَلا يَقُلْ: هَاوْ، فَاِنَّهُ اِذَا قَالَ: هَاوْ، ضَحِكَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ، فَاِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَحَقٌّ عَلٰى مَنْ سَمِعَهُ اَنْ يَقُوْلَ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

توضیح مصنف: لَمْ اَسْمَعْ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فَحَقٌّ ، قَالَهُ الشَّيْخُ.

۞۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیشک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتا ہے اور جمائی کو ناپسند کرتا ہے' جبکہ کسی شخص کو جمائی آئے' تو وہ جہاں تک ہو سکے اسے روکنے کی کوشش کرے اور ''ہاؤ'' نہ کہے' کیونکہ جب وہ ''ہاؤ'' کہتا ہے' تو شیطان اس پر ہنستا ہے اور جب کسی شخص کو چھینک آئے' تو وہ الحمدللہ کہے اور جو اس کو حمد کہتے ہوئے سنے اس پر لازم ہے وہ یرحمک اللہ کہے''۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے محمد بن اسحاق نامی راوی کی زبانی (روایت کے الفاظ میں) لفظ ''فحق'' (تو یہ بات

لازم ہے) نہیں سنا ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُجِيبُ بِهِ الْعَاطِسُ مَنْ يُشَمِّتُهُ بِمَا وَصَفْنَاهُ

اس بات کا تذکرہ' جب چھینکنے والے کو کوئی شخص اس طریقے کے مطابق جواب دے' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' تو چھینکنے والے پر' اسے کیا جواب دینا لازم ہوتا ہے؟

599 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ فِي غَزَاةٍ، فَعَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ سَالِمٌ: السَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ، فَوَجَدَ الرَّجُلُ فِي نَفْسِهِ، فَقَالَ لَهُ سَالِمٌ: كَاَنَّكَ وَجَدْتَ فِي نَفْسِكَ ؟ فَقَالَ: مَا كُنْتُ اُحِبُّ اَنْ تَذْكُرَ اُمِّي بِخَيْرٍ وَلَا بِشَرٍّ، فَقَالَ سَالِمٌ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي سَفَرٍ فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ، اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، اَوْ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَلْيَقُلْ لَهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَلْيَقُلْ هُوَ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ.

ہلال بن یساف بیان کرتے ہیں: میں سالم بن عبید کے ہمراہ ایک جنگ میں شریک ہوا۔ حاضرین میں ایک صاحب کو چھینک آ گئی' تو انہوں نے کہا: السلام علیکم' تو سالم نے کہا: تم پر بھی سلام ہو اور تمہاری والدہ پر بھی سلام ہو' اس آدمی کو یہ بہت برا لگا۔ سالم نے اس سے کہا تمہیں شاید یہ بات بری لگی ہے۔ وہ بولا مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میری والدہ کا تذکرہ کیا جائے۔ خواہ بھلائی کے ساتھ کیا جائے یا برائی کے ساتھ کیا جائے' تو سالم نے کہا: ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھے۔ ایک صاحب کو چھینک آ گئی' تو انہوں نے کہا: السلام علیکم کہا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر بھی سلام ہو اور تمہاری والدہ پر بھی ہو؟ جب کسی شخص کو چھینک آئے' تو اسے الحمد الله على كل حال کہنا چاہئے یا الحمد لله رب العلمين کہنا چاہئے اور دوسرا شخص اس کے جواب میں یرحمك الله کہے اور وہ شخص اسے یہ کہے يغفر الله لكم (اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے)

ذِكْرُ إِبَاحَةِ تَرْكِ تَشْمِيتِ الْعَاطِسِ اِذَا لَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا

چھینکنے والا شخص جب اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کرتا' تو اسے جواب دینے کو ترک کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

600 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، وَجَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَمَّتَ اَوْ فَسَمَّتَ اَحَدَهُمَا، وَتَرَكَ الْاٰخَرَ، قَالَ: اِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَاِنَّ هٰذَا لَمْ يَحْمَدْهُ.

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں دو آدمیوں کو چھینک آئی' تو آپ نے ان میں سے ایک کو چھینک کا جواب دیا: اور دوسرے کو نہیں دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی ہے اور اس شخص نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی ہے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ تَرْكُ التَّشْمِيتِ لِلْعَاطِسِ اِذَا لَمْ يَحْمِدِ اللّٰهَ

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم نہیں ہے' جب چھینکنے والا شخص اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کرتا تو وہ اسے جواب دینے کو ترک کرے

601 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَمَّتَ اَحَدَهُمَا اَوْ قَالَ: فَسَمَّتَ اَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْاٰخَرَ، فَقِيلَ لَهُ: رَجُلَانِ عَطَسَا، فَشَمَّتَّ اَحَدَهُمَا وَتَرَكْتَ الْاٰخَرَ ؟ قَالَ: اِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَاِنَّ هٰذَا لَمْ يَحْمَدْهُ.

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں دو آدمیوں کو چھینک آئی۔ آپ نے ان میں سے ایک کو جواب دیا: (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) اور آپ نے دوسرے شخص کو جواب نہیں دیا۔ آپ کی خدمت میں عرض کی گئی: دو آدمیوں کو چھینک آئی تھی۔ آپ نے ان میں سے ایک کو جواب دیا ہے اور دوسرے کو نہیں دیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی تھی اور اس نے اس کی حمد بیان نہیں کی۔

ذِكْرُ وَصْفِ الرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ عَطَسَا عِنْدَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان دو آدمیوں کا تذکرہ جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں چھینک آئی تھی

602 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَلَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَدُهُمَا اَشْرَفُ مِنَ الْاٰخَرِ، فَعَطَسَ الشَّرِيفُ، فَلَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ، وَعَطَسَ الْاٰخَرُ فَحَمِدَ اللّٰهَ، فَشَمَّتَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَطَسْتُ فَلَمْ تُشَمِّتْنِي، وَعَطَسَ هٰذَا فَشَمَّتَّهُ ؟، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا ذَكَرَ اللّٰهَ، فَذَكَرْتُهُ، وَاَنْتَ نَسِيتَ فَنَسِيتُكَ.

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دو آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ان میں سے ایک دوسرے سے معزز حیثیت کا مالک تھا۔ معزز آدمی کو چھینک آئی' تو اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی۔ دوسرے شخص کو چھینک آئی'

تو اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی' تو نبی اکرم ﷺ نے اسے چھینک کا جواب دیا۔ اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے چھینک آئی تھی' تو آپ نے مجھے' تو جواب نہیں دیا۔ اس شخص کو چھینک آئی ہے' تو آپ نے اسے جواب دیدیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا تھا' تو میں نے اس کا ذکر کیا اور تم بھول گئے تھے تو میں بھی تمہیں بھول گیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَزْكُومَ يَجِبُ اَنْ يُشَمَّتَ عِنْدَ اَوَّلِ عَطْسَتِهِ ثُمَّ يُعْفٰى عَنْهُ فِيمَا بَعْدَ ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جس شخص کو زکام ہو' اس کے حوالے سے یہ بات لازم ہے' جب وہ پہلی مرتبہ چھینکے' تو اسے جواب دے دیا جائے' اس کے بعد اسے چھوڑ دیا جائے

603 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِي، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ اُخْرَى، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّجُلُ مَزْكُومٌ.

❀❀ ایاس بن سلمہ بن اکوع بیان کرتے ہیں: مجھے میرے والد نے یہ حدیث بیان کی ہے۔ ایک مرتبہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ ایک شخص کو چھینک آئی' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے" پھر اسے دوسری مرتبہ چھینک آئی' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "اس شخص کو زکام ہے"۔

16- بَابُ الْعُزْلَةِ

باب 16: گوشہ نشینی اختیار کرنے کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعُزْلَةَ عَنِ النَّاسِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ بَعْدَ الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' لوگوں کو چھوڑ کر گوشہ نشینی اختیار کرنا' اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے بعد سب سے افضل عمل ہے

604 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْقَارِظِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ ذُؤَيْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِىْ مَجْلِسٍ، فَقَالَ: اَلا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ مَنْزِلا ؟ فَقُلْنَا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: رَجُلٌ اٰخِذٌ بِرَاْسِ فَرَسِهٖ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى عُقِرَتْ اَوْ يُقْتَلَ، اَفَاُخْبِرُكُمْ بِالَّذِىْ يَلِيْهِ ؟ قُلْنَا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: امْرُؤٌ مُعْتَزِلٌ فِىْ شِعْبٍ يُقِيْمُ الصَّلَاةَ، وَيُؤْتِى الزَّكَاةَ، وَيَعْتَزِلُ شُرُوْرَ النَّاسِ، اَفَاُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ ؟ قُلْنَا: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: الَّذِىْ يُسْاَلُ بِاللّٰهِ وَلا يُعْطِىْ بِهٖ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس تشریف لائے وہ اس وقت ایک محفل میں بیٹھے ہوئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تم لوگوں کو قدر و منزلت کے اعتبار سے سب سے بہتر شخص کے بارے میں نہ بتاؤں؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جو اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کے سر پکڑ کر (جہاد کے لئے جائے)' یہاں تک کہ اس (گھوڑے) کے پاؤں کاٹ دیے جائیں یا وہ شخص قتل کر دیا جائے' کیا میں تمہیں اس سے بعد والے شخص کے بارے میں بتاؤں۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ شخص جو کسی گھاٹی میں الگ تھلگ رہتا ہو نماز قائم کرتا ہو زکوٰۃ ادا کرتا ہو اور لوگوں کے شر سے لاتعلق رکھتا ہو کیا میں تمہیں سب سے زیادہ برے شخص کے بارے میں بتاؤں؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ شخص جس سے اللہ کے نام سے مانگا جائے اور وہ نہ دے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الاعْتِزَالَ فِي الْعِبَادَةِ يَلِي الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فِي الْفَضْلِ

اس بات کا تذکرہ عبادت کیلئے الگ تھلگ رہنا' فضیلت کے اعتبار سے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے بعد ہے

605 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): اَلا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ ؟ اِنَّ خَيْرَ النَّاسِ رَجُلٌ يُمْسِكُ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاُخْبِرُكُمْ بِالَّذِي يَتْلُوْهُ ؟ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِي غَنَمِهٖ، يُؤَدِّي حَقَّ اللّٰهِ فِيهَا، وَاُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ، رَجُلٌ يُسْاَلُ بِاللّٰهِ وَلا يُعْطِي بِهٖ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کیا تمہیں سب سے بہتر شخص کے بارے میں بتاؤں؟ سب سے بہتر شخص وہ ہے' جو اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کی لگام پکڑ کر (جہاد کے لئے جاتا ہے) میں تمہیں اس کے بعد والے شخص کے بارے میں بتاتا ہوں یہ وہ شخص ہے' جو الگ تھلگ اپنی بکریوں میں رہتا ہے اور ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حق (یعنی زکوٰۃ) کو ادا کرتا ہے اور میں تمہیں سب سے برے شخص کے بارے میں بتاتا ہوں۔ یہ وہ شخص ہے' جس سے اللہ تعالیٰ کے نام پر مانگا جائے اور وہ نہیں دیتا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الاعْتِزَالَ لِمَنْ تَفَرَّدَ بِغَنَمِهٖ مَعَ عِبَادَةِ اللّٰهِ اِنَّمَا يَسْتَحِقُّ الثَّوَابَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ اِذَا لَمْ يَكُنْ يُؤْذِي النَّاسَ بِلِسَانِهٖ وَيَدِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ علیحدگی اختیار کرنا اس شخص کے لئے' جو اللہ کی عبادت کے ہمراہ اپنی بکریوں کے ساتھ الگ ہو جاتا ہے ایسا شخص اس ثواب کا مستحق بنتا ہے

جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' جبکہ وہ اپنی زبان اور ہاتھوں کے ذریعے لوگوں کو اذیت نہ پہنچائے

606 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبِ الْبَلْخِيُّ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ ؟ فَقَالَ: رَجُلٌ جَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِمَالِهٖ وَنَفْسِهٖ ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ ؟ قَالَ: مُؤْمِنٌ فِي شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ يَعْبُدُ اللّٰهَ، وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهٖ.

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا عمل زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: وہ شخص جو اللہ کی راہ میں اپنی جان اور مال کے ہمراہ جہاد کرے اس نے دریافت کیا: پھر کون سا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ مومن جو کسی گھاٹی میں رہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھے۔

7- کِتَابُ الرَّقَائِقِ

کتاب 7: (دلوں کو) نرم کرنے والی روایات

1- بَابُ الْحَيَاءِ

باب 1: حیا کے بارے میں روایات

607 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ.

مَا سَمِعَ الْقَعْنَبِيُّ مِنْ شُعْبَةَ اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ قَالَهُ الشَّيْخُ.

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''لوگوں نے پہلی نبوت (یعنی سابقہ انبیاء علیہم السلام) کے کلام میں سے جو چیز پائی ہے اس میں سے ایک بات یہ ہے:

''جب تمہیں شرم نہ آئے' تو پھر جو چاہے کرو''۔

قعنبی نامی راوی نے شعبہ سے صرف یہی حدیث سنی ہے' یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُوْمِ الْحَيَاءِ عِنْدَ تَزْيِيْنِ الشَّيْطَانِ لَهُ ارْتِكَابَ مَا زُجِرَ عَنْهُ

607- إسناده صحيح، على شرط الشيخين. وأخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند 5/273، والطبراني 17/651، والقضاعي 1156 . عن أبي خليفة، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوُد 4797 في الأدب: باب في الحياء ، والطبراني 17/651، والقضاعي 1153 من طرق عن القعنبي عبد الله بن مسلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي 621 ، وأحمد 4/121 و122، البخاري 3484 في أحاديث الأنبياء ، وفي الأدب المفرد 1316 ، وأبو نعيم في الحلية 4/370، والبيهقي في السُّنن 10/192، وابن أبي الدنيا في مكارم الأخلاق 83 من طريق شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/121 و122 و5/273، وأبو نعيم في الحلية 4/370 من طريق سفيان الثوري، والبخاري 3483 في أحاديث الأنبياء ، وفي الأدب المفرد 597 ومن طريقه البغوي في شرح السُّنة 3597 من طربق زهير، وابن ماجة 4183 في الزهد: باب الحياء من طريق جرير، وأبو نعيم في الحلية 8/124 من طريق فضيل بن عياض، كلهم عن منصور، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 20149 عن معمر، عن الأعمش، عن أبي الضحى، عن مسروق، عن أبي مسعود. وفي الباب عن حذيفة عند أحمد 5/383 و405، وأبي نعيم في الحلية 4/371، وفي أخبار أصبهان 2/78، والخطيب في تاريخ بغداد 12/135، 136، وإسناده صحيح على شرط مسلم.

اس روایت کا تذکرہ جو اس بارے میں ہے کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ اس وقت حیا کو اختیار کرے جب شیطان اس کے سامنے اس چیز کو آراستہ کرتا ہے جس کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہے

608 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متنِ حدیث): اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ .

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حیا' ایمان کا حصہ ہے اور ایمان جنت میں ہوگا اور فحش گوئی' جفاء کا حصہ ہے اور جفاء جہنم میں ہوگی''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

609 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنْ حَمَّادِ بن زيد قال حدثنا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متنِ حدیث): اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ .

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حیا ایمان کا حصہ ہے اور ایمان جنت میں ہوگا اور فحش گوئی' جفاء کا حصہ ہے اور جفاء جہنم میں ہوگی''۔

608- إسناده حسن، محمد بن عمرو حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه ابن أبي شيبة في الإيمان ص 13، وأحمد 2/501، والترمذي 2009 في البر والصلة: باب ما جاء في الحياء، وابن أبي الدنيا في مكارم الأخلاق 75، وابن وهب في الجامع 73، والحاكم في المستدرك 1/52، 53 من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. قال الترمذي: حسن صحيح. وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي. وفي الباب عن ابن عمر في الحديث برقم 610. وعن أبي بكرة عند البخاري في الأدب المفرد 1314، وابن ماجة 4184 في الزهد: باب الحياء، والطبراني في الصغير 2/115، وابن أبي الدنيا في مكارم الأخلاق 72، وأبي نعيم في الحلية 3/60، والطحاوي في مشكل الآثار 4/237، 238، وصححه الحاكم 1/52 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي. وعن عمران بن الحصين عند الطبراني في الصغير 2/11، وابن أبي الدنيا في مكارم الأخلاق 76، وأبي نعيم في الحلية 3/59، 60. وعن أبي أمامة عند الحاكم في المستدرك 1/52، وصححه ووافقه الذهبي.

609- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سليمان بن داوُد، فمن رجال مسلم. وتقدم قبله من طريق محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَيَاءَ جُزْءٌ مِنْ اَجْزَاءِ الْاِيمَانِ اِذِ الْاِيمَانُ شُعَبٌ لِاَجْزَاءٍ عَلٰى مَا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس بات کا بیان کا تذکرہ حیا ایمان کے اجزاء میں سے ایک جز ہے کیونکہ ایمان کے اجزاء کے مختلف شعبے ہیں جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

610 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا بن اَبِي السَّرِيّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ فإن الحياء من الإيمان .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ دَعْهُ لَفْظَةُ زَجْرٍ يُرَادُ بها ابتداء أمر مستأنف.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک شخص کے پاس سے ہوا' جو اپنے بھائی کو حیا کے بارے میں تلقین کر رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے رہنے دو' کیونکہ حیا ایمان کا حصہ ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): روایت کے یہ الفاظ: ''تم اسے چھوڑ دو''۔

اس سے مراد ایسی ممانعت ہے' جو معاملے کے آغاز میں نئے سرے سے ہو۔

610- حديث صحيح، ابن أبي السري: صدوق إلا أن له أوهاما كثيرة، وقد توبع عليه كما يأتي. وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين. وهو عند عبد الرزاق في المصنف 20146 ، ومن طريقه أخرجه مسلم 36 في الإيمان: باب بيان عدد شعب الإيمان وأفضلها وأدناها، وابن منده في الإيمان 175 . وأخرجه مالك 3/98 في باب ما جاء في الحياء، ومن طريقه أحمد 2/56، والبخاري 24 في الإيمان: باب الحياء من الإيمان، وفي الأدب المفرد 602 ، وأبو داؤد 4795 في الأدب: باب في الحياء ، والنسائي 8/121 في الإيمان: باب الحياء ، وابن منده في الإيمان 176 عن الزهري، بهذا الإسناد . وأخرجه الحميدي 625 ، وأحمد 2/9، ومسلم 36 أيضًا، والترمذي 2615 في الإيمان: باب ما جاء أن الحياء من الإيمان، وابن ماجة 58 في المقدمة، وابن منده 174 ، من طريق سفيان بن عيينة، والبخاري 6118 في الأدب: باب الحياء ، وفي الأدب المفرد 602 ، وابن أبي الدنيا في مكارم الأخلاق 73 ، والبغوي في شرح السُّنة 3594 ، وابن منده 176 من طريق عبد العزيز الماجشون، وابن منده 176 من طريق شعيب بن أبي حمزة، والطبراني في الصغير 1/263 من طريق قرة بن عبد الرحمٰن، أربعتهم عن الزهري، به.

2- بَابُ التَّوْبَةِ

باب 2: توبہ کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ النَّدَمَ تَوْبَةٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: ندامت توبہ ہے

611- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِی الصِّدِّيْقِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ (متن حدیث): كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا فَسَاَلَ عَنْ اَعْلَمِ اَهْلِ الْاَرْضِ فَدُلَّ عَلٰى رَاهِبٍ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنَّهُ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ قَالَ لَا فَقَتَلَهُ وَكَمَّلَ بِهٖ مِائَةً ثُمَّ سَاَلَ عَنْ اَعْلَمِ اَهْلِ الْاَرْضِ فدل على رجل فقال إنه قتل مائة فَهَلْ لَهُ تَوْبَةٌ قَالَ نَعَمْ مَنْ يَّحُولُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ التَّوْبَةِ ائْتِ اَرْضَ كَذَا وَكَذَا فَاِنَّ بِهَا نَاسًا يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ فَاعْبُدِ اللّٰهَ وَلَا تَرْجِعْ اِلٰى اَرْضِكَ فَاِنَّهَا اَرْضُ سُوْءٍ فَانْطَلَقَ حَتّٰى اِذَا انْتَصَفَ الطَّرِيْقَ اَتَاهُ الْمَوْتُ فَاخْتَصَمَتْ فِيْهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ جَاءَ نَا تَائِبًا مُقْبِلًا بِقَلْبِهٖ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ اِنَّهُ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ فَاَتَاهُ مَلَكٌ فِیْ صُوْرَةِ اٰدَمِیٍّ فَجَعَلُوْهُ بَيْنَهُمْ فَقَالَ قِيْسُوْا مَا بَيْنَ الْاَرْضَيْنِ اَيُّهُمَا كَانَ اَقْرَبَ فَهِیَ لَهُ فَقَاسُوْهُ فَوَجَدُوْهُ اَدْنٰى اِلَى الْاَرْضِ الَّتِیْ أراد فقبضته بها ملائكة الرحمة. (0: 00)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

اس بات کے بیان کا تذکرہ، وہ حسن ظن جس کی ہم نے صفت بیان کی ہے، لازم یہ ہے
وہ اللہ تعالیٰ کے خوف کے ساتھ ملا ہونا چاہئے

640 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْجَوْزَجَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْوِىْ عَنْ رَبِّهِ جَلَّ وَعَلَا قَالَ:

(متن حدیث): وَعِزَّتِىْ لَا اَجْمَعُ عَلٰى عَبْدِىْ خَوْفَيْنِ وَاَمْنَيْنِ اِذَا خَافَنِىْ فِى الدُّنْيَا اَمَّنْتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِذَا اَمِنَنِىْ فِى الدُّنْيَا اَخَفْتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مجھے اپنی عزت کی قسم ہے میں اپنے کسی بندے پر دوطرح کا خوف اور دوطرح کا امن اکٹھا نہیں کروں گا۔ اگر وہ دنیا میں مجھ سے خوف رکھے گا، تو میں قیامت میں اسے امن عطا کروں گا اور اگر وہ دنیا میں مجھ سے مامون رہے گا، تو میں قیامت میں اسے خوف میں مبتلا کروں گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ اَحْسَنَ بِالْمَعْبُوْدِ كَانَ لَهُ عِنْدَ ظَنِّهِ وَمَنْ اَسَاءَ بِهِ الظَّنَّ كَانَ لَهُ عِنْدَ ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ'' جو شخص معبود کے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہے، تو وہ اس کے گمان کے مطابق ہوتا ہے، اور جو شخص برا گمان رکھتا ہے، تو وہ اس کے مطابق ہوتا ہے

641 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ حَيَّانَ اَبِى النَّضْرِ قَالَ

(متن حدیث): خَرَجْتُ عَائِدًا لِيَزِيْدَ بْنِ الْاَسْوَدِ فَلَقِيْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ وَهُوَ يُرِيْدُ عِيَادَتَهُ فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَلَمَّا رَاٰى وَاثِلَةَ بَسَطَ يَدَهُ وَجَعَلَ يُشِيْرُ اِلَيْهِ فَاَقْبَلَ وَاثِلَةُ حَتّٰى جَلَسَ فَاَخَذَ يَزِيْدُ بِكَفَّىْ وَاثِلَةَ فَجَعَلَهُمَا عَلٰى وَجْهِهِ فَقَالَ لَهُ وَاثِلَةُ كَيْفَ ظَنُّكَ بِاللّٰهِ قَالَ ظَنِّىْ بِاللّٰهِ وَاللّٰهِ حَسَنٌ قَالَ فَاَبْشِرْ فَاِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

640- إسناده حسن، محمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات، وله شاهد مرسل بسند صحيح عند ابن المبارك في الزهد برقم 157 .

641- إسناده صحيح، وأخرجه الطبراني في الكبير 22/ 209 من طريق أبي توبة الربيع بن نافع، عن محمد بن مهاجر، بهذا الإسناد . دون ذكر قصة عيادة يزيد بن الأسود. وأخرجه الطبراني في الكبير 22/ 215 ، وفي الأوسط 104 كما في مجمع البحرين ، من طريق عمرو بن واقد، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ واثلة بن الأسقع. وتقدم برقم 633 و 634 و 635

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِىْ بِىْ اِنْ ظَنَّ خَيْرًا وَاِنْ ظَنَّ شَرًّا . (1: 95)

حیان ابونضر بیان کرتے ہیں: میں یزید بن اسود کی عیادت کرنے کے لئے روانہ ہوا' تو میری ملاقات حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے ہوئی وہ بھی ان کی عیادت کے لئے جارہے تھے ہم یزید کے پاس پہنچے جب انہوں نے حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا' تو اپنا ہاتھ پھیلا دیا اوران کی طرف اشارہ کرنے لگے۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ آگے ہوئے اور تشریف فرما ہوئے' تو یزید نے حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کے دونوں ہاتھ پکڑ لئے اوران دونوں کو اپنے چہرے پر رکھا۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: اللہ تعالیٰ کے بارے میں تمہارا گمان کیا ہے؟ یزید نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ کے بارے میں میرا گمان اچھا ہے' تو حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم خوشخبری قبول کرو' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں۔ خواہ وہ بھلائی کا گمان رکھے خواہ وہ برائی کا گمان رکھے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِاَنْوَاعِ النِّعَمِ عَلٰى مَنْ يَّسْتَوْجِبُ مِنْهُ اَنْوَاعَ النِّقَمِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل کے تحت ان لوگوں کو مختلف طرح کی نعمتیں عطا کی ہیں' جن لوگوں پر یہ بات لازم ہے کہ ان پر مختلف طرح کا عذاب ہو

642- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ عَنْ يَّحْيَى الْقَطَّانِ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا اَحَدٌ اَصْبَرَ عَلٰى اَذًى يَسْمَعُهُ مِنَ اللّٰهِ يَجْعَلُوْنَ لَهُ نِدًّا وَيَجْعَلُوْنَ لَهُ وَلَدًا وهو فى ذلك يرزقهم ويعافيهم ويعطيهم . (3: 66)

حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی بھی شخص کسی بھی تکلیف دہ بات کو سن کر اللہ تعالیٰ سے زیادہ صبر نہیں کرتا' لوگ اس کا شریک بناتے ہیں۔ لوگ اس کی اولاد قرار دیتے ہیں اور وہ اس کے باوجود ان لوگوں کو رزق دیتا ہے۔ ان کو عافیت دیتا ہے ان کو (مختلف طرح کی نعمتیں) عطا کرتا ہے''۔

642- إسناده صحيح على شرط البخارى. وأخرجه البخارى 6099 فى الأدب: باب الصبر فى الأذى، عن مسدد بن مُسَرْهَد، والنسائى فى النعوت فى الكبرى كما فى تحفة الأشراف 6/424 عن عمرو بن على، كلاهما عن يحيى القطان، عن سفيان الثورى، عن الأعمش، به، بزيادة سفيان بين القطان والأعمش. وأخرجه أحمد 4/395 و401 و405، والبخارى 7378

4- بَابُ الْخَوْفِ وَالتَّقْوٰى

باب 4: خوف اور تقویٰ کے بارے میں روایات

643 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ اَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ .

(متن حدیث): اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ لَمَّا قُبِرَ قَالَتْ اُمُّ الْعَلَاءِ طِبْتَ اَبَا السَّائِبِ فِي الْجَنَّةِ فَسَمِعَهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ هٰذِهِ فَقَالَتْ اَنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَلْ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ مَا رَاَيْنَاهُ اِلَّا خَيْرًا وَهَا اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ مَا اَدْرِي مَا يُصْنَعُ بِي .

قَالَ عَمْرٌو: وَسَمِعَهُ اَبُو النَّضْرِ مِنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِيهِ .

❀❀ ابونضر بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو جب دفن کر دیا گیا' تو ام العلاء نے کہا: اے ابوسائب! آپ نے جنت میں ٹھکانہ بنالیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کی یہ بات سنی' تو ارشاد فرمایا: یہ کون عورت ہے۔ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہاری مراد کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں عثمان بن مظعون' ہمیں اس کے بارے میں صرف بھلائی کا علم ہے' لیکن میں اللہ کا رسول ہوں' لیکن اللہ کی قسم! مجھے نہیں معلوم کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا؟

عمرو کہتے ہیں ابونصر نامی راوی نے یہ روایت خارجہ بن زید کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے سنی ہے۔

644 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمِنْهَالِ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ مُعَاذٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا سِمَاكٌ سَمِعَ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

643- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 6/436 عن يونس بن محمد، وأخرجه عبد الرزاق 20422 ومن طريقه أحمد 6/436، والطبراني في الكبير /25 337 عن معمر، وأخرجه أحمد 6/436، والبخاري 3929 في مناقب الأنصار: باب مقدم النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه المدينة، والطبراني /25 338 من طريق إبراهيم بن سعد، والبخاري 1243 في الجنائز: باب الدخول على الميت بعد الموت، و 7003 في التعبير: باب رؤيا النساء، من طريق عقيل، و 2687 في النساء، من طريق شعيب، و 7018 في التعبير: باب العين الجارية في المنام، وابن سعد في الطبقات 3/398 من طريق معمر، والطبراني /25 339 .

(متن حدیث):اُنْذِرُكُمُ النَّارَ اُنْذِرُكُمُ النَّارَ اُنْذِرُكُمُ النَّارَ حَتّٰى لَوْ كَانَ فِیْ مَقَامِی هٰذَا وَهُوَ بِالْكُوفَةِ سَمِعَهُ اَهْلُ السُّوقِ حَتّٰى وَقَعَتْ خَمِیصَةٌ كَانَتْ عَلٰى عاتقه علی رجلیه. (3: 79)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں تمہیں جہنم سے ڈرار ہا ہوں میں تمہیں جہنم سے ڈرار ہا ہوں میں تمہیں جہنم سے ڈرار ہا ہوں''۔

(حضرت نعمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری اس جگہ پر ہوتے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ اس وقت کوفہ میں تھے' تو بازار کے لوگ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات سن لیتے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھے پر موجود چادر گر کر آپ کے پاؤں میں آ گئی تھی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الِانْتِسَابَ اِلَى الْاَنْبِيَاءِ لَا يَنْفَعُ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يَنْتَفِعُ الْمُنْتَسِبُ اِلَيْهِمْ اِلَّا بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالْعَمَلِ الصَّالِحِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' انبیاء کی طرف نسبت کرنا آخرت میں فائدہ نہیں دے گا ان کی طرف نسبت صرف اسی شخص کو فائدہ دے گی' جو اللہ تعالیٰ کا تقویٰ رکھتا ہو اور نیک عمل کرتا ہو

645- (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث):يَاْخُذُ رَجُلٌ بِيَدِ اَبِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرِيدُ اَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ فَيُنَادَى اَلَا اِنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا مُشْرِكٌ قَالَ فَيَقُولُ اَيْ رَبِّ اَبِي قَالَ فَيُحَوَّلُ فِي صُورَةٍ قَبِيحَةٍ وَرِيحٍ مُنْتِنَةٍ فَيَتْرُكُهُ.

قَالَ اَبُو سَعِيدٍ كَانُوا يَقُولُونَ اِنَّهُ اِبْرَاهِيمُ قَالَ وَلَمْ يَزِدْهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ذٰلِكَ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قیامت کے دن ایک شخص اپنے باپ کا ہاتھ پکڑے گا وہ اسے جنت میں لے جانا چاہے گا' تو پکار کر کہا جائے گا۔ خبردار! جنت میں کوئی مشرک داخل نہیں ہوگا' تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! یہ میرا باپ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو اس کے باپ کو انتہائی بدصورت اور بدبودار کر دیا جائے گا' تو وہ شخص اسے چھوڑ دے گا''۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگ یہ کہا کرتے تھے: اس سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام (اور ان کے والد) کا معاملہ ہے'

644- إسناده حسن من أجل سماك- وأخرجه أحمد فی المسند 4/268 و272، والدارمی 2/330 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد فی الزهد ص 29 من طریق أبی الأحوص، عن سماك، به. وسیعیده المؤلف برقم 667 .

645- إسناده صحیح علی شرط البخاری. أحمد بن المقدام من شرط البخاری، ومن فوقه علی شرطهما. وقد أورده المؤلف برقم 252

تاہم نبی اکرم ﷺ نے اس کے علاوہ مزید کچھ ارشاد نہیں فرمایا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اَوْلَادَ فَاطِمَةَ لَا يَضُرُّهُمُ ارْتِكَابُ الْحَوْبَاتِ فِي الدنيا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا وَعَنْ بَعْلِهَا وَعَنْ وَلَدِهَا وَقَدْ فَعَلَ

اس روایت کا تذکرہ‘ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے‘ جو اس بات کا قائل ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد کو دنیا میں کیے جانے والے کسی بھی گناہ کے ارتکاب کا نقصان نہیں ہوگا

اللہ تعالیٰ ان سے‘ ان کے شوہر (حضرت علی رضی اللہ عنہ) سے اور ان کی اولاد سے راضی ہو اور اللہ تعالیٰ ایسا کر چکا ہے (یعنی ان سے وہ راضی ہے)

646 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214) جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشًا فَقَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اَنْقِذُوا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَاِنِّي لَا اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَلِبَنِي عَبْدِ مَنَافٍ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَاِنِّي لَا اَمْلِكُ لَكِ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إلا أن لك رحما سأبلها ببلالها .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ هٰذَا مَنْسُوخٌ اِنَّ فِيهِ اَنَّهُ لَا يَشْفَعُ لِاَحَدٍ واخْتِيَارُ الشَّفَاعَةِ كَانَتْ بالمدينة بعده. (5: 45)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اور تم اپنے قریبی رشتے داروں کو ڈراؤ''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے قریش کو اکٹھا کیا آپ نے فرمایا: اے قریش کے گروہ! اپنے آپ کو جہنم سے بچالو کیونکہ میں تمہارے حوالے سے کسی نقصان یا نفع کا مالک نہیں ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے عبد مناف کی اولاد سے بھی یہی بات کہی۔ عبدالمطلب کی اولاد سے بھی یہی بات کہی پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اے محمد کی صاحبزادی فاطمہ! تم اپنے آپ کو جہنم سے بچالو کیونکہ میں تمہیں کوئی نقصان یا نفع پہنچانے کا مالک نہیں ہوں‘ البتہ میری تمہارے ساتھ رشتے داری ہے۔ اس کا فائدہ میں تمہیں پہنچاؤں گا۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت منسوخ ہے‘ کیونکہ اس میں‘ تو یہ مذکور ہے کہ کوئی شخص کسی کے لئے شفاعت نہیں

646- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير حكيم بن سيف الرقي، وأخرجه الترمذي 3185 في التفسير: باب ومن سورة الشعراء . وأخرجه أحمد 2/333 من طريق مسعر، و 360 من طريق زائدة، و 361 من طريق شيبان، و 519 من طريق أبي عوانة، ومسلم 204 في الإيمان: باب في قوله تعالى: (وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ) ، والنسائي 6/248 في الوصايا: باب إذا أوصى لعشيرته الأقربين.

کرے گا' لیکن (نبی اکرم ﷺ کو) بعد میں مدینہ منورہ میں شفاعت کا اختیار مل گیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ اَوْلِيَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ دُوْنَ اَقْرِبَائِهٖ اِذَا كَانُوْا فَجَرَّةً

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھی پرہیزگار لوگ ہوں گے آپ کے قریبی رشتے دار مراد نہیں ہیں' جبکہ وہ گناہگار ہوں

647 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نَشِيطٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ رُهَيْمٍ بَغْدَادِيٌّ ثِقَةٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِيْ رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ السَّكُوْنِيِّ

(متن حدیث): عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ لَمَّا بَعَثَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ خَرَجَ مَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْصِيهِ مُعَاذٌ رَاكِبٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ رَاحِلَتِهٖ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: يَا مُعَاذُ اِنَّكَ عَسٰى اَنْ لَا تَلْقَانِيْ بَعْدَ عَامِيْ هٰذَا لَعَلَّكَ اَنْ تَمُرَّ بِمَسْجِدِيْ وَقَبْرِيْ فَبَكٰى مُعَاذٌ خَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الْتَفَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: اِنَّ اَهْلَ بَيْتِيْ هٰؤُلَاءِ يَرَوْنَ اَنَّهُمْ اَوْلَى النَّاسِ بِيْ وَاِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِيَ الْمُتَّقُوْنَ مَنْ كَانُوْا حَيْثُ كَانُوا اللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَا اُحِلُّ لَهُمْ فَسَادَ مَا اَصْلَحْتَ وَايْمُ اللّٰهِ لَيُكْفَؤُوْنَ اُمَّتِيْ عَنْ دِيْنِهَا كَمَا يُكْفَأُ الْإِنَاءُ فِي الْبَطْحَاءِ .(3: 66)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ نے انہیں یمن بھیجا' تو نبی اکرم ﷺ انہیں تلقین کرنے کے لئے ان کے ساتھ نکلے۔ حضرت معاذ اس وقت سوار تھے جب کہ نبی اکرم ﷺ ان کی سواری کے نیچے (پیدل) چل رہے تھے۔ جب آپ فارغ ہوئے' تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''اے معاذ! ہوسکتا ہے اس سال کے بعد تمہاری مجھ سے ملاقات نہ ہو۔ ہوسکتا ہے' اب کی بار تمہارا گزر میری قبر اور میری مسجد کے پاس سے ہو' تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی جدائی کے خوف سے رونے لگے پھر نبی اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ کی طرف توجہ کی اور ارشاد فرمایا: میرے اہل بیت یہ سمجھتے ہیں کہ وہ لوگ باقی سب لوگوں کے مقابلے میں میرے زیادہ قریب ہیں' حالانکہ میرے سب سے زیادہ قریب پرہیزگار لوگ ہیں' خواہ وہ جو کوئی بھی ہوں اور خواہ وہ جہاں کہیں بھی رہتے ہوں۔ اے اللہ! میں ان کے لئے ایسی کسی چیز کے فساد کو حلال قرار نہیں دیتا جسے' تو نے صالح

647- إسناده قوي، وأخرجه أحمد 5/235، والطبراني في الكبير 20/ 241 عن أحمد بن عبد الوهاب بن نجدة الحوطي، كلاهما عن أبي المغيرة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/235، والطبراني في الكبير 20/ 242، والبيهقي في السُّنن 10/86 من طريق أبي اليمان، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في المجمع 9/22، وقال: رواه أحمد بإسنادين، ورجال الإسنادين. وأورده الهيثمي أيضًا 10/231، 232، واقتصر في نسبته على الطبراني، وقال: إسناده جيد. وأخرج البخاري 5990 في الأدب؛ ومسلم 215 في الإيمان، وأحمد 4/203

قرار دیا ہے۔ اللہ کی قسم! یہ لوگ میری امت کے دین کے حوالے سے اسی طرح اوندھے ہوں گے، جس طرح میدان میں برتن کو الٹا دیا جاتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ مِمَّا حَرَّمَ عَلَيْهِ كَانَ هُوَ الْكَرِيْمُ دُوْنَ النَّسِيْبِ الَّذِیْ يُقَارِفُ مَا حُظِرَ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، جو شخص اللہ تعالیٰ سے اس چیز کے حوالے سے ڈرتا ہے، جو اللہ تعالیٰ نے اس پر حرام قرار دی ہے، تو وہ کسی صاحب نسب شخص کے مقابلے میں زیادہ معزز ہے

جو صاحب نسب ممنوعہ چیزوں کا مرتکب ہوتا ہے

648 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَعْشَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ

(متن حدیث): عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَكْرَمُ النَّاسِ قَالَ: اَتْقَاهُمْ قَالُوْا لَسْنَا عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ: فَعَنْ مَّعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْاَلُوْنِیْ خِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ فِی الْاِسْلَامِ إذا فقهوا . (3: 65)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی: یا رسول اللہ! سب سے زیادہ معزز کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو، لوگوں نے عرض کی: ہم اس کے بارے میں آپ سے دریافت نہیں کر رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم عربوں کے بڑوں کے بارے میں دریافت کر رہے ہو؟ تم میں سے جو لوگ زیادہ بہتر (شمار ہوتے ہیں) وہ اسلام میں بھی بہتر شمار ہوں گے جبکہ وہ (دینی تعلیمات کی) سمجھ بوجھ حاصل کر لیں۔

ذِكْرُ رَجَاءِ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ غَلَبَتْ عَلَيْهِ حَالَةُ خَوْفِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى حَالَةِ الرَّجَاءِ

ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی مغفرت کی امید ہونے کا تذکرہ، جس پر اللہ تعالیٰ کے خوف کی کیفیت، امید کی کیفیت پر غالب ہو

648- إسناده صحيح على شرط البخاری، فإن محمد بن سنان- من رجال البخاری، ومن فوقه على شرطهما . وأخرجه البخاری 3374 فی أحاديث الأنبياء : باب (اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ) من طريق المعتمر بن سليمان، و 3383 باب قول اللّٰه تعالى: (لَقَدْ كَانَ فِیْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖ اٰيَاتٌ لِلسَّائِلِيْنَ) ، و 4689 فی التفسير: باب (لَقَدْ كَانَ فِیْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖ اٰيَاتٌ لِلسَّائِلِيْنَ) من طريق أبی أسامة وعبيدة بن سليمان، ثلاثتهم عن عبيد اللّٰه بن عمر، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاری 3353 فی الأنبياء : باب (وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا) عن على بن عبد اللّٰه المدينی، و 3490 فی المناقب: باب قول اللّٰه تعالى: (يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَاُنْثٰی ..) وتقدم الحديث برقم 92 من طريق محمد بن سيرين، عن أبی هريرة. فانظره.

649- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَانَ فِيمَنْ سَلَفَ مِنَ النَّاسِ رَجُلٌ رَغَسَهُ اللّٰهُ مَالًا وَوَلَدًا فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ جَمَعَ بَنِيْهِ فَقَالَ اَيَّ اَبٍ كُنْتُ لَكُمْ قَالُوْا خَيْرَ اَبٍ فَقَالَ اِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا ابْتَارَ عِنْدَ اللّٰهِ خير قَطُّ وَاِنَّ رَبَّهُ يُعَذِّبُهُ فَاِذَا اَنَا مِتُّ فأحرقوني ثم اسحقوني ثُمَّ اذْرُوْنِىْ فِىْ رِيحٍ عَاصِفٍ قَالَ اللّٰهُ كُنْ فَاِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ قَالَ مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ قَالَ مَخَافَتُكَ قَالَ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنْ تَلَقَّاهُ غَيْرَ اَنْ غُفِرَ لَهٗ.

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''پہلے زمانے کے لوگوں میں سے ایک شخص تھا' جسے اللہ تعالیٰ نے مال اور اولاد میں وسعت عطا کی تھی جب اس کی موت کا وقت قریب آیا' تو اس نے اپنے بچوں کو جمع کیا اور دریافت کیا: میں تمہارے لئے کیسا باپ تھا' تو انہوں نے جواب دیا۔ بہترین باپ تھے' تو اس نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے لئے کوئی بھلائی ذخیرہ نہیں کی ہے' تو اب اس کا پروردگار اسے عذاب دے گا' تو جب میں مرجاؤں' تو تم مجھے جلا دینا اور پھر مجھے پیس کر تیز چلتی ہوئی ہوا میں اڑا دینا' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم کھڑے ہو جاؤ' تو وہ شخص کھڑا ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے دریافت کیا: تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے عرض کی: تیرے خوف کی وجہ سے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت کر دی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ خَوْفَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِذَا غَلَبَ عَلَى الْمَرْءِ قَدْ يُرْجَى لَهُ النَّجَاةُ فِي الْقِيَامَةِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف جب بندے پر غالب آ جاتا ہے' تو قیامت کے دن اس شخص کی نجات کی امید کی جا سکتی ہے

650- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يُحَدِّثُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

649- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاری 3478 فی الأنبياء : باب 54، ومسلم 2757 28 فی التوبة: باب فی سعة رحمة الله تعالى. وعلقه البخاری عقب 3478 و 6481 عن معاذ.

(متنِ حدیث): كَانَ رَجُلٌ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لَمْ يَبْتَئِرْ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرًا قَطُّ قَالَ لِبَنِيهِ عِنْدَ الْمَوْتِ يَا بَنِيَّ اَيَّ اَبٍ كنت لكم قالوا خير أب قال فَإِذَا اَنَا مِتُّ فَاحْرَقُونِيْ واسْحَقُونِيْ فَإِذَا كَانَ فِيْ يَوْمِ رِيح عَاصِفٍ فَذُرُّوْنِيْ قَالَ فَمَاتَ فَفُعِلَ بِهِ ذٰلِكَ فقَالَ لَهٗ كُنْ فَكَانَ كَاَسْرَعِ مِنْ طَرْفَةِ الْعَيْنِ فقَالَ اللّٰهُ يَا عَبْدِيْ مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا فَعَلْتَ فقَالَ مَخَافَتُكَ اَىْ رَبِّ قَالَ فَمَا تَلَافَاهُ اَنْ غُفِرَ لَهٗ .

قَالَ الْمُعْتَمِرُ قَالَ اَبِيْ فَحَدَّثْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ قَالَ هٰكَذَا حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ وَزَادَ فِيْهِ وَذُرُّوْنِيْ فِي الْبَحْرِ . (3: 6)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم سے پہلے زمانے میں ایک شخص تھا جس نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے لئے کوئی بھلائی ذخیرہ نہیں کی تھی۔ اس نے مرتے وقت اپنے بیٹوں سے کہا: اے میرے بیٹو! میں تمہارے لئے کیسا باپ تھا؟ انہوں نے جواب دیا: بہترین باپ تھے۔ اس شخص نے کہا: جب میں مر جاؤں' تو تم مجھے جلا کر مجھے پیس دینا اور جب تیز ہوا چل رہی ہو' تو مجھے اڑا دینا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں وہ شخص فوت ہو گیا۔ اس کے ساتھ ایسا ہی کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا: ہو جاؤ' تو وہ پلک جھپکنے سے بھی پہلے (انسان بن کر کھڑا ہو گیا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے میرے بندے تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! تیرے خوف کی وجہ سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اسے یہ بدلہ دیا کہ اس کی مغفرت کر دی گئی''۔

معتمر نامی راوی بیان کرتے ہیں: میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے میں نے یہ روایت ابوعثمان نہدی کو سنائی' تو انہوں نے کہا: سلیمان نے یہ حدیث مجھے اسی طرح سنائی تھی تاہم انہوں نے یہ الفاظ زائد نقل کئے تھے:

''تم لوگ مجھے دریا میں ڈال دینا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ كَانَ يَنْبِشُ الْقُبُوْرَ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ شخص (جس کا ذکر سابقہ حدیث میں ہے) دنیا میں قبریں کھود کر مردوں کی بے حرمتی کیا کرتا تھا

650– إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه الطحاوى فى مشكل الآثار 559 من طريق صالح بن حاتم، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى 6481 فى الرقاق: باب الخوف من الله، و 7508 فى التوحيد: باب (يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلَامَ اللّٰهِ) ، ومسلم 2757 28 فى التوبة: باب فى سعة رحمة اللّٰه تعالى وأنها سبقت غضبه، من طرق عن معتمر بن سليمان، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من طريق أبى عوانة، عن قتادة، به، فانظره . وفى الباب عن حذيفة فى الحديث التالى. وعن أبى هريرة عند مالك فى الموطأ 1/240 فى الجنائز: باب جامع الجنائز، والبخارى 3481 فى أحاديث الأنبياء، و 7506 فى التوحيد: باب قول الله تعالى: (يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلَامَ اللّٰهِ) ، ومسلم 2757 فى التوبة: باب فى سعة رحمة الله تعالى، والبغوى فى شرح السُّنة 4183 و 4184 . وعن معاوية بن حيدة القشيرى عند الدارمى 2/330.

651 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تُوُفِّيَ رَجُلٌ كَانَ نَبَّاشًا فقَالَ لِوَلَدِهِ احْرِقُونِيْ ثُمَّ اسْحَقُونِيْ فَذُرُّوْنِيْ فِي الرِّيْحِ فَسُئِلَ مَا صَنَعْتَ قَالَ مَخَافَتُكَ يَا رب قال فغفر له. (3: 6)

❁❁ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک کفن چور کا انتقال ہوگیا۔ اس نے اپنے بیٹے سے کہا تم مجھے جلا دینا پھر مجھے پیس کر مجھے ہوا میں اڑا دینا۔ اس سے دریافت کیا گیا تم نے ایسا کیوں کیا' تو اس نے عرض کی: اے میرے پروردگار! تیرے خوف کی وجہ سے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت کردی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُجَانَبَةِ الْغَفْلَةِ وَلُزُوْمِ الْانْتِبَاهِ لِوُرُدِ هَوْلِ الْمَطْلَعِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم' ہے کہ وہ غفلت سے لاتعلق رہے' اور ہمیشہ (اپنی حالت کا نگراں رہے' کیونکہ ہولناک چیز (یعنی قیامت آ جانی ہے)

652- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): (اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ) (مریم: 39)

قال: في الدنيا. (3: 6)

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

(ارشاد باری تعالیٰ ہے) ''جب معاملے کا فیصلہ ہو جائے گا اور وہ لوگ غفلت میں ہوں گے''۔

651- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخارى 3479 فى أحاديث الأنبياء، عن مسدد بن مسرهد وموسى بن إسماعيل، عن أبى عوانة، عن عبد الملك بن عمير، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 6480 فى الرقاق: باب الخوف من الله، والنسائى 4/113 فى الجنائز: بـاب أرواح المؤمنين، من طريق جرير، وأبو نعيم فى الحلية 8/124 مـن طـريق فضيل بن عياض، كلاهما عن منصور، عن ربعى بن حراش، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من حديث أبى سعيد الخدرى.

652- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 3/9، ومسلم 2849 فى الجنة وصفة نعيمها: باب النار يدخلها الجبارون والجنة يدخلها الضعفاء، والطبرى فى التفسير 16/87 من طريق أبى معاوية ومحمد بن خازم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/9 عن محمد بن عبيـد، والبخارى 4730 فـى التـفسير: بـاب (وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ) ومن طريقه البغوى فى شرح السُّنة 4366 مـن طـريق حفص بن غياث، والترمذى 3156 فى التفسير: باب ومن سورة مريم، من طريق أبى المغيرة، والطبرى 16/88 مـن طريق أسباط بن محمد، كلهم عن الأعمش، بهذا الإسناد.

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں یہ دنیا کے بارے میں ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْخِصَالِ الَّتِيْ يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ تَفَقُّدُهَا مِنْ نَفْسِهِ حَذَرَ إِيجَابِ النَّارِ لَهُ بِارْتِكَابِ بَعْضِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو ان خصال کے بارے میں ہے کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ اپنے آپ کو ان سے بچانے کی کوشش کرے

تاکہ ان میں سے کسی ایک کے ارتکاب کی صورت میں اپنے لیے جہنم کو واجب کرنے سے بچ سکے

653 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيْدُ اَخُو مُطَرِّفٍ قَالَ وَحَدَّثَنِي رَجُلَانِ اٰخَرَانِ اَنَّ مُطَرِّفًا حَدَّثَهُمْ

(متن حدیث):اَنَّ عِيَاضَ بْنَ حِمَارٍ حَدَّثَهُمْ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهِ: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اُعَلِّمَكُمْ مَا جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِيْ يَوْمِيْ هٰذَا اِنَّ كُلَّ مَا اَنْحَلْتُهُ عَبْدِيْ حَلَالٌ وَاِنِّيْ خلقت عبادى حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَاِنَّهُ اَتَتْهُمُ الشَّيَاطِينُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا اَحْلَلْتُ لَهُمْ فَاَمَرَتْهُمْ اَنْ يُشْرِكُوا بِيْ مَا لَمْ اُنْزِلْ بِهٖ سلطان وَاِنَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ فَمَقَتَهُمْ عَرَبَهُمْ وَعَجَمَهُمْ غَيْرَ بَقَايَا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّمَا بَعَثْتُكَ لِاَبْتَلِيَكَ وَاَبْتَلِيَ بِكَ وَاُنْزِلَ عَلَيْكَ كِتَابًا لَا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ تَقْرَؤُهُ يَقْظَانَ وَنَائِمًا وَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَمَرَنِيْ اَنْ اُخْبِرَ قُرَيْشًا فَقُلْتُ اِذًا يَثْلَغُوا رأسى فيتركوه خبزة قال فَاسْتَخْرِجْهُمْ كَمَا اسْتَخْرَجُوكَ وَاغْزُهُمْ يَسْتَغْزُوكَ وَاَنْفِقْ يُنْفَقْ عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةً اَمْثَالَهُمْ وَقَاتِلْ بِمَنْ اَطَاعَكَ مَنْ عَصَاكَ وَقَالَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ ثَلَاثَةٌ اِمَامٌ مُقْسِطٌ مُصَدِّقٌ مُوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِيمٌ رقيق القلب لكل ذِيْ قُرْبٰى وَمُسْلِمٍ وَرَجُلٌ عَفِيفٌ فَقِيرٌ مُصَّدِّقٌ وقال اَصْحَابُ النَّارِ خَمْسَةٌ رَجُلٌ جَائِرٌ لَا يَخْفٰى لَهُ طَمَعٌ وَاِنْ دَقَّ وَرَجُلٌ لَا يُمْسِيْ وَلَا يُصْبِحُ اِلَّا وَهُوَ يُخَادِعُكَ عَنْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ وَالضَّعِيفُ الَّذِيْنَ هُمْ فِيكُمْ تَبَعٌ لَا يَبْغُونَ اَهْلًا وَلَا مَالًا فقَالَ لَهُ

653- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير العلاء بن زياد، فقد روى له النسائي وابن ماجة، وهو ثقة. وأخرجه الطبراني في الكبير /17 992 عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني /17 992 أيضًا. وأخرجه أحمد 4/266، والطبراني /17 993 من طريقين عن همام بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 1088 ، والطيالسي 1079 ، وأحمد 4/162 و266، ومسلم 2865 63 و 64 في الجنة وصفة نعيمها: باب الصفات التي يعرف بها في الدنيا أهل الجنة وأهل النار، والطبراني في الكبير /17 987 و 994، والبيهقي في السّنن 9/60 من طرق عن قتادة، عن مطرف بن عبد الله بن الشخير، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني /17 995 من طريق أبي قلابة، عن أبي العلاء مطرف، عن عياض، به. وأخرجه أيضًا /17 997 من طريق ثور بن يزيد، عن يحيى بن جابر، عن عبد الرحمٰن بن عائذ الأزدي، عن عياض، به. وسيرد بعده من طريق الحسن، عن مطرف، به. فانظره.

رَجُلٌ يَـا اَبَـا عَبْدِ اللّٰهِ اَمِنَ الْمَوَالِيْ هُوَ اَوْ مِنَ الْعَرَبِ قَالَ: هُوَ التَّابِعَةُ يَكُوْنُ للرجل فيصيب من حرمته سِفَاحًا غَيْرَ نِكَاحٍ وَالشِّنْظِيْرُ الْفَاحِشُ وَذَكَرَ الْبُخْلَ والكذب. (3: 68)

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبے کے دوران یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ اس نے مجھے جن چیزوں کا علم دیا ہے اور تم ان سے ناواقف ہو۔ آج میں اس جگہ تمہیں ان چیزوں کی تعلیم دیدوں''۔

(اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) ہر وہ چیز جو میں نے اپنے بندے کو عطیے کے طور پر دی ہے وہ حلال ہے اور میں نے اپنے تمام بندوں کو مسلمان پیدا کیا ہے۔ پھر شیاطین ان کے پاس آتے ہیں اور ان کے دین کے حوالے سے انہیں گمراہ کر دیتے ہیں اور ان کے لئے ان چیزوں کو حرام قرار دیتے ہیں جو میں نے ان کے لئے حلال قرار دی ہیں اور انہیں اس بات کا حکم دیتے ہیں کہ وہ کسی کو میرا شریک بنا دیں حالانکہ میں نے اس بارے میں کوئی مضبوط دلیل نازل نہیں کی ہے۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ اہل زمین کی طرف جھانک کر تمام اہل عرب اور عجمیوں پر ناراضگی کا اعلان کرتا ہے۔) صرف اہل کتاب میں سے باقی رہ جانے والے لوگوں کو ناراضگی کا اظہار نہیں کرتا پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے محمد! میں نے تمہیں اس لئے مبعوث کیا ہے' تاکہ میں تمہیں آزمائش میں مبتلا کروں اور تمہاری وجہ سے لوگوں کو آزماؤں اور میں نے تم پر ایک کتاب نازل کی ہے' جسے پانی دھو نہیں سکے گا۔ (یعنی وہ بالکل ختم نہیں ہوگی) بیدار شخص اور سویا ہوا شخص اس کی تلاوت کریں گے۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) مجھے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ میں قریش کو یہ بات بتادوں میں نے عرض کی: اس صورت میں وہ لوگ میرا سر کچل دیں گے اور وہ لوگ اسے پیس دیں گے' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم بھی انہیں نکلنے پر مجبور کرو جس طرح انہوں نے تم کو نکلنے پر مجبور کیا تھا' اور تم ان کے ساتھ جنگ کرو جس طرح انہوں نے تمہارے ساتھ جنگ کی تھی اور تم خرچ کرو تم پر خرچ کیا جائے گا اور تم ایک لشکر کو بھیجو ہم اس کے جتنے پانچ گنا بھیج دیں گے اور جو شخص تمہاری فرمانبرداری کرتا ہے اس کے ساتھ مل کر اس شخص کے ساتھ جنگ کرو جو تمہاری نافرمانی کرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت تین قسم کے ہیں۔ ایسا امام جو عادل ہو تصدیق کرنے والا ہو اور اسے توفیق دی گئی ہو' ایک وہ شخص جو مہربان ہو رقیق القلب ہو' ہر قریبی رشتہ دار ہر مسلمان کے لئے (نرم دل ہو) ایک وہ شخص جو پاک دامن ہو' غریب ہو اور تصدیق کرنے والا ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جہنم پانچ قسم کے ہیں۔

''ایسا ظالم شخص جس کا لالچ پوشیدہ نہ ہو اگرچہ وہ بہت ہی باریک ہو ایسا شخص جو صبح شام تمہارے ساتھ تمہاری بیوی اور مال کے بارے میں دھوکا دیتا ہو ایسا کمزور شخص جو تمہارے تابع ہیں وہ لوگ اہل یا مال طلب نہیں کرتے ہیں''۔

ایک شخص نے ان سے دریافت کیا: اے ابوعبداللہ! کیا یہ لوگ موالی میں سے ہوں گے یا عربوں میں سے ہوں گے' تو انہوں نے جواب دیا: یہ پیروکاروں میں سے ہوں گے۔ یہ اس شخص کے لئے ہوگا' تو یہ اس کی حرمت میں سے گناہ کے طور پر (زنا کا

ارتکاب کرے گا) نکاح نہیں کرے گا اور شنظیر کا مطلب فحاشی کرنے والے کو کہتے ہیں: پھر راوی نے بخل اور جھوٹ کا بھی تذکرہ کیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ قَتَادَةُ بْنُ دِعَامَةَ 46

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں قتادہ نامی راوی منفرد ہے

654- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنْ عَوْفٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ الْاَثْرَمِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ

(متن حدیث): خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَمَرَنِیْ اَنْ اُعَلِّمَكُمْ مِمَّا عَلَّمَنِیْ يَوْمِیْ هٰذَا وَاِنَّهٗ قَالَ لِیْ اِنِّیْ خَلَقْتُ عِبَادِیْ حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَاِنَّ كُلَّ مَا اَنْحَلْتُ عِبَادِیْ فَهُوَ لَهُمْ حَلَالٌ وَاِنَّ الشَّيَاطِيْنَ اَتَتْهُمْ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمُ الَّذِیْ اَحْلَلْتُ لَهُمْ وَاَمَرَتْهُمْ اَنْ يُّشْرِكُوْا بِیْ مَا لَمْ اُنْزِلْ بِهٖ سُلْطَانًا وَاِنَّ اللّٰهَ اَتَى اَهْلَ الْاَرْضِ قَبْلَ اَنْ يَّبْعَثَنِیْ فَمَقَتَهُمْ عَرَبَهُمْ وَعَجَمَهُمْ اِلَّا بَقَايَا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ وَاِنَّهٗ قَالَ لِیْ قَدْ اَنْزَلْتُ كِتَابًا لَا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ فَاقْرَاْهُ نَائِمًا وَيَقْظَانَ وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اُخْبِرَ قُرَيْشًا وَاِنِّیْ قُلْتُ اَیْ رَبِّ إذا يثغلوا رَاْسِیْ فَيَدَعُوْهُ خُبْزَةً وَاِنَّهٗ قَالَ لِیْ اسْتَخْرِجْهُمْ كما استخرجوك واغزهم يستغزونك وأنفق عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةَ اَمْثَالِهٖ وَقَاتِلْ بمن أطاعك من عصاك. (3: 68)

❁❁ حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے اس بات کا حکم دیا ہے کہ میں آج تمہیں ان چیزوں کی تعلیم دوں جو علم مجھے اللہ تعالیٰ نے عطا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے یہ فرمایا ہے: میں نے اپنے تمام بندوں کو مسلمان پیدا کیا ہے اور میں نے اپنے بندوں کو جو چیز بھی عطا کی ہے۔ وہ ان کے لئے حلال ہے۔ شیاطین لوگوں کے پاس آتے ہیں اور انہیں دین کے حوالے سے گمراہ کر دیتے ہیں وہ ان کے لئے ان چیزوں کو حرام قرار دیتے ہیں جو میں نے ان کے لئے حلال قرار دی ہیں اور وہ ان لوگوں کو یہ حکم دیتے ہیں کہ وہ میرے ساتھ شریک کریں جس کے بارے میں میں نے کوئی حکم نازل نہیں کیا ہے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) اللہ تعالیٰ نے مجھے مبعوث کرنے سے پہلے زمین کی طرف توجہ کی اور تمام اہل عرب اور تمام عجمیوں پر ناراضگی کا اظہار کیا' البتہ اہل کتاب میں سے باقی رہ جانے والوں کا معاملہ مختلف ہے۔ اللہ نے مجھ سے فرمایا: میں نے ایک کتاب نازل کی ہے' جسے پانی دھو نہیں سکے گا تم سونے اور بیداری کی حالت میں اس کی تلاوت کرو۔ اللہ نے مجھے یہ حکم دیا کہ میں قریش کو یہ بات بتا دوں میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار! اس صورت میں

654- إسناده حسن، وأخرجه أحمد 4/266، والطبراني في الكبير 17/ 996 من طرق عن عوف بن أبي جميلة الأعرابي، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من طريق مُطَرِّفَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عياض، به. فانظره.

وہ میرے سر کو کچل کراسے پیس کے رکھ دیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم انہیں نکلنے پر مجبور کرو جس طرح انہوں نے تم کو نکالا تھا' اور تم ان سے جنگ کرو جس طرح انہوں نے تمہارے ساتھ جنگ کی تھی اور تم خرچ کرو ہم تم پر خرچ کریں گے اور تم لشکر کو بھیجو ہم اس جیسے پانچ بھیجیں گے اور جو شخص تمہاری اطاعت کرتا ہے اس شخص کے ساتھ مل کر اس شخص کے ساتھ جنگ کرو جو تمہاری نافرمانی کرتا ہے''۔

46
46

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُجَانَبَةِ اَفْعَالٍ يُتَوَقَّعُ لِمُرْتَكِبِهَا الْعُقُوْبَةُ فِي الْعُقْبٰى بِهَا

اس روایت کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ ایسے افعال سے لاتعلق رہے' جس کے مرتکب کے بارے میں آخرت میں سزا ہونے کی توقع کی جاسکتی ہے

655 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اَحْمَدَ اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ اَخْبَرَنَا عَوْفٌ عَنْ اَبِىْ رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ الْفَزَارِيِّ قَالَ

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَقُوْلُ هَلْ رَاٰى اَحَدٌ مِنْ رُؤْيَا فَيَقُصُّ عَلَيْهِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُصَّ وَاِنَّهُ قَالَ لَنَا ذَاتَ غَدَاةٍ: اِنَّهُ اَتَانِى اللَّيْلَةَ اٰتِيَانِ وَاِنَّهُمَا ابْتَعَثَانِىْ وَاِنَّهُمَا قَالَا لِىْ انْطَلِقْ وَاِنِّىْ انْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ وَاِذَا اٰخَرُ قَائِمٌ عَلَيْهِ بِصَخْرَةٍ وَاِذَا هُوَ يَهْوِىْ بِالصَّخْرَةِ لِرَاْسِهٖ فَيَثْلَغُ بِهَا رَاْسَهٗ فَتَدَهْدِهُهُ الصَّخْرَةُ هَا هُنَا فَيَقُوْمُ اِلَى الْحَجَرِ فَيَاْخُذُهٗ فما يرجع إليه أحسبه قال حَتّٰى يَصِحَّ رَاْسُهٗ كَمَا كَانَ ثُمَّ يَعُوْدُ عَلَيْهِ فَيَفْعَلُ بِهٖ مِثْلَ مَا فَعَلَ الْمَرَّةَ الْاُوْلٰى قَالَ قُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا هٰذَانِ قَالَا لِىْ انْطَلِقِ انْطَلِقْ قَالَ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا فَاَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ لِقَفَاهُ وَاِذَا اٰخَرُ عَلَيْهِ بِكَلُّوْبٍ مِّنْ حَدِيْدٍ فَاِذَا هُوَ يَاْتِىْ اَحَدَ شِقَّىْ وَجْهِهٖ فَيُشَرْشِرُ شِدْقَهٗ اِلٰى قَفَاهُ وَمِنْخَرَهٗ اِلٰى قَفَاهُ وَعَيْنَهٗ اِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ يَتَحَوَّلُ اِلَى الْجَانِبِ الْاٰخَرِ فَيَفْعَلُ بِهٖ مِثْلَ مَا فَعَلَ بِالْجَانِبِ الْاَوَّلِ فَمَا يَفْرُغُ مِنْ ذٰلِكَ الْجَانِبِ حَتّٰى يَصِحَّ الْجَانِبُ الْاَوَّلُ كَمَا كَانَ ثُمَّ يَعُوْدُ فَيَفْعَلُ بِهٖ مِثْلَ مَا فَعَلَ الْمَرَّةَ الْاُوْلٰى قَالَ قُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ ما هذان قالا انطلق انطلق فانطلقت معها

فَاَتَيْنَا عَلٰى مِثْلِ بِنَاءِ التَّنُّوْرِ قَالَ عَوْفٌ أحسب أنه قال فإذا فيه لغط وَاَصْوَاتٌ فَاطَّلَعْنَا فَاِذَا فِيْهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ وَاِذَا بِنَهْرٍ لَهِيْبٍ مِّنْ اَسْفَلَ مِنْهُمْ فَاِذَا اَتَاهُمْ ذٰلِكَ اللَّهَبُ تَضَوْضَوْا قَالَ قُلْتُ مَا هٰؤُلَاءِ قَالَا لِىْ انْطَلِقِ انْطَلِقْ قَالَ فَانْطَلَقْنَا عَلٰى نَهْرٍ حَسِبْتُ اَنَّهٗ قَالَ اَحْمَرَ مِثْلِ الدَّمِ وَاِذَا فِى النَّهْرِ رَجُلٌ يَسْبَحُ وَاِذَا عِنْدَ شَطِّ النَّهْرِ رَجُلٌ قَدْ جَمَعَ عِنْدَهٗ حِجَارَةً كَثِيْرَةً وَاِذَا ذٰلِكَ السَّابِحُ يَسْبَحُ مَا يَسْبَحُ ثُمَّ يَاْتِىْ ذٰلِكَ الرَّجُلَ الَّذِىْ جَمَعَ الْحِجَارَةَ فَيَفْغَرُ لَهٗ فَاهُ فَيُلْقِمُهٗ حَجَرًا قَالَ قُلْتُ مَا هٰؤُلَاءِ قَالَا لِىْ انْطَلِقِ انْطَلِقْ قَالَ

فَانْطَلَقْنَا فَاَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ كَرِيْهِ الْمَرْاٰةِ كَاَكْرَهِ مَا اَنْتَ رَاءٍ رَجُلًا مَرْاٰهُ فَاِذَا هُوَ عِنْدَ نَارٍ يَحُشُّهَا وَيَسْعٰى حَوْلَهَا قَالَ قُلْتُ لَهُمَا مَا هٰذَا قَالَا لِىْ انْطَلِقِ انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا فَاَتَيْنَا عَلٰى رَوْضَةٍ فِيْهَا مِنْ كُلِّ نَوْرِ الرَّبِيْعِ وَاِذَا بَيْنَ ظَهْرَىِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ قَائِمٌ طَوِيْلٌ لَا اَكَادُ اَرٰى رَاْسَهٗ طولا فى السماء وراى حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ اَكْثَرِ وِلْدَانِ

رَاَيْتُهُمْ قَطُّ وَاَحْسَنَهُ قَالَ قُلْتُ لَهُمَا مَا هٰؤُلَاءِ قَالَا لِيْ انْطَلِقِ انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا وَاَتَيْنَا دَوْحَةً عَظِيْمَةً لَمْ اَرَ دَوْحَةً قَطُّ اَعْظَمَ مِنْهَا وَلَا اَحْسَنَ قَالَا لِيْ ارْقَ فِيْهَا قَالَ فَارْتَقَيْنَا فيها فانتهينا إلى مَدِيْنَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنِ فِضَّةٍ فَاَتَيْنَا باب المدينة فاستفتحنا ففتح لنا فقلنا ما منها رِجَالٌ شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَاءٍ وَشَطْرٌ كَاَقْبَحِ مَا اَنْتَ رَاءٍ قَالَ قَالَا لَهُمُ اذْهَبُوا فَقَعُوا فِيْ ذٰلِكَ النَّهَرِ فَاِذَا نَهَرٌ مُعْتَرِضٌ يَجْرِيْ كَاَنَّ مَاءَهُ الْمَحْضُ فِي الْبَيَاضِ فَذَهَبُوا فَوَقَعُوا فِيْهِ ثُمَّ رَجَعُوا وَقَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْءُ عَنْهُمْ وَصَارُوْا فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ قَالَ قَالَا لِيْ هٰذِهِ جَنَّةُ عَدْنٍ وَهٰذَاكَ مَنْزِلُكَ قَالَ فَسَمَا بَصَرِيْ صُعُدًا فَاِذَا قَصْرٌ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ قَالَ قَالَا لِيْ هٰذَاكَ مَنْزِلُكَ قَالَ قُلْتُ لَهُمَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا ذَرَانِيْ اَدْخُلْهُ قَالَ قَالَا لِيْ اَمَّا الْاٰنَ فَلَا وَاَنْتَ دَاخِلُهُ قَالَ فَاِنِّيْ رَاَيْتُ مُنْذُ اللَّيْلَةِ عَجَبًا فَمَا هٰذَا الَّذِيْ رَاَيْتُ قَالَ قَالَا لِيْ اَمَا اِنَّا سَنُخْبِرُكَ.

اَمَّا الرَّجُلُ الْاَوَّلُ الَّذِيْ اَتَيْتَ عَلَيْهِ يُثْلَغُ رَاْسُهُ بِالْحَجَرِ فَاِنَّهُ الرَّجُلُ يَاْخُذُ الْقُرْآنَ فَيَرْفُضُهُ وَيَنَامُ عَنِ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ.

وَاَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ اَتَيْتَ عَلَيْهِ يُشَرْشَرُ شِدْقُهُ اِلٰى قَفَاهُ وَعَيْنُهُ اِلٰى قَفَاهُ وَمَنْخِرُهُ اِلٰى قَفَاهُ فَاِنَّهُ الرَّجُلُ يَغْدُو مِنْ بَيْتِهِ فَيَكْذِبُ الْكَذْبَةَ فَتَبْلُغُ الْاٰفَاقَ.

وَاَمَّا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ الْعُرَاةُ الَّذِيْنَ فِيْ مِثْلِ بِنَاءِ التَّنُّورِ فَاِنَّهُمُ الزُّنَاةُ وَالزَّوَانِي.

وَاَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ فِي النَّهَرِ فَيَلْتَقِمُ الْحِجَارَةَ فَاِنَّهُ اٰكِلُ الرِّبَا.

وَاَمَّا الرَّجُلُ الْكَرِيهُ الْمَرْآةِ الَّذِيْ عِنْدَ النَّارِ يَحُشُّهَا فَاِنَّهُ مَالِكٌ خَازِنُ جَهَنَّمَ.

وَاَمَّا الرَّجُلُ الطَّوِيْلُ الَّذِيْ فِي الرَّوْضَةِ فَاِنَّهُ اِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِيْنَ حَوْلَهُ فَكُلُّ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ عَلَى الْفِطْرَةِ. قَالَ فقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ.

وَاَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ شَطْرٌ مِنْهُمْ حَسَنٌ وَشَطْرٌ مِنْهُمْ قَبِيْحٌ فَهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوا عَمَلًا صالحا و آخر سيئا فتجاوز الله عنهم. (3: 3)

655– إسناده صحيح، عيسى بن أحمد روى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 5/8، 9 عن محمد بن جعفر، والبخاري 7047 في التعبير: باب تعبير الرؤيا بعد صلاة الصبح. من طريق إسماعيل ابن علية، والطبراني في الكبير 6984 من طريق هوذة بن خليفة، و 6985 من طريق شعبة، أربعتهم عن عوف بن أبي جميلة الأعرابي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/14، والبخاري 1386 في الجنائز، والطبراني في الكبير 6986 و 6990، والبغوي في شرح السُّنة 2053 من طرق عن أبي رجاء العطاردي، به. وأخرجه مختصرًا البخاري 1143 في التهجد، و 2085 في البيوع، و 2791 في الجهاد، و 3236 في بدء الخلق، و 3354 في الأنبياء، و 4674 في التفسير، و 6096 في الأدب، ومسلم 2275 في الرؤيا، والترمذي 2295 في الرؤيا، والطبراني 6987 و 6988 و 6989، والبيهقي في السُّنن 2/187، و 5/275 من طريق أبي رجاء العطاردي، به.

حضرت سمرہ بن جندب فزاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دریافت کیا کرتے تھے کیا کسی شخص نے کوئی خواب دیکھا ہے' پھر جو اللہ کو منظور ہوتا تھا وہ شخص اپنا خواب آپ کے سامنے بیان کر دیتا تھا۔

ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: گزشتہ رات دو فرشتے میرے پاس آئے وہ میرے پاس بھیجے گئے تھے۔ان دونوں نے مجھ سے کہا آپ چلئے میں ان دونوں کے ساتھ چل پڑا ہمارا گزر ایک شخص کے پاس سے ہوا جو لیٹا ہوا تھا' اور دوسرا شخص اس کے سرہانے پتھر لے کے کھڑا ہوا تھا۔ وہ اپنا پتھر اس شخص کے سر پر مار کر اس پتھر کے ذریعے اس کے سر کو کچل دیتا تھا پتھر لڑھکتا ہوا دور چلا جاتا تھا وہ شخص اس پتھر کو لینے کے لئے جاتا تھا۔ اسے پکڑ کر واپس اس شخص کے پاس آتا تھا (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں' یہاں تک کہ وہ شخص پہلے کی طرح ٹھیک ہو جاتا تھا پھر وہ دوبارہ اس کے ساتھ وہی عمل کرتا تھا جس طرح پہلی مرتبہ کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے دریافت کیا: سبحان اللہ ان دونوں کا معاملہ کیا ہے۔ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا آپ چلتے رہئے۔ آپ چلتے رہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ میں ان دونوں کے ساتھ چلتا رہا' یہاں تک کہ ہم ایک شخص کے پاس آئے جو گردن کے بل چت لیٹا ہوا تھا' اور دوسرے شخص کے پاس لوہے کا بنا ہوا آنکڑا تھا۔ وہ اس کے منہ کے ایک کنارے کی طرف آتا تھا' اور اس کے منہ کو گدی تک چیر دیتا تھا' اور پھر اس کے ناک کے نتھنے کو پیچھے گردن تک چیر دیتا تھا' اور اس کی آنکھ کو پیچھے گردن تک چیر دیتا تھا پھر وہ دوسری طرف آتا تھا' اور اس کے ساتھ اسی طرح کرتا تھا جس طرح پہلی طرف کیا تھا پھر جب وہ دوسری طرف سے فارغ ہوتا تھا' تو پہلی والی طرف پہلے کی طرح ٹھیک ہو چکی ہوتی تھی پھر وہ دوبارہ اس کے ساتھ ویسا ہی سلوک کرتا تھا جس طرح پہلی مرتبہ کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے کہا: سبحان اللہ ان دونوں کا کیا معاملہ ہے۔ان دونوں فرشتوں نے کہا: آپ چلتے رہئے۔ آپ چلتے رہئے۔ میں ان دونوں فرشتوں کے ساتھ چلتا رہا پھر ہم تندور جیسی عمارت کے پاس آئے عوف نامی راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ ہیں: اس میں سے چیخ و پکار اور آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔ ہم نے اس میں جھانک کے دیکھا' تو اس میں کچھ برہنہ مرد اور خواتین تھے اور اس تندور کے نیچے آگ کے شعلے بھڑک رہے تھے۔ جب کوئی شعلہ ان لوگوں کے پاس آتا تھا' تو وہ چیخ و پکار کرتے تھے۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون لوگ ہیں' تو ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا آپ چلتے رہئے۔ آپ چلتے رہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ہم ایک نہر کے پاس آئے (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے۔ روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں جس کا پانی خون کی طرح سرخ تھا اس نہر میں ایک شخص تیر رہا تھا' اور اس نہر کے کنارے پر ایک اور شخص موجود تھا جس کے پاس بہت سے پتھر جمع تھے۔ وہ تیرنے والا شخص جب اس شخص کے پاس آتا جس نے پتھر جمع کر رکھے تھے' تو وہ اپنا منہ اس شخص کے سامنے کھولتا تھا' تو وہ دوسرا شخص اس کے منہ میں پتھر ڈال دیتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے دریافت کیا: یہ کون لوگ ہیں۔ ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا آپ چلتے رہئے۔ آپ چلتے رہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں ہم چلتے رہے پھر ہم ایک ایسے شخص کے پاس آئے جس کی شکل انتہائی بدصورت تھی تم نے زندگی میں جو بھی بدصورت ترین شخص دیکھا ہوگا وہ اس کی مانند تھا وہ شخص ایک آگ کے پاس تھا وہ اسے جلانے کی کوشش کرتا تھا' اور اس کے گرد دوڑتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے ان دونوں سے دریافت کیا: اس کا کیا معاملہ ہے۔ ان دونوں نے مجھ سے کہا آپ چلتے رہئے۔ آپ چلتے رہئے پھر ہم روانہ ہوئے'

یہاں تک کہ ہم ایک باغ میں آئے جس میں ہر طرف بہار آئی ہوئی تھی۔ اور اس باغ کے درمیان میں ایک طویل شخص کھڑا ہوا تھا وہ اتنا اونچا تھا کہ مجھے اس کا سر دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ میں نے اس شخص کے اردگرد اس کے ڈھیر سارے بچے دیکھے' لیکن میں نے ان میں سے کوئی بھی شخص اس سے زیادہ خوبصورت نہیں دیکھا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: میں نے ان دونوں سے دریافت کیا: یہ کون لوگ ہیں۔ انہوں نے مجھ سے کہا آپ چلتے رہئے۔ آپ چلتے رہئے۔ پھر ہم لوگ چلتے رہے' یہاں تک کہ ہم ایک بڑے پھیلے ہوئے درخت کے پاس آ گئے۔ میں نے اس سے بڑا اور اس سے خوبصورت درخت کبھی نہیں دیکھا۔ ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا آپ اس پر چڑھ جائیں نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں ہم اس پر چڑھ گئے' تو ہم ایک شہر میں پہنچ گئے جس کی عمارتیں سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنی ہوئی تھی۔ ہم اس شہر کے دروازے پر آئے۔ ہم نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا دروازہ کھول دیا گیا' تو ہم نے کہا: یہاں جتنے بھی لوگ ہیں ان میں سے نصف ایسے ہوں گے' جو تم نے سب سے زیادہ خوبصورت لوگ دیکھے ہوں اور نصف ایسے ہیں جو تم نے سب سے زیادہ بدصورت دیکھے ہوں۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں ان دونوں فرشتوں نے ان لوگوں سے کہا تم لوگ جاؤ اور اس نہر میں داخل ہو جاؤ۔ وہ نہر چوڑی تھی اور بہہ رہی تھی۔ اس کا پانی سفیدی کے اعتبار سے خالص دودھ کی طرح تھا۔ وہ لوگ گئے اور اس میں داخل ہو گئے۔ پھر جب وہ لوگ واپس آئے' تو ان کی خرابی ختم ہو چکی تھی اور ان کی شکلیں انتہائی خوبصورت ہو چکی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا یہ جنت عدن ہے اور یہ آپ کا ٹھکانہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں میں نے نگاہ اٹھا کر بلندی کی طرف دیکھا' تو وہاں ایک محل تھا جو سفید بادل کی مانند تھا۔ ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا یہ آپ کی رہائش گاہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں میں نے ان دونوں سے کہا اللہ تعالیٰ تم کو برکت نصیب کرے۔ مجھے موقع دو کہ میں اس کے اندر چلا جاؤں نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں ان دونوں نے مجھ سے کہا ابھی نہیں' آپ اس میں داخل ہو جائیں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے گزشتہ رات جو حیران کن چیزیں دیکھی ہیں' تو جو کچھ میں نے دیکھا ہے اس کی حقیقت کیا ہے' تو ان فرشتوں نے مجھ سے کہا ہم آپ کو اس کی حقیقت بتاتے ہیں۔

جہاں تک اس پہلے شخص کا تعلق ہے' جس کے پاس آپ تشریف لائے تھے جس کے سر کو پتھر کے ذریعے کچلا جا رہا تھا' تو یہ وہ شخص تھا جس نے قرآن کا علم حاصل کیا اور پھر اسے پرے کر دیا اور یہ فرض نماز کے وقت سویا رہ جاتا تھا۔ جہاں تک اس شخص کا تعلق ہے' جس کے پاس آپ تشریف لائے تھے جس کی باچھوں کو گدی تک اور اس کی آنکھوں کو گدی تک اور اس کے نتھنوں کو گدی تک چیرا جا رہا تھا' تو یہ وہ شخص تھا جو اپنے گھر سے نکلتا تھا' اور ایک جھوٹ بولتا تھا' اور اس کا جھوٹ دنیا میں پھیل جاتا تھا۔

جہاں تک ان برہنہ مردوں اور خواتین کا تعلق ہے' جو تنور نما عمارت کے اندر موجود تھے' تو یہ زنا کرنے والے مرد اور زنا کرنے والی عورتیں تھیں۔

جہاں تک اس شخص کا تعلق ہے' جو نہر میں تھا' اور پتھر منہ میں لے رہا تھا' تو یہ سود کھانے والا شخص تھا۔

جہاں تک اس شخص کا تعلق ہے' جو انتہائی بدصورت تھا' اور جو آگ کے پاس تھا' اور اسے دہکاتا تھا' تو یہ ''مالک'' تھا جو جہنم کا داروغہ ہے۔

جہاں تک اس طویل شخص کا تعلق ہے، جو باغ میں تھا، تو وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے۔

جہاں تک ان کے اردگرد موجود بچوں کا تعلق ہے، تو ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: مسلمانوں میں سے ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! مشرکین کی اولاد کا کیا حکم ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشرکین کی اولاد بھی (فطرت پر پیدا ہوتی ہے)

جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جن میں سے آدھے لوگ خوبصورت تھے اور آدھے لوگ بدصورت تھے۔ یہ وہ لوگ ہیں، جنہوں نے نیکیوں کے ساتھ برے اعمال بھی کیے۔ ان سے اللہ تعالیٰ نے درگزر کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْوَاجِبَ عَلَى الْمُسْلِمِ اَنْ يَّجْعَلَ لِنَفْسِهِ مَحَجَّتَيْنِ يَرْكَبُهُمَا اِحْدَاهُمَا الرَّجَاءُ وَالْاُخْرَى الْخَوْفُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، مسلمان پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنی ذات کے لیے دوطرح کی کیفیات مخصوص رکھے جن پر وہ عمل پیرا ہوتا رہے، ان میں سے ایک امید کی ہو اور دوسری خوف کی ہو

656 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعُقُوبَةِ مَا طَمِعَ بِجَنَّتِهِ اَحَدٌ وَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا قَنَطَ مِنْ جَنَّتِهِ أَحَدٌ. (3: 9)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اگر بندہ مومن کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں موجود سزا کا پتہ چل جائے، تو کوئی بھی شخص جنت کی امید نہ رکھے اور اگر کافر شخص کو اللہ تعالیٰ کی رحمت کا پتہ چل جائے، تو کوئی بھی شخص جنت سے ناامید نہ ہو''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَرْكِ الْاِتِّكَالِ عَلَى الطَّاعَاتِ وَاِنْ كَانَ الْمَرْءُ مُجْتَهِدًا فِي اِتْيَانِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، آدمی کو اپنی نیکیوں پر تکیہ کرنے کو ترک کرنا چاہیے اگرچہ آدمی اہتمام کے ساتھ ان نیکیوں کو بجالاتا ہو

657 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

656- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه مسلم 2755 في التوبة: باب في سعة رحمة الله، عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/397، ومسلم 2755 أيضًا. وتقدم برقم 345 من طريق عبد العزيز بن محمد، عن العلاء، به. فانظره.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوْ يُؤَاخِذُنِي اللّٰهُ وَابْنَ مَرْيَمَ بِمَا جَنَتْ هَاتَانِ يَعْنِي الْإِبْهَامَ وَالَّتِي تَلِيهَا لَعَذَّبَنَا ثُمَّ لَمْ يَظْلِمْنَا شَيْئًا . (3: 10)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

791 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانِ الْعَابِدُ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ صَعْصَعَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَمِعَ رَجُلًا يَقْرَاُ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) يُرَدِّدُهَا، فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ، فَكَاَنَّ الرَّجُلَ يَتَقَالُّهَا، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ اِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ (2:1)

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے شخص کو سورۃ اخلاص بار بار تلاوت کرتے ہوئے سنا۔ اگلے دن وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا وہ شخص اس سورت کو چھوٹی سمجھ رہا تھا نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کو فرمایا۔

''اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ تہائی قرآن کے برابر ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَرَبَ فِیْ لُغَتِهَا تَنْسِبُ الْفِعْلَ اِلَى الْفِعْلِ نَفْسِهٖ كَمَا تَنْسِبُهٗ اِلَى الْفَاعِلِ وَالْاَمْرِ سَوَاءٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' عرب اپنی لغت میں بعض اوقات فعل کی نسبت فعل کی طرف ہی کر دیتے ہیں جس طرح کبھی وہ فعل کی نسبت فاعل کی طرف کرتے ہیں اور دونوں صورتیں ایک جیسی ہیں

792 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّیْ اُحِبُّ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّكَ اِيَّاهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ. (2:1)

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! میں سورۃ اخلاص سے محبت کرتا ہوں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا اس سے محبت کرنا تمہیں' جنت میں داخل کر دے گا؟

ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ لِمُحِبِّي سُورَةِ الْاِخْلَاصِ

سورۃ اخلاص سے محبت کرنے والے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی محبت کے اثبات کا تذکرہ

793 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، اَنَّ اَبَا الرِّجَالِ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ، عَنْ اُمِّهِ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا عَلٰى سَرِيَّةٍ، فَكَانَ يَقْرَاُ لِاَصْحَابِهٖ فِي صَلَاتِهِمْ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) ، فَلَمَّا رَجَعُوا ذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: سَلُوهُ لِاَيِّ شَيْءٍ صَنَعَ هٰذَا ؟ فَسَاَلُوهُ، فَقَالَ: اَنَا اُحِبُّ اَنْ اَقْرَاَهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبِرُوهُ اَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّهُ

.(2 :1)

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ایک مہم کا امیر بنا کر روانہ کیا۔ وہ اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھاتے ہوئے سورہ اخلاص پڑھا کرتا تھا وہ لوگ واپس آئے۔ انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اس سے دریافت کرو وہ ایسا کیوں کرتا ہے۔ لوگوں نے اس سے دریافت کیا' تو اس نے بتایا مجھے اس سورۃ کی تلاوت کرنا اچھا لگتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اسے بتادو اللہ تعالیٰ بھی اس سے محبت کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُبَّ الْمَرْءِ سُورَةَ الْاِخْلَاصِ بِالْمُدَاوَمَةِ عَلٰى قِرَاءَتِهَا يُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا سورہ اخلاص سے اس طرح محبت کرنا کہ اس کی باقاعدگی سے تلاوت کرتا رہے' اسے یہ چیز جنت میں داخل کردیتی ہے

794 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَلْزَمُ قِرَاءَةَ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) (الإخلاص: 1) فِي الصَّلَاةِ مَعَ كُلِّ سُورَةٍ، وَهُوَ يَؤُمُّ بِاَصْحَابِهٖ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ، فَقَالَ: اِنِّي اُحِبُّهَا، قَالَ: حُبُّهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ .

(2 :1)

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص باقاعدگی کے ساتھ نماز میں ہر سورۃ کے ساتھ سورۃ اخلاص کی تلاوت کیا کرتا تھا وہ شخص اپنے ساتھیوں کی امامت بھی کرتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اس بارے میں دریافت کیا' تو اس نے عرض

794–وقد علقه البخاری (774) فی الأذان: باب الجمع بین السورتین فی الرکعة، وأخرجه الترمذی (2901) فی فضائل القرآن: باب ما جاء فی سورة الإخلاص، والبیهقی 2/61 فی السنن .

کی: میں اس سورہ سے محبت کرتا ہوں، تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا اس سورۃ سے محبت کرنا تمہیں جنت میں داخل کر دے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَارِءَ لَا يَقْرَاُ شَيْئًا اَبْلَغَ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، قرأت کرنے والا شخص کوئی ایسی چیز قرأت نہیں کرتا جو سورۃ فلق کے مقابلے میں زیادہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچتی ہو

795 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَسْلَمَ اَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): تَبِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَهُوَ رَاكِبٌ، فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلٰى يَدِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقْرِئْنِيْ مِنْ سُوْرَةِ هُوْدٍ وَمِنْ سُوْرَةِ يُوْسُفَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ لَنْ تَقْرَاَ شَيْئًا اَبْلَغَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ. (2:1)

❁❁ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم ﷺ کے پیچھے تھا۔ آپ اس وقت سوار تھے میں نے اپنا ہاتھ آپ کے دستِ مبارک پر رکھا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے سورۃ ہود اور سورۃ یوسف پڑھنی سکھا دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ایسی کسی چیز کی تلاوت نہیں سیکھو گے، جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سورۃ فلق سے زیادہ بلیغ ہو۔ (یا زیادہ مرتبے کی حامل ہو)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَارِئَ لَا يَقْرَاُ شَيْئًا يُشْبِهُ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، قرأت کرنے والا شخص کوئی ایسی چیز تلاوت نہیں کرتا، جو سورہ فلق اور سورہ ناس کے ساتھ مشابہت رکھتی ہو

796 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ

795- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 4/159، والنسائي 2/158 في الافتتاح: باب الفضل في قراءة المعوذتين، و 8/254 في الاستعاذة، والبغوي في شرح السنة (1213)، من طرق عن ليث بن سعد، به. وأخرجه أحمد 4/149 من طريق ليث، به، لكن بزيادة هاشم بين يزيد وأسلم. وأخرجه أحمد 4/155، والدارمي 2/461، 462، من طريق أبي عبد الرحمٰن عبد الله بن يزيد، عن حيوة وابن لهيعة، عن يزيد بن أبي حبيب، به. وإسناده صحيح، ابن لهيعة متابع. وصححه الحاكم 2/540، ووافقه الذهبي، من طريق يحيى بن أيوب، عن يزيد بن أبي حبيب، به. وأخرجه الطبراني 17/286 من طريق ليث، عن يزيد، عن أبي الخير، عن عقبة. وأخرجه أحمد 4/144 و150 و152، ومسلم (814) (265) في صلاة المسافرين: باب فضل قراءة المعوذتين، والترمذي (2902) في فضائل القرآن: باب ما جاء في المعوذتين، والنسائي 8/254 في الاستعاذة، وفي فضائل القرآن في الكبرى كما في تحفة الأشراف 7/315، والدارمي 2/462، والبيهقي في السنن 2/394، من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، عن قيس بن حازم، عن عقبة. وأخرجه أحمد 4/149، 150 و153، وأبو داوٗد (1462) في الصلاة: باب في المعوذتين، والنسائي 8/252 في الاستعاذة، والبيهقي 2/394، من طريق معاوية بن صالح، عن العلاء بن الحارث، عن القاسم مولى معاوية، عن عقبة.

بْنِ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيدٍ أَبُو طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اقْرَأْ يَا جَابِرُ، قَالَ: قُلْتُ: مَا أَقْرَأُ بِأَبِي وَأُمِّي أَنْتَ؟، قَالَ: (قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) و (قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ)، فَقَرَأْتُهُمَا، فَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَأْ بِهِمَا، وَلَنْ تَقْرَأَ بِمِثْلِهِمَا . (1: 2)

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جابر تلاوت کرو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ میں کیا تلاوت کروں۔ آپ نے فرمایا: سورۃ فلق اور سورۃ الناس' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ان دونوں کی تلاوت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان دونوں کی تلاوت کیا کرو۔ تم ان دونوں (جیسی کسی اور سورۃ) کی تلاوت نہیں کرو گے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ قِرَاءَةُ الْمُعَوِّذَتَيْنِ فِي أَسْبَابِهِ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی کے لئے اپنے اسباب میں معوذتین کی تلاوت مستحب ہے

797 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: إِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ لَا يَكْتُبُ فِي مُصْحَفِهِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ، فَقَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ لِي جِبْرِيلُ: (قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) فَقُلْتُهَا، وَقَالَ لِي: (قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ) فَقُلْتُهَا فَنَحْنُ نَقُولُ مَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . (1: 2)

❀❀ زر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مصحف میں معوذتین تحریر نہیں کرتے' تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ فرمایا تھا: جبرائیل نے مجھ سے کہا۔

قل اعوذ برب الفلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں نے اسے پڑھا' تو پھر انہوں نے مجھ سے کہا: قل اعوذ برب الناس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:' تو میں نے اسے پڑھا۔

(حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) ہم وہ کہتے ہیں: جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ، وَهُوَ وَاضِعٌ رَأْسَهُ فِي حِجْرِ امْرَأَتِهِ إِذَا كَانَتْ حَائِضًا

آدمی کے لئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' وہ قرآن کی تلاوت ایسی حالت میں کرے

797- إسناده حسن من أجل عاصم بن أبي النجود، وقد تابعه عليه عبدة بن أبي لبابة كما سيرد، فهو صحيح. وأخرجه أحمد 5/129 عن عفان، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (374) ومن طريقه البيهقي 2/394، وأحمد 5/130، والبخاري (4977) في التفسير: باب سورة قل أعوذ برب الناس

جب کہ اس نے اپنا سر اپنی بیوی کی گود میں رکھا ہوا اور وہ عورت حیض کی حالت میں ہو

798 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ رَاْسَهٗ فِیْ حِجْرِ اِحْدَانَا، فَيَتْلُو الْقُرْاٰنَ وَهِيَ حَائِضٌ . (1:4)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم (ازواج مطہرات) میں سے کسی ایک کی گود میں سر رکھ کر قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے جبکہ وہ خاتون حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِغَيْرِ الْمُتَطَهِّرِ اَنْ يَّقْرَاَ كِتَابَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُنْ جُنُبًا

بے وضو شخص کے لئے اس بات کی اباحت کا تذکرہ وہ قرآن کی تلاوت کر سکتا ہے جبکہ وہ جنبی نہ ہو

799 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُرَيْشٍ مُحَمَّدُ بْنُ جُمُعَةَ الْاَصَمُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، وَمِسْعَرٍ، وَذَكَرَ اَبُوْ قُرَيْشٍ اٰخَرَ مَعَهُمَا، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْجُبُهٗ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ مَا خَلَا الْجَنَابَةَ . (1:4)

حضرت علی ارشاد فرماتے ہیں قرآن کی تلاوت کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہوتی ہے۔ صرف

798- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه عبد الرزاق (1252) ، والحميدى برقم (169) ، وأحمد 6/148 و190 و204، والبخارى (7549) فى التوحيد: باب قول النبى - صلى الله عليه وسلم -: الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة ، وأبو داوُد (260) فى الطهارة: باب فى مؤاكلة الحائض ومجامعتها، والنسائى 1/147 فى الطهارة: باب فى الذى قرأ القرآن ورأسه فى حجر امرأته وهى حائض، و1/191 فى الحيض: باب الرجل يقرأ القرآن ورأسه فى حجر امرأته وهى حائض، وابن ماجة (634) فى الطهارة: باب الحائض تتناول الشىء من المسجد، وأبو عوانة 1/313، من طرق، عن سفيان، به . وأخرجه أحمد 6/117 و135 و158 و258، والبخارى (297) فى الحيض: باب قراء ة الرجل فى حجر امرأته وهى حائض، ومسلم (301) فى الحيض: باب جواز غسل الحائض رأس زوجها، والبيهقى فى السنن 1/312، والبغوى فى شرح السنة برقم (319). وأخرجه أحمد 6/68، 69 و72، من طريق ابن لهيعة.

799-وأخرجه الحميدى (57) ، والطيالسى 1/59، وأحمد 1/83 و84 و107 و124، وأبو داوُد (229) فى الطهارة: باب فى الجنب يقرأ القرآن، والنسائى 1/144 فى الطهارة: باب حجب الجنب من قراء ة القرآن، وابن ماجة (594) فى الطهارة: باب ما جاء فى قراء ة القران على غير طهارة، والطحاوى 1/87، وابن الجارود فى المنتقى (94) ، والدارقطنى 1/119، والبيهقى فى السنن 1/88، 89، والبغوى فى شرح السنة (273) ، وصححه ابن خزيمة برقم (208) ، والحاكم 4/107، ووافقه الذهبى، من طرق عن شعبة بهذا الإسناد . قال شعبة: هذا الحديث ثلث رأس مالى . وقال: لا أروى أحسن منه عن عمرو بن مرة. وقال الحافظ ابن حجر فى الفتح 1/408: والحق أنه من قبيل الحسن يصلح للحجة.وأخرجه أبن أبى شيبة 1/101، 102، والترمذى (146) فى الطهارة: باب ما جاء فى الرجل يقرأ القرآن على كل حال ما لم يكن جنبًا، والنسائى 1/144 .

جنابت کا معاملہ مختلف ہے۔ (یعنی آپ جنابت کی حالت میں قرآن کی تلاوت نہیں کرتے تھے)

800 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، وَشُعْبَةَ، وَذَكَرَ ابْنُ قُتَيْبَةَ اٰخَرَ مَعَهُمَا، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَحْجُبُهُ مِنْ قِرَاءَ ةِ الْقُرْاٰنِ شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ جُنُبًا. (5: 31)

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کوئی بھی چیز قرآن کی تلاوت کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے رکاوٹ نہیں بنتی تھی، البتہ اگر آپ جنبی ہوتے تھے (تو آپ قرآن کی تلاوت نہیں کرتے تھے)

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس شخص کو غلط فہمی ہوئی ہے، جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(وہ غلط فہمی یہ ہے کہ) یہ روایت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

801 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهِ. (5: 31)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس شخص کو غلط فہمی ہوئی، جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ یہ روایت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں)

802 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْبَهِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهٖ. (1:4)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُ عَائِشَةَ: يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهٖ، اَرَادَتْ بِهِ الذِّكْرَ الَّذِيْ هُوَ غَيْرُ الْقُرْآنِ، اِذِ الْقُرْآنُ يَجُوْزُ اَنْ يُّسَمَّى الَّذِيْ ذِكْرٌ، وَقَدْ كَانَ لَا يَقْرَؤُهُ وَهُوَ جُنُبٌ، وَكَانَ يَقْرَؤُهُ فِيْ سَائِرِ الْاَحْوَالِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کر لیتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا: ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اوقات میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تھے''۔ اس سے ان کی مراد وہ ذکر ہے' جو قرآن کے علاوہ ہو' کیونکہ یہ ممکن ہے' انہوں نے جو الفاظ استعمال کیے ہیں اس سے مراد قرآن ہو۔ حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں اس کی تلاوت نہیں کرتے تھے۔ آپ باقی تمام حالتوں میں اس کی تلاوت کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ طَلَبَةِ الْعِلْمِ مِنْ مَظَانِّهٖ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے ان لوگوں کو یہ وہم ہو' جنہوں نے علم حدیث کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا گیا ہے روایت ان دو روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

803 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَخَالِدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ النَّضْرِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْحُضَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذِ بْنِ عُمَيْرِ بْنِ جُدْعَانَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَوَضَّاُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَضَّاَ، ثُمَّ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَوْ، قَالَ: عَلٰى طَهَارَةٍ (1:4)

802- إسناده قوى على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 6/70 و153، ومسلم (372) في الحيض: باب ذكر الله تعالى في حال الجنابة وغيرها، وأبو داؤد (18) في الطهارة. باب في الرجل يذكر الله تعالى على غير طهر، والترمذي (3384) في الدعاء: باب ما جاء أن دعوة المسلم مستجابة، وابن ماجة (302) في الطهارة: باب ذكر الله عز وجل على الخلاء، وأبو عوانة صحيحه 1/217، والبيهقي في السنن 1/90، والبغوي في شرح السنة برقم (274)، من طرق عن يحيى بن زكريا، به. وأخرجه أحمد 6/278 من طريق الوليد، حدثنا زكريا بن أبي زائدة، به وصححه ابن خزيمة برقم (207).

803- إسناده صحيح، وهو في صحيح ابن خزيمة برقم (206). وأخرجه أبو داؤد (17) في الطهارة: باب أَيَرُدُّ السلام وهو يبول، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/167، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 4/345 و 5/80، والنسائي 1/37 في الطهارة: باب رد السلام بعد الوضوء، وابن ماجة (350) في الطهارة. باب الرجل يُسَلَّم عليه وهو يبول، والبيهقي في السنن 1/90، والطبراني 20/229 (781)، من طرق عن سعيد به. وأخرجه الدارمي 2/278 من طريق معاذ بن هشام، عن أبيه، عن قتادة، به أخرجه ابن أبي شيبة 8/623 مختصرًا من طريق الحسن، عن المهاجر، به.

وَكَانَ الْحَسَنُ بِهٖ يَأْخُذُ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَرَادَ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَضْلَ، لِاَنَّ الذِّكْرَ عَلَى الطَّهَارَةِ اَفْضَلُ، لَا اَنَّهٗ كَانَ يَكْرَهُهٗ لِنَفْيِ جَوَازِهٖ

✿✿ حضرت مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت وضو کررہے تھے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کا جواب نہیں دیا۔ جب آپ نے وضو مکمل کرلیا' تو (سلام کا جواب دے کر) عذر بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

حسن بصری اس روایت کے مطابق فتویٰ دیتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ ''مجھے ناپسند ہوا کہ میں بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں'' اس سے مراد فضیلت (کے حصول کا ارادہ) ہے کیونکہ باوضو حالت میں ذکر کرنا افضل ہے۔ ایسا نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ناجائز ہونے کی وجہ سے اسے ناپسند کیا۔

8- بَابُ الْاَذْكَارِ

باب 8: اذکار کے بارے میں روایات

804 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَاشِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ اَبِي مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): اَخَذَ الْقَوْمُ فِي عَقَبَةٍ اَوْ ثَنِيَّةٍ، فَكُلَّمَا عَلَاهَا رَجُلٌ، قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَغْلَةٍ يَعْرِضُهَا فِي الْجَبَلِ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، ثُمَّ، قَالَ: يَا اَبَا مُوْسٰى، اَوْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِّنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟، قَالَ: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (2: 59)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، لَفْظَةُ اِعْلَامٍ عَنْ هٰذَا الشَّيْءِ، مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالدُّعَاءِ

حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگ یعنی (صحابہ کرام) جب بھی کسی گھاٹی پر چڑھتے تھے، تو جب آدمی اوپر پہنچ جاتا تھا، تو لا الہ الا اللّٰہ اور اللہ اکبر کہتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت اپنے خچر پر سوار تھے۔ جب آپ اس کے ساتھ پہاڑ پر پہنچے، تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم کسی بہرے یا غیر موجود (مبعو) کو نہیں پکار رہے، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے

804- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 4/407 من طريق يحيى القطان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2704) (45) في الذكر والدعاء: بـاب استحباب خفض الصوت بالذكر، وأبو داوُد (1527) في الصلاة: باب في الاستغفار، والنسائي في عمل اليوم والليلة برقم (537)، من طرق عن يزيد بن زريع، عن سليمان التيمي، به. وأخرجه أحمد 4/402، والبخاري (6610) في القدر: باب لا حول ولا قوة إلا بالله، ومسلم (2704) (46) من طرق عن خالد الحذاء، عن أبي عثمان النهدي، به. وأخرجه ابن أبي شيبة في المصنف 10/376، وأحمد 4/403 و 417، 418، والبخاري (4205) في المغازي: باب غزوة خيبر، ومسلم (2704) في الذكر والدعاء، وأبو داوُد (1528) في الصلاة، والنسائي في عمل اليوم والليلة (538)، وابن ماجة (3824) في الأدب: باب ما جاء في لا حول ولا قوة إلا بالله، من طرق عن عاصم الأحول، عن أبي عثمان النهدي، به. وأخرجه البخاري (6384) في الدعوات. باب الدعاء إذا علا عقبة، و (7386) في التوحيد: باب (وكان الله سميعًا بصيرًا)، ومسلم (2704)، من طرق عن حماد بن زيد، عن أيوب السختياني، عن أبي عثمان النهدي، به. وأخرجه أحمد 4/402، 403، ومسلم (2704) (47) من طريقين عن عثمان ابن غياث، عن أبي عثمان، به. وأخرجه أحمد 4/418، 419، وأبو داوُد (1526) في الصلاة، من طريق الجريري، عن أبي عثمان، به. وأخرجه الترمذي (3461) في الدعوات: باب ما جاء في فضل التسبيح والتكبير، والنسائي في عمل اليوم والليلة (552)، كلاهما من طريق محمد بن بشار، حدثنا مرحوم بن عبد العزيز العطار، حدثنا أبو نعامة السعدي، عن أبي عثمان، به.

ابوموسیٰ! (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تمہاری رہنمائی جنت کے خزانے کی طرف نہ کروں؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں، یارسول اللہ! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (وہ یہ کلمہ ہے) لا حول و لا قوة الا باللہ

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "تم کسی بہرے یا غیر موجود کو نہیں پکار رہے ہو" لفظی طور پر اس بات کی اطلاع ہے، لیکن اس سے مراد دعا کرتے ہوئے آواز بلند کرنے کی سے منع کرنا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى غَيْرِ طَهَارَةٍ غَيْرُ جَائِزَةٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ بندے کا اپنے پروردگار کا بے وضو حالت میں ذکر کرنا جائز نہیں ہے

805 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: اَقْبَلْتُ اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَسَارٍ مَوْلٰى مَيْمُوْنَةَ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اَبِي الْجُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ، فَقَالَ اَبُو الْجُهَيْمِ: اَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَحْوِ بِئْرِ الْجَمَلِ، فَلَقِيَهُ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَقْبَلَ عَلَى الْجِدَارِ، فَمَسَحَ بِوَجْهِهِ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ رَدَّ السَّلَامَ

(5: 31)

عمیر، جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں اور عبداللہ بن یسار اور حضرت ابوجہیم حاضر ہوئے، تو حضرت ابوجہیم نے بتایا: نبی اکرم ﷺ بئر جمل کی طرف سے تشریف لا رہے تھے۔ ایک شخص آپ کے سامنے آیا۔ اس نے سلام کیا نبی اکرم ﷺ نے اسے سلام کا جواب نہیں دیا۔ آپ دیوار کے پاس گئے آپ نے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا مسح کیا یعنی (تیمّم کیا) پھر آپ نے سلام کا جواب دیا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا فَعَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَاهُ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے وہ عمل کیا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

806 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ الْقُرَشِيُّ بِالْبَصْرَةِ، وَابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

805- إسناده صحيح، وأخرجه النسائي 1/165 في الطهارة: باب التيمم في الحضر، عن الربيع بن سليمان، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داؤد (329) في الطهارة: باب التيمم في الحضر، عن عبد الملك بن شعيب بن الليث، عن أبيه شعيب، به. وأخرجه البخاري (337) في التيمم: باب التيمم في الحضر إذا لم يجد الماء ، والبيهقي في السنن 1/205 عن يحيى بن بكير، عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد وأخرجه مسلم (369) تعليقًا في الحيض: باب التيمم، فقال: وروى الليث بن سعد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/169 عن حسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن عبد الرحمٰن بن هرمز، به. 806- إسناده صحيح، وقد تقدم برقم (803) .

الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حُضَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ مُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُولُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى تَوَضَّاَ، ثُمَّ اعْتَذَرَ، فَقَالَ: اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَوْ، قَالَ: عَلٰى طَهَارَةٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ اَنَّ كَرَاهِيَهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذِكْرَ اللّٰهِ اِلَّا عَلٰى طَهَارَةٍ، كَانَ ذٰلِكَ لِاَنَّ الذِّكْرَ عَلٰى طَهَارَةٍ اَفْضَلُ، لَا اَنَّ ذِكْرَ الْمَرْءِ رَبَّهٗ عَلٰى غَيْرِ الطَّهَارَةِ غَيْرُ جَائِزٍ، لِاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهٖ

حضرت مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت پیشاب کرر ہے تھے انہوں نے سلام کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کوسلام کا جواب نہیں دیا۔ پہلے آپ نے وضو کیا پھر آپ نے عذر بیان کرتے ہوئے فرمایا: مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کوشک ہے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کو ناپسند کرنا اس وجہ سے تھا کہ باوضو حالت میں ذکر کرنا افضل ہے۔ ایسا نہیں ہے' آدمی کا بے وضو حالت میں اپنے پروردگار کا ذکر کرنا جائز ہی نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ اَسَامِي اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اللَّاتِيْ يَدْخُلُ مُحْصِيهَا الْجَنَّةَ

اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کا تذکرہ جنہیں شمار کرنے والا شخص (یعنی انہیں یاد کرنے والا شخص) جنت میں داخل ہوگا

807 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا، مِائَةً اِلَّا وَاحِدَةً، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ. (1: 2)

807- إسناده صحيح، وأخرجه الترمذى (3506) فى الدعوات .807- وأخرجه أحمد 2/427 و 499 من طرق عن هشام بن حسان، به. وأخرجه الحاكم 1/17، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 7، وأخرجه أحمد 2/267، ومسلم (2677) (6) فى الذكر والدعاء : باب فى أسماء الله تعالى وفضل من أحصاها، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 4، من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن أيوب، عن ابن سيرين، به.وأخرجه أحمد 2/516 من طريق روح، عن ابن عون، عن ابن سيرين، به.وأخرجه أحمد 2/267 و 314، ومسلم (2677) (6) ، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 4، والبغوى (1256) من طريق عبد الرزاق (19656) ، وأخرجه أحمد 2/503، وابن ماجة (3860) فى الدعاء . باب أسماء الله عز وجل، من طريق محمد بن عمرو، عن أبى سلمة، عن أبى هريرة . وأخرجه الترمذى (3506) فى الدعوات. وأورده المؤلف بعده من طريق أبى الزناد، عن الأعرج، عن أبى هريرة. ويرد تخريجه عنده.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ کے 99 نام ہیں یعنی ایک کم 100' جو انہیں یاد کرلے گا وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ تَفْصِيلِ الْاَسَامِي الَّتِي يُدْخِلُ اللّٰهُ مُحْصِيهَا الْجَنَّةَ

ان اسماء کا تفصیلی تذکرہ جنہیں یادرکھنے والے شخص کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کردے گا

808 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ فَيَّاضٍ بِدِمَشْقَ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا، مِائَةً اِلَّا وَاحِدًا، اِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ؛ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ، الرَّحِيمُ، الْمَلِكُ، الْقُدُّوسُ، السَّلَامُ، الْمُؤْمِنُ، الْمُهَيْمِنُ، الْعَزِيْزُ، الْجَبَّارُ، الْمُتَكَبِّرُ، الْخَالِقُ، الْبَارِءُ، الْمُصَوِّرُ، الْغَفَّارُ، الْقَهَّارُ، الْوَهَّابُ، الرَّزَّاقُ، الْفَتَّاحُ، الْعَلِيْمُ، الْقَابِضُ، الْبَاسِطُ، الْخَافِضُ، الرَّافِعُ، الْمُعِزُّ، الْمُذِلُّ، السَّمِيْعُ، الْبَصِيرُ، الْحَكَمُ، الْعَدْلُ، اللَّطِيفُ، الْخَبِيرُ، الْحَلِيْمُ، الْعَظِيْمُ، الْغَفُورُ، الشَّكُورُ، الْعَلِيُّ، الْكَبِيرُ، الْحَفِيظُ، الْمُقِيْتُ، الْحَسِيبُ، الْجَلِيْلُ، الْكَرِيْمُ، الرَّقِيبُ، الْوَاسِعُ، الْحَكِيْمُ، الْوَدُوْدُ، الْمَجِيْدُ، الْمُجِيْبُ، الْبَاعِثُ، الشَّهِيدُ، الْحَقُّ، الْوَكِيلُ، الْقَوِيُّ، الْمَتِيْنُ، الْوَلِيُّ، الْحَمِيْدُ، الْمُحْصِي، الْمُبْدِءُ، الْمُعِيْدُ، الْمُحْيِي، الْمُمِيتُ، الْحَيُّ، الْقَيُّومُ، الْوَاجِدُ، الْمَاجِدُ، الْوَاحِدُ، الْاَحَدُ، الصَّمَدُ، الْقَادِرُ، الْمُقْتَدِرُ، الْمُقَدِّمُ، الْمُؤَخِّرُ، الْاَوَّلُ، الْاٰخِرُ، الظَّاهِرُ، الْبَاطِنُ، الْمُتَعَالِ، الْبَرُّ، التَّوَّابُ، الْمُنْتَقِمُ، الْعَفُوُّ، الرَّؤُوْفُ، مَالِكُ الْمُلْكِ، ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، الْمُقْسِطُ، الْمَانِعُ، الْغَنِيُّ، الْمُغْنِي، الْجَامِعُ، الضَّارُّ، النَّافِعُ، النُّورُ، الْهَادِي، الْبَدِيعُ، الْبَاقِي، الْوَارِثُ، الرَّشِيدُ، الصَّبُوْرُ . (1: 2)

808 - حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ کے 99 نام ہیں یعنی ایک کم 100' اللہ تعالیٰ وتر ہے اور وتر کو پسند کرتا ہے' جو شخص انہیں' یاد کرلے گا وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

وہ اللہ ہے' اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے' وہ رحمان ہے، رحم کرنے والا ہے، بادشاہ ہے، پاک ہے، سلامتی عطا کرنے والا ہے، امن دینے والا ہے، نگرانی کرنے والا ہے، غالب ہے، زبردست ہے، کبریائی والا ہے، پیدا کرنے والا ہے، بنانے والا ہے، شکل وصورت عطا کرنے والا ہے، مغفرت کرنے والا ہے، قہر والا ہے، عطیہ دینے والا ہے، رزق عطا

808- قال الترمذی بعد أن أخرجه فی سننه (3507) . وقد روى هذا الحديث من غير وجه

کرنے والا ہے، کھولنے والا ہے، علم رکھنے والا ہے، تنگی عطا کرنے والا ہے، کشادگی دینے والا ہے، پست کرنے والا ہے، بلند کرنے والا ہے، عزت دینے والا ہے، ذلت دینے والا ہے، سماعت والا ہے، بصیرت والا ہے، فیصلہ دینے والا ہے، عدل کرنے والا ہے، مہربان ہے، خبر رکھنے والا ہے، بردبار ہے، عظیم ہے، مغفرت کرنے والا ہے شکر کرنے والا ہے، بلند ہے، بڑا ہے، حفاظت کرنے والا ہے، نگرانی کرنے والا ہے، حساب رکھنے والا ہے، عظمت والا ہے، معزز ہے، نگران ہے، وسعت والا ہے، حکمت والا ہے، مہربان ہے، بزرگی والا ہے، دعا قبول کرنے والا ہے، زندہ کرنے والا ہے، گواہ ہے، حق ہے، وکیل ہے، طاقت ور ہے، متین ہے، نگران ہے، لائق حمد ہے، شمار کرنے والا ہے، آغاز کرنے والا ہے، دوبارہ پیدا کرنے والا ہے، زندگی دینے والا ہے، موت دینے والا ہے، زندہ ہے، قیوم ہے، پالنے والا ہے، بزرگی والا ہے، ایک ہے، یکتا ہے، بے نیاز ہے، قدرت والا ہے، اقتدار والا ہے، آگے کرنے والا ہے، پیچھے کرنے والا ہے، پہلا ہے، بعد والا ہے، ظاہر ہے، باطن ہے، بلند و برتر ہے، مہربان ہے، توبہ قبول کرنے والا ہے، انتقام لینے والا ہے، معاف کرنے والا ہے، مہربان ہے، بادشاہ ہے، جلال واکرام والا ہے، انصاف کرنے والا ہے، روکنے والا ہے، بے نیاز ہے، غنی ہے، جمع کرنے والا ہے، نقصان پہنچانے والا ہے، نفع دینے والا ہے، نور ہے، ہدایت دینے والا (کسی سابقہ شان کے بغیر پیدا کرنے والا ہے، باقی ہے، وارث ہے، ہدایت دینے والا ہے، صبر عطا کرنے والا (برداشت کرنے والا ہے)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ نَفْسِهِ اَفْضَلُ مِنْ ذِكْرِهِ بِحَيْثُ يَسْمَعُ صَوْتَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' پست آواز میں اپنے پروردگار کا ذکر اس سے افضل ہے کہ وہ اتنی بلند آواز میں ذکر کرے کہ دوسرا شخص اس کی آواز کو سن لے

809 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَبِيْبَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

809-وأخرجه الترمذى (3507) فى الدعوات، والبغوى (1257)؛ من طريق إبراهيم بن يعقوب الجوزانى، والبيهقى فى الأسماء والصفات من طريق جعفر بن محمد الفريابى، كلاهما عن صفوان بن صالح بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 1/16 وسكت عنه الذهبى. وأخرجه بدون سياق الأسماء البخارى (2736) فى الشروط: باب ما يجوز من الاشتراط، و (7392) فى التوحيد، إن لله مئة اسم إلا واحدة، من طريق أبى اليمان، عن شعيب بن أبى حمزة، به. وأحمد 2/258 من طريق محمد، عن أبى الزناد، به. والحمدى (1130)، والبخارى (6410) فى الدعوات، باب لله مئة اسم غير واحدة، ومسلم (2677) (5) فى الذكر والدعاء باب أسماء الله تعالى، والترمذى (3508) فى الدعوات، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص4، كلهم من طريق سفيان بن عيينة عن أبى الزناد، به دون سرد الأسماء . وأخرجه ابن ماجة (3861) فى الدعاء باب أسماء الله عز وجل، من طريق هشام بن عمار، عن عبد الملك بن محمد الصنعانى، عن زهير بن محمد، عن موسى بن عقبة عن الأعرج، عن أبى هريرة، وفيه سرد الأسماء وهذا إسناد ضعيف لضعف عبد الملك بن محمد. انظر الدر المنثور 3/147-149، تفسير قوله تعالى (ولله الأسماء الحسنى فادعوه بها) .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: خَيْرُ الذِّكْرِ الْخَفِيُّ، وَخَيْرُ الرِّزْقِ، اَوِ الْعَيْشِ، مَا يَكْفِي. (1: 2)
الشَّكُّ مِنِ ابْنِ وَهْبٍ

❀❀ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''سب سے بہترین ذکر وہ ہے' جو پست آواز میں ہو' سب سے بہترین رزق (ضروریات زندگی راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں: بہتر زندگی) وہ ہے' جو کہ کفایت کر جائے''۔

یہاں روایت کے الفاظ میں شک ابن وہب نامی راوی کو ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ رَبَّهٗ جَلَّ وَعَلَا فِيْ نَفْسِهٖ اَفْضَلُ مِنْ ذِكْرِهٖ بِحَيْثُ يَسْمَعُ النَّاسُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بندے کا پست میں ذکر کرنا اس سے افضل ہے کہ وہ یوں ذکر کرے کہ لوگ اسے سن سکیں

810 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ: يَا ابْنَ اٰدَمَ اذْكُرْنِيْ فِيْ نَفْسِكَ اَذْكُرْكَ فِيْ نَفْسِيْ، اذْكُرْنِيْ فِيْ مَلَاٍ مِّنَ النَّاسِ اَذْكُرْكَ فِيْ مَلَاٍ خَيْرٍ مِّنْهُمْ. (3: 28)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے آدم کے بیٹے! تم اپنے دل میں مجھے یاد کرو میں اپنے دل میں تمہیں' یاد کروں گا تم لوگوں کی محفل میں مجھے یاد کرو میں ان سے بہتر گروہ میں تمہیں' یاد کروں گا''۔

ذِكْرُ ذِكْرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِيْ مَلَكُوْتِهٖ مَنْ ذَكَرَهٗ فِيْ نَفْسِهٖ مِنْ عِبَادِهٖ، مَعَ ذِكْرِهٖ اِيَّاهُمْ فِي الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْ مَّلَائِكَتِهٖ عِنْدَ ذِكْرِهِمْ اِيَّاهُ فِيْ خَلْقِهٖ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ اس شخص کا تذکرہ ملکوت میں کرتا ہے' جو اپنے دل میں اللہ کا ذکر کرتا ہے' نیز اللہ تعالیٰ اس کے ہمراہ وہ اس شخص کا تذکرہ مقرب فرشتوں میں کرتا ہے

810- إسناده حسن على شرط مسلم، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/309، وأحمد 2/405 .

جبکہ وہ شخص مخلوق کے درمیان اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے

811 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بْنِ مَرْزُوقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى:

(متن حدیث):اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ ، وَاَنَا مَعَهُ حَيْثُ يَذْكُرُنِي، اِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِيْ نَفْسِيْ، وَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَاٍ ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَاٍ خَيْرٍ مِّنْهُمْ، وَاِنْ تَقَرَّبَ مِنِّيْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا، وَاِنْ اَتَانِيْ يَمْشِيْ اَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً . (1: 2)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَللّٰهُ اَجَلُّ وَاَعْلٰى مِنْ اَنْ يُّنْسَبَ اِلَيْهِ شَيْءٌ مِنْ صِفَاتِ الْمَخْلُوْقِ، اِذْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ، وَهٰذِهِ اَلْفَاظٌ خَرَجَتْ مِنْ اَلْفَاظِ التَّعَارُفِ عَلٰى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ مِمَّا بَيْنَهُمْ، وَمَنْ ذَكَرَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا فِيْ نَفْسِهِ بِنُطْقٍ اَوْ عَمَلٍ يَتَقَرَّبُ بِهٖ اِلٰى رَبِّهٖ، ذَكَرَهُ اللّٰهُ فِيْ مَلَكُوتِهٖ بِالْمَغْفِرَةِ لَهٗ تَفَضُّلًا وَجُوْدًا، وَمَنْ ذَكَرَ رَبَّهُ فِيْ مَلَاٍ مِّنْ عِبَادِهٖ، ذَكَرَهُ اللّٰهُ فِيْ مَلَائِكَتِهِ الْمُقَرَّبِينَ بِالْمَغْفِرَةِ لَهٗ، وَقَبُولِ مَا اَتٰى عَبْدُهُ مِنْ ذِكْرِهٖ، وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَى الْبَارِيْ جَلَّ وَعَلَا بِقَدْرِ شِبْرٍ مِّنَ الطَّاعَاتِ، كَانَ وُجُوْدُ الرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ مِنَ الرَّبِّ مِنْهُ لَهٗ اَقْرَبَ بِذِرَاعٍ، وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلٰى مَوْلَاهُ جَلَّ وَعَلَا بِقَدْرِ ذِرَاعٍ مِّنَ الطَّاعَاتِ كَانَتِ الْمَغْفِرَةُ مِنْهُ لَهٗ اَقْرَبَ بِبَاعٍ، وَمَنْ اَتٰى فِيْ اَنْوَاعِ الطَّاعَاتِ بِالسُّرْعَةِ كَالْمَشْيِ، اَتَتْهُ اَنْوَاعُ الْوَسَائِلِ وَوُجُوْدُ الرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِالسُّرْعَةِ كَالْهَرْوَلَةِ، وَاللّٰهُ اَعْلٰى وَاَجَلُّ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں۔ وہ جب جہاں مجھے یاد کرتا ہے میں وہاں ہوتا ہوں اگر وہ مجھے دل میں' یاد کرتا ہے' تو میں بھی اسے دل میں' یاد کرتا ہوں اور اگر وہ لوگوں میں مجھے یاد کرتا ہے' تو میں اس سے بھی بہترین گروہ میں اسے یاد کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت مجھے یاد کرتا ہے' تو میں ایک بالشت اس کے قریب ہوتا ہوں وہ چل کر میری طرف آتا ہے' تو میں دوڑ کر اس کی طرف آتا ہوں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اللہ تعالیٰ کی ذات اس بات سے بلند و برتر ہے' مخلوق کی صفات میں سے کوئی چیز اس کی

811– إسناده صحيح وأخرجه مسلم (2675) في الذكر والدعاء . باب الحث على ذكر الله تعالى . وأخرجه أحمد 2/251 و413، والبخاري (7405) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (ويحذركم الله نفسه) ، ومسلم (2675)(21) في الذكر: باب فضل الذكر، والترمذي (3603) في الدعوات: باب في حسن الظن بالله عز وجل، وابن ماجة (3822) في الأدب: باب فضل العمل، وابن خزيمة في التوحيد ص7، والبغوي في شرح السنة برقم (1251) ، من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 2/516 و 517، و 524 و 534، 535، ومسلم (2675) في الوية: باب في الحض على التوبة، والبخاري في خلق أفعال العباد ص 85 .

طرف منسوب کی جائے کیونکہ کوئی بھی چیز اس کی مثل نہیں ہے۔ یہ الفاظ (جو اس روایت میں استعمال ہوئے ہیں) یہ اس عام محاورے کے مطابق ہیں جو لوگوں کے درمیان رائج ہے۔ جو شخص تنہائی میں زبان کے ذریعے یا عمل کے ذریعے اپنے پروردگار کا ذکر کرتا ہے' جس کے ذریعے وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں قرب حاصل کرے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے تحت' اپنی ملکوت میں مغفرت کے ہمراہ اس کا ذکر کرتا ہے اور جو شخص اپنے پروردگار کا ذکر اس کے بندوں کی موجودگی میں کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اپنے مقرب فرشتوں کے سامنے اس شخص کا ذکر مغفرت کے ہمراہ کرتا ہے۔ اس نے اپنے بندے کے ذکر کو قبول کرلیا ہے (اس کے ہمراہ بندے کا ذکر کرتا ہے) اور جو شخص ایک بالشت جتنی فرمانبرداری کے ہمراہ پروردگار کے قریب ہو' تو پروردگار کی طرف سے مہربانی اور رحمت ایک ذراع (درمیانی بڑی انگلی کے کنارے سے لے کر کہنی تک) جتنا اس کے قریب ہوتی ہیں۔ جو شخص ایک ذراع جتنی فرمانبرداری کے ہمراہ (اپنے) خالق کے قریب ہوتا ہے' تو اس (پروردگار) کی طرف سے مغفرت ایک باع (دونوں بازوؤں کے پھیلاؤ) سے زیادہ اس کے قریب ہوتی ہے' جو شخص مختلف طرح کی نیکیاں پیدل چلنے جتنی سرعت کے ساتھ کرتا ہے' تو وسائل' مہربانی اور رحمت کے وجود اور مغفرت اتنی تیزی سے اس کی طرف آتے ہیں جس طرح دوڑنا ہوتا ہے' تو اللہ تعالیٰ بلند و برتر ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ جَلَّ وَعَلَا فِيْ نَفْسِهِ يَذْكُرُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ بِالْمَغْفِرَةِ فِيْ مَلَكُوْتِهِ

ان روایات کا تذکرہ (جن کے مطابق) جب بندہ دل میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں میں مغفرت کے حوالے سے اس شخص کا تذکرہ کرتا ہے

812 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ ذَكْوَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: عَبْدِيْ عِنْدَ ظَنِّهِ بِيْ، وَاَنَا مَعَهُ اِذَا دَعَانِي، اِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِيْ نَفْسِيْ، وَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَأٍ ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَأٍ خَيْرٌ مِنْهُ وَاَطْيَبُ . (3: 67)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ جَلَّ وَعَلَا: اِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِيْ نَفْسِيْ، يُرِيْدُ بِهِ: اِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهِ بِالدَّوَامِ عَلَى الْمَعْرِفَةِ الَّتِيْ وَهَبْتُهَا لَهُ، وَجَعَلْتُهُ اَهْلًا لَهَا، ذَكَرْتُهُ فِيْ نَفْسِيْ، يُرِيْدُ بِهِ: فِيْ مَلَكُوْتِيْ بِقَبُوْلِ تِلْكَ الْمَعْرِفَةِ مِنْهُ مَعَ غُفْرَانِ مَا تَقَدَّمَهُ مِنَ الذُّنُوْبِ، ثُمَّ، قَالَ: وَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَأٍ، يُرِيْدُ بِهِ: وَاِنْ ذَكَرَنِيْ بِلِسَانِهِ، يُرِيْدُ بِهِ الْاِقْرَارَ الَّذِيْ هُوَ عَلَامَةُ تِلْكَ الْمَعْرِفَةِ فِيْ مَلَأٍ مِّنَ النَّاسِ لِيَعْلَمُوا اِسْلَامَهُ، ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَأٍ خَيْرٍ مِّنْهُ، يُرِيْدُ بِهِ: ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَأٍ خَيْرٍ مِّنْهُ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ فِي الْجَنَّةِ، بِمَا اَتَى مِنَ الْاِحْسَانِ فِي الدُّنْيَا الَّذِيْ هُوَ الْاِيْمَانُ اِلٰى اَنِ اسْتَوْجَبَ بِهِ التَّمَكُّنَ مِنَ الْجِنَانِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

812- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 2/480 عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد وانظر ما قبله.

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں اگر وہ دل میں مجھے یاد کرتا ہے تو میں بھی دل میں اسے یاد کرتا ہوں اگر وہ لوگوں میں مجھے یاد کرتا ہے تو میں بھی اس سے بہتر اور پاکیزہ گروہ میں اس کا تذکرہ کرتا ہوں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''اگر وہ اپنے نفس میں (یعنی دل میں یا تنہائی میں) میرا ذکر کرتا ہے تو میں اپنے من میں اس کا ذکر کرتا ہوں''۔ اس سے مراد یہ ہے اگر وہ اپنے من میں اس معرفت کی وجہ سے باقاعدگی سے میرا ذکر کرتا ہے جو (معرفت) میں نے اسے ہبہ کی ہے اور میں نے اسے اس کا اہل بنایا ہے تو پھر میں اپنے من میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔ اس سے مراد یہ ہے: میں اپنے ملکوت میں اس کی طرف سے اس معرفت کو قبول کرتا ہوں اور اس کے ہمراہ اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کردیتا ہوں۔

پھر اس نے یہ فرمایا: ''اگر وہ لوگوں میں میرا ذکر کرے'' اس سے مراد یہ ہے: اگر وہ اپنی زبان کے ہمراہ میرا ذکر کرے گا اس سے مراد وہ اقرار ہے، جو لوگوں کی موجودگی میں اس معرفت کی علامت ہوگا تاکہ انہیں اس کے اسلام کا پتہ چل جائے۔

تو میں اس سے بہتر گروہ میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔ اس سے مراد یہ ہے میں اس کا ذکر ایسے گروہ میں کرتا ہوں جو اس سے بہتر ہے، جس میں انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین ہونگے جو جنت میں ہونگے اس (شخص کے ذکر کی صورت یہ ہوگی) اس نے دنیا میں بھلائی کی ہوگی جو ایمان ہے یہاں تک اس (ایمان) کی وجہ سے وہ جنت میں رہنے کا مستحق ہو جائے گا۔

ذِكْرُ مُبَاهَاةِ نَوْعِ اٰخَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مَلَائِكَتَهٗ بِذَاكِرِهٖ اِذَا قَرَنَ مَعَ الذِّكْرِ التَّفَكُّرَ

اللہ تعالیٰ کا اپنے فرشتوں کے سامنے اپنا ذکر کرنے والے شخص پر فخر کا اظہار کرنا جبکہ اس شخص نے ذکر کے ہمراہ غور وفکر کو بھی ساتھ ملایا ہو

813 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَعَامَةَ السَّعْدِيُّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ عَلٰى حَلْقَةٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ قَالُوْا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ، قَالَ: آللّٰهِ مَا اَجْلَسَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: وَاللّٰهِ مَا اَجْلَسَنَا اِلَّا ذٰلِكَ، قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلٰى حَلْقَةٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ قَالُوْا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ وَنَحْمَدُهٗ عَلٰى مَا

813- إسناده صحيح، وأخرجه الطيالسي 1/249، وابن أبي شيبة 10/305، وأحمد 4/92، ومسلم (2701) في الذكر: باب فضل الاجتماع على تلاوة القرآن، والترمذي (3379) في الدعاء: باب ما جاء في القوم يجلسون فيذكرون الله عز وجل ما لهم من الفضل، والنسائي 8/249 في أدب القضاة: باب كيف يستحلف الحاكم.

هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِهِ، قَالَ: اللّٰهِ مَا اَجْلَسَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: وَاللّٰهِ مَا اَجْلَسَنَا اِلَّا ذٰلِكَ، قَالَ: اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ، وَلٰكِنْ جِبْرِيْلُ اَتَانِیْ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ اللّٰهَ يُبَاهِیْ بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ . (1: 2)

﴿﴾ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ مسجد میں ایک حلقے کے پاس تشریف لائے اور دریافت کیا: تم لوگ یہاں کیوں بیٹھے ہو۔ لوگوں نے بتایا ہم اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہے ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اللہ کی قسم! کیا تم لوگ صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھتے ہو؟ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم لوگ صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھے ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بتایا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ایک حلقے کے پاس تشریف لائے آپ نے دریافت کیا: تم لوگ کیوں بیٹھے ہوئے ہو۔ انہوں نے کہا: ہم اللہ کا ذکر کرنے کے لئے اور اس نے جو اسلام کی ہدایت دی ہے اور ہم پر یہ احسان کیا ہے اس بات پر اس کی حمد بیان کرنے کے لئے بیٹھے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اللہ کی قسم! تم صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھے ہوئے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! ہم صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تم پر کوئی الزام عائد کرنے کے لئے تم سے قسم نہیں لی ہے' بلکہ جبرائیل میرے پاس آئے انہوں نے مجھے بتایا: اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کا اظہار کر رہا ہے۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ دَوَامَ ذِكْرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِی الْاَوْقَاتِ وَالْاَسْبَابِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ تمام اوقات اور تمام اسباب میں باقاعدگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہے

814 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ قَيْسٍ الْكِنْدِیَّ حَدَّثَهٗ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ، قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيَّانِ اِلَى النَّبِیِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَقَالَ اَحَدُهُمَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِیْ بِاَمْرٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ، قَالَ: لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ . (1: 2)

﴿﴾ حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دو دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے گویا ان میں سے ایک نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کسی ایسی چیز کے بارے میں مجھے بتائیں جو میں مضبوطی سے پکڑ لوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری زبان اللہ کے ذکر سے ہمیشہ تر رہنی چاہئے۔

814- إسناده قوی، معاوية بن صالح صدوق له أوهام، أخرج له مسلم، وقد توبع عليه، وباقی رجاله ثقات .وأخوجه أحمد 4/190 عن عبد الرحمٰن بن مهدی وابن أبی شيبة 10/301، والترمذی (3375) فی الدعاء : باب ما جاء فضل الذكر، وابن ماجة (3793) فی الأدب: باب فضل الذكر، من طريق زيد بن الحباب، كلاهما عن معاوية بن صالح، به، وصحيحه الحاكم (1) /495، وأقره الذهبی. وأخرجه أحمد 4/188 من طريق علی بن عياش، سيرد برقم (818) .

ذِكْرُ رَجَاءِ سُرْعَةِ الْمَغْفِرَةِ لِذَاكِرِ اللّٰهِ إِذَا تَحَرَّكَتْ بِهٖ شَفَتَاهُ

اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا شخص جب اپنے ہونٹوں کو حرکت دیتا ہے تو اس کی جلدی مغفرت ہونے کی امید کا تذکرہ

815 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ جَوْصَا أَبُو الْحَسَنِ بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ النَّحَّاسُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ كَرِيمَةَ بِنْتِ الْحَسْحَاسِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ فِي بَيْتِ أُمِّ الدَّرْدَاءِ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: أَنَا مَعَ عَبْدِي مَا ذَكَرَنِي وَتَحَرَّكَتْ بِي شَفَتَاهُ. (1: 2)

کریمہ بنت حسحاس بیان کرتی ہیں: میں نے سیّدہ ام درداء رضی اللہ عنہا کے گھر میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور اس کے ہونٹ میرے لئے حرکت کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ مَا يُكْرِمُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِهٖ فِي الْقِيَامَةِ مَنْ ذَكَرَهُ فِي دَارِ الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ اس شخص کو جو عزت عطا کرے گا جو دنیا میں اس کا ذکر کرتا تھا

816 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو طَاهِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ أَبِي السَّمْحِ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: سَيَعْلَمُ أَهْلُ الْجَمْعِ الْيَوْمَ مَنْ أَهْلُ الْكَرَمِ، فَقِيلَ: مَنْ أَهْلُ الْكَرَمِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟، قَالَ: أَهْلُ مَجَالِسِ الذِّكْرِ فِي الْمَسَاجِدِ. (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: آج کے دن اہل دولت جان لیں گے کہ کون معزز ہیں تو دریافت کیا گیا کہ یارسول اللہ! کون معزز ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں منعقد کی جانے والی محفل ذکر کے افراد ''معزز'' ہے۔

815- وأخرجه أحمد 2/540، وابن ماجة (3792) في الأدب: باب فضل الذكر، والبغوي في شرح السنة (1242) والحاكم 1/496 من طريق بشر بن بكر. وعلقه البخاري 13/499 في التوحيد -بصيغة الجزم- باب قول الله تعالى (لا تحرك به لسانك)، ووصله في خلق أفعال العباد ص 87 من طريق الحميدي.

816- إسناده ضعيف وأخرجه أحمد 3/68 عن سريج، عن ابي وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/76 عن الحسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن دراج: به. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/76 .

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الِاسْتِهْتَارِ لِلْمَرْءِ بِذِكْرِ رَبِّهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کا اپنے پروردگار کا ذکر کرتے ہوئے بے خود ہو جانے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

817 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا السَّمْحِ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَكْثِرُوا ذِكْرَ اللّٰهِ حَتّٰى يَقُولُوا: مَجْنُونٌ . (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم اللہ تعالیٰ کا اتنی کثرت سے ذکر کرو کہ لوگ یہ کہیں: یہ پاگل ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُدَاوَمَةَ لِلْمَرْءِ عَلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ مِنْ اَحَبِّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اللہ تعالیٰ کے ذکر کو باقاعدگی کے ساتھ کرنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین اعمال میں سے ایک ہے

818 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ مَكْحُولٌ بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ يُخَامِرَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ؟، قَالَ: اَنْ تَمُوتَ وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ . (1: 2)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون سا عمل زیادہ محبوب ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس حالت میں مرو کہ تمہاری زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر ہو۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْمَرْءِ عَنْ دَارِهِ الْمَبِيتَ وَالْعَشَاءَ لِلشَّيْطَانِ بِذِكْرِهِ رَبَّهُ عِنْدَ دُخُولِهِ وَابْتِدَائِهِ

اس بات کا تذکرہ' جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہونے کے وقت اور آغاز میں اپنے پروردگار کا ذکر کر لیتا ہے' تو پھر آدمی کے گھر میں شیطان کو رہنے کی جگہ اور رات کا کھانا نہیں ملتا

817- إسناده ضعيف لضعف دراج في روايته عن أبي الهيثم، وأخرجه أحمد 3/68 عن سريج، عن ابن وهب، بهذا الإسناد، وهو في المنتخب من مسند عبد بن حميد 102/1، وتاريخ ابن عساكر 6/29/2 من طريق دراج، به، وصححه الحاكم 1/499 وأخرجه أحمد 3/71، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/75-76

819 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ وَعِنْدَ طَعَامِهٖ، قَالَ الشَّيْطَانُ: لَا مَبِيتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ، وَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ، قَالَ الشَّيْطَانُ: اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيتَ، وَاِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ طَعَامِهٖ، قَالَ: اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيتَ وَالْعَشَاءَ. (2:1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''جب کوئی شخص اپنے گھر میں داخل ہو اور داخلے کے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے اور کھانے کے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے' تو شیطان (اپنے ساتھیوں سے) یہ کہتا ہے تمہیں یہاں رہنے کے لئے جگہ بھی نہیں ملے گی اور کھانا بھی نہیں ملے گا اور جب کوئی شخص گھر میں داخلے کے وقت اللہ کا ذکر نہیں کرتا' تو شیطان یہ کہتا ہے کہ تمہیں یہاں جگہ مل جائے گی اور جب کوئی شخص کھانے کے وقت اللہ کا ذکر نہیں کرتا' تو شیطان کہتا ہے تمہیں یہاں رہنے کی جگہ بھی مل جائے گی اور کھانا بھی مل جائے گا۔

ذِكْرُ اسْتِحْسَانِ الْاِكْثَارِ لِلْمَرْءِ مِنَ التَّبَرِّيْ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، اِذْ هُوَ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ

اس بات کے مستحسن ہونے کا تذکرہ' آدمی بکثرت لا حول ولا قوة الا بالله پڑھا کرے کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک ہے

820 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّائِبِ بْنِ بَرَكَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنِ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَمْشِيْ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِّنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (2:1)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چل رہا تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! کیا میں تمہاری رہنمائی جنت کے ایک خزانے کی طرف نہ کروں۔ میں نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا حول ولا قوة الا بالله (جنت کا خزانہ ہے)

819- إسناده صحيح. وأخرجه مسلم (2018) في الأشربة. باب آداب الطعام والشراب، وأبو داوٗد (3765) في الأطعمة باب التسمية على الطعام، وابن ماجة (3887) في الدعاء باب مايدعو به إذا دخل بيته، من طرق، عن أبي عاصم الضحاك بن مخلد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/383، ومسلم (2018) من طريق روح بن عبادة عن ابن جريج، به. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (178) من طريق يوسف بن سعيد، عن حجاج، عن ابن جريج، به وأخرجه أحمد 3/346 عن موسى بن داوٗد، عن ابن لهيعة، عن أبي الزبير.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ كُلَّمَا كَثُرَ تَبَرِّيهِ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِبَارِئِهٖ كَثُرَ غِرَاسُهٗ فِي الْجِنَانِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ جب بھی بکثرت ''لا حول ولا قوة الا بالله'' پڑھے گا تو جنت میں اس کی طرف سے زیادہ درخت لگ جائیں گے

821 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَخْبَرَهٗ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اَيُّوْبَ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ مَرَّ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِجِبْرِيْلَ: مَنْ مَّعَكَ يَا جِبْرِيْلُ؟، قَالَ جِبْرِيْلُ: هٰذَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ: يَا مُحَمَّدُ مُرْ اُمَّتَكَ اَنْ يُّكْثِرُوْا غِرَاسَ الْجَنَّةِ، فَاِنَّ تُرْبَتَهَا طَيِّبَةٌ، وَاَرْضُهَا وَاسِعَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاِبْرَاهِيْمَ: وَمَا غِرَاسُ الْجَنَّةِ؟، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (2:1)

❁❁ سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے صحابی حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی کہ جس رات نبی اکرم ﷺ کو معراج کروائی گئی آپ کا گزر حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کے پاس سے ہوا' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کیا: اے جبرائیل آپ کے ساتھ کون ہے؟ حضرت جبرائیل نے بتایا یہ حضرت محمد ﷺ ہیں' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا: اے محمد ﷺ آپ اپنی امت کو یہ ہدایت کریں کہ وہ جنت میں زیادہ درخت لگائے' کیونکہ اس کی مٹی پاکیزہ ہے اور اس کی زمین کشادہ ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے دریافت کیا: جنت میں درخت لگانے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: لا حول ولا قوة الا بالله (پڑھنا)

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ يُهْدَى الْقَائِلُ بِهٖ وَيُكْفٰى وَيُوْقٰى اِذَا، قَالَهٗ عِنْدَ الْخُرُوْجِ مِنْ مَّنْزِلِهٖ

اس چیز کا تذکرہ' جو اسے پڑھنے والے کو ہدایت دیتی ہے اور اس کے لئے کفایت کر لیتی ہے اور اس کے لئے بچاؤ (کا ذریعہ) بن جاتی ہے' جب آدمی وہ کلمہ اپنے گھر سے نکلتے ہوئے پڑھتا ہے

822 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

821– عبد الله بن عبد الرحمٰن لم يوثقه غير المؤلف، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه أحمد 5/418 عن أبي عبد الرحمٰن المقرىء ، بهذا الإسناد، وحسنه المنذري في الترغيب والترهيب 2/445 وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/97 وقال رواه أحمد، والطبراني، ورجال أحمد رجال الصحيح .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ

(متن حدیث): إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَيُقَالُ لَهُ: حَسْبُكَ قَدْ كُفِيتَ وَهُدِيتَ وَوُقِيتَ؛ فَيَلْقَى الشَّيْطَانُ شَيْطَانًا آخَرَ فَيَقُولُ لَهُ: كَيْفَ * لَكَ بِرَجُلٍ قَدْ كُفِيَ وَهُدِيَ وَوُقِيَ. (1: 2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلتے ہوئے یہ پڑھتا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے میں نے اللہ تعالیٰ پر توکل کیا اور اللہ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا''۔

تو اس شخص سے یہ کہا جاتا ہے تمہارے لئے اتنا کافی ہے تمہاری کفایت کردی گئی تمہاری رہنمائی کی گئی اور تم کو بچالیا گیا پھر شیطان دوسرے شیطان سے ملتا ہے۔ اس سے کہتا ہے: ایسے شخص کے ساتھ تم کیا کرسکتے ہو، جس کی کفایت بھی کرلی گئی ہو رہنمائی بھی کردی گئی ہو اور اسے بچا بھی لیا گیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنِ انْتَظَرَ النَّفْخَ فِي الصُّوْرِ اَنْ يَّقُوْلَ: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

جو شخص صور میں پھونک مارے جانے یعنی قیامت قائم ہونے کا انتظار کررہا ہے اسے اس بات کا حکم ہے کہ وہ یہ پڑھے

''حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل'' (ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے)

823 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْبُخَارِيِّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَيْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الصُّوْرِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ، وَحَنَى جَبْهَتَهُ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ اَنْ يَّنْفُخَ؟، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَا نَقُوْلُ يَوْمَئِذٍ؟، قَالَ: قُوْلُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ بِاِسْنَادٍ نَحْوِهِ، قَالَ: قُوْلُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا. (1: 104)

822- وأخرجه أبو داود (5095) في الأدب: باب ما يقول إذا خرج من بيته، والنسائي في اليوم والليلة (89) عن عبد الله بن محمد بن تميم، كلاهما عن حجاج بن محمد، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (3426) في الدعوات باب ما يقول إذا خرج من بيته.

823- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في مسند أبي يعلى (1084)، وأخرجه ابن أبي الدنيا في كتاب الأهوال فيما ذكره ابن كثير في النهاية 1/244، وأخرجه الحاكم 4/559 من طريق إسماعيل بن إبراهيم. وأخرجه الحميدي (754)، وأحمد 3/7 و 73، والترمذي (2431) في صفة القيامة: باب ما جاء في شأن الصور، و (3243) في التفسير. باب ومن سورة الزمر، وابن المبارك في الزهد (1597)، وأبو نعيم في الحلية 5/105 و 7/130 و 312 من طرق. وأخرجه أحمد 1/326، والحاكم 4/559 من طريق مطرف، وأحمد 4/374

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں کیسے نعمت میں رہ سکتا ہوں جبکہ (صور میں) پھونک مارنے والے نے اپنا منہ صور کے ساتھ لگایا ہوا ہے اور اس نے اپنی پیشانی کو اس بات کے انتظار میں تیار رکھا ہوا ہے کب اسے پھونک مارنے کا حکم ہوتا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے کہا: یارسول اللہ! ہمیں پھر اس دن کیا کہنا چاہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ (ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے وہ بہترین کارساز ہے)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابویعلیٰ نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مانند روایت نقل کی ہے، تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

''تم لوگ یہ کہو ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے اور ہم اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى أَنَّ الْاَشْيَاءَ النَّامِيَةَ الَّتِي لَا رُوحَ فِيهَا تُسَبِّحُ مَا دَامَتْ رَطْبَةً

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جن اشیاء میں نشو ونما ہوتی ہے ان میں روح موجود نہیں ہوتی، جب تک وہ تر رہتی ہیں، وہ تسبیح پڑھتی رہتی ہیں

824 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَرْنَا عَلَى قَبْرَيْنِ، فَقَامَ، فَقُمْنَا مَعَهُ، فَجَعَلَ لَوْنُهُ يَتَغَيَّرُ حَتّٰى رَعَدَ كُمُّ قَمِيصِهِ، فَقُلْنَا: مَا لَكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: مَا تَسْمَعُوْنَ مَا اَسْمَعُ؟ قُلْنَا: وَمَا ذَاكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: هٰذَانِ رَجُلَانِ يُعَذَّبَانِ فِيْ قُبُوْرِهِمَا عَذَابًا شَدِيدًا فِيْ ذَنْبٍ هَيِّنٍ، قُلْنَا: مِمَّ ذٰلِكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: كَانَ اَحَدُهُمَا لَا يَسْتَنْزِهُ مِنَ الْبَوْلِ، وَكَانَ الْاٰخَرُ يُؤْذِي النَّاسَ بِلِسَانِهِ، وَيَمْشِيْ بَيْنَهُمْ بِالنَّمِيمَةِ فَدَعَا بِجَرِيدَتَيْنِ مِنْ جَرَائِدِ النَّخْلِ، فَجَعَلَ فِيْ كُلِّ قَبْرٍ وَاحِدَةً، قُلْنَا: وَهَلْ يَنْفَعُهُمَا ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: نَعَمْ، يُخَفِّفُ عَنْهُمَا مَا دَامَا رَطْبَتَيْنِ. (5: 9)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہے تھے۔ ہمارا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر گئے ہم بھی آپ کے ساتھ ٹھہر گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رنگت تبدیل ہوگئی، یہاں تک کہ آپ کے قمیض کی آستین کپکپانے لگی۔ ہم نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! آپ کو کیا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو میں سن رہا ہوں کیا تم بھی وہ سن رہے ہو۔ ہم نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! وہ کیا چیز ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دو لوگوں کو ان کی قبروں میں دو ہلکے گناہ کی وجہ سے شدید عذاب ہو رہا ہے۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اس کی وجہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان میں سے ایک شخص پیشاب سے بچتا نہیں تھا' اور دوسرا شخص اپنی زبان کے ذریعے لوگوں کو اذیت پہنچاتا تھا' اور ان کے درمیان چغلی کیا کرتا تھا۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے کھجور کی شاخوں میں سے دو شاخیں منگوائی اور آپ نے ہر ایک کی قبر پر اسے گاڑ دیا۔ ہم نے دریافت کیا: یارسول اللہ! کیا ان دونوں کو اس کا کوئی فائدہ ہوگا؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: جی ہاں۔ جب تک یہ دونوں خشک نہیں ہو جاتیں ان کے عذاب میں تخفیف رہے گی۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِحَطِّ الْخَطَايَا، وَكَتْبِهِ الْحَسَنَاتِ عَلٰى مُسَبِّحِهِ

اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی تسبیح بیان کرتا ہے وہ یہ کہ وہ اس کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے اور اس کے لئے نیکیاں نوٹ کر دیتا ہے

825 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى الْجُهَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَكْتَسِبَ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ؟ فَسَاَلَهُ نَاسٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: وَكَيْفَ يَكْتَسِبُ اَحَدُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ؟، قَالَ: يُسَبِّحُ اللّٰهَ مِائَةَ تَسْبِيحَةٍ، فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ حَسَنَةٍ، وَيَحُطُّ عَنْهُ اَلْفَ سَيِّئَةٍ .(1: 2)

مصعب بن سعد اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، آپ نے ارشاد فرمایا: کیا کوئی شخص یہ کر سکتا ہے کہ روزانہ ایک ہزار نیکیاں کمایا کرے' تو آپ کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں نے آپ سے دریافت کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے کوئی شخص روزانہ ایک ہزار نیکیاں کیسے کما سکتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ سبحان اللہ سو مرتبہ پڑھے' تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک ہزار نیکیاں لکھ لے گا وہ اس کے ایک ہزار گناہوں کو مٹا دے گا۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِالْاَمْرِ بِغَرْسِ النَّخِيلِ فِي الْجِنَانِ لِمَنْ سَبَّحَهُ مُعَظِّمًا لَهُ بِهِ

اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی پاکی بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنت میں کھجور کے درخت لگانے کا حکم دے دیتا ہے' تاکہ اس کی عزت افزائی ہو

826 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

825– إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 1/185، ومسلم (2698) في الذكر والدعاء . باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، من طريق عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (80) من طريق سفيان، وابن أبي شيبة 10/294، من طريق مروان بن معاوية، وأحمد 1/174، والنسائي في عمل اليوم والليلة (152) من طريق شعبة، وأحمد 1/180، والترمذي (3463) في الدعوات، من طريق يحيى القطان، وأحمد 1/185، والبغوي (1266)، من طريق يعلى بن عبيد.

حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، غُرِسَتْ لَهٗ بِهٖ نَخْلَةٌ فِى الْجَنَّةِ. (2:1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سبحان الله و بحمده پڑھتا ہے اس کے لئے جنت میں کھجور کا درخت لگادیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حجاج صواف نامی راوی منفرد ہے

827 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدٍ السَّعْدِيُّ بِمَرْوَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ، غُرِسَ لَهٗ شَجَرَةٌ فِى الْجَنَّةِ. (2:1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سبحان الله العظيم پڑھتا ہے اس کے لئے جنت میں درخت لگادیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْبِيْحِ عَدَدَ خَلْقِ اللّٰهِ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ

اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تعداد' اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر تسبیح بیان کرنے کا حکم کے ہونے کا تذکرہ

828 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

826- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أبا الزبير فمن رجال مسلم وقد عنعن، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/290، والبغوى (126)، والترمذى (3464) فى الدعوات، من طريق عن روح بن عبادة، بهذا الإسناد. وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه إلا من حديث أبي الزبير، عن جابر. وأخرجه النسائي فى عمل اليوم والليلة (827)، والحاكم 1/501 و512، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي، وأورده الحاكم شاهدًا لحديث أبي هريرة عنده 1/512.

827- مؤمل بن إسماعيل: سيئ الحفظ، وباقي رجاله ثقات وأخرجه الترمذى (3465) فى الدعوات، عن محمد بن رافع، حدثنا المؤمل، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من طريق حجاج الصواف، عن أبي الزبير، به. فانظر تخريجه ثمت. 828- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 6/325 و429، 430، والترمذى (3555) فى الدعوات، والنسائي 3/77 فى السهو: باب نوع آخر من التسبيح، وفى عمل اليوم والليلة (163) و(164) من طريقين عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2726) فى الذكر والدعاء. باب التسبيح أول النهار وعند النوم، وابن ماجة (3808) فى الأدب. باب فضل التسبيح، من طريق أبي بكر بن أبي شيبة، عن محمد بن بشر، والنسائي فى عمل اليوم والليلة (165)

شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرَيْبًا يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَتَـى عَلَـيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُسَبِّحُ، ثُمَّ انْطَلَقَ لِحَاجَتِهٖ، ثُمَّ رَجَعَ مِنْ نِـصْفِ النَّهَارِ، فَقَالَ: مَا زِلْتِ قَاعِدَةً؟ ، قَالَتْ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكِ كَلِمَاتٍ لَوْ عُدِلْنَ بِهِنَّ عَدَلَتْهُنَّ، اَوْ لَـوْ وُزِنَّ بِهِـنَّ وَزَنَتْهُـنَّ؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ (1: 104)

سیّدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میں اس وقت تسبیح پڑھ رہی تھی۔ پھر آپ اپنے کام کے سلسلے میں تشریف لے گئے پھر دوپہر کے وقت آپ واپس تشریف لائے تو آپ نے دریافت کیا: کیا تم اس وقت سے اب تک بیٹھی ہوئی ہو؟ سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے جواب دیا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی کلمات کی تعلیم نہ دوں اگر (انہیں تمہارے پڑھے ہوئے کلمات) کے ساتھ ملایا جائے تو وہ زیادہ ہوں اور اگر ان کا وزن ان کے وزن کے ساتھ ملایا جائے تو وہ زیادہ وزنی ہوں (وہ کلمات یہ ہیں:)

''سبحان الله عدد خلقه'' اللہ تعالیٰ کی میں اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر ہو۔ یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے سبحان الله زينة عرشه میں اللہ تعالیٰ کی اتنی پاکی بیان کرتا ہو جو اس کے عرش کے وزن جتنی ہو۔ یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے۔ سبحان الله رضا نفسه (میں اللہ تعالیٰ کی اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی ذات کی رضا مندی کے مطابق ہو) یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے اور سبحان ا الله مداد كلماته میں اس کی اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کے کلمات کے سیاہی جتنی ہو) یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَا سَلَفَ مِنْ ذُنُوْبِ الْمَرْءِ بِالتَّسْبِيْحِ، وَالتَّحْمِيْدِ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ بِعَدَدٍ مَعْلُوْمٍ

تسبیح اور تحمید کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا آدمی کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کردینے کا تذکرہ (اس تسبیح اور تحمید) کی تعداد متعین ہو

829 - (سندحدیث): اَخْبَـرَنَـا عُـمَـرُ بْـنُ سَـعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ

829- إسناده صحيح، وهو في شرح السنة (1262) من رواية أحمد بن أبي بكر، عن مالك، وهو في الموطأ 1/209-210 برواية يحيى بن يحيى، باب ما جاء في ذكر الله تعالى. ومن طريق مالك أخرجه ابن أبي شيبة 10/290، وأحمد 2/302 و515، والبخاري (6405) في الدعوات: باب فضل التسبيح، ومسلم (2691) في الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح، والترمذي (3466) في الدعوات، والنسائي في عمل اليوم والليلة (826)، وابن ماجة (3812) في الأدب. باب فضل التسبيح. وسيورده المؤلف برقم (859).

مَّالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:
(متن حدیث): مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ، حُطَّتْ خَطَايَاهُ، وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''جو شخص روزانہ سو مرتبہ سبحان اللّٰه و بحمدهٖ پڑھتا ہے اس کے گناہ ختم کر دیئے جاتے ہیں' اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں''۔

ذِكْرُ التَّسْبِيْحِ الَّذِيْ يَكُوْنُ لِلْمَرْءِ اَفْضَلَ مِنْ ذِكْرِهٖ رَبَّهٗ بِاللَّيْلِ مَعَ النَّهَارِ، وَالنَّهَارِ مَعَ اللَّيْلِ

اس تسبیح کا تذکرہ' جسے پڑھنا دن کے ہمراہ رات بھر اور رات کے ہمراہ دن بھر اپنے پروردگار کا ذکر کرنے سے افضل ہے

830 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ،
(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ وَهُوَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ، فَقَالَ: مَاذَا تَقُوْلُ يَا اَبَا اُمَامَةَ؟ ، قَالَ: اَذْكُرُ رَبِّيْ، قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَكْثَرَ اَوْ اَفْضَلَ مِنْ ذِكْرِكَ اللَّيْلَ مَعَ النَّهَارِ وَالنَّهَارَ مَعَ اللَّيْلِ؟ اَنْ تَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِي الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا فِي الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ، وَتَقُوْلُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ. (1: 2)

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ' بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے وہ اس وقت اپنے ہونٹوں کو حرکت دے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوامامہ تم کیا پڑھ رہے ہو۔ انہوں نے عرض کی: میں اپنے پروردگار کا ذکر کر رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے دن کے ہمراہ تمہارے رات بھر ذکر کرنے اور تمہارے رات کے ہمراہ دن بھر ذکر کرنے سے زیادہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) افضل

830- إسناده حسن، من أجل ابن عجلان وهو محمد، ويحيى بن أيوب: هو الغافقي، وابن أبي مريم هو: سعيد بن الحكم الجمحي المصري. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (166) من طريق إبراهيم بن يعقوب، عن ابن أبي مريم، به. وأخرجه أحمد 5/249 عن أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِيْ أمامة. وصححه الحاكم 1/513 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبيُّ، وهو كما قالا. وأخرجه الطبراني في الكبير (7930) وفي سنده ليث بن أبي سليم وهو سيّيء الحفظ، وأخرجه أيضًا برقم (8122)، وأورده الهيثمي في المجمع 10/93، وقال: رواه الطبراني من طريقين، وإسناد أحدهما حسن.

ہوں تم یہ پڑھو:

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کے مخلوق کی تعداد کے برابر ہو۔ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کو بھر دے، میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو آسمان اور زمین کے درمیان والی جگہ کو بھر دے۔ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اتنی تعداد میں ہو' جس کو اس کی کتاب نے گھیرا ہوا ہے اور میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ہر شے کی تعداد جتنی ہو اور میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ہر چیز کو بھر دے''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:) الحمدللہ بھی اس کی مانند پڑھو۔

ذِكْرُ التَّسْبِيحِ الَّذِي يُحِبُّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، وَيَثْقُلُ مِيزَانُ الْمَرْءِ بِهِ فِي الْقِيَامَةِ

اس تسبیح کا تذکرہ جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور قیامت کے دن اس کی وجہ سے آدمی کا میزان وزنی ہوگا

831 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ، ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دوکلمات ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں۔ رحمان کے نزدیک پسندیدہ ہے میزان میں وہ بھاری ہوں گے وہ سبحانہٗ اللہ و بحمده سبحان الله العظيم ہیں''۔

ذِكْرُ التَّسْبِيحِ الَّذِي يُعْطِي اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَرْءَ بِهِ زِنَةَ السَّمَاوَاتِ ثَوَابًا

اس تسبیح کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ آدمی کو آسمانوں کے وزن جتنا اجر و ثواب عطا کرتا ہے

832 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

831– إسناده صحيح، أبو زرعة هو ابن عمرو، تحرف في مطبوع الترمذي إلى عن عمرو وأخرجه ابن أبي شيبة 10/288، 289، وأحمد 2/232، والبخاري (6406) في الدعوات: باب فضل التسبيح، و (6682) في الإيمان والنذور: باب إذا قال: والله لا أتكلم اليوم فصلى، و (7563) في التوحيد: باب قوله تعالى: (ونضع الموازين القسط ليوم القيامة) ومسلم (2694) في الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، والبغوي (1264)، والترمذي (3467) في الدعوات، والنسائي في عمل اليوم والليلة (830)، وابن ماجة (3806) في الأدب: باب فضل التسبيح، والبيهقي الأسماء والصفات ص 499. وسيعيده المؤلف برقم (841).

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَجُوَيْرِيَةُ جَالِسَةٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَرَجَعَ حِيْنَ تَعَالَى النَّهَارُ،

فَقَالَ: لَنْ تَزَالِيْ جَالِسَةً بَعْدِيْ؟ ، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: لَقَدْ قُلْتُ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِهِنَّ لَوَزَنَتْهُنَّ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ، وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ، وَرِضَا نَفْسِهِ، وَزِنَةَ عَرْشِهِ . (1:2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: جُوَيْرِيَةُ هِيَ بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَمِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے لئے تشریف لے گئے۔ اس وقت حضرت سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا اپنی جائے نماز پر بیٹھی ہوئی تھیں۔ دن چڑھنے کے بعد جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے' تو آپ نے دریافت کیا: تم میرے بعد اسی طرح بیٹھی رہی ہو؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے چار کلمات پڑھے تھے۔ اگر ان کا وزن ان کے ساتھ کیا جائے' تو وہ کلمات وزنی ہوں گے۔ (وہ یہ ہیں:)

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کے ہمراہ اس کی حمد بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کی تعداد جتنی ہے اور اس کی کلمات کی سیاہی جتنی اور اس کی ذات کی رضامندی کے مطابق اور اس کے عرش کے وزن جتنی ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جویریہ (نامی خاتون) جناب حارث بن عبدالمطلب کی صاحبزادی ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِكْثَارِ لِلْمَرْءِ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّمْجِيْدِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّكْبِيْرِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا رَجَاءَ ثِقَلِ الْمِيْزَانِ بِهٖ فِي الْقِيَامَةِ

آدمی کے لئے بکثرت تسبیح، تحمید، تمجید، تہلیل اور تکبیر کہنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ یہ اُمید رکھتے ہوئے کہ اس کی وجہ سے قیامت کے دن اس کا میزان وزنی ہوگا

833 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، وَابْنُ جَابِرٍ قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَّامٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلْمٰى رَاعِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَقِيْتُهُ بِالْكُوفَةِ فِيْ

832–وأخرجه أحمد 1/258 عن أسود بن عامر، ومسلم (2726) (79) في الذكر والدعاء: باب التسبيح أول النهار وعند النوم، عن قتيبة بن سعد، وعمرو الناقد، وابي أبي عمر، وأبو داوُد (1503) في الصلاة. باب التسبيح بالحصى، عن داوُد بن اميه، والنَّسائي في عمل اليوم والليلة (161) عن ابن المقرىء محمد بن عبد الله بن يزيد، والبغوي في شرح السنة (1297) من طريق علي بن المديني، كلهم عن سفيان، بهذا الاسناد. وقد تقدم برقم (828) من طريق شعبة عن محمد بن عبد الرحمٰن.

مَسْجِدِهَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: بَخٍ بَخٍ وَاَشَارَ بِيَدِهِ بِخَمْسٍ مَا اَثْقَلَهُنَّ فِي الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَالْوَلَدُ الصَّالِحُ يُتَوَفّٰى لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فَيَحْتَسِبُهُ. (2 :1)

❀❀ ابوسلمیٰ جو نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے چرواہے ہیں۔ میری ان سے ملاقات کوفہ کی مسجد میں ہوئی، تو انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی۔ وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بہت خوب بہت خوب نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اپنے دستِ مبارک سے پانچ کا اشارہ کرتے ہوئے فرمایا (یہ پانچ چیزیں) میزان میں کتنی وزنی ہیں۔ سبحان الله، الحمد لله، لا اله الا الله اور الله اکبر پڑھنا اور یہ کہ کسی مسلمان کا نیک بچہ فوت ہو جائے اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ الْاِنْسَانِ بِمَا وَصَفْنَا يَكُوْنُ خَيْرًا لَهُ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ لَهُ

اس بات کا بیان کہ آدمی کا یہ کہنا، جو ہم ذکر کر چکے ہیں، یہ اس کے لئے اس سے زیادہ بہتر ہے جس بھی چیز پر بھی سورج طلوع ہوتا ہے، وہ اسے مل جائے

834 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ بِاَرْغِيَانَ بِقَرْيَةِ سَبَنْجَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): لَاَنْ اَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ. (2 :1)

833- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، غير شيخ ابن حبان وهو ثقة. وأخرجه النسائى فى عمل اليوم والليلة (167)، والدولابى فى الأسماء والكنى 1/36، وابن سعد فى الطبقات 6/58، وابن أبى عاصم فى السنة 2/363، والطبرانى فى الكبير 22/348 من طرق عن الوليد بن مسلم، به، وصححه الحاكم 1/511، وأقره الذهبى. وأورده الهيثمى فى المجمع 10/88، وقال: رواه الطبرانى من طريقين، ورجال أحدهما ثقات. وأخرجه أحمد 3/443 و 4/237 عن عفان بن مسلم، عن أبان العطار، عن يحيى ابن أبى كثير، عن زيد عن أبى سلام عن مولى لرسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أن رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قال ... وأخرجه أحمد 5/366 عن يزيد، عن هشام الدستوائى، عن يحيى بن أبى كثير، عن أبى سلام، أن رجلًا حدثه، أنه سمع النبى.... قال الهيثمى: رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح. المجمع 10/88.

834- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبى شيبة 10/288 عن أبى معاوية، به.

وأخرجه مسلم (2695) فى الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، والترمذى (3597) فى الدعوات: باب فى العفو والعافية، عن أبى كريب، والنسائى فى عمل اليوم والليلة (835) عن أحمد بن حرب، والبغوى (1277).

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر پڑھ لینا لومیرے نزدیک ہر اس چیز سے زیادہ پسندیدہ ہے' جس پر سورج طلوع ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ مِنْ اَحَبِّ الْكَرَمِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ کلمات اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین کلمات میں سے ایک ہیں

835 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّ اَحَبَّ الْكَلَامِ اِلَى اللّٰهِ اَرْبَعٌ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (1: 104)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ کلام چار کلمات ہیں: سبحان اللہ و الحمد للہ، و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ مِنْ خَيْرِ الْكَلِمَاتِ لَا يَضُرُّ الْمَرْءُ بِاَيِّهِنَّ بَدَاَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ کلمات بہترین کلمات میں سے ایک ہیں اور آدمی ان میں سے جس کے ذریعے بھی آغاز کرے تو کوئی نقصان نہیں ہوگا

836 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ فَارِسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِىْ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَيْرُ الْكَلَامِ اَرْبَعٌ، لَا يَضُرُّكَ بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (1: 104)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے بہترین کلام چار کلمات ہیں تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ ان میں سے کسی کے ذریعے بھی آغاز کرلو''۔

سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّكْبِيرِ عَدَدَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ وَمَا هُوَ خَالِقُهُ

تسبیح، تحمید، تہلیل اور تکبیر اتنی تعداد میں کہنے کا تذکرہ، جو اس تعداد کے مطابق ہو جسے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور جسے اس نے پیدا کرنا ہے

837 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِیْ هِلَالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهَا،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى امْرَاَةٍ فِیْ يَدِهَا نَوًى اَوْ حَصًى تُسَبِّحُ، فَقَالَ: اَلَا اُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ اَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هٰذَا وَاَفْضَلُ؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الْاَرْضِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ. (1: 104)

عائشہ بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص) بیان نقل کرتی ہیں۔ وہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک خاتون کے پاس تشریف لے گئے جن کے ہاتھ میں گٹھلیاں تھیں۔ جن پر وہ گن کر تسبیحات پڑھ رہی تھیں، تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے لئے زیادہ آسان اور زیادہ فضیلت والی ہو (وہ یہ کلمات ہے)

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ان چیزوں کی تعداد کے مطابق ہو جنہیں آسمان میں پیدا کیا میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ان چیزوں کی تعداد کے مطابق ہو جنہیں زمین میں پیدا کیا پاکی بیان کرتا ہوں ان چیزوں کی تعداد کے برابر جنہیں پیدا کرنا ہے۔

''پھر تم اللہ اکبر بھی اسی کی مانند کہو الحمد للہ بھی اسی کی مانند کہو لا الہ الا اللّٰہ الا اللہ بھی اسی کی مانند کہو اور ولا حول ولا قوۃ بھی اسی کی مانند پڑھو''۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْعَبْدِ بِكُلِّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةً، وَكَذٰلِكَ التَّكْبِيرُ وَالتَّحْمِيْدُ وَالتَّهْلِيْلُ

اللہ تعالیٰ کا بندے کے لئے، ہر تسبیح کے عوض میں صدقہ نوٹ کرنا اور اسی طرح تکبیر، تحمید اور تہلیل کے عوض میں بھی (صدقہ نوٹ کرنا)

838 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ مَوْلٰى اَبِیْ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ،

(متن حدیث): اَنَّ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُورِ بِالْاَجْرِ، يُصَلُّونَ كَمَا نُصَلِّي، وَيَصُومُونَ كَمَا نَصُومُ، وَيَتَصَدَّقُونَ بِفُضُولِ اَمْوَالِهِمْ، قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَلَيْسَ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ مَا تَتَصَدَّقُونَ بِهِ، كُلُّ تَسْبِيحَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَحْمِيدَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ صَدَقَةٌ، وَاَمْرٌ بِمَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ، وَنَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ صَدَقَةٌ. (2:1)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! صاحب حیثیت لوگ اجر لے گئے ہیں۔ وہ نماز ادا کرتے ہیں جس طرح ہم نماز ادا کرتے ہیں وہ اسی طرح روزے رکھتے ہیں جس طرح ہم روزے رکھتے ہیں' لیکن وہ اپنے اضافی مال کو صدقہ کردیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے وہ چیز نہیں بنائی جسے تم صدقہ کیا کرو۔ سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے۔ اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے۔ الحمدللہ کہنا صدقہ ہے لا الٰہ الا اللہ پڑھنا صدقہ ہے۔ نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے۔ برائی سے منع کرنا صدقہ ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَصَفْنَا مِنَ التَّسْبِيحِ وَالتَّحْمِيدِ وَالتَّهْلِيلِ وَالتَّكْبِيرِ مِنْ اَفْضَلِ الْكَلَامِ لَا حَرَجَ عَلَى الْمَرْءِ بِاَيِّهِنَّ بَدَاَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم نے تسبیح' تحمید اور تہلیل اور تکبیر کے بارے میں' جو یہ چیز بیان کی ہے کہ یہ افضل بہترین کلام ہے' تو اس میں آدمی کو کوئی حرج نہیں ہوگا کہ وہ ان میں سے جس سے چاہے آغاز کرے

839 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

اَفْضَلُ الْكَلَامِ اَرْبَعٌ، لَا تُبَالِي بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ: سُبْحَانَ اللَّهِ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللَّهُ، وَاللَّهُ اَكْبَرُ. (2:1)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے زیادہ فضیلت والا کلام چار کلمات ہیں تم اس بات کی پرواہ نہ کرو کہ کس کے ذریعے آغاز کرتے ہو۔

سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر''

838– وأخرجه أبو داوُد (5243) و (5244) في الأدب: باب في إماطة الأذى عن الطريق من طرق عن واصل، به، وفي الباب عن أبي هريرة عند البخاري (843) في الأذان. باب صفة الصلاة، و (6329) في الدعوات. باب الدعاء بعد الصلاة، ومسلم (595) في المساجد. باب استحباب الذكر بعد الصلاة والنسائي في عمل اليوم والليلة (146)، وعن أبي الدرداء عند النسائي (147) و (148) و (149) و (150) و (151). 839– إسناده صحيح، وأخرجه الطيالسي (899)، وأحمد 5/11، والنسائي في عمل اليوم والليلة (847) من طريق محمد بن جعفر. وأخرجه أحمد 5/20، وابن ماجة (3811) في الأدب: باب فصل التسبيح. وتقدم برقم (835) من رواية هلال بن يساف. إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه (720) في صلاة المسافرين: باب استحباب صلاة الضحى، و (1006) في الزكاة: باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف. أخرجه أحمد 5/167 و 168 من طرق: عن مهدي بن ميمون به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْكَلِمَاتِ الَّتِیْ ذَكَرْنَاهَا مَعَ التَّبَرِّی مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِاللّٰهِ مَعَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ کلمات جن کا ہم نے ذکر کیا ہے جس میں ''لا حول و لا قوة الا باللّٰه'' پڑھا جاتا ہے تو یہ باقی رہ جانے والی نیکیوں کے ساتھ ہے

840 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اسْتَكْثِرُوْا مِنَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ، قِيْلَ: وَمَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: التَّكْبِيْرُ، وَالتَّهْلِيْلُ، وَالتَّسْبِيْحُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''باقی رہنے والی نیکیوں کی کثرت کرو عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے مراد سبحان اللہ، الحمد اللہ، اللہ اکبر اور ولا حول ولا قوة پڑھنا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَقْرِيْنِ التَّعْظِيْمِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِلَى التَّسْبِيْحِ اِذْ هُوَ مِمَّا يُثْقِلُ الْمِيْزَانَ فِی الْقِيَامَةِ

اس بات کا حکم ہونا کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت والے کلمات کو اس کی تسبیح کے کلمات کے ساتھ ملا دیا جائے کیونکہ یہ چیز قیامت کے دن میزان کو وزنی کر دے گی

841 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَزُّوْزُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَابِدُ بِطَرَسُوْسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَحْرَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِی الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ. (1: 104)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دوکلمات ایسے ہیں جو زبان پر آسان ہیں اور میزان میں وزنی ہوں گے۔ (وہ یہ ہیں:) سبحان اللہ و بحمدہ

840- إسناده ضعف، دراج فی رواية عن أبی الهيثم ضعيف، وأخرجه الطبری 15/255 عن يونس، والحاكم 1/512 من طريق أحمد بن عيسى المصری، بهذا الاسناد . وصححه الحاكم ووافقه الذهبی. وأورده السيوطی فی الدر 4/224 . وأخرجه أحمد 3/75 عن حسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن دراج، به. وله شواهد أخر انظرها فی الدر المنثور 4/224-225.

سبحان الله العظیم''

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ عَقْدِ الْمَرْءِ التَّسْبِيْحَ وَالتَّهْلِيْلَ وَالتَّقْدِيسَ بِالْاَنَامِلِ اِذْ هُنَّ مَسْؤُولَاتٌ وَمُسْتَنْطَقَاتٌ

اس بات کا مستحب ہونا کہ آدمی اپنی تسبیح وتہلیل، تقدیس کے کلمات کوانگلیوں کے پوروں پرشمار کرے کیونکہ ان سے حساب لیا جائے گا اور انہیں گویائی عطا کی جائے گی

842 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هَانِءَ بْنَ عُثْمَانَ، عَنْ اُمِّهِ حُمَيْضَةَ بِنْتِ يَاسِرٍ، عَنْ جَدَّتِهَا يَسِيْرَةَ، وَكَانَتْ اِحْدَى الْمُهَاجِرَاتِ، قَالَتْ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عَلَيْكُنَّ بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّقْدِيْسِ، وَاعْقِدْنَ بِالْاَنَامِلِ، فَاِنَّهُنَّ مَسْؤُولَاتٌ وَمُسْتَنْطَقَاتٌ. (1: 2)

❀❀ حمیضہ بنت یاسراپنی دادی سیّدہ یسیرہ کا بیان نقل کرتی ہیں: یہ ہجرت کرنے والی خواتین میں سے ایک ہے وہ بیان کرتی ہے نبی اکرم ﷺ نے ہم سے فرمایا: تم خواتین تسبیح تہلیل اور تقدیس پڑھا کرو اور اپنی انگلیوں کے پوروں پر انہیں شمار کیا کرو کہ ان سے سوال کیا جائے گا اور انہیں گویائی عطا کی جائے گی۔

ذِكْرُ اسْتِعْمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَمَلَ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ

نبی اکرم ﷺ کا اس عمل کو اختیار کرنے کا تذکرہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

843 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ التَّسْبِيْحَ بِيَدِهٖ. (1: 2)

842- هو في المصنف لابن أبي شيبة 10/289، وأخرجه أحمد 370/6-371، وابن سعد في الطبقات 8/310، والترمذي (3583)، والطبراني في الكبير 25/73 (181) من طرق وأخرجه أبو داوٗد (1501)، والطبراني 25/74 من طريق مسدد.

843- وأخرجه أبو داوٗد (1502) في الصلاة: باب التسبيح بالحصى، والترمذي (3411) في الدعوات، و (3486) باب ما جاء في عقد التسبيح باليد، والنسائي 3/79 في السهو: باب عقد التسبيح، والحاكم 1/547، والبيهقي 2/253، والبغوي (1268)، من طرق عن عثام بن علي، بهذا الإسناد.وأخرجه الحاكم 1/547 من طريق عفان، والبيهقي في السنن 2/253 من طريق آدم بن أبي إياس، كلاهما عن شعبة، عن عطاء، به.وصححه الذهبي في المختصر .وأخرجه مطولًا أحمد في المسند 2/160، 161 و 204، 205، وأبو داوٗد (506) في الأدب: باب في التسبيح عند النوم، والترمذي (3410) في الدعوات، والنسائي 3/74 في السهو: باب عدد التسبيح بعد التسليم، من طرق عن عطاء، به.

"حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے دست مبارک پر تسبیح شمار کرتے ہوئے دیکھا ہے"۔

